تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ-ڈی علوم اسلامیہ

عورت کی گواہی کا قضیہ: معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کے تناظر میں ایک تقابلی و تحقیقی مطالعہ

مقالہ نگار

علی سید

نگران مقالہ

ڈاکٹر محمد نعیم

Registration No. AWKUM -16003247

ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان، خیبر پختونخوا

اکیڈمک سیشن: 2017–2020

Scanned with OKEN Scanner

بسم الله الرحمن الرحيم

Scanned with OKEN Scanner

Certificate of Approval by the examination Committee

Scanned with OKEN Scanner

Report of the Ph. D Public Defence by the external Examiner–I

Scanned with OKEN Scanner

Report of the Ph. D Public Defence by the external Examiner–II

Scanned with OKEN Scanner

THESIS FORWARDING SHEET BY THE SUPERVISOR

The thesis entitled:

"عورت کی گواہی کا قضیہ: معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کے تناظر میں ایک تقابلی و تحقیقی مطالعہ"

Submitted by **Mr. ALI SAID S/O MUHAMMAD SAID,** in partial fulfillment for the requirements for the degree of **Ph. D** in Islamic Studies has been completed under my guidance and supervision. I am satisfied with the research work of the scholar and recommend for further necessary action.

Dr. Muhammad Naeem (Assistant Professor)
(Research Supervisor)
Department of Islamic Studies,
Abdul Wali Khan University Mardan.

Date: 27 / 10 / 2021

Scanned with OKEN Scanner

PLAGIARISM UNDERTAKING

I solemnly declare that research work presented in the thesis titled:

"عورت کی گواہی کا قضیہ: معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کے تناظر میں ایک تقابلی و تحقیقی مطالعہ"

is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contribution/help wherever taken, has been duly acknowledged and that complete thesis has been written by me.

I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Abdul Wali Khan University Mardan KP, Pakistan towards plagiarism. Therefore I, as an author of the above titled thesis declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as reference is properly referred/cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after award of Ph.D. degree, the University reserves the rights to withdraw/revoke my Ph.D. degree and that HEC and the University has the right to publish my name on the HEC/University Website on which names of students are placed who submitted plagiarized thesis.

____

ALI SAID S/O MUHAMMAD SAID
Ph.D. Research Scholar (Islamic Studies)
Date: 27 / 10 / 2021

Scanned with OKEN Scanner

شرف انتساب (DEDICATION)

میں اپنی اس حقیر سی علمی کاوش کو اپنے اساتذہ کرام، اپنے والدین کریمین اور بیٹی بی بی آسماء سیّد مشوانی کے نام منسوب کرتا ہوں ، جن کی علمی مشاورت و کوششوں، محنتوں اور دعاؤں کی وجہ سے بندہ مقالہ ہذا لکھنے کا قابل بنا۔

Scanned with OKEN Scanner

AUTHOR'S DECLACTION

I, **ALI SAID S/O MUHAMMAD SAID,** student of Ph. D Islamic Studies Abdul Wali Khan University Mardan, Registration No. AWKUM-16003247, do hereby solemnly declare that my Ph. D. thesis titled:

"عورت کی گواہی کا قضیہ: معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کے تناظر میں ایک تقابلی و تحقیقی مطالعہ"

Submitted for partial fulfillment of the degree requirements Ph. D Islamic Studies, completed under the supervision of Dr. Muhammad Naeem, is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from **Abdul Wali Khan University Mardan, KP, Pakistan** or anywhere else in any University or institution.

At any time if my statement is found to be incorrect even after my Graduation, the university has the right to withdraw my Ph. D. degree.

____

ALI SAID S/O MUHAMMAD SAID
Ph.D. Research Scholar (Islamic Studies)

Date: 27 / 10 / 2021

Scanned with OKEN Scanner

CERTIFICATE OF APPROVAL BY THE SUPERVISORY COMMITTEE

عورت کی گواہی کا قضیہ: معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کے تناظر میں ایک تقابلی و تحقیقی مطالعہ

By

Ali Said

Registration No: AWKUM-16003247

Approved by: Supervisory Committee

____

Dr. Muhammad Naeem, Assistant Professor — Supervisor

Department of Islamic Studies (AWKUM)

____

Dr. Muhammad Zubair. Assistant Professor — Member

Department of Islamic Studies (AWKUM)

____

Dr. Karim Dad, Assistant Professor, — Member

Department of Islamic Studies (AWKUM)

Department of Islamic Studies
Faculty of Arts and Humanities
Abdul Wali Khan University Mardan
Academic Session: 2017 – 2020

Scanned with OKEN Scanner

Similarity Index Certificate by the QEC

Scanned with OKEN Scanner

One-page Turnitin report

Scanned with OKEN Scanner

LIST OF PUBLICATION FROM THE THESIS

S. No	Authors	Title	Volume	Category/ Impact Factor
1	i: ALI SAID ii: DR. MUHAMMAD NAEEM	A scholastical comparison of the women witness in the light of original texts of Semitic religions	Al- Duhaa Journal of Islamic Studies, Volume:2 Issue: 2, July-Dec, 2021	HEC Approved/ placed in "Y" Category.

Scanned with OKEN Scanner

ABSTRACT

This research has carried out to elaborate scholastically the status of women witness in various transactions comparatively in the prospect of three Semitic Religions i. e; Judaism, Christianity and Islam. The main objectives of the study are to define evidence, status of women evidence and analyze misdeems upon it comparatively in the named religions.

Judaism is one of the oldest Abrahamic religions while Christianity is the worldly largest by followers and Islam is the latest and universal religion. Therefore, these three are very important among rest of the worldly religions.

Evidence means, "The information which is to be used in a court of law try to prove something through documents, objects or statements". A witness is a person who testifies what he has seen of a matter or an event. The witness of women has been justified by the original sources of the captioned religions in detail; like Old Testament (Tohra), New Testament (Gospel), Quran and Ahadith respectively.

Judiciary is the milestone of peace alieving in society while witness is the back bone of every judicial system. Without witness never justice could be done nor can any right be proved or protected in the court of law.

The women witness plays a pivotal role in all evidential proceedings. It is unanimously admissible in women related matters in Islam like: Menses, Delivery, Virginity, Pregnancy etc. and Islam provides her a special relief in evidence recording that if she would hobble in court, may be associated and assisted by another woman to avoid hesitation. But in Fornication and Boundaries (Hadood) cases her evidence may not be accepted as majority opinion.

Because universally women are very abashed and do not like to see adultery or to be the witness of it. Islam has reduced her burden by exempting her evidentiary liability in fornication cases. Same in Judaism and Christianity some of Rabbies and Priests have been injunctionalized women witness, confines them to domestic affairs and declare her root of every evil in society while some have given them a vast liberty in all transactions.

Key Words: Scholastically, Semitic Religions, Mile stone, Judiciary, Admissible, evidentiary, Hobble, Abash.

Scanned with OKEN Scanner

ACKNOWLEDGEMNET

(اظہار تشکر)

سب سے پہلے میں اللہ رب العزت کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے اپنے خاص فضل و کرم سے مجھ جیسے ناچیز کو یہ حقیر سی علمی کاوش کی توفیق عطا کر کے مقالہ مکمل کرنے کی سعادت بخشی۔اس کے بعد راقم اپنے سپروائزر جناب ڈاکٹر محمد نعیم صاحب اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ عبد الولی خان یونیورسٹی مردان کا نہایت مشکور ہے جنہوں نے کمال احسان کا مظاہرہ کرتے ہوئے پی ایچ۔ڈی کے اس کٹھن تحقیقی مرحلہ میں قدم بہ قدم میری حوصلہ افزائی فرمائی اور تحقیقی مقالے کے ابتدائی مرحلے سے انتہائی مرحلے تک بہت شفقت، محبت اور اعلیٰ ظرفی کے ساتھ راقم کی بہترین علمی اور فنی رہنمائی فرمائی

اس کے ساتھ ساتھ میں ڈیپارٹمنٹ کے تمام اساتذہ کرام خصوصاً استاذ محترم پروفیسر ڈاکٹر نیاز محمد صاحب، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومنیٹیز عبد الولی خان یونیورسٹی مردان، استاذ محترم پروفیسر ڈاکٹر حافظ صالح الدین حقانی صاحب، چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان، ڈاکٹر اظہار خان صاحب، ڈاکٹر کریم داد صاحب، ڈاکٹر محمد طاہر صاحب، ڈاکٹر محمد زبیر صاحب، اورڈاکٹر سعید الرحمٰن صاحب کا صمیم قلب سے مشکور ہوں جن کی مشفقانہ رہنمائی کی بدولت راقم اپنی علمی بے ضاعتی اور کم مائیگی کے باوجود الحمدللہ اس تحقیقی سفر میں کامیابی سے ہم کنار ہوا۔

نیز میں لائبریرین انٹرنشنل ریسرچ انسٹیٹیوٹ بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد، میڈم نصرت عنایت لائبریرین کرسچن سٹڈی سنٹر راولپنڈی، جاوید اختر لائبریرین مکتبہ عناویم سادھو کے گوجرانوالہ، لائبریرین مسیحی اشاعت خانہ لاہور، لائبریرین جامعۃ الاؐم القراء مکۃ المکرمہ، لائبریرین مکتبہ مسجد الحرام مکۃ المکرمہ، لائبریرین مکتبہ مسجد نبوی ﷺ مدینۃ النبی ﷺ اور لائبریرین جامعۃ الاسلامیہ المدینۃ المنورہ مملکۃ العربیۃ السعودیہ کا بھی بے حد مشکور ہوں جنہوں نے رہنمائی اور مواد کی فراہمی میں بڑا کردار ادا کیا۔اور آخر میں میں اپنے والدین، بہن بھائیوں اور دوستوں کا بھی نہایت شکر گزار ہوں جن کی تعاون، دعاؤں اور اخلاص کی بدولت میں اس مقالے کی تکمیل کا اہل ہوا۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ عالیہ میں قبول فرما کر ہم سب کے لیے فلاح دارین کا ذریعہ بنائے۔(آمین)

علی سید پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر

عبد الولی خان یونیورسٹی مردان.

Scanned with OKEN Scanner

(TABLE OF CONTEBHNTS) :فہرس مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	نمبر شمار
ا	Title Page سرورق	1
ب	تسمیہ	2
ت	Certificate of Approval by the Examination Committee	3
ث	Report of the Ph. D Public Defence by the External Examiner-I	4
ج	Report of the Ph. D Public Defence by the External Examiner-II	5
ح	Thesis forwarding sheet by the Supervisor	6
خ	Plagiarism Undertaking	7
د	Dedication شرف انتساب	8
ذ	Author's Declaration	9
ر	Certificate of Approval by the Supervisory Committee	10
ز	Similarity Index Certificate by the QEC	11
ش	List of Publication from Thesis	12
ص	Abstract	13
ض	Acknowledgement اظہار تشکر	14
ط	Table of Contents فہرس مندرجات	15
ف	Preface مقدمہ	16
و	Introduction تعارف	17
1	باب اول: یہودیت کا تعارف اور ارتقائی ادوار	18

19	فصل اول: یہودیت کے عقائد اور مختلف فرقے	6
20	فصل دوم: یہودیت کی مقدس کتابیں	8
22	فصل سوم: یہودیت کی مختلف مذہبی رسومات و تہواریں	14
23	فصل چہارم: یہودیت میں عورت کا مقام	18
24	فصل پنجم: یہودیت میں گواہی کی مشروعیت و توضیح	28
25	فصل ششم: یہودیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ (عبادات، معاملات، حدود)	33
26	فصل ہفتم: قدامت، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کا تعارف اور عورت کی گواہی	35
27	خلاصہ باب	46
28	**باب دوم: عیسائیت کا تعارف اور ارتقائی ادوار**	**47**
29	فصل اوّل: عیسائیت کی توضیح اور مختلف شاخیں	54
30	فصل دوم: عیسائیت کی مقدس کتابیں	57
31	فصل سوئم: عیسائیت میں حوارین کا تصور	64
32	فصل چہارم: عیسائیت میں طریقہ عبادت، اہم رسومات اور مختلف تہواریں	67
33	فصل پنجم: عیسائیت کے مختلف عقائد	72
34	فصل ششم: عیسائیت میں عورت کا مقام	79
35	فصل ہفتم: عیسائیت میں گواہی کی مشروعیت و توضیح	82
36	فصل ہشتم: عیسائیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ	89
37	فصل نہم: رومن کیتھولک چرچ اور پروٹسٹنٹ مکتب فکر اور عورت کی گواہی	101
38	خلاصہ باب	105
39	**باب سوم: شہادت کی تعریف، مشروعیت اور اہمیت قران وحدیث کی روشنی میں**	**106**

Scanned with OKEN Scanner

40	فصل اوّل: نصاب شہادت و بنیادی اصول	116
41	فصل دوم: شاہد کی اہلیت اور طریقہ کار	127
42	فصل سوم: اظہار و اقسام شہادت	129
43	فصل چہارم: شہادت کی مواقع و شرائط	134
44	فصل پنجم: شہادت علی الشہادت کی اصول اور ڈگری کی نفاذ میں شہادت کا کردار	141
45	فصل ششم: جھوٹی شہادت کی تعریف، اثبات اور سزا	144
46	فصل ہفتم: گواہوں کے ساتھ برتاؤں میں ضروری آداب	149
47	خلاصہ باب	151
48	**باب چہارم: اسلام میں عورت کا مقام اور گواہی کا قضیہ**	**152**
49	فصل اول: اسلام میں عورت کا مقام اور تاریخی پس منظر	164
50	فصل دوم: عورت کی گواہی کی مشروعیت، حیثیت اور اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں	181
51	فصل سوم: دیوانی و مالی معاملات اور عورت کی گواہی	187
52	فصل چہارم: فوجداری معاملات اور عورت کی گواہی	198
53	فصل پنجم: خواتین سے متعلق معاملات میں عورت کی گواہی کا حیثیت	202
54	فصل ششم: عورت کی گواہی پر پائے جانے والے شبہات کا جائزہ	205
55	خلاصہ باب	238
56	**باب پنجم: مذاہب ثلاثہ میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کا تقابلی جائزہ**	**220**
57	فصل اول: یہودیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ	224
58	فصل دوم: عیسائیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ	250

Scanned with OKEN Scanner

59	فصل سوم: یہودیت اور عیسائیت میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کا تقابلی جائزہ	265
60	خلاصہ باب	270
61	**مقالے کا خلاصہ**	**271**
62	**نتائج البحث**	**274**
63	**تجاویز و سفارشات**	**277**
64	**علمی وفنی فہارس (Indexes)**	**278**
65	فہرس آیات قرآنیہ	279
66	فہرس آحادیث مبارکہ	285
67	فہرس اعلام	288
68	فہرس بلاد واماکن	303
69	فہرس فرق وقبائل	306
70	**فہرس مصادر ومراجع (Bibliography/ References)**	**309**

Scanned with OKEN Scanner

PREFACE: مقدمہ

اللہ تعالی اس جہان کا خالق و مالک ہے۔ اللہ تعالی نے کائنات میں حسن پیدا کرنے کے لئے انسان پیدا کیا ہے انسان کے ملنے سے معاشرہ ترتیب پاتا ہے۔ انسان ایک سماجی حیوان ہے جو کسی بھی معاشرے میں اکیلا زندہ نہیں رہ سکتا۔ لہذا اللہ تعالیٰ نے دنیا میں انسان کو انسان سے باہمی ربط دے کر ایک دوسرے کی ضرورت بنایا ہے۔ اسی باہمی ربط میں افراط و تفریط کی وجہ سے نوبت اختلاف و حق تلفی تک پہنچ جاتی ہے۔ اس لئے اللہ سبحانہ و تعالی نے شریعت مطہرہ نازل فرمائی ہے کہ لوگوں کے حقوق و فرائض کا تحفظ ہو سکے۔

اسلام وہ واحد دین ہے۔ جس نے بنی نوع انسان کے تمام مسائل کا حل نکالا ہے اور انسان کی حثیت واضح کر کے معتبر بنایا ہے۔ انسانوں کے درمیان بعض دینی اور دنیاوی معاملات میں بسا اوقات ایسی صورتیں بھی سامنے آتی ہیں کہ صاحب معاملہ کسی پر کسی چیز کا دعوی کرتا ہے کہ یہ میرا حق ہے لیکن تنہا اُس کے اقرار، دعوے یا بیان کا کوئی اعتبار نہیں کیا جاتا۔ اس لیے نہیں کہ وہ ناقابل اعتبار ہے بلکہ اس لیے کہ اگر محض دعوے اور بیان کی رُو سے کسی کی کسی بھی چیز پر حق، ثابت ہو جایا کرے تو دنیا سے امان اُٹھ جائے اور لوگوں کا جینا دوبھر ہو جائے۔

ایک پر امن معاشرہ کے لئے عدل و انصاف نہایت ضروری ہے اور عدل و انصاف کا قیام عدالتوں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ عدالتوں میں مبنی بر انصاف فیصلوں کے لئے گواہی بہت ضروری ہے گواہی دنیا کے تمام عدالتی نظاموں میں ریڑھ کی ہڈی کی حثیت رکھتی ہے۔ اسی طرح سچی گواہی کے بغیر نہ کسی کا حق ثابت ہوتا ہے اور نہ حصول انصاف ممکن ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اسلامی نظام حیات وعدل میں شہادت کو امانت کا درجہ حاصل ہے۔ اگر کسی شخص کو کسی واقعہ کے بارے میں علم ہو تو اس کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس کے بارے میں سچائی اور دیانت داری کے ساتھ عدالت میں گواہی دے قرآن مجید میں شہادت کے بارے میں بڑے واضح اور منفرد احکام موجود ہیں۔ جس سے اسلامی معاشرہ میں گواہی کی اہمیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے " ولا تكتموا الشهاة و من يكتمها فانہ آثم قلبہ"[1]

ترجمہ: اور تم مت چھپاؤ گواہی کو اور جس نے چھپائی گواہی تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔

---

[1]: البقرہ ایت:283

سورۃ المائدہ نے گواہی کا بنیادی مقصد و غرض و غایت بیان کرتے ہوئے اس کو ہی تقویٰ، پرہیز گاری اور انصاف کے حصول کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔"یاُ یھاُ الذین آمنوا کونوا قوّا مین للہ شھدآء بالقسط و لا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعدلوا عدلوا ھو اقرب للتقویٰ"[2]

ترجمہ: اے ایمان والو; اللہ کے احکامات کے لئے ہر وقت تیار رہو۔اور انصاف کی گواہی دینے والے ہو اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم ناانصافی کرو۔ انصاف سے کام لو یہی طریقہ تقویٰ سے زیادہ قریب تر ہے

اسلام کا تصور انصاف بہت واضح، وسیع اور انسانی استطاعت پر مبنی ہے۔ اسلام کا تصور انصاف کسی فرد معاشرے یا ایک قوم تک محدود نہیں بلکہ اس کے اصول ابدی اور ہر ملک، معاشرہ اور فرد پر یکساں شامل ہیں۔ حقوق کا حصول انصاف کے بغیر ممکن نہیں جبکہ انصاف کا حصول شہادت کے بغیر وجود ہی نہیں رکھتا۔

غرض یہ کہ ایک پر امن و فلاحی معاشرے کی بنیاد عدل و انصاف پر مبنی ہے۔ نظام عدل کی ایک بنیادی ستون گواہی ہے اگر گواہی سچائی اور دیانت داری کے ساتھ دی جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ حقیقی عدل و انصاف کا حصول ممکن نہ ہو۔ جس کے ثمرات ہر شعبہ زندگی پر واضح ہونگے اور سماجی انصاف و فلاح کے حسین دور کا احیاء ہو گا جو اسلامی معاشرہ کا طرہ امتیاز ہے۔

ڈاکٹر عبد القادر عودہ شہادت کی اہمیت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔" اکثر جرائم گواہی ہی کے ذریعے ثابت ہوتے ہیں۔ اثبات جرائم کے طریقوں میں جو مقام گواہی کو حاصل ہے وہ کسی اور کو نہیں"[3]

یہ گواہ کا فرض ہے کہ وہ گواہی دینا بچوں کا کھیل نہ سمجھے بلکہ ادائے امانت سمجھ کر گواہی دے اور انتہائی ذمہ داری کے ساتھ عدالت میں صحیح صحیح بیان ریکارڈ کرائے۔

رسول پاک ﷺ کا ارشاد ہے۔" عن ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ قال: ذکر عند رسول اللہ ﷺ الرجل یشھد بشہادۃ ، فقال لی ؛ یا ابن عباس؛ الا تشھدو الا علی ما یضی لک کضیاء ھذا الشمس و او ما رسول اللہ ﷺ بیدہ الی الشمس"[4]

---

[2]: المائدہ ایت:8

3: عبد القادر عودہ، **التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی**، (بیروت لبنان: دار الکتب العربی، سن 2008م) ج1 ص 243۔

عبد القادر عودہ 1906ء کو مصر میں پیدا ہوئے۔ آپ ماہر قانون و شریعت تھے۔ آپ کے کئی تصانیف ہیں جن میں سے مشہور " التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی "، المال والحکم فی الاسلام، الاسلام بین الجہل ابنائہ و عجز علمائہ، الاسلام واوضاعنا القانونیہ اور الاسھام واوضاعنا السیاسیہ۔ آپ 1954 کو شہید کر دیا گیا۔

[4]: ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحاکم النیسابوری، **المستدرک علی الصحیحین**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 1991م) ج4 ص

و فی روایۃ عن ابن عباس سئل عن النبی ﷺ عن الشہادۃ فقال " ھل تری الشمس ؟ قال نعم ' قال علی مثلہا فاشہد"[5]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایک آدمی کا تذکرہ ہوا جو گواہی پر گواہی یعنی بہت زیادہ گواہیاں دیتا رہتا ہے۔ تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا، اے ابن عباس آپ اس چیز پر گواہی نہیں دے سکتے مگر یہ کہ وہ آپ کے سامنے اس سورج کی روشنی کی طرح روشن ہو اور آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک سے سورج کی طرف اشارہ فرمایا۔

ایک دوسری روایت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ارشاد نقل ہے کہ " حضور ﷺ سے شہادت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا" کیا تم سورج کو دیکھ رہے ہو۔ جواب دیا گیا جی ہاں تب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا (اسی طرح کسی واقعہ کو دیکھ لیں) تو گواہی دینا"۔

اسلام جس طرح زندگی کے دیگر شعبوں میں منفرد، ممتاز اور علمی نظریات کا حامل ہے۔ اسی طرح نظام شہادت میں بھی فطری اور حقیقی اصولوں پر قائم ہے۔ جس قدر سزاؤں کا معیار سخت ہے اسی قدر معیار شہادت بھی بلند ترین ہے۔ مختلف نوعیت کے مقدمات میں گواہوں کی تعداد اور شرائط مختلف ہیں۔ اسلامی قانون شہادت کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ایک شخص مدعی اور خود گواہ نہیں ہو سکتا۔ بلکہ مدّعی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے دعویٰ کے حق میں دیگر قابل قبول شہادت پیش کرے۔ چونکہ شہادت اللہ تعالی کی طرف سے بندے کے پاس ایک امانت ہے تو طلب کرنے پر گواہ کو صحیح صحیح بات مجاز حاکم کی عدالت میں بیان کرنی چاہئیے۔ گواہ پر لازم ہے کہ جب ان کو طلب کیا جائے تو انہیں انکار نہیں کرنا چاہئیے۔ گواہ کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ادائے شہادت کے وقت کامل عدل اختیار کیا جائے۔ نہ بے جا طرف داری کی جائے اور نہ کسی کی عداوت میں غلط بیانی سے کام لیا جائے۔

حضور اقدس ﷺ ارشاد فرماتے ہیں، ''اگر لوگوں کو محض دعوے کی وجہ سے دے دیا جایا کرے تو کتنے ہی لوگ خون اور مال کا دعویٰ کر ڈالیں گے۔ لیکن مدعی کے ذمے گواہ ہے اور منکر پر قسم۔

" البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر"[6]۔ ترجمہ: گواہ مدعی کے ذمے ہے جبکہ قسم منکر پر ہے۔

---

[5]: ابو محمد عبداللہ بن احمد بن قدامہ المقدسی الحنبلی، **المغنی**، (مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج12 ص7

[6]: بدرالدین العینی **عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2001م) ج7 ص241

Scanned with OKEN Scanner

شہادت اس قطعی اور فیصلہ کن بیان کا نام ہے جو قانونی عدالت میں حاضر ہو کسی ایسے معاملے کے متعلق دیا جاتا ہے جو بیان کرنے والے شاہد نے صاف طور پر دیکھا ہو"

تو ظاہر ہوا کہ مدعی اپنے دعوے کے ثبوت، یا اپنے کسی حق کے اثبات کے لیے حاکم اسلام کی مجلس میں ایسے اشخاص کو پیش کرے جو اس کے دعوے کی تصدیق کریں۔ کسی کی تصدیق کرنے یا سچی خبر دینے کو شہادت یا گواہی کہتے ہیں۔ چونکہ شہادت شرعاً ایک خاص اعزاز، ذمہ داری و منصب کا نام ہے۔

لہٰذا ہر کس و ناکس نہ شہادت کا اہل ہوتا ہے اور نہ ہی گواہی کے لیے موزوں۔ اس کے اہل وہی ہیں جن کی سیرت و کردار پر معاشرے کو اطمینان ہو اور جو اپنے اخلاق و دیانت کے لحاظ سے بالعموم لوگوں کے درمیان قابل اعتماد سمجھے جاتے ہوں۔ جن کی بات پر اعتبار کیا جاتا ہو اور جن کی دیانت کم از کم عام طور پر مشتبہ نہ ہو۔

ظاہر ہے کہ ایک مسلمان، اسی ہی کو گواہ بنائیں گے ور اس کی گواہی کو قبول کرنا پسند کرے گا جو اُس کے نزدیک متقی، عادل اور قابل اعتبار ہوں اور جن کے صالح ہونے پر اُسے اعتماد ہو۔ جو عاقل، بالغ، آزاد اور دیندار ہوں۔ شہادت یا گواہی دینا شریعت میں کسی حال کی خبر دینے کو کہتے ہیں۔ جو اٹکل اور گمان سے نہ ہو بلکہ چشم دید علم سے ہو۔ اور یہ خبر عدالت ہی میں دی جائے۔

قاضی شریح فرماتے ہیں "فریق مقدمہ، قاضی کے لئے بیماری ہے۔ اس بیماری کی دوا، گواہ ہیں۔ لہٰذا گواہ سے مراد وہ شخص ہے۔ جس کے پاس کسی واقعے یا معاملے کی پختہ معلومات ہو۔ اور جو بوقت ضرورت مجلس القضاء میں پیش کرے۔ دنیا میں سچی گواہی کی اپنی اہمیت اور افادیت ہے۔ اسے سراہا بھی جاتا ہے اور عدلیہ کی یہ بنیاد بھی ہے۔[7]

قرآن کریم میں ارشاد ہوا: ''ایسے گواہ جن کو پسند کرو'' اور ظاہر ہے کہ ایک مسلمان، اُس ہی کو گواہ بنانا اور اس کی گواہی کو قبول کرنا پسند کرے گا جو اُس کے نزدیک متقی، عادل اور قابل اعتبار ہوں اور جن کے صالح ہونے پر اُسے اعتماد ہو، اور جو عاقل، بالغ، آزاد اور دین دار ہوں۔

7: سیراج الحسن مفتی، **تفتیش جرائم اور اسلام**، (پشاور: مکتبہ عمر فاروق، سن 2017م)، ص 113۔
شریح کا پورا نام ابو امیہ شریح بن حارث بن قیس تھے۔ آپؒ نسلاً عجم تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں کوفہ کے قاضی مقرر کئے گئے جو کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی برقرار رکھا۔ آپؒ فقہ میں بہت ماہر تھے۔ آپؒ 593م کو پیدا ہوئے تھے اور 697م کو کوفہ میں 104 سال کی عمر میں وفات پائی۔

Scanned with OKEN Scanner

شریعتِ مطہرہ کے مطابق جب مدعی گواہوں کو طلب کرے تو انہیں گواہی چھپانا جائز نہیں۔ مدعی کے طلب کرنے پر گواہی دینا لازم ہے۔ بلکہ اگر گواہ کو اندیشہ ہو کہ اگر میں نے گواہی نہ دی تو صاحبِ حق کا حق تلف ہو جائے گا یعنی اُسے معلوم ہی نہیں ہے کہ فلاں شخص معاملے کو جانتا ہے تو اُسے گواہی کے لیے کیسے طلب کرے گا۔ اس صورت میں بغیر طلب بھی گواہی دینا لازم ہے۔

البتہ حدود میں یعنی حدود کی گواہی میں دو پہلو ہیں ایک ازالہ منکر اور رفع فساد جبکہ دوم مسلمان کی پردہ پوشی۔ اس لیے حدود کی گواہی میں گواہ کو اظہار و اخفاء کا اختیار ہے کہ پہلی صورت اختیار کرے اور گواہی دے تاکہ مجرم اپنی سزا کو پہنچے یا پھر دوسری صورت اختیار کرے اور پردہ پوشی کرے جو زیادہ بہتر ہے۔

حدیث شریف میں فرمایا جو مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ دنیا و آخرت میں اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔ اور اُس کے جرم پر پردہ ڈالے گا۔

لقولہ علیہ الصلاۃ والسلام "و من ستر مسلما ستره الله في الدنيا ولآخرة ،و الله فی عون العبد ما كان العبد في عون اخيه"[8]

ترجمہ: جس نے مسلمان کی پردہ پوشی کی تو اللہ تعالیٰ دینا و آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے بندے کا مددگار ہوتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے

ہاں جس پر جُرم ثابت ہو چکا وہ بے باک و بد لحاظ ہو، حدود شرعیہ کی مخالفت کرتا ہو۔ مسلمان اس کے کرتوتوں سے نالاں ہوں۔ اس کی غلط روی سے دوسروں کے اخلاق و عادات اور کردار کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو پہلی صورت اختیار کیا جائے یعنی پھر اس کے پردہ پوشی نہ کیا جائے تاکہ لوگ اس کی شرارتوں اور بدکرداریوں سے محفوظ رہیں۔

ایسے ہی چوری کی شہادت دینا واجب ہے تاکہ جس کا مال چوری ہو گیا ہے اُس کا حق تلف نہ ہو۔ ہاں اگر لفظ چوری استعمال نہ کرتے ہو تو اتنا کہنے پر اکتفاء کرے کہ اُس نے فلاں شخص کا مال اٹھالیا ہے۔ اس طرح احیاء حق بھی ہو جاتا ہے اور پردہ پوشی بھی۔[9]

---

[8]: الموسوعۃ العقدیۃ: https://www.dorar.net last visited 07-06-2020

9: محمد علاء الدین الحصکفی ابن الشیخ علی الحنفی التوفی، **در المختار اصلی نام تنویر الابصار**، (بمبی انڈیا: مکتبہ الھدریہ، سن 1309ھ) ج9 ص 37

آپؒ 1616م کو دمشق میں پیدا ہوئی اور 1677 کو بعمر 63 سال دمشق میں انتقال کر گیا۔ آپؒ کئی کتابوں کی مصنف تھے۔ جن میں در مختار کی علاوہ مشہور شرح المنار، حواشی تفسیر بیضاوی مختصر فتاوی صوفیہ اور تعلیقات بخاری ہیں

جھوٹی گواہی بہت بڑی گناہ ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے "آپ ﷺ نے تین بار فرمایا جھوٹی گواہی بُت پرستی کے برابر ہے اس لئے بچو"[10]۔ حضور اکرم ﷺ نے یہ آیت اُس کی سند میں پڑھی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:"فاجتنبوا الرجس من الاوثان وا جتنبوا قول الزور۔ حنفآء للہ غیر مشرکین بہ"[11]

ترجمہ: بتوں کی ناپاکی سے بچو اور جھوٹی بات سے بچو۔ اللہ تعالیٰ کے لیے باطل سے حق کی طرف مائل ہو جاؤ۔ اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔

آپ ﷺ کا ایک اور ارشاد مبارک ہے" لن تزول قدما شهد الزور حتیٰ یوجب الله له النار "[12]

ترجمہ: حدیث شریف میں آپ ﷺ سے ارشاد ہے:"جھوٹے گواہ کے پاؤں اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں گے جب تک اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم واجب نہ کر دے۔"

بیہقی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے راویت ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:"جو شخص لوگوں کے ساتھ یہ ظاہر کرتے ہوئے چلا کہ وہ بھی گواہ ہے، حالانکہ وہ گواہ نہیں تھے۔ تو یہ بھی جھوٹے گواہ کے حکم میں ہے اور جو بغیر جانے ہوئے کسی کے مقدمے کی پیروی کرے، وہ اللہ کی ناخوشی میں ہے۔ جب تک اُس سے جدا نہ ہو جائے۔" اور ایک حدیث شریف میں ہے کہ جو گواہی کے لیے بلایا گیا اور اُس نے گواہی چھپائی یعنی ادا کرنے سے گریز کیا وہ ویسا ہی ہے جیسا جھوٹی گواہی دینے والا۔"[13]

مندرجہ ذیل افراد کی گواہی شرعاً مقبول و معتبر نہیں۔ کافر کی گواہی مسلم کے خلاف اور مرتد کی گواہی اصلاً مقبول ہی نہیں۔ دو لوگوں میں دنیاوی عداوت ہو تو ایک کی گواہی دوسرے کے خلاف۔ جو شخص گناہ کبیرہ کا ارتکاب یا صغیرہ پر اصرار کرتا ہو کہ وہ اس کی عادت سی ہو گئی ہے۔ بچے کی گواہی اور ایسے لوگوں کی گواہی جو دنیاوی باتوں سے بے خبر رہتے ہیں۔ جس پر حد قذف قائم کی گئی ہے۔

جس نے جھوٹی گواہی دی ہو۔ زوج و زوجہ میں سے ایک کی گواہی دوسرے کے حق میں اور اگر ایک دوسرے کے خلاف ہوں تو مقبول ہو جائے گی۔ اولاد کی گواہی ماں باپ، دادا دادی کے حق میں اور اُن کی گواہی اولاد کے حق میں۔ کسی کاریگر کے پاس کام

---

[10]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: **المسند** کتاب الشھادت (دمشق شام: الناشر موسستہ الرسالہ، سن 2009م) ج 24، ص 49

[11]: الحج ایت 31-30

[12]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل، **المسند کتاب الشھادت** (دمشق شام: الناشر موسستہ الرسالہ، سن 2009م) ج 24، ص 49

13: ابو قاسم سلیمان ابن احمد الطبرانی، **المعجم الکبیر للطبرانی** (القاہرہ مصر: الناشر مکتبہ ابن تیمیہ، سن 2807م، ج 9 ص 154۔

ابو قاسم سلیمان ابن احمد الطبرانی 873م کو طبران میں پیدا ہوئے اور 971م کو اصفہان میں وفات ہو گئے۔ آپؒ بہت بڑے فقیہ عالم تھے۔ آپؒ کے وجہ شہرت معاجیم للطبرانی ہیں۔ ان میں المعجم الکبیر للطبرانی احادیث کی کتاب ہے۔ یہ کتاب پچیس جلدوں پر مشتمل ہیں۔

سیکھنے اور اس کی کفالت میں رہنے والوں کی گواہی، اُستاد کے حق میں۔ گویّے، گانے والی یا بہ طور پیشہ نوحہ کرنے والی عورت اور سود خور وغیرہ۔[14]

عصر حاضر میں عورت کی گواہی کو مستشرقین نے بوجوہ ایک پیچیدہ مسئلہ بنایا ہے کہیں عورت کو گواہی دینے کی اہل ہی نہیں سمجھی جا تی ہے تو کہیں اس کی گواہی آدھی اور کہیں پر مرد کے برابر۔ لیکن تمام تعلیمات اسلامی کا بطور کل مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نہ تو عورت کی گواہی آدھی ہے، نہ اس کی شخصیت آدھی ہے اور نہ اسلامی احکام میں عورت کی گواہی کبھی کوئی مسئلہ رہا ہے بلکہ ہمارے جدید تعلیم یافتہ اصحاب جب بھی ایسے مسائل پر گفتگو کرتے ہیں۔ تو ان کے پیش نظر جدید معاشرت ہوتی ہے۔ جس پر وہ اسلامی احکام چسپاں کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مسلمانوں کے رسوم ورواج کو وہ اسلام گردانتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہوا کہ: شہادت اللہ کی طرف سے بندے کے پاس ایک امانت ہے جس کا ادا کرنا ضروری ہے

دوم یہ کہ شہادت کا چھپانا گناہ ہے اور یہ کہ ادائے شہادت کے وقت پوری دیانتداری برتنی چاہئیے خواہ وہ شہادت خود گواہ یا اس کے والدین یا دیگر اعزاء کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ گواہ گواہی دیتے وقت ہر قسم کے خوف وطمع سے مستغنی ہونا چاہئیے اور صرف اللہ پر بھروسہ رکھنا چاہئیے۔

گواہ کو معلوم واقعات صاف صاف بیان کردینا چاہیے تاکہ حاکم کو صحیح نتیجے پر پہنچنے میں دشواری پیش نہ آئے۔ مزید یہ کہ شہادت دیتے وقت کسی کی عداوت میں انصاف کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

اسلام کے نظام عدل وقضاء میں گواہی کی از حد اہمیت ہے جس کے باقاعدہ احکام موجود ہیں۔ اسلام میں عورت کی شخصیت آدھی نہیں ہے بلکہ وہ گواہی دینے کی اہل ہے۔

14: محمد امین بن عمر عابدین، **ردالمختار علی الدر المختار** شرح تنویر الابصار (قاہرہ مصر: الناشر دار عالم الکتب، سن 2007م) ج 8 ص 70-67۔

محمد امین بن عمر بن عبدالعزیز عابدین دمشقی الشہیر بابن عابدین 1783م کو دمشق میں پیدا ہوا اور 1836م کو وصال ہوا۔ آپؒ کئی کتابوں کی مصنف تھے۔ جن میں ردالمختار: الابانۃ عن اخذ الاجرۃ عن لاحصانہ، تجبیر التحریر، تحریر البارہ فیمن ھو اولی بالاجارہ، تحریر النقول فی نفقۃ الفرع والاصول، تنبیہ الوقود علی اعلی مسائل النقود، الرحیق المختوم شرح قلائد المنظوم اور تنبیہ الغافل الوسنان علی احکام ہلال رمضان وغیرہ۔

تعارف: INTRODUCTION

سامی ادیان میں یہودیت، عیسائیت اور اسلام اپنے نوعیت کی لحاظ سے بڑے ادیان ہیں۔ان کے پیروکاروں کے ہاں زندگی گذارنے کا ضابطہ کار موجود ہے۔ اسلام تو ہر لحاظ سے مکمل دین ہے جبکہ یہودیت اور عیسائیت میں وقتاً فوقتاً اصلاحی تبدیلیاں لائی گئیں ہیں جس کی بنا پر یہودیت میں قدامت پسند، رجعت پسند اور جدت پسند یا معاصر یہودیت کی کئی فکری و اعتقادی شاخیں معرض وجود میں آئی ہیں۔ اسی طرح عیسائیت میں دیگر چھوٹے موٹے فرقوں کی علاوہ دو بڑی شاخیں بنی ہیں جو رومن کیتھولک چرچ اور پروٹسٹنٹ مکتب فکر پر مشتمل ہے۔

ان تینوں مذاہب میں گواہ اور گواہی کی بنیادی اصول، اہمیت اور طریقہ کار، بالخصوص عورت کا مقام اور مختلف معاملات میں اُس کی گواہی ایک اہم پہلو ہے جس کو اسی مقالہ میں اپنی شرح وبسط کے مطابق احاطہ کر کے ہر مذہب کا علحیدہ ضابطہ کار بیان کیا گیا ہے۔ تینوں مذاہب میں عورت کی حیثیت اور گواہی، ان کے بنیادی مآخذ تک رسائی اور تحقیقی و تقابلی مطالعہ پیش کرنا یقیناً تحقیقی میدان میں ایک مفید علمی کاوش ثابت ہوگی۔

یہ مقالہ پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ باب اول یہودیت کے تعارف و ارتقائی ادوار، یہودیت کی عقائد، مقدس کتابیں، مذہبی رسومات و تہواریں، یہودیت میں عورت کا مقام، گواہی کی مشروعیت و توضیح، عورت کی گواہی کا قضیہ اور قدامت پسند، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کی تفصیل بیان کیا گیا ہے۔ باب دوم میں عیسائیت کی تعارف وارتقاء، مختلف شاخیں، مقدس کتابیں، حوارین کا تصور، طریقہ عبادت و رسومات، عیسائیوں کے مختلف عقائد، عیسائیت میں عورت کی مقام، گواہی کی مشروعیت، عورت کی گواہی کا قضیہ اور رومن کیتھولک چرچ و پروٹسٹنٹ مکتبہ فکر کو تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔ باب سوم اسلام میں شہادت، شہادت کی مشروعیت و اہمیت، شہادت کا نصاب و بنیادی اصول، گواہ کی اہلیت، اقسام شہادت، مواقع شہادت، شہادت علی الشہادت اور ڈگری کی نفاذ، جھوٹی شہادت کی تعریف، اثبات و سزا اور گواہوں کے ساتھ برتاؤں میں ضروری آداب کے بارے میں ہے۔

باب چہارم اسلام میں عورت کی مقام اور تاریخی پس منظر، عورت کی گواہی کی مشروعیت اور اہمیت، دیوانی و فوجداری مقدمات، خواتین سے متعلق امور میں عورت کی گواہی کی حثیت اور عورت کی گواہی پر پائے جانے والے شبہات کا جائزہ پیش کرتا ہے۔ جبکہ باب پنجم تینوں مذاہب میں عورت کی گواہی سے متعلق موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ پیش کرتا ہے۔

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا کہ یہ مقالہ پانچ ابواب اور ذیلی فصول پر مشتمل ہے۔اس میں آیات کریمہ کا ترجمہ مولانا شبیر احمد عثمانی کے تفسیر " تفسیر عثمانی" سے لیا گیا ہے [15]۔حوالہ جات ہر صفحے کے فٹ نوٹ پر درج کیے گئے ہیں جس میں شکاگو منیوَل سٹائل

---

[15]: شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ بھارت کے شہر بجنور میں 1886م کو پیدا ہوئے اور 63 سال کی عمر میں 1949م کو ریاست بہاول پور میں انتقال کر گئے۔ آپؒ شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے تلامذہ میں سے تھے۔ آپؒ 1908م کو دار العلوم دیوبند سے فارغ التحصیل ہوئے اور دورہ حیدث کے تمام طلبہ میں اول آئے۔ آپؒ 1936 کو

اپنایا گیا ہے کہ پہلی دفعہ حوالہ دیتے وقت سب سے پہلے مصنف کا مشہور نام، اصل نام، کتاب کا نام اس کے بعد مقام، مطبع اور سن اشاعت پھر جلد اور آخر میں صفحہ نمبر ذکر کیا گیا ہے۔

تحقیق کی روشنی میں حاصل ہونے والے نتائج اور ممکنہ تجاویز کا تذکرہ مقالے کے آخر میں کیا گیا ہے۔ جس کے بعد فنی فہارس اور مصادر و مراجع الف بائی ترتیب سے درج کیے گئے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان کی ہر کوشش کامل اور حتمی نہیں ہو سکتی اور نہ اس میں کمی و کوتاہی کے امکان کو رد کیا جا سکتا ہے کیونکہ خطا اور بھول انسان کی خون میں داخل ہے جس سے خلاصی ممکن نہیں۔

لہٰذا زیر نظر مقالہ بھی ایک انسانی کوشش ہے جس میں بہر حال بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ اسی مقالے میں جو کچھ صحیح ہے اور حقیقت تک رسائی میں جو کامیابی ملی ہے۔ میں اسے محض اللہ تعالیٰ کی توفیق سمجھتا ہوں اور جو کچھ کمی ہیں اسے اپنی نفس کی طرف منسوب کرتا ہوں۔ اپنی کم علمی کا اعتراف کرتے ہوئے میں اس بات کے لکھنے میں تأمل نہیں کرتا کہ مقالہ کی بہتری کی خاطر کسی بھی مفید مشورے، مثبت تنقید اور علمی رہنمائی قبول کرنے سے دریغ نہیں کروں گا۔

آخر میں اللہ تعالیٰ کی دربار میں دعا کرتا ہوں کہ رب العزت اس مقالے کو میرے، میرے والدین، اساتذہ کرام اور بالخصوص فائزہ علی اور ام فائزہ کے لیے دنیا میں نیک اور آخرت میں نجات کا وسیلہ بنائے۔

قضیہ تحقیق: STATEMENT OF THE RESEARCH PROBLEM

اس تحقیقی کام میں مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دینے کی کوشش کی جائے گی۔

1: سامی مذاہب میں موجود عورت کی گواہی کے متعلق ضابطہ سمجھنا اور باہمی تقابل پیش کرنا۔

2: یہ معلوم کرنا کہ ان تینوں مذاہب کا عورت کی گواہی سے متعلق کن کن امور میں اتفاق اور کن میں اختلاف رہا ہے؟

3: یہ جاننا کہ ان میں سے کون سا مذہب انسانی فطرت اور وقت کے تقاضوں کے زیادہ قریب ہے؟

4: کیا واقعی اسلام میں عورت کی گواہی آدھی ہے؟

دار العلوم دیوبند میں صدر مہتمم کی حیثیت سے علمی و تدریسی خدمات انجام دینے لگے۔ آپکے مشہور تلامذہ میں مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، سید مناظر احسن گیلانی، قاری محمد طیب اور سید یوسف بنوری وغیرہ شامل ہیں۔ آپؒ کے مشہور تصانیف میں تفسیر عثمانی، فتح الملہم، اسلام کے بنیادی عقائد، فضل الباری شرح صحیح البخاری وغیرہ ہیں۔

5:عورت کی گواہی سے متعلق اسلام پر پائے جانے والے شبہات کیا ہیں اور ان کا ازالہ کیسے ممکن ہو سکے گا؟

6:عورت کی گواہی سے متعلق مذاہب ثلاثہ میں وارد نصوص کا علمی حیثیت کیا ہے؟

کیا حقیقتاً یہودیت و عیسائیت نے عورت کو اسلام سے اونچا اور اعلیٰ مقام دیا ہے؟

اہداف تحقیق :OBJECTIVES OF THE RESEARCH

اس تحقیقی کاوش کے بنیادی اہداف مندرجہ ذیل ہیں۔

1) گواہی کا تعارف، اہمیت اور ضرورت کو تینوں مذاہب کے ماخذ اصلیہ کی روشنی میں بیان کرنا۔

2) معاصر یہودیت و عیسائیت اور اس کی مختلف شاخوں کا تعارف پیش کرنا۔

3) معاصر یہودیت، عیسائیت اور اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں عورت کی گواہی پر تبصرہ کرنا۔

4) اسلام میں عورت کی شہادت کے بارے میں موجود شبہات اور رعصری رجحانات کا جواب تلاش کرنا۔

5) تینوں مذاہب میں عورت کی گواہی کے حوالے سے موافقات اور متفرقات واضح کرنا۔

6) مختلف مذاہب کے ایجابیات یعنی مثبت پہلوؤں کو سامنے لانا۔

7) مذہبی مطالعات میں تفاہم ادیان کے پہلوؤں کو اجاگر کرنا۔

اہمیت موضوع : SIGNIFICANCE OF THE TOPIC

- یہ انتہائی اہمیت کا حامل ایک علمی موضوع ہے جس کی مدد سے ادیان ثلاثہ کی فقہی آراء معلوم ہوگئی جس کا فائدہ اہل علم سمیت قانون سے وابستہ افراد کو بھی ملے گا۔

- گواہ اور عورت کی گواہی سے شناسائی ہو جائے۔

- ادیان ثلاثہ میں عورت گواہی کے بارے میں حکم معلوم ہو جائے۔

- دور حاضر میں عورت کی گواہی کی حیثیت اور اس پر پائے جانے والے شبہات کا ازالہ ممکن ہو جائے۔

- ادیان ثلاثہ میں عورت کی حیثیت اور اس کے حقوق معلوم ہو سکیں گے۔

- معاصر یہودیت اور عیسائیت میں عورت کی گواہی کی سے واقفیت حاصل ہو جائیگا اور جہاں کہیں جو قانونی سقم اور کمزوری موجود ہے اسے سامنے لا کر ختم کرنے کا راستہ ہموار ہو سکے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

- عورت کے شہادتی حقوق واضح ہو کر ان کو یقینی بنایا جائیگا۔
- عورت سے متعلق مذاہب ثلاثہ میں وارد نصوص وماخذ اصلیہ کو ایک جگہ جمع کر کے محققین کا کام آسان وفعال بنایا جائیگا۔

سابقہ تحقیقات کا جائزہ: PRE LITERATURE REVIEW

گواہی یا شہادت حصول انصاف اور عدالتی نظام میں ریڑھ کی ہڈی جیسی حیثیت رکھتا ہے۔ گواہی کا تفصیل ادیان ثلاثہ کی مصادر اصلیہ میں تفصیل سے مذکور ہے جبکہ عالمگیریت کے اثرات انسانی تہذیب سمیت عدالتی نظام پر بھی محیط ہیں۔ جس کی بنا پر اس موضوع کی علمی وعالمی حیثیت وافادیت بہت بڑھ گئی ہے۔ محققین اور دانشوروں نے اس موضوع پر قلم اٹھا کر درج ذیل جہتوں سے کام کیا ہے۔

1. شعبہ علوم اسلامیہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کی سکالر آمنہ جمیل نے ڈاکٹر محمد اکرم رانا کی نگرانی میں "عورت کی گواہی کا مسئلہ" کے عنوان سے مقالہ تحریر کیا ہے۔
2. اس طرح "حدود وقصاص میں عورت کی گواہی وضعی قانون اور شریعت اسلامی کی روشنی میں" کے عنوان سے زنیب آمین نے ڈاکٹر ضیاء الحق کی نگرانی میں شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز سے مقالہ مکمل کر کے ایم فل ڈگری حاصل کی ہے۔
3. محققہ دل شاد بیگم نے ڈاکٹر محمد یوسف شعبہ علوم اسلامیہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی زیر نگرانی "عورت اور اس کی شہادت کے مسئلہ تنفیذ میں فقہاء کا نقطہ نظر اور معاصرانہ مباحث" کے عنوان سے تحقیق مکمل کی ہے۔
4. سکالر طاہرہ یاسمین نے زیر نگرانی ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی شعبہ علوم اسلامیہ گومل یونیورسٹی "اسلامی قانون شہادت میں عورت کا مقام" پر تحقیقی کام مکمل کیا ہے۔ ان سب تحقیقی کاموں میں قدر مشترک یہ ہے کہ عورت کی گواہی کا مسئلہ صرف اسلامی قانون کے تناظر میں واضح کیا گیا ہے جبکہ باقی ادیان ساویہ جیسے یہودیت اور عیسائیت میں اس حوالے سے تحقیقی کام نہ ہونے کے برابر ہے۔ لہذا یہ کام ایک نیا علمی اضافہ ثابت ہو گا۔ کیونکہ اس میں نہ صرف گواہی بالعموم اور عورت کی گواہی کی بالخصوص توضیح وتحقیق کی گئی ہے بلکہ عورت کی گواہی سے متعلق مذاہب ثلاثہ کا ایک تقابلی مطالعہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

منہج تحقیق: RESEARCH MEHODOLOGY

زیر نظر تحقیقی مقالہ کی تدوین میں درجہ ذیل طریقہ کار اپنایا گیا ہے۔

1: منہج استقرائی اور وصفی (معیاری) اپنایا گیا ہے جس میں موضوع سے متعلق ادیان ثلاثہ کے مصادر سے مواد جمع کر کے تحقیقی سانچے میں ڈھال کر تجزیہ کیا گیا ہے۔

2: اصلی مصادر میں قرآن وحدیث کے علاوہ فقہ، لغت، تاریخ اور رجال کے بنیادی مآخذ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

3: ثانوی مصادر کے طور پر معاصر ماہرین اور مشاہیر کی آراء پیش کی گئی ہیں۔

4: تحقیق کے لیے شکاگو طرز پر عمل کیا گیا ہے۔ کہ پہلی دفعہ حوالہ دیتے وقت سب سے پہلے مصنف کا مشہور نام، پھر اصل نام، پھر کتاب کا نام اس کے بعد مقام طبع، پھر جلد و صفحہ نمبر اور آخر میں سن اشاعت ذکر کیا گیا ہے۔

5: حوالہ جات ہر صفحے کے فٹ نوٹ پر درج کیے گئے ہیں جس میں یہ منہج اپنایا گیا ہے کہ جس مقام پر ایک ہی کتاب کے پے درپے حوالہ جات دینے کی ضرورت پڑی ہے وہاں نفس مصدر اور پھر جلد و صفحہ نمبر درج کیا گیا ہے۔

6: مقالہ میں جہاں کہیں کسی مشہور شخصیت کا ذکر آیا ہے تو نیچے فٹ نوٹ میں اس کا ترجمہ ذکر کیا گیا ہے۔

7: مقالہ کی مناسب ابواب میں درجہ بندی کی گئی ہے جو کہ پانچ ابواب مع ذیلی فصول ومباحث کی شکل میں مرتب کیا گیا ہے۔

8: ترجمہ اور وضاحت کرتے وقت اگر متن میں کہیں آیت، حدیث، فرق، اصطلاحات، اماکن وبلاد وغیرہ آئے ہیں تو اسے فٹ نوٹ میں سلیس اردو زبان میں بنیادی مصادر سے تلاش کر لکھے گئے ہیں۔

9: تحقیق کی روشنی میں حاصل ہونے والے نتائج، مقالہ کی خلاصہ اور ممکنہ تجاویز وسفارشات کا تذکرہ مقالے کے آخر میں کیا گیا ہے۔ جس کے بعد علمی وفنی فہارس اور مصادر ومراجع الف بائی ترتیب سے درج کیے گئے ہی

Scanned with OKEN Scanner

1.0: باب اوّل: یہودیت کا تعارف اور ارتقائی ادوار

یہودیت ادیان سماویہ میں قدیم ترین اور دینا کے بڑے مذاہب میں سے ایک ہے۔ جس کی نسبت حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف کی جاتی ہے اور اس کے تابعین کو بنی اسرائیل یا قوم موسیٰ علیہ السلام کہلاتے ہیں۔ یہود کا وجہ تسمیہ عہد نامہ قدیم کے مطابق حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے حضرت اسحاقؑ کے دوسرے بیٹے یعقوبؑ کی اولاد ہیں چونکہ یعقوبؑ کا لقب اسرائیل تھا اسلیئے یہود کو بنی اسرائیل کہا جاتا ہے یعنی اسرائیل کی اولاد۔ یہ لفظ عبرانی زبان کا مرکب ہے جس میں "اسرا" کے معنی عبد (بندہ) اور ایل کا معنی "اللہ" ہے تو دونوں کو ملا کر اسرائیل یعنی اللہ کا بندہ یعقوبؑ مراد ہے۔

حضرت یعقوبؑ کی نسل اسرئیل کے نام پر بنی اسرائیل کہلائی۔ حضرتؑ یعقوبؑ کے بارہ بیٹے تھے جن میں سب سے بڑے کا نام یہوداتھا جن کے اولاد علاقہ فلسطین میں آباد ہوئی۔ یہ لوگ دوسری ہزارویں قبل مسیح عراق اور شام سے فلسطین کے علاقوں میں آکر آباد ہوگئے۔ اور یہ اپنے دور کی ایک عظیم الشان قوم اور حکومت تھی۔ بائبل روایات کی مطابق حضرت یوسفؑ نے ایک سو دس (110) سال عمر پائی جس میں اسی سال تک مصر پر حکمرانی کی اور اس دوران بنی اسرئیل کو مصر میں بہت عروج حاصل ہوا ۔لیکن جب ان کی حکومت ختم ہوئی تو ایک سخت متعصب نسلی خاندان بر سر اقتدار آگیا اور فرعون وقت نے بنی اسرائیل پر بڑے مظالم ڈھائے۔ تو اللہ جل شانہ نے ان میں موسیٰ علیہ السلام کو پیدا کیا۔ جس نے چھ لاکھ یہودیوں کو فرعون کی غلامی و مظالم سے 1391 ق م میں نکالا۔

بائیبل کی کتاب خروج میں نقل کیا گیا ہے "اور مصریوں نے بنی اسرائیل سے خدمت لینے میں سختی کی۔ اور انہوں نے ان سے سخت محنت سے گارا اور اینٹ بنوا بنوا کر اور کھیت میں ہر قسم کی خدمت لے لے کر ان کی زندگی تلخ کی"۔ بنی اسرئیل سے فرعون مصر اپنی خدمت گزاری و جبری مشقت مار مار کر لیتے تھے۔ اسی اثنا حضرت موسیٰؑ کے ولادت ہوئی۔ جیسا کہ ارشاد ہے" اور لاوی کے گھرانے کے ایک مرد نے جا کر لاوی کی نسل کی ایک عورت سے بیاہ کیا۔ وہ عورت حاملہ ہوئی اور اس سے بیٹا ہوا"[16]

---

[16]: خروج 1:14-13 اور 1:2

حضرت موسیٰ علیہ السلام ایک جلیل القدر پیغمبر تھے۔ آپؑ کی تاریخ پیدائش 1300 ق م اور وفات 1171 ق م بتائی جاتی ہے۔ بائبل کی کتاب خروج کے مطابق آپؑ کی پیدائش کے وقت بنی اسرائیل کو فرعونیوں نے غلام بنایا تھا۔ جن کو اللہ تعالی نے آپؑ کے ذریعے فرعونیوں کے مظالم سے نجات دلائی۔

Scanned with OKEN Scanner

اس قوم کو حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے فرعون کی غلامی سے نجات دِلائی بحیرہ احمر پار کر کے جزیرہ نما وادی سینا پہنچے۔ لیکن انہوں نے پھر حضرت موسیٰ کی نافرمانی کی اور چالیس سال تک اسی دشت میں سرگرداں پھرتے رہے۔ بنی اسرائیل ایک سرکش قوم ہے قرآنی تعلیمات کے مطابق یہ لوگ قتل انبیاء جیسے گناؤنے جرم میں ملوث تھے۔ لقولہ تعالیٰ" ویقتلون النبیین بغیر الحق"[17] ۔ ترجمہ: اور یہ لوگ پیغمبروں کو ناحق قتل کرتے تھے۔ بائیبل تعلیمات کے مطابق یہودیوں نے کئی انبیاء کو تنگ اور قتل کیا ہے۔ مثلاً: حضرت سلیمانؑ کے وفات کی بعد سلطنت بنی اسرائیل دو ریاستوں یروشلم اور سامریہ میں تقسیم ہوگئی اور ان دونوں میں نہ ختم ہونے والا باہمی لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ سامریہ کی ریاست نے اپنے بھائیوں کے خلاف دمشق کی ارامی سلطنت سے مدد مانگی۔ اس پر خدا کے حکم سے حنانی نبیؑ نے سامریہ کی فرمان روا" آسا" کو سخت تنبیہ کی مگر" آسا" نے اس تنبیہ کو قبول کرنے کی بجائے خدا کے پیغمبر کو پابند سلاسل کر دیا۔[18]

اسی طرح اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت میکایاہؑ کو سامریہ کی اسرائیلی بادشاہ "اخی اب" نے حق گوئی کے جرم میں پابند زندان کرتے ہوئے حکم دیا کہ اس شخص کو سخت قید و صعوبت اور مشکل میں ڈالو۔ جیسا کہ سلاطین اول میں ہے "تب اسرائیل کے بادشاہ نے کہا کہ میکایاہ کو پکڑلو اور اسے شہر کے ناظم امون اور یوآس شہزادہ کے سپرد کر دو اور کہنا کہ بادشاہ یوں فرماتا ہے کہ اس شخص کو قید خانہ میں ڈال دو اور اسے مصیبت کی روٹی کھلانا اور تنگی و مصیبت کا پانی پلانا جب تک میں سلامت نہ آؤں"[19]

کتاب تواریخ دوم (اخبار-2) میں ذکر ہے کہ اس ظالم یہودی بادشاہ نے پیغمبر میکایاہ کی گال پر تھپڑ مار کر کہا کہ کون سے راستے خداوند کی روح میرے پاس سے گزرے"[20]

کتاب سلاطین دوم میں ایک اور نبیؑ حضرت زکریاہؑ کا ذکر کچھ یوں ہے۔ "پھر جب سامریہ کی ریاست میں علانیہ بت پرستی اور بدکاری ہونے لگی تو زکریا نبیؑ نے اس کے خلاف آواز بلند کی۔ جس کی پاداش میں شاہ یہوداہ "یوآس" نے عین ہیکل سلیمانی میں مقدس قربان گاہ کے درمیان ان کو سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ "تب انہوں نے اس کے خلاف سازش کی اور بادشاہ کے حکم سے خداوند کے گھر کے صحن میں اسے سنگسار کرادیا"[21]

---

[17]: البقرہ ایت: 61

[18]: 2تواریخ 10:17-7

[19]: 1-سلاطین 22:27-26

[20]: تواریخ دوم (اخبار) 18:24

[21]: 2-سلاطین 24:21

ایک اور نبی حضرت عاموسؑ کو ان لوگوں نے جلاوطن کر دیا۔ جس کے متعلق لکھا گیا ہے "کہ جب انہوں نے سامریہ کی اسرائیلی ریاست کو اس کی گمراہیوں اور بدکاریوں پر ٹوکا اور ان حرکات کے بُرے انجام سے خبردار کیا تو انہیں نوٹس دیا کہ ملک سے نکل جاؤ اور باہر جاکر نبوت کرو۔ جیسا کہ کتاب عاموس میں بیان کیا گیا ہے "تب بیت ایل کے کاہن امصیاہ نے شاہ اسرائیل یاربعام کو کہلا بھیجا کہ عاموسؑ نے تیرے خلاف بنی اسرائیل میں فتنہ برپا کیا ہے اور وہ ملک اس کی باتوں کی برداشت نہیں کر سکتا۔ کیونکہ عاموس یوں کہتا ہے کہ یاربعام تلوار سے مارا جائیگا اور اسرائیل اپنے وطن سے یقیناً اسیر ہو کر جائیگا اور امصیاہ نے عاموس سے کہا" اے غیب گو تو یہوداہ کے ملک کو بھاگ جا۔ وہیں کھا پی اور نبوت کر۔ اور بیت ایل میں پھر کبھی نبوت نہ کرنا کیونکہ یہ بادشاہ کا مقدس اور سلطنت کا معبد ہے۔"[22]

جب سامریہ کی اسرائیلی ریاست آشوریوں کے ہاتھوں ختم ہوگئی اور یروشلم کی یہودی سلطنت کے سرپر تباہی کا طوفان تلا کھڑا تھا تو ایک اور نبیؑ حضرت یرمیاہؑ نے اپنی قوم کے زوال پر رنج والم کرنے اٹھے اور گلی گلی میں انہوں نے نعرہ لگایا کہ سنبھل جاؤ ورنہ تمہارا انجام سامریہ سے بھی بدتر ہوگا۔ مگر قوم نے ہر طرف سے ان پر لعنت اور پھٹکار کی بارش کی۔ ان کو مارا پیٹا گیا، قید کیا گیا، رسی سے باندھ کر کیچڑ بھرے حوض میں لٹکا دیئے گئے تاکہ بھوک وپیاس سے وہیں سوکھ کر مر جائیں اور ان پر الزام لگایا گیا کہ وہ قوم کے غدار ہیں اور بیرونی دشمنوں سے ملے ہوئے ہیں۔

بائیبل کی کتاب یرمیاہ نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے ذکر کیا "پس داروغہ نے یرمیاہ کو پکڑ کر امرا کے پاس لایا اور امراء یرمیاہؑ پر غضبناک ہو کر ان کو کوڑے لگوائے وریونین منشی کے گھر میں قید کر دیا کیونکہ انہوں نے اس گھر کو قید خانہ بنا رکھا تھا۔ یرمیاہ قید خانے میں داخل ہو کر کافی عرصہ تک وہاں قید رہا"[23]

اس کے علاوہ اور بھی کئی مثالیں موجود ہیں۔ حضرت سلیمانؑ کے انتقال 931 ق م کی بعد یہود زوال پذیر ہو گئے اور ان کی عظیم الشان سلطنت دو حصوں میں بٹ گئی۔ شمال کی بنی اسرائیلی حکومت جس کا صدر مقام سامریہ مقرر ہوا اور جنوب کی یہودی حکومت جس کا صدر مقام یروشلم رہا۔ ان دونوں حکومتوں کے مابین ہمیشہ جنگ وجدل کا سلسلہ جاری رہا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ رومیوں نے آہستہ اہستہ فلسطین پر اپنا تسلط قائم کرنا شروع کر دیا۔[24]

---

[22] عاموس 7:13-10

[23] یرمیاہ: 37:16-14

[24] محمد ظاہر، ابو یحییٰ، تقابل ادیان (محلہ جنگی قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2004م) ج اول ص 140۔

Scanned with OKEN Scanner

رومیوں نے فلسطین پر کئی حملے کئے اور 63 ق م میں فلسطین مکمل طور پر ان کے قبضہ میں آ گیا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کو یہودیوں کی ہدایت کے لئے مبعوث فرمایا۔ یہودیوں نے ان کے بات نہ مانی اور ان پر مقدمہ چلایا اور پھر آپؑ اس دینا سے چل بسے۔ سن 135ء تک یہود رومیوں کے خلاف بڑی بغاوتوں کی کوشش کرتے رہے لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔

رومی ان پر خوب مظالم ڈھاتے رہے جس سے یہود بالآخر تنگ آ کر یورپ اور ایشاء کے طرف ترک وطن کر کے آباد ہو گئے۔ یہود دنیا کے جس ملک میں بھی بس گئے وہاں کے لوگ ان کے شرارتوں سے تنگ آ کر ان کی خلاف ہو گئے۔ ہر طرف یہودیوں کے خلاف نفرت کی فضا قائم ہو گئی اور خصوصا، روس، پولینڈ اور مشرقی یورپ میں یہودیوں پر جبر و تشدد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ان مظالم سے تنگ آ کر روس کے یہودی النسل ڈاکٹر "ہون ہنسکر" نے 1883ء میں ایک کتاب لکھ کر یہود کو اپنی حفاظت کے لئے ایک آزاد و خود مختار ریاست بنانے کا مشورہ دیا۔

اس موضوع پر صحافیوں سے مضامین لکھوانا شروع کر دیا۔ نتیجتاً مشہور صحافی "تھیوڑڈ پرزل" نے یہودیوں کی ایک آزاد مملکت کے لئے تحریک شروع کی جس کا نام "صیہونی تحریک" ہے۔ اس تحریک نے یہود میں اپنی جڑیں مضبوط کرنا شروع کر دیں اور آہستہ آہستہ مختلف ممالک سے یہود فلسطین آ کر آباد ہو گئے اور فلسطین کی اکثر زمین پر قابض ہو گئے۔ پھر پہلی جنگ عظیم کے دوران 2 نومبر 1917م کو حکومت برطانیہ نے فلسطینی یہودیوں کے لئے الگ وطن قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔

اس اعلان سے عرب ممالک میں بے چینی کی لہر دوڑ گئی، کیونکہ جنگ عظیم کے آغاز تک فلسطین ترکی کا حصہ تھا لیکن جنگ کے دوران برطانیہ نے اس پر قبضہ کر لیا تھا۔ برطانیہ کے اس اعلان سے بہت سے یہود فلسطین آ کر آباد ہونا شروع ہو گئے۔ یہودیوں کی ایک بڑی تعداد جرمنی میں آباد تھی لیکن ہٹلر نے ان پر مظالم ڈھائے جس سے وہ تنگ آ کر فلسطین آ کر آباد ہو گئے۔ یہودیوں کے اس بڑھتی ہوئی آبادی سے فلسطینی عرب پریشان ہو گئے لیکن وہ دینا کی مقتدرہ قوتوں کی سامنے بے بس ہو گئے اور اخر کار اقوام متحدہ نے جنرل اسمبلی کے اجلاس 29 نومبر 1947م کو کثرت رائے سے تقسیم فلسطین کی تجویز منظور ہو گئی۔ اس فیصلے سے عرب ناخوش تھے۔

لیکن باہمی نااتفاقی اور کمزور موقف نے ان کو مزید کمزور کر دیا۔ ادھر 14 مئی 1948م کو برطانیہ نے فلسطین پر اپنا تسلط ختم کر کے ڈیوڈ بن گوریان کو اسرائیل کا پہلا وزیر اعظم مقرر کیا اور سب سے پہلے امریکہ نے تسلیم کیا۔ آج کل بھی اسرئیل دنیا کا سب سے بڑا بد معاش ہے اور امریکہ، فرانس، برطانیہ اور روس ان کو اپنے مقاصد کے خاطر اسلامی دنیا کے خلاف استعمال کر رہی ہے۔[25]

---

[25]: محمد یوسف خان پروفیسر، **تقابل ادیان**، (انار کلی لاہور: بیت العلوم، سن 2006م) ج اول ص 181-177۔

Scanned with OKEN Scanner

یہودیوں کی مذہبی کتاب تورات اور تالمود ہے۔ یہودی قوم عبرانی النسل ہے لہذا ان کے عقائد بھی عبرانی تھے۔ سامی النسل ہونے کی وجہ سے ان کا مذہب کافی حد تک اہل عرب سے ملتا جلتا تھا۔

یہ لوگ مصر میں رہتے تھے اسلئے مصری طرز زندگی کو اپنے اندر مدغم کر لیا۔ حضرت موسیٰؑ سے پہلے یہ لوگ بت پرست تھے مقدس ہستیوں کے تصاویر بنا کر پوجا پاٹ کرتے تھے۔ بعثت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے یہود خاندانی دیوتاؤں، پتھروں اور مختلف بادشاہوں کی عبادت کرتے تھے۔ ان کے معبود خاص کا نام یہوداہ تھا جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بے پناہ اختیارات کا مالک بن گیا یہاں تک کہ خالق حضرت آدمؑ قرار دیا گیا۔

چونکہ یہود ادوار سابقہ میں کبھی ایک جگہ ٹک کر نہیں رہے بلکہ اپنے ٹھکانے بدلتے رہے جس کے ساتھ "یہوداہ" کا ٹھکانہ بھی بدلتا رہا۔ بالآخر اس خانہ بدوشی زندگی کا خاتمہ یروشلم میں ہیکل سلیمانی کی تعمیر پر ہوا۔ اس تعمیر میں یہودیوں نے اپنے خداوند "یہوداہ" کو بھی ہیکل سلیمانی میں منتقل کر دیا اور یہودیوں کی بیت المقدس سے دلچسپی کی بنیادی وجہ بھی یہی ہیکل سلیمانی ہے۔

1.1: فصل اول: یہودیت کے عقائد اور مختلف فرقے

حضرت داوٗدؑ اور حضرت سلیمانؑ کے دور حکمرانی تک یہود صحیح رہے۔ لیکن جونہی ان کی آنکھیں بند ہوئیں تو حضرت سلیمانؑ کے بیٹے رہوبام تخت نشین ہوا مگر بنی اسرائیل دوبارہ اپنی روش پر چل کر رہوبام کی اطاعت سے انکار کر دیا۔ یہودیت کی بنیاد دو عقائد ہیں۔ اول خدا کا وجود اور دوم بنی اسرائیل کا خدا کی منتخب، افضل اور مخصوص امت ہونے پر ہیں۔ بعثت موسوی کے وقت بنی اسرائیل میں مشرکانہ رسوم اور بت پرستانہ عقائد کی گرم بازاری تھی۔ ان کی مذہبی حالت بہت پست تھی۔ حرام کاری کو مذہبی تقدس حاصل تھا۔ اس وقت بنی اسرائیل بے شمار دیوتاؤں کی پرستش کرتے تھے۔ جن کو تین گروپوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔[26]

خاندانی دیوتاؤں کی عبادت، پتھروں کی عبادت اور قومی دیوتاؤں (بادشاہوں) کی عبادت اور بت پرستی یہودی ریاستوں میں عام تھی۔ خانہ بدوش ہونے کے ناطے یہود قریہ قریہ گھومتے پھیرتے تھے یہی خانہ بدوشی اس وقت اختتام پذیر ہوئی جب یہودیوں نے اپنے خداوند یہوداکو ہیکل سلیمانی منتقل کر کے وہاں رہنا شروع کر دیا اور آج کل اس کو مزید وسعت دینے کے لئے مسلمان اور مسجد اقصیٰ کو شہید کرنے پر تُلے ہوئے ہیں۔

1.2: یہودیت کے مختلف فرقے

ویسے تو یہودی مذہب میں فرقوں کی بہتات اور نظریات کی بھرمار ہے لیکن یہاں چند اہم اور بڑے فرقے بیان کئے جاتے ہیں۔

1.2.1: ایسینی فرقہ: اس فرقے کے لوگ ہر چیز میں دوسروں کی ملکیت اور شراکت کے قائل ہیں۔ اسلئے اس فرقے کے پیروکاروں کو سوشلسٹ یہودی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ الگ نہ جائیداد بناتے ہیں اور نہ شادیاں کرتے ہیں بلکہ یہ تنہائی پسند اور گوشہ نشینی کی زندگیاں گزارتے ہیں۔

1.2.2: فریسی فرقہ: اس فرقے کے لوگ یہود کے فقہاء، قانون دان، کتب مقدسہ کے ماہر، راہب، عابد، زاہد اور متقی مشہور ہیں۔ یہ لوگ آخرت کی زندگی اور جزاء وسزاء کے قائل ہیں۔ ان کے نزدیک یہود (بنی اسرائیل) اللہ کے پیارے ہونے کے باعث عذاب سے یکسر بری ہونگے۔

---

[26]: مظہر الدین صدیقی، پروفیسر، **اسلام اور مذاہب عالم**، (نیو دہلی: ثقافت اسلامیہ، سن 2017)۔ ص58

پروفیسر مظہر الدین صدیقی 1944ء کو پیدا ہوئے اور۔ آپ علی گڑھ یونیورسٹی میں شعبہ علوم اسلامیہ کے استاد اور چیرپرسن تھے۔

Scanned with OKEN Scanner

3۔2۔1: سامرٹنی فرقہ: یہ یہود میں اچھوت اور فقیر قسم کے لوگ ہوتے ہیں یہ بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ خلط ملط سے کتراتے ہیں اور تنہاء پسند ہوتے ہیں۔ دیگر یہود بھی ان کے قریب نہیں آتے۔

4۔2۔1: صدوقی فرقہ: ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ صرف ربّ الیہود ہے۔ ان کے ہاں جنّت، جہنم، قیامت اور فرشتوں کی کوئی حقیقت نہیں۔ یہ لوگ اجتہاد کو باطل سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ مذہبی قوانین کی لفظی پیروی کرتے ہیں جس میں ان کے نزدیک کوئی ترمیم اور اضافہ ناجائز ہے اور یہ کہ انسان کو اچھے اور بُرے اعمال کا بدلہ اسی دینا میں مل جاتا ہے۔

5۔2۔1: کاراتی فرقہ: اس فرقے کے لوگ یہودی مذہب کا ظاہری فرقہ کہا جاسکتا ہے۔ یہ فرقہ کتب مقدسہ میں موجود الفاظ کے ظاہر عمل کرنے پر سختی سے پابند ہیں۔ باطن سے کوئی سروکار نہیں رکھتے۔

6۔2۔1: کاہنی فرقہ: اس فرقے کے لوگ عبادت گاہوں کی حفاظت کرتے ہوئے مذہبی اصول پرستی کا دعویٰ کرتے تھے۔ یہ لوگوں سے نذرانے وصول کرتے تھے اور کاہنت کی کتابیں لکھ کر انہیں وحی الٰہی کا درجہ دیتے تھے۔

7۔2۔1: ناسٹک فرقہ: یہ لوگ ایمان کو سبب نجات نہیں سمجھتے بلکہ ان کے ہاں علم باعث نجات ہے۔ اس لئے یہ لوگ علم کو ایمان پر مقدم رکھتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

2۔1: فصل دوم: یہودیت کی مقدس کتابیں

یہودیوں کی سب سے زیادہ مقدس کتاب عہد نامہ قدیم ہے۔ عہد نامہ قدیم ظاہری طور پر ایک کتاب کا نام ہے لیکن اس کے اندر بہت ساری کتب داخل ہیں جو کہ کتاب پیدائش سے شروع ہو کر کتاب ملاکی تک انتالیس کتب کا مجموعہ ہے۔ یہ کتب یہود کے ہاں مستند مانی جاتی ہیں. یہ مندرجہ ذیل تین سلسلوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔[27]

سلسلہ نمبر 1: یہ پہلا سلسلہ تورات، اسفار خمسہ یا کتب موسوی کہلاتا ہے۔ تورات (The Law) اس میں پانچ کتابیں شامل ہیں۔ یہودی ان پانچ کتابوں کو بالاتفاق مستند اور مقدس مانتے ہیں۔

1: کتاب پیدائش (تکوین) (Genesis): اس میں تخلیق آدم سے لیکر حضرت یوسفؑ تک کے حالات مذکور ہیں۔ یہ کتاب پچاس ابواب مشتمل ہے۔ یہ بائیبل کی پہلی کتاب ہے جو پیدائش انگریزی میں Genesis کے نام سے موسوم ہے یہودی اور عیسائی علما کہتے ہیں کہ یہ کتاب تقریباً ڈیڑھ صدی قبل از عیسیٰ علیہ السلام عبرانی سے یونانی زبان میں منتقل ہوئی جس میں پہلی سطر کا پہلا لفظ برے شیتھ یارے شیتھ تھا اور اس لفظ کو مترجمین نے تکوین یا پیدائش کائنات کے لئے استعمال کیا اب اس کے بعد اس کتاب کو لفظ پیدائش کے نام سے اردو زبان میں شہرت عام ملی۔

اس کتاب کے مصنف حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بتایا جاتا ہے۔ اس کتاب میں ہے کہ یہ کائنات کس طرح معرض وجود میں آئی؟، پہلا انسان اور اس کا جوڑا اس کائنات میں کیسے آیا، گناہ کیسے انسان کی سوچ اور عمل میں آیا اور پھر گناہ کے کرنے سے انسان پر اس کا کیا اثر ہوا۔ خدا نے انسانی نجات کے لئے پھر کیا طریقہ رائج کیا؟

---

[27]: Francis Lieber, **Encyclopedia Americana** (America: Edwin Rines George 1917) volume .3, P 612.

Encylopedia of Americanan is one of the largest general encyclopedias in Amerian English language. It is a scholastic encyclopedia. It has more than 45,000 articles.the most recent edition of the encyclopedia Americanna was publishd in 2006. Mr. Francis Lieber was its auther, who was born in 1800 in America and died in 1872 at theage of 72 years. Its first version was published in 1830 AD.

Scanned with OKEN Scanner

خدا کی معرفت کا طریقہ سکھلایا۔ اس کائنات میں انسانی ذمہ داری بتائی اور آخر میں خدا کا عدل و انصاف اس طریقے سے آشکارا کر دیئے کہ خدا سزا اور جزا کیوں دیتا ہے کا فلسفہ بتا دیا۔ یہاں حضرت موسی علیہ السلام سے پہلے انبیا کا ذکر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کتاب میں اس کائنات اور انسانیت کی تخلیق کا ذکر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان سے پہلے انبیا کے احوال بمع ان کی تعلیمات کے مذکور ہیں۔

2: کتاب خروج (Exodus) : یہ کتاب چالیس ابواب پر مشتمل ہے۔ جس میں حضرت موسیٰؑ سے متعلق واقعات تفصیل سے ذکر ہیں۔ اس کتاب میں بنی اسرائیل کا ملک مصر سے خارج ہونے کے واقعات مذکور ہیں۔ یہ کہ کس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قیادت بنی اسرائیل نے غلامی کی زندگی چھوڑ کر خدا کے برگزیدہ اور قریب تر ہو گئے اور انہیں اپنی روزمرہ زندگی گزارنے کے لئے خدا کی طرف سے کیا کیا احکامات ملے؟

چند عجیب واقعات کے نادر معجزوں کا ذکر ہے اور الٰہی معجزات کے وجہ سے وہ بنی اسرائیل کی برگزیدگی اور شرافت کا اظہار کرتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود سیدھے راستے سے بھٹک کر شیطان کا شکار ہو جاتے ہیں اور اسی کے ساتھ وہ احکامات الٰہی سے روگرداں ہو جاتے ہیں۔ اس کتاب میں مشہور احکام عشرہ کا بھی ذکر ہے جو ساری اخلاقیات کا محور ہے۔ ان احکامات کے بارے میں یہودی اور عیسائی یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ یہ خدا نے اپنے ہاتھ سے پتھر کے الواح پر لکھے تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا کئے تھے اور ان احکامات کو قربت الٰہی کا وسیلہ بتایا گیا ہے۔

اس کتاب کو بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی کی تصنیف بتائی گئی ہے کہ طور سینا کے قیام میں سینا کے مقام پر یہ کتاب تحریر کی گئی تھی اور اس کتاب کا عرصہ تحریر 1450 سے 1410 ق م بتایا گیا ہے۔ عبادت کے طور طریقے، نذرانے اور قربانیوں کے طریقے بتائے گئے ہیں۔ عبادت کے لئے جو خیمہ بنایا گیا تھا اس کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔ کاہنوں کے بود و باش کے طریقوں سمیت ان کے خاص لباس، فرائض، مذہبی رسوم اور دلچسپ واقعات مذکور ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کتاب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سیرت، معجزے اور فرعونی مظالم کا مقابلہ فرعون کی غرقابی اور بنی اسرائیل کی خلاصی مذکور ہے۔

3: کتاب احبار (لاوبین), (Leviticus) : احبار ستائیس ابواب پر مشتمل ہے۔ جس میں قربانی کی شرائط، حلال حرام اور مذہبی احکامات بیان کئے گئے ہیں۔ احبار "Leviticus" کی وجہ تسمیہ اس طرح ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹوں میں سے ایک کا نام لاوی تھا اس لاوی کے اولاد کو کاہنوں کے ساتھ ہیکل (مرکزی یہودی عبادت خانہ) میں مختلف قسم کی خدمات پر مامور کیا گیا تھا اور ان خدمات کو اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے۔ اردو میں حبر بمعنی عقل مندی آتا ہے یعنی ان اولاد لاوی کو اس بات کی ترغیب کی جاتی ہے کہ ہوشیاری اور عقل مندی کے ساتھ اپنی خدمات کو بجالائیں۔

Scanned with OKEN Scanner

عربی میں اس کتاب کو اللاویین اور انگریزی میں "Leviticus" کہتے ہیں۔ اس کتاب میں عبادت کے طریقوں سمیت ان کے رسوم اور ادائیگی بتادیا گیا ہے۔ مذہبی رہنما کو ان کے فرائض ادا کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ سابق کتاب خروج کی طرح قربانیوں ،مذہبی تہواروں، عیدیں اور حرام وحلال کا تفصیلاً ذکر کیا گیا ہے۔

قربانی کی تفصیل میں کفارے کا عقیدہ بھی آشکارا کیا ہے۔ اس کتاب کا مقام تصنیف بھی طور سینا بتایا گیا ہے۔ فرعون مصر کی غلامی سے نجات پر شکرانے کی عبادات احسن طریقے سے ادا کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے جن کی تفصیل اور طور طریقے اس کتاب میں ذکر کئے گئے ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کتاب میں عبادات اور قربانیوں کے طور طریقے مذکور ہیں۔

4: کتاب عدد(گنتی),(Number): توریت کی چوتھی کتاب گنتی(Number) ہے جس میں چھتیس ابواب ہیں۔ اس میں بنی اسرائیل کی مختلف شاخوں کی تقسیم اور ہر قبیلے کے افراد کی تعداد بیان کی گئی ہے۔ اس کتاب کی مصنف بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ہی بتایا گیا ہے اور مقام تصنیف وادی سینا ہے۔ اس کتاب میں بنی اسرائیل کی ابتدائی چالیس سالوں کی تاریخ کا ذکر ہے۔ اس کتاب کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ عبرانی زبان میں اس کتاب کو بمدبر کہتے ہیں جس کا معنی بیابان ہے۔

چونکہ اس میں بنی اسرائیل کی مختلف شاخوں کی تقسیم اور ہر قبیلے کے افراد کی تعداد بیان کی گئی ہے لہذا انگریزی میں اسی "Number" کہتے ہیں۔ غلامی سے نجات کے طور پر مصر سے نکلتے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے قوم کی تعداد شمار کی تو اس وقت ان کی تعداد بیس لاکھ تھی جبکہ سینا میں یہ تعداد کم تھی۔ لہذا ملک کنعان میں داخلے کے وقت دوبارہ گنتی کی گئی تاکہ معلوم کرلیں کہ کتنے فوجی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قیادت میں مصر سے نکلنے اور کنعان تک پہنچنے کا نو دن والا سفر قوم نے اڑتالیس سال میں طے کیا۔ قوم موسیٰ دریائے اردن پار کرکے کنعان داخل ہوئی ہے۔ لیکن عجب بات یہ ہے کہ خود حضرت موسیٰ داخل نہ ہوسکے بلکہ حضرت یشوع کی قیادت میں کنعان داخل ہوئی۔ اس کی مکمل تفصیل کہ ایسا کیوں ہوا کا جواب یہاں ذکر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کتاب میں بنی اسرائیل کا مصر سے نکلنے کے بعد صحرا سینا اور پھر وہاں سے اردن اور اس کے اطراف کو فتح کرنے کے حالات مذکور ہیں اسی طرح اس میں چند مسائل بھی درج ہیں۔

5: کتاب استثناء(تثنیہ شرع),(Deuteronomy): یہ توریت کی آخری اور پانچویں کتاب ہے۔ جو چونتیس ابواب پر مشتمل کتاب ہے اس کتاب میں تاریخی حالات اور جملہ مذہبی قوانین تفصیل سے مذکور ہیں۔ محققین و علماء اس کتاب سے زیادہ استفادہ کرتے ہیں۔ غالباً یہ موآب کے میدان میں، دخول کنعان کے انتظار والے عرصے میں لکھی گئی ہے اور اس کے مصنف بھی

Scanned with OKEN Scanner

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بتایا گیا ہے۔اس کتاب میں موسیٰ علیہ السلام کے آخری خطبات ذکر ہیں۔اسی طرح آپ کی زندگی کی آخری ایام کے واقعات، عرصہ حیات اور حالات موت بیان کے گئے ہیں۔

حضرت یشوعؑ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا۔اس کتاب کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس میں حضرت موسی علیہ السلام کی شریعت کو اختصار کے ساتھ دوبارہ تحریر کی گئی ہے۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ موت کا ذکر ہونے کے باوجود اس کے مصنف کو حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی بتایا جارہا ہے لیکن اس معمے کے حل میں آج کل اس کتاب کے مصنف کو جانشین یعنی یشوع کو بتایا جاتا ہے۔اس کتاب کا خلاصہ یہ ہے کہ جو لوگ خدا کے احکامات کی اتباع کرتے ہیں خوشحالی اور کامیابی ان کا مقدر ہو گی اور خلاف کرنے پر سزا بصورت موت، بیماری یا افلاس کا مستحق ہو گا۔

بائبل مقدس کے پہلے پانچ کتب کو توریت کہتے ہے اور اس کے لئے ایک اور لفظ موسوی شریعت کا بھی استعمال ہوتا ہے۔ان پانچ کتابوں میں اکثر احکامات یعنی اوامر و نواہی ذکر ہیں جس کے بنا پر عیسائی اور یہودی دونوں ان پانچ کتب کو شریعت کا درجہ دیتی ہے عیسائی پوری بائبل کو قابل عمل تصور کرتے ہے۔ ان کے ہاں اپنی کوئی شریعت نہیں بلکہ شریعت موسوی پر زیادہ تر عمل پیرا ہوتے رہتے ہیں

اس لحاظ سے وہ شریعت موسوی کو بائبل میں زیادہ قابل عمل تصور کرتے ہے اور اس کے لئے وہ انجیل متی کا ایک فقرہ بطور استدلال پیش کرتے ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب ہے کہ میں ماقبل شریعتوں کی تنسیخ کے لئے نہیں بلکہ ان کی تکمیل کے لئے آیا ہوں۔ "یہ نہ سمجھو کہ میں توریت یا نبیوں کو رد کرنے آیا ہوں۔ میں ان کو رد کرنے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔"[28]

یہاں تک جو پانچ کتابیں ذکر کی گئی ہے ان کو اسفار خمسہ، انگریزی میں "Pentateuch" یا کتب موسوی "Mosaic Books" کہتے ہیں۔ یہ کتب یہودی مذہب کی مذہبی اور قابل عمل ہونے کے ساتھ ساتھ مستند بھی ہے۔ ان کو انہوں نے وحی الہی تصور کیا ہے اور اس کی نسبت حضرت موسیٰ علیہ السلام سے منسوب کرتے ہیں۔

عیسائی مذہب میں بھی ان کو شریعت کے طور استعمال کیا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کتب میں اوامر و نواہی مذکور ہیں۔ اہل یہود توریت کے علاوہ بائبل کی اور کتب کو استنادی حیثیت نہیں دیتے۔ یہودیوں کے ہاں توریت کے تراجم، شروحات اور اس کے علاوہ کتب موجود ہیں جن کو وحی غیر الہی کا درجہ دیا جاتا ہے جو تالمود ہے کے دو اقسام مشنا اور گمارا ہے۔

---

[28]انجیل متی، 5:17۔

سلسلہ نمبر2: اس سلسلے کا نام "نوی ایم یعنی انبیاء" یا انبیاء کی کتب ہے۔(The Prophets Books): اس میں کل بائیس کتابیں شامل ہیں جو کتاب یوشع سے شروع ہو جاتا ہے۔ انبیا کی کتب دو طرح کی ہیں یعنی انبیائے اصاغر واکابر یا انبیائے متقدمین ومتاخرین

سلسلہ نمبر3: اسکا نام "کیتویم یعنی کتابیں یا درج شدہ چیزیں" ہیں اور اس میں بشمول زبور کل بارہ کتابیں ہیں۔

1-2-1: تدوین و تالیف کتب مقدسہ

کتب مقدسہ بار بار ضائع ہونے کیوجہ سے اپنی حثیت کھو چکی ہیں۔ اس کی اصل الفاظ محفوظ نہ رہ سکے اور اس کا مفہوم ہی باقی رہ گیا ہے جو خود یہود کو بھی مسلم ہے۔ جب بخت نصر نے سنہ 597 ق م میں یروشلم پر حملہ کیا تو تمام کتابوں کو ضائع کر کے یہود کے اس مذہبی ورثے کو تباہ کر دیا۔ بعد ازاں یہودی راہبوں نے دوبارہ اپنے اذہان سے مرتب کر لیا۔ جمع تورات کے اس مہتم بالشان کام کو ابھی کچھ ہی عرصہ گزرا تھا کہ ایک یونانی بادشاہ "انٹرینس" نے دوبارہ یروشلم پر حملہ کر دیا اور اس مجموعہ کو جلا دیا۔ یہودیوں نے دوبارہ ان کتابوں کو مدون کیا لیکن کچھ عرصہ بعد روسی حملہ نے یہودیوں کو ایک بار پھر اس مذہبی ورثے سے محروم کر دیا۔ اور انہیں پھر از سر نو مرتب کرنا پڑا۔[29]

اصلاً یہ مقدس کتابیں عبرانی زبان میں نازل ہوئی تھیں لیکن بعد میں مختلف حملوں کی وجہ سے ان کی زبانیں تبدیل ہوتی رہیں۔ مختلف اوقات میں آرامی زبان، یونانی اور آج کل ایک بار پھر عبرانی کی طرف منتقل ہو گئی ہیں۔[30]

کتب مقدسہ کی علاوہ یہودیوں کا ایک اور مقدس صحیفہ "تالمود" بھی ہے۔ جس میں اقوال کو راویوں کی سند کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ یہودیوں، کا ایمان ہے کہ کوہ طور پر یہواہ نے حضرت موسیٰؑ کو دو قسم کے قوانین سے نوازا تھا ایک وہ جو پتھر کی تختیوں پر لکھ کر عطا ہوئی اسے تورات یعنی وحی مکتوب کہتے ہیں۔ دوسری وحی وہ جو حضرت موسیٰؑ کے کان میں ڈالی گئی تھی اسے وحی لسانی کا نام دیا گیا۔

یہ قوانین مکتوب (تورات) کی خصوصی وضاحت کے لئے تھے اس لئے یہواہ نے ان پر عمل پیرا ہونے کے لئے تحریری احکامات نازل نہیں کئے۔ یہ کام ربیوں کا تھا کہ تورات کے احکامات کی وضاحت کریں۔ حضرت موسیٰؑ نے ان قوانین کا درس حضرت ہارونؑ کو دیا۔ انہوں نے یوشعؑ کو یوشعؑ نے سرداران بنی اسرائیل کو پڑھایا اور ان کے اولاد کی وساطت سے یہ قوانین عزراؑ تک، عزراؑ نے شمعونؑ نے، شمعونؑ سے کاتبان وحی گروہ نے اور پھر ان سے علماء، احبار و ربیّین نے سیکھا۔

---

[29]: **محمد ظاہر ابو یحیٰ، تقابل ادیان**، (قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2004م) ج 1 ص 160۔

[30]: **محمد یوسف خان پروفیسر، تقابل ادیان**، (بیت العلوم انار کلی لاہور 2006ء) ج اول ص 182-185۔

Scanned with OKEN Scanner

یہ قوانین پندرہ سو برس تک حیطہ تحریر میں نہیں آئے۔ لیکن اس کے بعد اس کو مرتب کر کے "مشنا" کا نام دیا گیا۔ مشنا کی ترتیب کے تھوڑے عرصہ بعد یہودی ربیوں کو معلوم ہو گیا کہ قوانین شریعت کے سلسلے میں ان کی وضاحت ناکافی ہے۔ مزید یہ کہ مشنا" میں انتالیس پیشوں کا احاطہ کیا گیا تھا۔ لیکن جوں جوں نئے نئے پیشے اختیار کئے جانے لگے۔ ان کے لئے نئی شرائط و قوانین کا نفاذ ضروری تھا چنانچہ ربیوں نے ہر پیشے اور ان کی ہر صنف اور ہر شعبے کا جائزہ لیا اور مشنا کے قوانین کو ان پر پھیلانے میں عجیب و غریب توضیحات کا اضافہ کیا۔

ان نئی توضیحات کو "جیمارا یا گیمارا کہا جاتا ہے۔ اور دونوں کے مجموعے کو " تالمود " کہتے ہیں۔ تالمود یہود کی علمی، ادبی اور دینی ذخیرے کا نام ہے اس کے بھی دو نسخے مشہور ہیں۔ وہ "مشنا" جس پر فلسطینی علماء اور حاخامون نے شروح لکھی ہیں اسے تالمود یروشلم اور جس مشنا پر بابل کے حاخاموں نے شروح لکھے ہیں اسے تالمود بابل کہا جاتا ہے۔

مضمون کے لحاظ سے تالمود کی دو قسمیں ہیں:

1: ہلاخا یا ہلاکا (خاص احکام و شرائع): اس میں چھ سو تیرہ آوامر و نواہی اور ان کے جزئی تفصیلات، حرام و حلال کی پہچان، صغائر و کبائر کی باریکیاں بیان کی گئی ہیں گویا اسے تورات کے مقابلے میں زیادہ مفصل اور مستقل شریعت کی حشیت حاصل ہو گئی۔

2: ہجادہ (اگادہ): اس میں تاریخی روایات، آثار و قصص، کرامات اور معجزات کا بیان ہے۔ اس میں کہیں اسرار ملکوت اور الہیات کے رموز درج ہیں۔ جبکہ کہیں خدا اور اس کے برگزیدہ انبیاء کے متعلق بیہودہ اور لغو اقوال و افعال منسوب ہیں۔

زمین و آسمان کے عجائبات، جنات اور ارواح خبیثہ کے کرشمے، جادو اور طلسمات کے کمالات اور تعویذ گنڈو کی بدولت یہودی مذہب ایک مجموعہ اوہام بن گیا ہے۔ حاخام نے اپنے نفسانی مقاصد کے حصول کے لئے اپنے مطلب کے موافق تورات کے احکام کو توڑنے مروڑنے لگے۔ اور احبار ور ہبان کے اقوال کو خدا کا کلام سمجھ کر اس کی ویسی ہی عظمت جاننے لگے۔ [31]

---

[31]: محمد ظاہر ابو یحیٰ، تقابل ادیان، (قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2004م) ج1 ص170-171

Scanned with OKEN Scanner

3۔1: فصل سوئم: یہودیت کی مختلف مذہبی رسومات و تہواریں

یہودیوں کے ہاں مختلف رسم و رواج اور تہواریں پائی جاتی ہیں جو ان کے مذہبی کتاب تالمود کی حصہ "ہلاخا" میں بڑی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے اور یہود ان رسومات و تہواروں کو بڑے اہتمام کے ساتھ مناتے ہیں۔ جن کی مختصر تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

1: قربانی: قدیم ایام ہی سے یہود روزانہ صبح و شام سوختی قربانی دیا کرتے تھے۔ یہود یہ اپنے لئے سعادت سمجھتے تھے۔ اس قربانی کے لئے وہ چوپاؤں میں سے بھیڑ اور بکری کی قربانی جبکہ پرندوں میں سے فاختہ اور کبوتر کی قربانی کو ترجیح دیتے تھے۔ قربانی کے لئے منتخب کردہ جانور یا پرندہ صحیح سالم آگ میں ڈال دیا جاتا تھا جو یہودیوں کے عبادت خانوں میں ہر وقت جلتی رہتی ہے۔ اگر کسی شخص سے کوئی گناہ سرزد ہو جاتا تو اس کی تلافی بھی اسی قربانی کے ذریعہ کی جاتی تھی۔ اس طرح فصل کی کٹائی اور اس کی تکمیل کے موقع پر بھی قربانی پیش کی جاتی تھی۔

جب نیا چاند نمودار ہو جاتا تو پورے خاندان کی طرف سے قربانی پیش کی جاتی۔ قربانی کے دوران باجے بجائے جاتے اور بگل پھونکا جاتا۔ یہودیوں کے ہاں سات کا عدد انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ چنانچہ ہفتے کا ساتویں دن، ساتواں مہینے کا دسواں دن اور ہر ساتویں سال قربانی کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ یہودیوں کے ہاں ہر انچاسواں سال بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور اس دن وہ باقاعدہ جوبلی مناتے ہیں جیسے وہ اپنے لئے کفارہ سمجھتے ہیں۔ اور دن کا آغاز بگل بجا کر کر لیا جاتا۔ اسی دن غلاموں کی غلامی کا خاتمہ ہو جاتا۔

2: یوم کفارہ: یوم کفارہ یہودیوں کا سب سے اہم تہوار ہے۔ یہود سال نو کے آغاز پر دس روزہ تہوار مناتے ہیں۔ جس کے اختتام پر وہ اپنے گناہوں کی معافی کے لئے خصوصی دعاؤں، صدقات و خیرات کا اہتمام کرتے ہیں۔ اسی دن کھانے پینے کی اشیاء پر توجہ کی بجائے روایتی اعمال کی طرف زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔[32]

3: یوم السبت (شابات): یہود کا یہ ایک ہفتہ وار تہوار ہے جو ہفتہ کے دن ایک جشن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس تہوار میں ہر یہودی کی شرکت ضروری ہوتی ہے اسلئے ہفتے کے دن یہودی اپنا کاروبار مکمل طور پر بند رکھتے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دی جاتی ہے۔ ایک یہودی خاندان کے چوبیس گھنٹے شابات کی تیاری میں گزر جاتے ہیں کیونکہ وہ ان چوبیس گھنٹوں میں صرف عبادت کرتے ہیں۔

---

[32]: **محمد یوسف خان پروفیسر، تقابل ادیان**، (بیت العلوم انارکلی لاہور 2006ء) ج اول ص190۔

Scanned with OKEN Scanner

4: عید فصیح: یہود یہ تہوار فرعون مصر سے گلو خلاصی کی یاد میں مناتے ہیں۔ اس میں کھانے کی ایسی چیزیں تیار کی جاتی ہیں جن سے سفر کی یاد ذہن میں تازہ ہو جائے کیونکہ بنی اسرائیل کی مصر سے روانگی نہایت عجلت کی حالت میں ہوئی تھی اور کھانے پینے کی چیزیں بھی چھوڑ گئے تھے۔ اس لئے اسی دن قربانی کے جانوروں کو سالم بھون لیا جاتا ہے۔ ان کی ہڈیوں کو کاٹا نہیں جاتا اور یہ تہوار آٹھ دن مسلسل منایا جاتا ہے۔ اسی دن سُرخ شراب میں کچھ پانی ملا کر حاضرین کو پلایا جاتا ہے۔[33]

5: یوم الخمیس: یہ تہوار عید فصیح کے پچاس دن گزرنے کے بعد منایا جاتا ہے۔ اور اس میں ادا کی جانے والی رسم کی نوعیت دوسری رسوم سے مختلف اور جداگانہ ہوتی ہے۔ اس تہوار کے موقع پر یہودی راہب گندم کی دو خمیری روٹیاں پکواتے ہیں اور پھر سات، بھیڑیں، یا ایک، بیل، یا دو دونبے ذبح کی جاتے ہیں۔ جس سے فقراء کی دعوت کی جاتی ہے۔

6: یوم ختنہ: جب یہودیوں کے ہاں بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ تو پیدائش کے آٹھویں دن بعد ختنے کا اہتمام کرایا جاتا ہے اور یہ دن بچے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے عہد کا دن قرار دیا جاتا ہے۔ قدامت پسند یہود بچوں اور بچیوں دونوں کے ختنے کراتے ہیں۔ جبکہ معاصر یہودی صرف بچوں کے ختنے کراتے ہیں۔

7: یوم چونوکاہ: یہ وہ تہوار ہے جو یہودی اپنی اس فتح کی یاد میں مناتے ہیں۔ جس میں ان کے ایک کمانڈر "یہودا مکابیں" نے شامی افوج پر فتح حاصل کی تھی۔

8: یوم پوریم: یہود یہ تہوارہ ہر سال گیارہ فروری کو "ہامان" کے ہاتھوں سے بچ جانے کی خوشی میں مناتے ہیں۔

9: یوم ہاتزموت: یہ تہوار قدیم یہودیت میں نہیں تھا یہ یہودی تہواروں میں نیا شامل کیا گیا ہے۔ جو فلسطین میں قائم موجودہ اسرائیل کی یاد کے طور پر منایا جاتا ہے۔

10: رسم عقیقہ: اسلام کی طرح یہودیت میں بھی رسم عقیقہ موجود ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اسلام میں بچے کی پیدائش کے ساتویں دن اس کے بال منڈھوا کر لڑکے پر دو اور لڑکی پر ایک بکرے یا دُنبے کو ذبح کیا جاتا ہے جبکہ یہودیت میں پیدائش کے آٹھویں دن لڑکے پر ایک اور لڑکی پر کچھ بھی ذبح نہیں کیا جاتا اور عقیقہ کے مذبوح جانور کا خون نومولود کے سر پر لگایا جاتا ہے۔

---

[33]: اسرار الرحمان بخاری، **اسلام اور مذاہب عالم** (نیو بک پیلس اردو بازار لوہور: سن 1983م)، ج اول ص 127-126۔

یہودیوں کا طریقہ عبادت: قربانی اور نذر کے علاوہ یہود باقاعدہ عبادت بھی کرتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک الہامی دین ہے اسلئے عبادت کے مروج طریقوں میں اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ لیکن حضرت موسیٰؑ کے بعد کچھ عرصہ کے لئے یہودی اللہ تعالیٰ کی بجائے "یہوداہ" کو مخاطب کر کے دعائیں مانگتے تھے۔ لیکن وقت کے ساتھ ساتھ ان میں بعض اپنی سابقہ روش کی طرف لوٹ آئے۔

یہود منظوم شکل میں اپنی دعائیں مانگتے ہیں۔ ان دعاؤں میں خداوند کی تعریف اور اپنے گناہوں کی معافی مانگی جاتی ہے۔ ابتدا میں یہودیوں کی تمام عبادات اجتماعی طور سے ادا کی جاتی تھیں۔ لیکن بعد میں جب یہود دنیا کی مختلف ممالک میں آباد ہو گئے تو وہ تن آسانی کی خاطر انفرادی عبادت بھی شروع کرنے لگے۔

جو لوگ یروشلم سے باہر ہوئے وہ اپنے گھروں کی کھڑکیوں کے رخ یروشلم کی طرف کر کے کھول کر دعا کرتے ہیں۔ یہودیوں کی اجتماعی عبادت کا طریقہ یہ ہے کہ مجالس کے شکل میں یروشلم کی طرف منہ کر کے ایک عمارت میں بیٹھ جاتے ہیں۔ اس عمارت کے ایک گوشہ میں ایک تابوت رکھا جاتا ہے اور اس تابوت کے برابر ایک چراغ جلتا ہے جبکہ عمارت کے بیچ ایک چبوترہ ہوتا ہے اس پر ممبر زبیٹھ جاتے ہیں اور اس کے دونوں اطراف حاضرین بیٹھ جاتے ہیں اور مجلس کا امام قانون موسویؑ پڑھ کر سناتا ہے۔

یہ باقاعدہ ایک کیلنڈر کی شکل میں پڑھایا جاتا ہے تاکہ سال میں ایک مرتبہ عہد نامہ قدیم کا ورد مکمل ہو جائے۔ یہودیت میں اسی عبادت گاہ کو سائنا گاگ کہتے ہیں۔ سائنا گاگ ہیکل سلیمانی کی نابودی کے بعد معرض وجود میں آیا۔ اور یہودیت کا مرکز ٹھہرا۔ جو کہ بیک وقت معبد، مرکز دعاہائے خصوصی اور جائے قربانی قرار پایا۔ یہودیت میں عبادت اور نماز کے لئے ہفتے کا دن مخصوص ہے جو سبت کہلاتا ہے۔[34]

یہودیت میں روزانہ تین عبادات مقرر ہیں جو صبح، دوپہر اور شام کے اوقات میں ادا کی جاتی ہیں۔ ان میں اول الذکر دونوں فرض جبکہ آخر الذکر واجب ہیں۔ ان کے نزدیک اجتماعی عبادت افضل ہیں۔ یہودیت میں صبح یا فجر کی عبادت کو "شاخاریت" کہتے ہیں یہ بہت لمبی اور دن کی اہم عبادت شمار کی جاتی ہے۔ یہ چھ حصوں پر مشتمل ہیں۔

---

[34]: http://www.jewish rituals and practices.com, last visited 22 June 2019.

Scanned with OKEN Scanner

پہلے حصے میں یہودی علماء بائیبل کی تفسیر پڑھتے ہیں۔ جبکہ دوسرے حصے میں تورات اور زبور کے اجزا پڑھے جاتے ہیں۔ تیسرے میں شماع (منظوم انداز میں دعا) پڑھی جاتی ہے۔ شماع میں پوری بنی اسرئیل کے لئے دعا کی جاتی ہے لہذا یہ اس عبادت کا سب سے اہم تصور ہوتا ہے۔ اس میں بنی اسرائیل کو پکارا جاتا ہے کہ وہ توحید کی شہادت دے۔ اس کے بعد زبور سے مسیحا کی آمد کی دعا کی جا تی ہے۔ آخر میں بنی اسرائیل کے فرائض اور توحید کی شہادت دُہرائی جاتی ہے[35]۔

یہودیوں کی دوپہر کی عبادت کو "منخا" کہا جاتا ہے، اس میں مسیحا کی آمد کی دعا کی جاتی ہے اور تہواروں کے مواقع میں توریت سے بھی موقعہ کے مناسبت سے کوئی جز پڑھا جاتا ہے۔[36]

یہودیوں کے شام کی عبادت کو معاریب کہا جاتا ہے جس میں تیسری بار مسیحا کی آمد کے لئے منظوم انداز میں زبور سے دعا پڑھی جا تی ہے۔[37]

---

[35]:http: www. Office campus.lib. "Washington" Edu/eb/Article 9067073 " minhah" encyclopedia Britannica

[36]: ibid

[37]: Encyclopedia of Britannica (United kingdom: Andrew Bell publishers 2018) v. 3 p.312

1.4: فصل چہارم: یہودیت میں عورت کا مقام

قدیم یہودیت میں عورت جائیداد منقولہ سمجھی جاتی تھی۔ جسے عبرانی میں "بصولہ "یعنی منقولہ جائیداد کہا جاتا ہے۔اور خاوند کو مالک و آقا کا نام دیا گیا ہے۔ قدامت پسند یہودیوں نے ہمیشہ عورتوں کو مردوں کا محکوم بنایا تھا۔ کتاب استثناء میں لکھا ہے کہ "اگر کوئی آدمی کسی باکرہ لڑکی کو پائے جو بیاہی ہوئی نہیں اور وہ جبراً اس سے ہم بستری کرے اور دونوں پکڑے جاویں تو ہم بستری کرنے والا مرد اس لڑکی کے باپ کو پچاس مثقال چاندی دے، کر رسوا ہونے کے بدلے اس لڑکی سے شادی کریگا اور وہ زندگی بھر طلاق نہ دے سکے گا"[38]

موسوی شریعت میں عورتوں کو نکاح کے وقت حق مہر دیا جاتا ہے جبکہ ایک سے زیادہ بیویاں کرنا بھی جائز اور معمول بہ ہیں عورت کو طلاق دینے کی بھی گنجائش موجود ہے۔ بائیبل کی کتاب استثناء کے مطابق "اگر کوئی مرد کسی عورت کو بیاہ کرے اور وہ اس کا شوہر بن جائے اور بعد ازاں کسی عیب کے باعث اس سے نفرت کرے اور مرد کی نظر میں عزیز نہ رہے یا اس سے کوئی ناپاک بات ظاہر ہو جو اسے پسند نہ ہو تو وہ اس کو تحریری طلاق دے کر اپنے گھر سے نکال دے۔"[39]۔

اگرچہ یہودیت عام حالات میں طلاق کو معیوب سمجھتی ہے اور اس کو ایک سانحہ کے طور پر لیا جاتا ہے۔ تالمود کے مطابق جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے تو معابد کی محرابیں تک گریہ کرتی ہے اور طلاق کو زندہ کھال کھینچ لینے کے مساوی قرار دیا گیا ہے۔"[40]

لیکن یہودی قوانین میں یہ وسعت موجود ہے کہ اختلاف بھر زندگی سے چھٹکارا پانے کے لئے طلاق کو استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔[41]

---

[38]: تثنیہ شرع 22:29-28

[39] استثناء 24:2-1

[40]: Rich Tracey R." Divorce in Judaism" 101, web accessed 20th p.170 March 2019.

[41] Robinson George, "Essentials of Judaism. a complete Guide to beliefs Custom & Rituals" Atria Books 2001 P.170

Scanned with OKEN Scanner

صرف اس عورت کو زندگی بھر طلاق نہیں دی جا سکتی جس سے جبراً جماع ہوا ہو اور پھر نکاح میں آجائے۔ قدامت پسند یہودیت میں عورت تمام گناہوں کی جڑ سمجھی جاتی ہے۔ ان کے خیال میں گناہ کی شروعات عورت نے کی ہے اور تکلیف و نقصان ہم سب کو اُٹھانا پڑتا ہے۔ عورت برائی کا وہ دروازہ تصور کی جاتی ہے جس کو شیطان نے کھولا ہے کیونکہ اس نے سب سے پہلے اس ممنوعہ درخت کا پھل کھایا ہے اور سب سے پہلے خدا کے حکم کو توڑ ڈالا ہے۔ عورت نے مرد کو برباد کیا۔ جیسا کہ پیدائش (تکوین) میں ہے۔ "آدم نے کہا کہ جس عورت کو تو نے میرے ساتھ کیا ہے اس نے مجھے اس درخت کا پھل دیا اور میں نے کھایا"[42]۔

قدیم یہودیوں نے اسی آیات کو بنیاد بنا کر عورت پر مظالم کے انتہاء کر کے اپنے پاؤں تلے روند ڈالا۔ یہ لوگ عورت کو لعنتی سمجھتے ہوئے مرد سے ہر لحاظ میں کم تر بنایا۔ ویسی تو یہودیت میں طلاق دینا جائز ہے لیکن عملاً قدامت پسند یہود آج کل کے اس ترقیافتہ زمانے میں بھی عورتوں کو زنجیروں میں جکڑے ہوئے رکھتے ہیں نہ شادی کا معاہدہ توڑتے ہوئے عورتوں کو طلاق دیتے ہیں اور نہ بیوی بنا لیتے ہیں بلکہ اسی طرح معلقہ رکھتے ہیں۔

موجودہ دور میں بی بی سی کی ایک تازہ ترین سروے کے مطابق یہودی معاشرے میں ہزاروں ایسی خواتین موجود ہیں جن کی شادیاں کامیاب نہیں ہیں، لیکن طلاق نہ ملنے کی وجہ سے مجبوراً سالہا سال تنہا زندگیاں گزارتی ہیں۔ نتیجتاً پھر وہ نہ بیوہ ہوتی ہیں اور نہ طلاق یافتہ۔ یہودی معاشرہ میں ایسی خواتین کو "آگونا" یا زنجیروں میں جکڑی خاتون کہا جاتا ہے۔ ایسی خواتین چاہتے ہوئے بھی خاوند کی رضامندی کے بغیر شادی ختم نہیں کر سکتیں۔ یہودی مذہب میں خاوند کی طرف سے تحریری دستخط شدہ دستاویز کی بغیر قانونی طور پر شادی ختم نہیں ہو سکتی۔[43]

مزید یہ کہ طلاق کے بعد وہ عورت قانونی طور پر اس مرد کے نکاح میں کسی بھی صورت نہیں آسکتی۔ استثناء میں ہے۔ "اگر وہ اس مرد کے نکاح سے نکل کر دوسری جگہ شادی کر کے اگر وہ دوسرا آدمی بھی اس سے نفرت کرے اور طلاق دیتے ہوئے گھر سے نکالے یا وہ دوسرا مرد جس نے اسے اپنی بیوی بنالے ہو اور مر جائے۔ اس صورت میں پہلا شوہر اس کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا ، نہ یہ اس کے لئے جائز ہے، کہ وہ اس عورت کو اس کے ناپاک ہونے کے بعد پھر اپنی بیوی بنا رکھے کیونکہ یہ خداوند کے حضور مکروہ فعل ہے۔ پس تو اس ملک میں جو خداوند تیرا خدا میراث کے طور پر تجھے دیتا ہے ہرگز گناہ نہ ہونے دے"۔[44]

---

[42]: پیدائش 12:3

[43]: http://www.google.woment status in Judaism.com. Last visited Sunday, 30th June 2019.

[44]: پیدائش 3-4:24

یہودیت میں عورت کو میراث نہیں دی جاتی۔اس کی اپنی کمائی کا مالک بھی شادی سے پہلے باپ اور شادی کے بعد شوہر ہوتا ہے۔قدیم یہودیت کے ازدواجی نظام پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہاں عورت کا مقام نہایت پست ہے اور اس کی وجہ یہ نظریہ ہے کہ حوا نے آدم کو ممنوعہ پھل کھانے پر اکسایا جس کے وجہ سے وہ جنت سے نکالے گئے۔اور اسی بنا پر عورت کو مرد کی غلامی، حیض جیسی ناپاکی، سر ڈھانپنا بطور محکومی اور حمل کی بوجھ اور وضع حمل کے درد، سزا کے طور پر ملی۔

بائبل میں ہے "پھر اس نے عورت سے کہا، میں تیرے درد حمل کو بہت بڑھاؤنگا۔تو درد کے ساتھ اولاد جنے گی اور تیری رغبت اپنے شوہر کی طرف ہوگی۔تو اپنے شوہر کے اختیا میں رہے گی اور وہ تجھ پر حکومت کریگا۔[45]

تالمود کے مطابق اگر عورت شوہر کی خدمت نہیں کر لیتی یا بچے پیدا نہیں کر سکتی تو بلا جھجک اس کا شوہر دوسری شادی کر سکتا ہے اور اس میں اپنی بیوی کو اطلاع دینے کی ضرورت نہیں۔بائبل کی کتاب یرمیاہ میں ہے. " آپ گھر بناؤ اور بسوں اور باغ لگاؤ اور ان کے پھل کھاؤں۔بیویاں کرو کہ تمھاری بیٹے بیٹیاں پیدا ہوں اور اپنے اولاد نرینہ کے لئے بیویاں کرلو اور اپنی بیٹیوں کا نکاح کرادو تاکہ ان سے بیٹے اور بیٹیاں پیدا ہوں اور تم وہاں پر بڑھ جاؤ اور نہ گھٹو[46]

قانون نکاح کی طرح طلاق کے معاملے میں بھی یہودیت عورت پر ظلم وستم ڈھاتا ہے۔یہودی مرد معمولی سے غلطی پر اپنی بیویوں کو طلاق دے سکتے ہیں۔عہد نامہ عتیق میں بذات خود عورت کی حیثیت تذبذب کا شکار ہے اور یہی موجودہ بائیبل کے آسمانی نہ ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے کہ ہر کہیں اس میں تضاد پایا جاتا ہے۔

ایک طرف عورت کو ہر قسم کے حقوق سے محروم کر کے جائیداد منقولہ اور متروکہ منقسمہ سمجھتا ہے اور یہی قدیم یہودیت کا منشاء بھی ہے جبکہ اسفار خمسہ کے علاوہ بائیبل میں اس کو اہمیت بھی دی گئی ہے۔اور یہی جدید یا آزاد خیال اصلاحی یہودیت کا منشاء ہے۔ ان کے مطابق عورت ہر معاملے میں جج و گواہ بن سکتی ہیں۔معاصر یہود بھی استدلال بائیبل سے کرتے ہیں۔[47]

معاصر کے نزدیک عورت کو مرد کے برابر مقام حاصل ہے بشرطیکہ وہ خدا کی بات جانفشانی سے مانے۔ان کا استدلال تثنیہ شرع سے ہے "اور اگر تو خداوند اپنے خدا کی بات کو جانفشانی سے مان کر اس کے ان سب حکموں پر جو آج کے دن میں تجھ کو دیتا ہوں

---

[45] پیدائش 16:3

[46]: یرمیاہ (ارمیاہ) 29:6-5

[47]: طالمود فلسطین 1:4

احتیاط سے عمل کرے تو خداوند تیرے خدا کی سب قوموں سے زیادہ تجھ کو سرفراز کریگا اور اگر تو خداوند اپنے خدا کی بات سنے تو یہ سب برکتیں تجھ پر نازل ہونگی اور تیرا حصہ ہو گی۔"[48]۔

معاصر یہودی درجہ بالا فقرہ تثنیہ شرع سے استدلال کرتے ہیں کہ خداوند کے نزدیک بہتری کا سبب ان کے احکامات ماننا ہے نہ کہ جنس۔ جنسی لحاظ سے سارے لوگ ایک جیسے پیدا ہوئے ہیں۔ان کا خیال اور استدلال ہے کہ ابتدا ہی سے عورت کو انفرادی آزادی حاصل تھی وہ اپنا کاروبار بھی کر سکتی تھی اور خانگی امور اور خرید و فروخت میں اپنے شوہر کو مشورہ ور ہنمائی بھی کر سکتی تھی۔

جیسا کہ کتاب "امثال" میں ہے۔" اس کے شوہر کے دل کو اس پر اعتماد ہے اور وہ اسے منافع کی کمی نہ ہو گی اور وہ اپنی عمر کے تمام ایام میں اس سے نیکی ہی کریگی۔ بدی نہ کریگی"۔وہ رات ہی کو اٹھ بیٹھتی ہے اور اپنے گھرانے کو کھلاتی ہے"۔ آگے ارشاد ہے"وہ (عورت) کسی کھیت کی بابت سوچتی ہے اور اسے خرید لیتی ہے" اور " وہ اپنے ہاتھوں کے نفع سے تاکستان لگاتی ہے وہ مضبوطی سے اپنی کمر باندھتی ہے اور اپنے بازوں کو مضبوط کرتی ہے اور اپنی سوداگری کو سودمند بناتی ہے" "وہ اپنے گھرانے پر بخوبی نگاہ رکھتی ہے اور وہ کاہلی کی روٹی نہیں کھاتی"۔ [49]

اصلاح پسند یہودی ان ایاتوں سے استدلال کرتے ہیں کی کہ اسرئیلی عورتوں کا اپنا ایک مقام اور شناخت تھی اور ان کے اپنے حقوق تھے۔ وہ محض شوہروں کی جاگیر نہیں تھیں۔ریفارمڈ یا اصلاح پسند یہودیوں کے نزدیک عورت کاروباری معاملات میں آزادی کی ساتھ ساتھ عبادات میں بھی آزاد تھیں اور اب بھی ہیں۔

وہ اپنی مرضی کے مطابق دعا اور عبادت کر سکتیں ہیں۔مثال کے طور پر حنّہ یا حنا ایک عورت تھی جس نے خدا سے اپنی ایک مشکل یعنی اولاد کے لیئے دعا کی اور اس سے ایک وعدہ بھی کیا جس کے بارے میں ان کے شوہر کو پتہ نہیں تھا۔سموئیل اول میں ہے۔

"اور وہ جب سیلا میں کھا پی چکے تو حنّا اٹھی،اس وقت خداوند، عیلی کاہن، کرسی پر ہیکل کی چوکھٹ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور نہایت دلگیر تھی سو وہ خداوند سے دعا کرنے اور زار زار رونے لگی–اور اس نے منت مانی اور کہا اے رب الافواج اگر تو اپنی لونڈی کی مصیبت

---

[48]:استثناء28:2-1

[49]:امثال:31:11-12،14-18اور27۔

پر نظر کرے اور مجھے یاد فرمائے اور اپنی تابع دار کنیزہ کو مت بھولئیے اور اپنی لونڈی کو اولاد نرینہ عطا فرمائے تو میں وہ پوری زندگی کے لیئے خداوند کو نذر کرونگی اور استرہ کبھی اس کے سر پر نہ پھرے گا"[50]۔

اسی طرح ایک اور عورت نے جو شونیم کے علاقے میں رہتی تھی سبت کے دن الیشعؑ نبی کے پاس جاتی تھی تاکہ وہ مختلف معاملات کے بارے میں ان سے مشورے لے سکے۔ جیسا کہ 2-سلاطین میں ہے۔

"اور اس نے اپنے شوہر سے پکار کر کہا کہ نوکروں میں سے ایک کو اور اس کے ساتھ گدھی کو میرے پاس بھیج دے تاکہ میں مرد خدا کے پاس دوڑ جاؤں اور پھر لوٹ آؤں۔ اس نے کہا آج تو اس کے پاس کیوں جانا چاہتی ہے؟ آج نہ تو نیا چاند ہے، نہ سبت۔ اس نے جواب دیا کہ اچھا ہی ہو گا اور اس نے گدھے پر زین کس کر اپنے خادم سے کہا ہانک۔ آگے بڑھ اور سواری چلانے میں ڈھیل نہ ڈال جب تک میں تجھ سے نہ کہوں۔ سو وہ چلی اور کوہ کرمل میں مرد خدا کے پاس گئی۔ جب اس مرد خدا نے دور سے اسے دیکھ کر اپنے خادم جیحزی سے کہا یہ وہ شونمیّہ عورت ہے"[51]

اصلاح پسند یہودیوں کے نزدیک خدا نے عورتوں کو نبوت بھی بخشی تھی اور مرد ان سے مشورے بھی لیتے تھے۔ مثلا بائیبل کی کتاب قضاۃ میں ارشاد ہے۔ "اس وقت لفیدوت کی بیوی دبورہ نبیہ بنی اسرئیل کا انصاف کیا کرتی تھی اور وہ کوافرائیم کے کوہستانی ملک میں رامہ اور بیت ایل کے درمیان دبورہ کے کھجور کے درخت کے نیچے رہائش پذیر تھی اور بنی اسرائیل اس کے پاس حصول انصاف کے لئے آتے تھے۔

اس نے قادش نفتالی سے ابی نوعم کے بیٹے برق کو بلا بھیجا اور ان سے کہا کہ کیا خداوند اسرئیل نے حکم نہیں کیا کہ تو تابور کے پہاڑی پر چڑھ جا اور بنی زبولون میں سے دس ہزار افراد کو اپنے ساتھ لے اور میں نہر قیسون پر یابین کے عسکری کمانڈر سیسرا کو گاڑیوں اور فوجی ساز و سامان سمیت دریائے قیشون پر لا کر تیرے ہاتھ میں دے دوں گا۔ باراق نے اس سے کہا کہ اگر تو میرے ساتھ چلے گی تو میں جاؤنگا پر اگر تو میرے ساتھ نہیں چلے گی تو میں نہیں جاؤنگا"[52]۔

اسی طرح 2-سلاطین میں خُلدہ نبیّہ کے بارے میں ہے "تب خلقیاہ کاہن اور اخی قام اور عکبور اور شافان اور عسایاہ خلدہ نبیّہ سے ملاقات کرنے گئے جو توشہ خانہ کے مہتمم، سلوم بن بقوہ بن خرخس کی بیوہ تھی۔ ان سے تفصیلی بات چیت ہو گئیں" مزید فرماتا

---

[50]: 1۔ سموئیل: 1: 9-12، 24-28

[51]: 2-سلاطین 4: 25-22

[52]: قضاۃ 4: 8-4

ہے "اس لئے دیکھ میں تجھے تیرے باپ دادا کے ساتھ ملادونگا اور تو اپنی قبر میں سلامتی سے جائے گا اور جو آفت میں اس مقام پر لاؤں گا اسے تیری آنکھیں نہیں دیکھیں گی سو وہ یہ خبر بادشاہ کے پاس لائے "[53]

یہ آیات اصلاح پسند بر خلاف رجعت پسند و قدامت پسند یہودیوں کی عورت کے حصول تعلیم و دیگر حقوق کے بارے بطور استدلال استعمال کی جاتی ہے اور اس بنیاد پر وہ ہر اس محفل اور میدان میں جاسکتی ہیں۔ جن میں مرد جا سکتا ہے۔ ان کے خیال میں خدا نے اپنی شریعت میں مرد و عورت دونوں کو حق تعلیم و تجارت دی ہے اسلئے عورتوں پر کوئی پابندی نہیں ہے بلکہ ان کو یہ کہا گیا ہے کہ وہ ان اجتماعات میں جائیں جن میں شریعت کی باتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔

ان کا استدلال کتاب استثناء سے ہے "جب اسرئیلی خداوند تیرے حضور اس جگہ آکر حاضر ہوں جسے وہ خود چُنے گا تو تم اس وقت اس شریعت کو پڑھ کر سب اسرائیلیوں کو سنانا۔ تم سب لوگوں کو یعنی مردوں اور عورتوں اور بچوں اور اپنی بستیوں کے مسافروں کو جمع کرو تاکہ وہ سنیں اور سیکھیں اور تمہارے خدا کا خوف مانیں اور اس شریعت کی سب باتوں پر احتیاط رکھ عمل کریں[54]"۔

اسی طرح کتاب 'نحمیاہ' میں ہے "اور ساتویں مہینے کی پہلی تاریخ کو عزرا کاہن تورات کو جماعت کے یعنی مردوں اور عورتوں سب کو سامنے لے آیا جو سن کر سمجھ سکتے تھے اور وہ اس میں سے پانی پھاٹک کے سامنے میدان میں صبح سے دو پہر تک مردوں اور عورتوں سب کو پڑھتا رہا اور سب لوگ شریعت کی کتاب کو غور سے سنتے رہے "[55]

عورتوں کو خدا کے گھر میں کچھ خدمات انجام دینے کے لئے تربیت بھی دی جاتی تھی اور کچھ عورتیں اجتماع گاہ کے خیمہ کے دروازہ پر خدمت کرتی تھیں اور بعض دیگر خدا کے گھر میں مردوں سے مل کر گیت گاتی تھیں۔ خروج اور تواریخ میں بیان کیا گیا ہیں۔" اور خدمت کرنے والی عورتیں خیمہ اجتماع کے دروازہ پر خدمت کرتی تھیں "۔ تواریخ میں بیان ہوا ہے کہ "یہ سب ہیمان کے بیٹے تھے جو خدا کی باتوں میں سینگ بلند کرنے کے لئے بادشاہ کا غیب بین تھا اور خدا نے ہیمان کو چودہ بیٹے اور تین بیٹیاں دی تھیں ۔یہ سب خداوند کے گھر میں اپنے والد کے قیادت میں عبادت کرتے تھے اور جھانجھ، ستارے و بربط سے، خدا کے گھر کی خدمت کرتے تھے "[56]۔

---

[53]: 2-سلاطین 22:14&20

[54]: استثناء 31:12-11

[55]: نحمیاہ 28:3 اور 8

[56]: 1-تواریخ 25:6-5

Scanned with OKEN Scanner

ابتدائی ایام میں صرف باپ ہی اپنے بیٹوں کی تعلیم وتربیت کرتا تھا لیکن بعد ازاں ماں کو بچوں کی تعلیم وتربیت کی اجازت مل گئی۔ امثال میں ہے۔ "اے میرے بیٹے اپنے باپ کی تادیب کو سن لو اور اپنی والدہ کی تعلیم وتربیت کو ترک نہ کرو کیونکہ وہ تیرے لئے زینت کا سہرا ہو گا"[57]

اسی طرح اسی کتاب کے باب نمبر اکتیس فقرہ نمبر ایک اور دو میں ہے "لموایل بادشاہ کا کلام جو اس کی ماں نے اسے سکھایا۔ "اے میرے بیٹے اے میرے رحم کے فرزند، اے میری منتوں کے بیٹے کیا کہوں، اپنی شہ زوری عورتوں کو نہ دے اور نہ اپنی روش بادشاہوں کو تباہ کرنے والو کو دو۔"[58]

امثال میں ہے کہ "فاضلہ عورت اون اور کتان کی تجارت کرتی ہے۔ اپنے ہاتھوں سے کام کاج کرتی ہے۔ وہ خود کماتی، کھاتی اور کھلاتی ہے، غریبوں اور مسکینوں کے ہاتھ بٹاتی ہے اور اپنی آمدن سے باغات لگاتی ہے۔[59]

ان ایات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسرئیلی عورتیں کاروباری تھیں ہر معاملے میں مردوں کے شانہ بشانہ حصہ لیتی تھیں اور مردوں کے شانہ بشانہ تعلیم بھی حاصل کرتی تھیں اور قدیم یہودیت کے بالعکس اصلاح پسند یہود عورتوں کی تمام حقوق و عزت کی ہیں۔ خدا نے بنی اسرائیل کو جو دس احکام دئے تھے ان میں سے ایک اپنے ماں باپ کی عزت کرنا ہے۔ "تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر اس ملک میں جو خداوند تیر خدا تجھے دیتا ہے دراز ہو"[60]

کتاب امثال میں ہے "اے میرے بیٹے اپنے باپ کا حکم مان اور اپنی والدہ کی ہدایات کو ترک نہ کر ہر وقت اسے اپنے دل میں باندھ اور اپنی گردن میں لٹکا۔ جب تو چلتا ہے تو یہ تیرا راہبر ہو گا اور جب تو سوتا ہے تو تیری نگہبانی کرے گا"[61]۔

امثال کے باب نمبر سات میں ہے "اے میرے بیٹے میری ہدایات کو بجالانا اور میرے حکم کو اپنے پاس سنبھالے رکھ، میرے حکموں کو مان تو جیتا رہے گا اور میری تعلیم کو اپنی آنکھ کی پتلی جان۔ اسے اپنی انگلیوں پر باندھ اور اپنے دل کی تختی پر اسے لکھ"[62]

---

[57]: امثال 1:9-8

[58]: امثال 31:3-1 اور 24

[59]: امثال 31:19-13

[60]: خروج 20:12

[61]: امثال 6:22-20

[62]: امثال 7:3-1

مصلح یہودیوں کے نزدیک ایک مرد کو عورت سے عزت واحترام سے پیش آنا چاہیئے احبار اور استثناء میں ہیں۔ احبار: "تم میں سے کوئی اپنے قریبی رشتہ دار کے پاس اس کے بدن کو بے پردہ کرنے کے لئے نہ جائے میں خداوند ہوں۔ تو اپنی والدہ کے بدن کو جو تیرے والد کا بدن ہے بے پردہ نہ کرنا۔ کیونکہ وہ تمہاری والدہ ہے تو اس کی بے عزتی نہ کرنا۔ تو اپنے باپ کی سوتیلی ماں کے بدن کو بے عزت نہ کرنا کیونکہ وہ تیرے والد کا وجود ہے"[63]۔

اسی طرح کتاب احبار عورت کے تقدس کے پیش نظر شوہر سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایام حیض میں اپنی بیوی کی حدود کا لحاظ ضرور رکھے گا۔ "تو عورت کے پاس اس کے حیض کی نجاست کے وقت نہ جانا تا کہ اس کے وجود کو بے پردہ کرے"[64]

تثنیہ شرع کے مطابق مرد اگر کوئی بیاہ شدہ لڑکی کے ساتھ زبردستی سے جماع کرے تو فقط اس مرد کو مار ڈالا جائیگا اور اس لڑکی کو کچھ نہ کہنا کیونکہ لڑکی کا ایسا کوئی گناہ نہیں ہے جس میں وہ قتل کے لائق ٹھرے"[65]

مصلح یہودیوں کے نزدیک یہوداہمیشہ یتیموں اور بیواؤں کا محافظ رہا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ خدا ان لوگوں کا نگہبان تھا جو اپنے حق سے صرف اسلئے محروم تھے کہ وہ بے کس تھے مثلاً ان کا شوہر یا باپ نہیں تھا جیسا کہ زبور میں ہے "خدا اپنے پاک مسکن میں یتیموں کا باپ اور بیواؤں کا محافظ ہے"[66]۔

استثناء میں ہے وہ یتیموں اور بیواؤں کا انصاف کرنے والا ہے، پردیسی سے وہ محبت رکھنے والا جو اسے کھانا اور کپڑا دیتا ہے[67]

اصلاح پسند یہودی اس بات کے بالکل قائل نہیں ہے کہ یہودیت میں عورت کے ساتھ ہمدردانہ سلوک نہ کیا جائے یا ان کا اپنا کوئی وجود نہیں ہیں۔ بلکہ ان کے نزدیک آغاز ہی سے یہوداخدا، ان سے حسن سلوک کرتے تھے۔ جیسا کہ سلاطین دوم میں ایک کہانی روایت کی گئی ہے۔

کہ "انبیاء زادوں کی بیویوں میں سے ایک عورت نے یہوداخدا "الیشعؑ" سے فریاد کی کیونکہ اس کا شوہر کسی کا مقروض تھا اور مرنے کے بعد قرض خواہ قرض لینے آیا تو ادئیگی نہ ہونے کی صورت میں وہ اس بیوہ کے بیٹوں کو غلام بنانا چاہتا تھا۔ تو یہوداخدا "الیشع" نے اسے ایک ترکیب بتاتے ہوئے بچایا کہ وہ اپنی گھر کی پیالے والا تیل پڑوسیوں سے برتن منگوا کر گھر کے اندر انڈیل دے اور جب

---

[63]: احبار 18:8-6

[64] احبار 18:19

[65]: تثنیہ شرع 22:25-26

[66]: زبور 68:5

[67]: استثناء 10:18

سارے برتن بھر جائے تو فروخت کر کے قرض اتارا جائے۔ اس طرح کرنے سے وہ بیوہ قرض ادا کرنے کے قابل ہوئی اور عزت سے زندگی گزارنے لگی"۔[68]

جو اس بات پر دلالت ہے کہ یہودیت میں عورت، خواہ شوہر والی ہو یا بیوہ کا کام کرنے کا تصور ابتدا ہی سے موجود ہے۔ قدامت پرستوں اور رجعت پسند یہودیوں کے برعکس اصلاح پسند یہود عورت کو میراث دینے کے بھی قائل ہیں اور وہ کتاب عدد (گنتی) سے استدلال کرتے ہیں۔ "جب صلافحاد اسرئیلی مر گئے جس کی پانچ بیٹیاں تھیں مگر اولاد نرینہ کوئی نہیں تھی۔ ان کے بیٹیوں نے موسیٰ نبی سے درخواست کی کہ انہیں بھی ان کے باپ کے بھائیوں کے ساتھ میراث میں کچھ حصّہ دیا جائے"۔ موسیٰؑ نبی ان کا مقدمہ خداوند کے سامنے لے گیا۔

خداوند نے موسیٰؑ سے کہا۔ "صلافحاد کی بیٹیاں درست کہتی ہیں تو انہیں ان کے باپ کے بھائیوں کے درمیان ان کی میراث کی ملکیت دے اور ان کے باپ کی میراث ان کی طرف منتقل کرا اور تو بنی اسرائیل سے کہہ کہ اگر کوئی آدمی مر جائے اور اس کا بیٹا نہ ہو تو اس کی میراث اس کی بیٹی کی طرف منتقل کرو"۔[69]

اس واقعے کے بعد بنی اسرئیل میں عورتوں کو اپنے باپ کی جائیداد میں حصہ ملنے لگا اور وراثت کی حقدار بن گئیں۔

اوپر بیان شدہ ایاتوں سے اصلاح پسند یہود استدلال کرتے ہیں کہ شریعت موسوی نے نہ صرف عورتوں کو ایک باعزت مقام دیا ہے بلکہ ان کے حقوق کی بھی حفاظت کی ہے لیکن چوتھی صدی قبل مسیح سے یہودی مذہب پر یونانی ثقافت کا رنگ چڑھنے لگا اور یونانی ثقافت میں عورتوں کو مردوں سے کم تر خیال کیا جانے لگا۔ یونانیوں کا خیال ہے کہ عورت انسان کی تمام مشکلوں کی جڑ ہے ان کا یہ بھی خیال ہے کہ عورت بہت خطرناک ہے اور وہ ایسی مخلوق ہے جو مردوں کے درمیان رہتی ہے اور ان کا بیڑا غرق کرتی ہے۔

دوسری صدی قبل از مسیح یہی نظریہ یہودیوں میں بہت مقبول ہو گیا اور پھر اسی صدی سے یہودیوں نے اپنی مذہبی کتاب تالمود لکھنا شروع کی تو اسی کتاب میں انہوں نے مردوں کو آگاہ کیا "کہ عورتوں سے زیادہ بات نہ کریں کیونکہ اس سے حرام کاری کرنے کا خطرہ پڑ جاتا ہے۔ اس غلط نظریہ کی وجہ سے یہود معاشرہ میں عورت بہت سی پابندیوں کا شکار ہو گئی مثال کے طور پر مسیح کے زمانے میں عورتیں ہیکل سلیمانی کے صرف اس حصے تک جا سکتی تھیں جو ان کے لئے مخصوص کیا گیا تھا۔ ان پر مردوں سے اختلاط اور معابد میں جانے پر پابندی لگی۔

68: 2-سلاطین 4:1-7

69: گنتی (عدد) 27:1-7

مذہبی تعلیم صرف مردوں کو دی جاتی تھی اور عبادت گاہوں میں بھی مرد اور عورتیں علیحیدہ بیٹھتے تھے۔ اسی زمانے میں تالمود مدون کرتے ہوئے یہودی مذہبی رہنماؤں نے لکھا ہے کہ بیٹیوں کو توراہ (شریعت) کی تعلیم دینا انہیں بے حیائی سکھانے کے مترادف ہے۔ یوں یہودی مذہبی رہنماؤں نے عورتوں کے متعلق خدا کے نظریّے کو توڑ مروڑ کر پیش کیا جس سے بہت سے مردنے عورتوں کو حقیر سمجھنے لگے اور دونوں صنفوں کے درمیان باہمی منافرت بڑھنے لگی۔

عورتوں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنے کا یہ رجحان نہ صرف یہودیوں میں پھیل گیا بلکہ دوسری صدی کے مسیحی رہنماء بھی اس سے متاثر ہوئے اور انہوں نے اپنی کتابوں میں عورتوں کو کم تر سمجھنے کی تعلیم دی۔

دوسری صدی عیسوی میں ایک یہودی کتاب "مدراش رابا" میں لکھا گیا ہے کہ اس کے خیال میں عورت کو اپنا سر ڈھانپ کر رکھنا چاہئے کیونکہ عورت نے گناہ کیا ہے اور اسے دوسروں کے سامنے شرمندگی محسوس کرنی چاہئے کیونکہ سر ڈھانپنا شرمندگی و محکومیت کی علامت ہے"[70]

اسی دوسری صدی میں ایک یہودی مذہبی عالم "طرطلیان" کی کتابیں بھی مقبول تھیں۔ انہوں نے بھی اپنی کتابوں میں یہ تعلیم دی کہ "عورتوں کو یہ احساس ہونا چاہئیے کہ وہ حوا کی طرح گنہگار ہیں۔ اس لئے انہیں اپنا سر شرم سے جھکا کر رکھنا چاہئیے" ایسی تعلیمات کی وجہ سے عورتوں کو مردوں کی نسبت حقیر جانا جاتا ہے اور ان سے امتیاز برتا جاتا ہے۔

بہت سے لوگوں کو یہ غلط فہمی ہے کہ یہ تعلیمات بائیبل میں پائی جاتی ہیں۔ حالانکہ بائیبل میں ایسا کوئی صنفی فرق نہیں ہے۔ بلکہ یہ قدامت پرست یہودیوں کی اپنی خودساختہ متعصبانہ نظریات وخیالات تھے۔ جن کی وجہ سے عورت کو بہت سبکی اور بے قدری کا سامنا کرنا پڑا۔

---

[70]: تالمود: Gittin 39a

Scanned with OKEN Scanner

1.5: فصل پنجم: یہودیت میں گواہی کی مشروعیت و توضیح

چونکہ یہودی مذہب کی اپنی ایک جامع شریعت ہے جس میں حقوق اللہ و حقوق العباد دونوں بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔یعنی عبادات، معاملات اور حتیٰ کہ اخلاقیات کے لئے بھی اصول و قوانین وضع کئے گئے ہیں-دیگر تمام احکام کی طرح گواہی کا قضیہ بھی تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔لفظ گواہی اس کی مشروعیت یہودیت کے بنیادی مآخذ میں ذکر کیا گیا ہے۔یہودی شریعت کی بنیادی مآخذ توریت (اسفار خمسہ) ہیں۔اس میں بھی لفظ گواہی کا جابجا استعمال کیا گیا ہے۔

جیسا کہ کتاب پیدائش میں ہے کہ ہر قسم معاملہ پر گواہ مقرر کرو" تاکہ وہ میرے لئے گواہی ہوں کہ یہ کنواں میں نے کھدوایا۔[71]

اسی طرح حد بندی کی معاملے میں گواہ ہونا چاہیئے۔" اور لابن نے بولا کہ یہ تو وہ آج کے دن میرے اور تیرے درمیان گواہ ہو"[72]۔

پیدائش میں ہے "اگر تو میری بیٹیوں کو دکھ دے۔ اور ان کے سوا اور بیویاں کرے۔ گو کوئی آدمی ہمارے ساتھ نہیں۔ دیکھ خدا میرے اور تمہاری درمیان گواہ ہے"۔ "لابن نے یعقوب سے کہا کہ اسکو تو دیکھ اور اس ستون یادگار کو دیکھ جو میں نے ہمارے درمیان کھڑا کیا ہے یہ تو وہ گواہ ہو اور یہ ستون گواہ ہو کہ میں اس تو وہ سے ادھر تیری طرف نہ گزروں"[73]

کتاب یوشع میں ہے "تاکہ وہ ہمارے اور تمھارے درمیان اور ہمارے بعد ہماری پشتوں کے درمیان گواہ ہو۔"[74]۔

بائبل کی ایک اور کتاب "یسعیاہ" یا "اشعیاہ" میں ہے کہ "تمام قومیں جمع ہو اور امتیں اکٹھی ہوں–ان میں سے کون یہ بتائے گا یا پہلی باتیں سنائے گا وہ اپنے گواہوں کو لائیں تاکہ وہ اپنے عذر کو سچا ٹھہرائیں اور بیان کر کے کہیں کہ یہ سچ ہے۔ تم میرے گواہ ہو"[75]۔

تورات کی کتاب گنتی (عدد) میں ہے "اگر کوئی شخص دوسرے کو قتل کرے تو گواہوں کی گواہی سے قاتل کو مار ڈالا جائے پر اگر ایک گواہ ہو۔ تو اس کی گواہی سے کوئی نہ مارا جائے"[76]

---

[71]: پیدائش: 30:21

[72]: پیدائش 47:31

[73]: پیدائش 31:51-52

[74]: یشوع (یوشع) 27:22

[75]: یسعیاہ 43:10-9

[76]: عدد 30:35

Scanned with OKEN Scanner

اس کے علاوہ عہد نامہ عتیق کے بعد یہودیوں کی سب سے مقدس اور مصدق کتاب تالمود کی باب جزا اور سزا میں ہے "کون کون جان سکتا ہے کہ میں نے اپنا حصہ برداشت کیا ہے یا نہیں اس لئے اس کے گھر کے پتھر اور چھت کے شہتیر اس کے خلاف گواہی دیں گے "[77]

اسی کتاب "تالمود" کی حصہ چہارم باب نمبر 6 میں ہے

"تب نوجوان آدمی نے کہا کہ کون ہمارا گواہ ہوگا۔ پھر کہا دیکھو یہ نیولا اور یہ کنویں کا پانی جس کے پاس ہم کھڑے ہیں ہمارے گواہ ہونگے "[78]۔

اسی طرح باب نمبر 11 میں ہے "یوحنان مزید اپنے تجسس پر قابو نہ رکھ سکا اور ایلیاہ سے کہا کہ مجھے ان سب اعمال کا مطلب بتاؤ جن کا میں چشم دید گواہ ہوں "[79]

آگے حصہ پنجم کے باب نمبر ایک میں ہے کہ "مقدمے میں گواہوں کی تقریبا بڑی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی جاتی تھی۔" اور "پہلے پہل اکثریت میں سے ایک کی گواہی پر سزا کا حکم دیا جاتا تھا لیکن بعد میں اکثریت میں سے دو کی گواہیاں سزا کا حکم سنانے کے لئے مطلوب ہوتی تھیں "[80]۔

یہ تمام حوالہ جات اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ لفظ گواہی یہودیت کے اصلی اور قدیم مصادر میں ذکر کیا گیا ہے اور گواہی کا عمل یہودیت میں جائز و مشروع ہے۔

1۔5۔1: یہودیت میں گواہی کا حکم: یہودی تعلیمات کے مطابق گواہی دینا لازم ہے اور یہ کلیسا پر فرض ہے کہ وہ لوگوں کو موت و قیامت کی گواہی دے۔ بائبل کی کتاب اعمال میں ہے "لیکن جب روح القدس تم پر اترے گا تو تم طاقت پاؤ گے اور یروشلم اور سارے یہودیہ اور سامریہ میں بلکہ زمین کی انتہا تک میرے گواہ ہونگے "[81]

یہ اس بات پر دلیل ہے کہ جس کے پاس کوئی گواہی ہو تو وقت آنے پر اس کو دینا چاہیئے۔ گواہی چھپانا جائز نہیں ہے۔

---

[77]: ایچ پولانو، تالمود، (سادھو کے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2003م) ج اول ص۔176،

[78]: ایضا ص 206،

[79]: ایضا ص 211

[80]: ایچ پولانو، تالمود، (سادھو کے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2003م) ج اول ص 219

[81]: اعمال 1:8

Scanned with OKEN Scanner

2۔5۔1: گواہوں کی تعداد: شریعت موسوی میں کسی بھی مقدمہ کے حل اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے دو گواہوں کی گواہی لازم ہے۔ مقدمے میں گواہوں کی تقریباً بڑی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی جاتی ہے اور اگر ان کا مقدمے میں کوئی شخصی مفاد ہوتا تو انہیں نااہل قرار دیا جاتا ہے۔ کسی مقدمے میں کسی ایک شخص کی گواہی کافی نہیں، بلکہ دو یا تین گواہوں کی گواہی پر سزا کا حکم سنایا جاتا ہے۔

عہد نامہ قدیم کی کتاب گنتی (عدد) میں ہے "اگر کوئی شخص کسی کو قتل کرے تو گواہوں کی گواہی سے قاتل کو قتل کیا جائے۔ پر اگر ایک ہی گواہ ہو تو اس کی گواہی سے کوئی نہ مارا جائے"[82]۔

عہد نامہ عتیق کی کتاب تثنیہ شرع میں ہے کہ "کسی شخص کے خلاف اس کے کسی گناہ کے بارے میں جس کا اس نے ارتکاب کیا ہو فقط ایک گواہ بس نہیں بلکہ دو یا تین گواہوں کے کہنے سے بات ثابت ہو گی"[83]

اسی کتاب کی باب نمبر 17 میں ارشاد ہے کہ "جو کوئی واجب القتل ٹھہرے وہ دو یا تین گواہوں کی شہادت پر قتل کیا جائے فقط ایک گواہ کے بیان سے قتل نہ کیا جائے۔ اس کے قتل کے لئے پہلے گواہوں کے ہاتھ اس پر پڑیں اور ان کے بعد دیگر افراد کے ہاتھ، تا کہ تم اپنے درمیان سے اس شر کو دفع کریں"۔[84]

3۔5۔1: گواہوں کی اہلیت: یہودیت میں گواہوں کی وہ اہلیت اور لوازمات ہیں جو تقریباً سارے سامی مذاہب میں ہیں۔ جن میں سے سب سے بنیادی اور اہم چشم دیدنی ہونا ہے۔ تالمود میں ہے کہ "شاید تم افواہ سن کر بولنے کا ارادہ رکھتے ہو یا کسی دوسرے گواہ کے گواہ بنے ہو یا کسی قابل اعتبار شخص سے سن کر گواہی دینا چاہتے ہو۔ لیکن شائد تم اس سے آگاہ نہیں ہو کہ ہم تم سے بڑی گہری چھان بین کرنے کی کوشش کریں گے"[85]۔

اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ گواہ کو اس واقعہ کا علم اظہر من الشمس ہونا چاہیئے مفروضوں پر انحصار نہیں ہونا چاہئے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ **گواہ غیر جانبدار** اور تعصب سے خالی ہو گا۔ اس کی کوئی ذاتی دلچسپی نہیں ہو گی بصورت دیگر اس کی گواہی نا قابل قبول ہو گی۔

---

[82]: گنتی (عدد) 30:35

[83]: استثنا 15:19

[84]: ایضاً 7-6:17

[85]: یچ پولانو، **تالمود**، (سادھوکے گوجرانوالہ پاکستان: مکتبہ عناویم، سن 2003م) ج اول ص۔ 220۔

Scanned with OKEN Scanner

گواہی یا شہادت کو نہ چھپانا: یہودی قوانین کی رو سے شہادت یا گواہی دینے میں انتہائی غیر جانبداری سے کام لیا جائیگا۔ توریت میں ہے "تو جھوٹی خبر نہ پھیلانا اور ستے گواہ بننے کے لئے شریروں کا ساتھ نہ دینا۔ گناہ کرنے کے واسطے کسی بھیڑ کی پیروی نہ کرنا اور نہ کسی معاملہ میں انصاف کا جنازہ نکالنے کے لئے بھیڑ کا منہ دیکھ کر کچھ کہنا اور نہ مقدمہ میں کنگال کی طرفداری کرنا"[86]

اسی طرح تالمود میں ہے "الہامی کتب کی باتوں کو یاد رکھ کر کہ اگر کسی گواہ نے دیکھا ہے یا جانا ہے وہ اس کی گواہی نہ دے تو وہ اپنا گناہ خود برداشت کرے گا اور یہ یادرکھ کہ شریروں کی بربادی میں خوشی ہے"[87]

4۔5۔1: جھوٹی گواہی: یہودیت میں جھوٹی گواہی پر سخت وعید بیان کی گئی ہے۔ عہد نامہ عتیق کی کتاب استثناء اس کے مزید وضاحت کرتے ہوئے ارشاد ہے۔

"اور اگر کوئی جھوٹا گواہ اُٹھ کر کسی شخص کے گناہ کے بارے میں شہادت دے۔ تو وہ دونوں اشخاص جن کے بیچ یہ جھگڑا ہو خداوند کے حضور کاہنوں اور اس زمانے کے قاضیوں کے سامنے کھڑے ہوں اور قاضی خوب تحقیقات کریں اور اگر وہ جھوٹا نکلے اور اس نے اپنے بھائی کے مخالفت میں جھوٹی گواہی دی ہو۔ تو جس طرح وہ اپنے بھائی کا کرانا چاہتا وہی اس کے ساتھ ہوگا اور یوں ایسی بدی کو اپنے درمیان سے ختم کردینا۔ جسے دوسرے لوگ سن کر ڈریں گے اور تیرے بیچ پھر ایسی برائی نہیں کریں گے اور تجھ کو ذرا ترس نہ آئے۔ جان کا بدلہ جان، آنکھ کا بدلہ آنکھ، دانت کا بدلہ دانت، ہاتھ کا بدلہ ہاتھ اور پاؤں کا بدلہ پاؤں ہوگا"۔[88]

تورات کے بعد یہودیوں کے نزدیک انتہائی ثقہ وحی غیر متلو کی کتاب تالمود ہے جس میں جھوٹی گواہی سے متعلق بیان ہے "شاید تم افواہ سن کر بولنے کا ارادہ رکھتے ہو یا کسی دوسرے گواہ کے گواہ بنے ہو یا کسی قابل اعتبار شخص سے سن کر گواہی دینا چاہتے ہو۔ لیکن شائد تم اس سے آگاہ نہیں ہو کہ ہم تم سے بڑی گہری چھان بین کرنے کی کوشش کریں گے۔

---

[86] تنویر بخاری، **شریعت موسوی** (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان سن 2007م) ج اول ص 221۔

[87]: بیچ پولانو، **تالمود**، (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2003م) ج اول ص۔220۔

[88]: استثناء (**تثنیہ شرع**) 19:21-16

Scanned with OKEN Scanner

تم یہ جان لو کہ وہ آزمائشیں جو انسان کی زندگی سے تعلق رکھتی ہیں وہ ایک پیمانے میں لٹکتی ہے لیکن وہ دنیاوی چیزوں سے تعلق رکھنے والی آزمائشوں کی طرح نہیں ہے۔ لیکن اس طرح کی آزمائشوں میں بے انصافی سے نہ صرف ایک شخص کو سزا ملتی ہے بلکہ اس کے خاندان کو نسل در نسل آخر تک سزا ملتی ہے جو کہ جھوٹے گواہ کی جان پر مضبوطی سے لپٹی رہے گی۔

آدم کو تنہا پیدا کیا گیا تھا اور جو ایک زندگی کو تباہ کرتا ہے وہ اس کے لئے ایسے جواب دہ ہو گا جیسے کہ وہ ساری دنیا کو تباہ کر چکا ہے۔ اس لیئے اچھی طرح اپنی باتوں کا جائزہ لے۔ لیکن دوسری طرف یہ نہ کہنا کہ میں ان سب باتوں کے ساتھ کیا کروں"[89]۔

یعنی جھوٹے گواہ پر کاہنوں اور قاضیوں کے سامنے مقدمہ چلایا جائے گا اور اسے اسی جرم کی سزا دی جائے گی جس کا مدعا علیہ پر الزام لگایا جاتا تھا۔ مثلاً آنکھ کے مقابلہ آنکھ اور دانت کے مقابلہ دانت۔ اسی طرح سخت قوانین کی وجہ سے یہودیت میں لوگ جرائم کرنے سے کتراتے ہیں۔[90]

---

[89]: بیج پولانو، **تالمود**، (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2006م) ج اول ص۔ 220

[90]: ولیم میکڈونلڈ، **تفسیر الکتاب استثنا**، (36 فیروزپور روڈ لاہور: مسیحی اشاعت خانہ سن 20133م) ض اول ص 317۔

1.6: فصل ششم: یہودیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ (عبادات، معاملات، حدود میں)

عصر حاضر میں یہودیت کو تین بڑے گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ قدامت پرست، رجعت پسند اور اصلاح پسند۔ قدامت پسند گروپ عورت کو بالکل کوئی اہمیت نہیں دیتا بلکہ عوامی مقامات یا اجتماعات پر ان کے موجودگی جرم سمجھا جاتا ہے۔ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے جبکہ رجعت پسند اور جدت پسند یا اصلاح پسند یہود عورت کو معاشرتی اور سماجی معاملات میں دخل دیتے ہیں۔ وہ عورت کو ہر شعبے زندگی میں مرد کے برابر حیثیت دینے کی قائل ہیں۔ ان کے نزدیک عورت بشمول تمام دیگر حقوق حق الشہادۃ بھی رکھتی ہے۔ اصلاح پسند فرقہ معاملات میں عورت کی گواہی مرد کے برابر تسلیم کرتا ہے۔ مثلاً نکاح یا شادی، طلاق وغیرہ۔[91]

یہودیت میں شادی کا معاہدہ پر گواہ بننے کا طریقہ کار بہت دلچسپ ہے کیونکہ ان کے ہاں رسم شادی بھی عجیب اور جاذب توجہ ہے۔ منگنی کا اعلان شادی سے پہلے کیا جاتا ہے اور شادی کے دن روزہ رکھنا مستحسن سمجھا جاتا ہے شادی کی رسم سہ پہر کو مجلس میں ادا کی جاتی ہے، جس میں کم از کم دس بالغ افراد کی موجودگی ضروری سمجھی جاتی ہے. جس کے بعد مجمع مجلس کی عمارت میں ایک ریشمی کپڑے کا شامیانہ لگایا جاتا ہے جس میں دلہا دلہن دونوں اکٹھے آتے ہیں۔ اسی موقع پر ربی ایک گلاس میں شراب لیکر زوجین کے حق میں دعا کرتا ہے اور پھر اسی گلاس کو دلہا دلہن کو دے دیتا ہے۔ جو وہ چکھ لیتے ہیں۔

اس کے بعد دلہا دلہن کی انگلی میں انگوٹھی پہناتے ہوئے کہتا ہے کہ دیکھو تم اس انگلی کے ذریعے حضرت موسیٰؑ اور اسرائیل کی رسوم کے مطابق میرے ساتھ منسوب ہو چکی ہو۔ اور باواز بلند شادی کے عہد نامہ ربی پڑھتا ہے اس کے بعد شراب کا ایک اور گلاس لیتا ہے اور دعا کی جاتی ہے۔ دعا کے بعد یہ گلاس زوجین کو دیا جاتا ہے جسے وہ دونوں چکھ لیتے ہیں اور خالی گلاس فرش پر رکھ دیا جاتا ہے جسے نوشہ (دلہا) توڑ دیتا ہے اور حاضرین تالیاں بجاتے ہوئے ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔[92]

یہودیت میں شامیانہ لگانا شادی کا ایک لازمی جز ہوتا ہے جس میں شادی کی تمام تقریب وقوع پزیر ہوتی ہے۔ یہودی اصطلاح میں اسے "خوپا" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ چار ستونوں سے بنا ایک خیمہ ہوتا ہے جس کے نیچے شادی کی تقریب کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جاتا ہے۔ یہ شامیانہ دلہا کے گھر کی علامت ہوتی ہے جس میں شادی کے بعد میاں بیوی دونوں اپنی مرضی سے اکٹھے ہو کر

[91]: https//:www.google.babylonian Talmud .com, last visited on 02-10-2019

[92]: https//: www. google.com.jewsmarriages & marriage ceremony in Judaism.com,last visited: 02-10-2019

Scanned with OKEN Scanner

رہیں گے۔ خوپا میں جانے سے پہلے دلہا باراتیوں کے ساتھ مل کر خوشی کے گیت گاتے ہیں اور دلہن جب اس شامیانے میں داخل ہوتی ہے تو اس کا چہرہ نقاب سے ڈھانپا ہوا ہوتا ہے۔ دلہا دلہن کا اس شامیانے میں داخل ہونے کا مقصد یہ بیان کیا گیا ہے کہ کہ گواہ اچھی طرح زوجین کو دیکھ لیں اس تقریب کو یہودبدکن یا "بادعقن" کہتے ہیں اور یہ رسم چھ سو سال پرانی ہے اس رسم کی بنیاد عہدنامہ قدیم کتاب پیدائش میں ہے

"تب اس نے نقاب لیا اور اس سے اپنے آپ کو چھپالیا" [93]

جب رفقہ کو اسحاق سے شادی کرنے لوگ گئے تو وہ ان سے مل گئیں لوگوں نے دیکھ لیا اور اس سے ان کی رضامندی بھی معلوم کی۔ جس سے ااستدلال کیا جاتا ہے کہ گواہوں کے لئے دلہن کی نقاب اور خوپا دیکھنالازم ہے تو تب جاکر کہیں ان کے گواہی قابل قبول ہوگی۔ یہودیت میں شادی کے لیے ایک اور لازمی امر یہ ہے کہ اس تقریب میں کم از کم دس لوگ ضرور موجود ہوں جن کے موجودگی میں نکاح کی یہ تقریب مکمل کی جاسکے۔ یہ دس لوگ اس شادی کے گواہ ہوں گے کہ اگر کوئی عدالتی مسئلہ پیش آجائے تو ان گواہوں سے شہادت لی جائے گی۔

ان میں ایک ربی بھی ہونا چاہیے جو تورات کی کچھ آیات اور دعاؤں کو تلاوت کرے گا اور اس نئے جوڑے کو خدا کی رحمت کی دعا دے گا۔ اس نکاح نامہ میں دلہا یہ عہد کرتا ہے کہ وہ اپنی بیوی کو مہر دے گا جو طلاق یا اس کے مرنے کی صورت میں اس کے کام آئے گا اور وہ نان ونفقہ اور جسمانی خواہشات پورا کرنے کا بھی عہد کیا جاتا ہے۔

یہ نکاح نامہ بیوی کے حقوق کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ یہ نکاح نامہ حاضرین کے سامنے اونچی آواز سے پڑھی جاتی ہے۔ تاکہ تمام لوگ اس نکاح نامہ کی عبارت کو سن سکیں اور اس پر گواہ بن سکیں۔ یہودی اس نکاح نامے کو بہت قیمتی اور مبارک خیال کرتے ہیں اور اس کو خوبصورت فریم میں بند کر کے گھر کے اندر لگایا جاتا ہے۔ [94]

شادی کے موقعہ دس گواہ مقرر کرنے میں مردوزن کی کوئی تخصیص نہیں بلکہ دونوں کی گواہی یکساں قابل قبول ہے اور دونوں اس کے گواہ بن سکتے ہیں۔

---

[93]: پیدائش 24:65-

[94]: https//: www.google.com. Jewishvirtuallibrary.org.marriage in Judaism. Last visited 03-10-2019

Scanned with OKEN Scanner

7۔1: فصل ہفتم: قدامت پسند، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کا تعارف اور عورت کی گواہی

1۔7۔1: قدامت پسند یہودیت (Orthodox Judaism): قدامت پسند یا راسخ العقیدہ یہودیت، یہودیوں کا ایک اہم فرقہ ہے جو تورات، تلمود اور تنائیم کی روایت، قوانین اور اخلاقیات پر سختی سے عمل پیرا ہوتے ہیں۔ یہ دیگر یہودی فرقوں سے اس بات پر مختلف ہیں کہ ان کے مطابق یہودی قوانین کو ماننا تمام یہود پر لازم وملزوم ہے۔ دنیا میں موجود کل یہودی آبادی کا 10٪ قدامت پسند یہود ہیں یعنی تقریبا بیس سے پچیس لاکھ قدامت پسند یہود اس قت دنیا کی اندر موجود ہیں۔ یہ دوسرے یہود فرقوں سے ہٹ کر سخت اور قدیم عقائد کی پیروی کرتے ہیں۔ ان کی عقائد کا تیرہ مشہور اصول ہیں جن کو یہودی مذہب کے موسس وعالم میمونید یا موسی بن میمون نے وضع کیا ہوا ہے[95]۔

جس کے یہودیت میں بڑی تابعداری کی جاتی ہے۔ قدامت پسند یہود ایک خدا کو مانتے ہیں اور اپنے آپ کو خدا کے منتخب شدہ لوگ سمجھتے ہیں۔ قدامت پسند یہود بہت سے قدیم رسومات کو پابندی سے انجام دیتے ہیں۔ مثلاً: رسم بپتسمہ (Baptism)، متزوط (اعمال صالحہ) اور کوشر (مذبوح) گوشت کھانا، یوم السبت کی عبادات اور پیدائش کے آٹھویں دن کا ختنہ وغیرہ کا بڑی سختی سے اہتمام کرتے ہیں۔

اسی طرح تیرہ سال کے عمر میں تورات کے مقدس اوراق کو پڑھنا پڑھانا۔ قدامت پسند یہود کئی قسم کے چھٹیاں اور دیگر رسومات مناتے ہیں جیسا کہ یوم کفور پر روزہ رکھنا اور پورا دن کلیسا میں گزارنا۔ یہ فرقہ یوم السبت پر دو قسم کے بتیاں روشن کرتے ہیں ایک تخلیق ارض اور اسرئیلیوں کا مصر سے نجات کے سلسلے میں جبکہ دوسرا اس لئے کہ اس دن عبادت کے علاوہ کوئی اور کام نہیں کیا جا ئیگا حتی کہ بجلی کے بلب کو آن آف بھی نہیں کیا جاتا۔

ان کا اور معاصر یہودیت کا بنیادی فرق یہ ہے کہ معاصر یہود سائینو گاگ میں مرد وزن کی مشترکہ عبادت اور قدامت پسند یہود علیحدہ علیحدہ عبادات پر یقین رکھتے ہیں۔ یہ لوگ خوراک، لباس اور رسوم ورواجات میں سختی سے قدامت پرستی کے قائل ہیں۔ موجودہ چند عشرات میں یہودیوں نے دوبارہ قدامت پسندی کے طرف مائل ہو کر جدت پسندی کو چھوڑنے کا رجحان بڑھ

95: http//: www.google.com.wikipidia.judaism memooneed.com. last visited 8-06-2020

موسی بن میمون 30 مارچ 1138م کو اندلس سپین میں پیدا ہوئے۔ آپ یہودیت کے مشہور حاخام، ربی اور توریت کے عالم تھے۔ ان کا عرف رامبام ہے۔ آپ کئی مسلمان حکمرانوں کے معالج خاص رہے۔ آپ نے ایمان کے جو تیرہ اصول بتائے ہیں وہ یہودیت میں بہت مشہور ہوئے اور آج تک یہودی عبادت گاہوں میں پڑھی جاتی ہیں۔ آپ کا انتقال فسطاط مصر میں 13 دسمبر 1204م کو ہوا۔ آپ کو موجودہ میں بحیرہ طبریہ کے کنارے دفن کئے گئے۔ ان کی قبر صدیوں سے سیاحوں کو اپنی طرف کھینچ لاتے ہیں۔

رہاہے۔ قدامت پسند یہود اپنے آپ کو تورہ جوڈائزم کے نام سے بھی متعارف کراتے ہیں۔ مذہب کے حوالے سے اس فرقے کے بنیادی عقائد مندرجہ ذیل ہیں۔

1: توریت صرف (اسفار خمسہ) ہے اور اسکے قوانین اللہ تعالی نے براہ راست حضرت موسیٰؑ پر نازل فرمائے تھے اور یہ قوانین ابدی اور ناقابل تغیر ہیں۔

2: ان کا عقیدہ ہے کہ تورات کی ایک مستند زبانی تفسیر بھی ہے جس کو اللہ نے براہ راست حضرت موسیٰؑ پر نازل فرمایا جو کہ آج کل تالمود کی شکل میں موجود ہے۔ اور تالمود مشناہ کی تفسیر و تشریح ہے۔ ان کے نزدیک تورات اور تالمود دونوں الہامی اور مبنی بروحی کتابیں ہیں۔

قدامت پسند اللہ تعالی کی وحدانیت کے قائل ہیں۔ اور دن میں تین دفعہ یعنی صبح، دوپہر اور شام کو عبادت کرتے ہیں۔

3: یہ کہ اللہ نے تمام بنی اسرائیل کے ساتھ ایک خاص معاہدہ کیا ہے کہ وہ تورات کے احکامات مانیں گے اور اللہ تعالی ان کی مغفرت کریں گے۔

4: یہ لوگ عقیدہ میعاد، نجات بعث اموات، اچھائی، برائی کا جزا و سزا اور یروشلم میں مقدس معبد بنانے کے قائل ہیں۔

5: قدامت پسند ہلاخا یا یہودیوں کی روایتی شرعی قوانین پر سختی سے کاربند ہوتے ہیں۔

5: قدامت پرست موسی بن میمون کے تیرہ اصول ایمان کو پابندی کے ساتھ عبادت گاہوں میں پڑھتے ہیں۔

6: ان کے خیال میں قدامت پرست ربّی یہودی قانون کے مستند مفسرین ہیں۔

7: یہ لوگ معاشرت میں عورت کے کردار کی قائل نہیں ہیں۔ اور تالمود کو وحی غیر متلو یا زبانی وحی کا درجہ دیتے ہے۔

8: قدامت پسند ہر اس شخص کو یہودی مانتے ہیں جس کے ماں باپ دونوں یہودی ہوں اور یہ لوگ غیر یہود کے ساتھ شادی کرنے سے منع کرتے ہیں اِلاّ یہ کہ منگیتر یہودیت کو اختیار کرے۔

قدامت پسند یہود ہم جنس پرست شادیوں اور خواتین ربیوں کے حق میں نہیں ہیں۔

9: ان کے ہاں "ہالاخا" کے تعلیمات منشاء ایزدی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

10: ان کے نزدیک اجتماعی عبادت کے دوران موسیقی بجانا ناجائز ہے۔

11: **شمیتا** یا ساتویں سال کی عبادت فصل کی کٹائی کے موقع پر خصوصی عبادت کا اہتمام کرنا۔[96]

آرتھوڈاکس جوڈائزم یا قدامت پرست یہودیت آج کل ریاست اسرائیل میں فالو کیا جاتا ہے۔

پہلی دفعہ قدامت پسند یہودیوں نے 1871ء کو ہنگری میں انڈی پنڈنٹ آرتھوڈاکس جوڈائزم کی بنیاد رکھی۔ یہ لوگ یہودیت کے 13 اصولوں پر سختی سے عمل کرتے ہیں اور اللہ تعالی کی وحدانیت کے قائل ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ ایک مسیحا قرب قیامت نکل آئیگا جو کہ دنیا پر یہودیوں کی حکمرانی بحال کریگا اور یہودیوں کو مقدس مقام جمع کرائیں گے۔

اس گروپ کا بانی سمسن رافیل ہیرسک 20 جون 1808ء تا 31 دسمبر 1888ء ہمبرگ جرمنی میں رہے۔ سمسن رافیل ریفارمڈ یہودیت کا مخالف تھا۔ ان کے والد توارت سوسائٹی اف ہنگری کے ایک اہم رکن تھے۔[97]

قدامت پرست ہر معاملے میں تورات کو اصل اور بنیاد مانتے ہیں[98]

قدامت پسند یہودی اس کے لباس سے پہچانا جاتا ہے جو سر تا پاؤں ڈھانپے ہوئے ہوتے ہیں۔ قدامت پرست یہودی اپنے شوہر یا بیوی بہن بھائی یعنی محرمات کے علاوہ مخالف جنس کو مسح یعنی ہاتھ نہیں لگاتے۔[99]

اٹھارویں صدی کے اختتام میں یہود کے ساتھ پوری دنیا میں عموما اور یورپ میں خصوصا ان کے مکارانہ چالوں کی وجہ سے بہت امتیازی سلوک ہونا شروع ہوا۔ جس نے یہود کو سوچ پر مجبور کر کے اپنی بقا کی جنگ لڑی۔ ان کے پڑوسی نان یہودی ان کے مذاق اڑاتے تھے لہذا یہودیوں نے ان عبادات اور اطوار و طریقے چھوڑ دیئے جو وہ اپنی پڑوس میں نان یہود کو تشریح نہیں کر سکتے تھے۔

---

[96]: www.google.com david man lymn."The tradition in a roteless world; women turn to Orthodox Judaism. last visited 20-8-2019.

[97]: www.google.com.rabbi Samson rapheel hirsch, Architect of Judaism for the Modern World. Last visited 12-2-2020

[98]: www.google. Com.Jewish Symbolism, an conservative judasim by Philp Feldheim .last visited on 14-2.20

[99] : Michael A. Meyer, **Response to Modernity in Judaism** (USA: Wayne State University Press, 1995) A History of the Reform Movement in Judaism, Pp.154-160

Scanned with OKEN Scanner

قدامت پسند یہودیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ

قدامت پسند یہودیت میں عورت بہت ذلیل سمجھی جاتی ہے اور اس کو غلیظ و غلاظت کا ڈھیر گردانا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر ایک مرو عورت کسی دریا میں ڈوب رہے ہوتے ہیں تو پہلے مرد کو بچا لیا جائے۔ ان کے نزدیک عورت کے لئے تورات کی اوراق چھونا جائز نہیں ہے بلکہ یہ بہتر ہے کہ تورات کو جلایا جائے بجائے کہ اس کو عورت پڑھی۔ ان کے مطابق ایک عورت جج بننے، یا گواہی دینے یا حتیٰ کہ عوامی عہدہ کے لئے اہل نہیں ہے۔

یہودیت میں عورت ملکہ بھی نہیں بن سکتی۔ کیونکہ عورت کم علم اور ناقص العقل ہوتی ہے۔ ان کے نزدیک عورت تمام گناہوں کی جڑ ہے اور عورتوں سے زیادہ میل ملاپ انسان کو گناہ کا مرتکب بناتا ہے۔

یہ لوگ عورت کے گھر سے باہر جانے گلیوں کوچوں میں پھرنے کے سخت مخالف ہیں ان کے مطابق عورت مہینے میں ایک دو دفعہ ضرورت کے بنا پر با پردہ گھر سے نکل سکتی ہے، ان کے مطابق عورت کی زینت چادر و چاد دیواری کے اندر ہے۔ عورت مرد کے ساتھ مرد کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کریگی۔ بصورت دیگر مرد اس کی مرضی کے بغیر طلاق دے سکتا ہے۔[100]

2۔7۔1: رجعت پسند یہودیت (Conservative Judaism) کا تعارف اور عورت کی گواہی

رجعت پسند یہودیت معاصر اور قدامت پسند یہودیت کے درمیان اعتدال کا راستہ اپناتے ہوئے ایک پل کا کردار نبھاتا ہے۔ یہ نہ محض پرانے روایات سے منسلک ہوتے ہیں۔ اور نہ مکمل طور پر جدت پسندی کا قائل ہے۔ بلکہ دونوں کے درمیان میانہ روی سے کام لیتا ہے رجعت پسند "ہلاخا" قوانین خدا کی مرضی کے مظہر سمجھتا ہے۔

ہلاخا قوانین کی پیروی کے ساتھ ساتھ جدید ثقافتی توضیحات کو اہمیت دیتا ہے۔ یہ انسویں صدی کے دوران امریکہ اور یورپ میں معاصر یہودیت کے مقابلے میں طلوع پذیر ہوئی اور آج کل اسرائیل کے علاوہ پوری دنیا میں اس گروپ کے پیروکاروں کے تعدادافی بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔

اسرائیل میں اس گروپ کو ماصورتی یہودیت کہا جاتا ہے۔ انسویں صدی کی آغاز میں رجعت پسند امریکہ کا سب سے بڑا یہودی گروپ بن گیا۔ لیکن پھر آہستہ آہستہ معاصروں نے ان کی جگہ لے لی اور ان کی تعداد بتدریج کم ہوتا چلا گیا۔ اس تحریک کی بنیاد

---

100 : Heilman Samuel, **Synagogue life,** (USA:University of Chicago Press 1973) A study in Symbolic interaction PP.12-24

1845م کو زکریا فرینکل نے رکھی۔ زکریا فرینکل 30 ستمبر 1801م کو چیکو سلواکیہ کے شہر پراگیوں کے ایک یہودی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ نے 1859م میں مشناہ اور 1870م کو تالمود کی تعارف لکھ کر بہت شہرت پائی۔ فرینکل مختلف یہودی مذہبی حلقوں میں کام کرتے ہوئے آخر کار 1936م کو چیف ربی مقرر ہوا۔ آپ 13 فروری 1875م کو بریسلیو پولینڈ میں وفات پا گئے۔[101]

آپ کے بعد ربی سلمان سکچٹر نے 1915م اس تحریک کو بام عروج تک پہنچایا۔ جس نے 1915م میں یونائیٹڈ سائینوگاگ آف کنزرویٹیو جوڈائزم کی بنیاد رکھی۔[102]

رجعت پسندوں کے نزدیک ربی اور کلیسا میں کام کرنے والی راہبہ کو آپس میں شادی نہیں کرنی چاہیئے۔ اور اگر ان کی شادی ہو جاتی ہے تو رجعت پسندوں کے مطابق وہ خود بخود قابل فسخ ہے۔ رجعت پسندوں کے مطابق شادی صرف یہودی خاندان میں ہونی چاہیئے۔ رجعت پسند مرد کے ختنہ اور زن کے لئے بپتسمہ لازم قرار دیتے ہیں۔ ان کے ہاں بقصد ارتکاب اصول یہودیت، رجعت پسند ربینکل اسمبلی سے اخراج کا سبب بنتا ہے۔

ان کے نزدیک تورات اور تالمود خدا کے طرف سے نازل شدہ ہیں۔ ان کے نزدیک سائنٹفک تنقید آف بائیبل جائز ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک حقیقت ہے اور انسانوں کو وحی کی ذریعہ اللہ تعالیٰ کے منشاء معلوم ہوتی ہے۔ ان کے ہاں وحی (تورات) کوہ سینا میں واضح طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہو گئی تھی۔[103]

رجعت پسند تحریک کے بانی زکریا فرینکل کا اپروچ مثبت تھا۔ جبکہ سلمان ریکچٹر نے 1902م میں اس تحریک کو جوائن کر کے بام عروج تک پہنچایا۔ یہ گروپ پرانی روایات کے ساتھ ساتھ جدت پسندی کو بھی قبول کرتے ہیں۔ اس گروپ نے بھی برخلاف قدامت پرست معاصر یہودیت کے طرح عورت کو مرد کے برابر حقوق دیئے ہیں۔ برخلاف قدامت پسند یہ گروپ معاصروں کی طرح کلیسا میں عورت و مرد دونوں کے اکٹھے بیٹھنے کے قائل ہیں۔

---

[101]: Andreas Braemer Rabbi Zacharias Frankel, **concept of Judaism and conservative reforms**, (USA: Warsawm Network Newyark 1902) volume 1 Pp.336-352.

[102]: Michael Cohen, **the Birth of Conservative Judaism, Solomon Schechter** (**USA:** New York, Columbia university Press 2003) V.1, pp.227-235

[103]: Daniel Elazar Judah and Geffen and Geffen M. Rela, **the Conservative Movement in Judaism, & America Jewish Society**, (USA: Albany State University of New York Press 2000) V.2, pp. 363-371.

سن 70 کے دہائی میں رجعت پسند عورت کو مرد برابر حیثیت دینے پر اختلاف پیدا ہو گیا تھا، لیکن 1973ء کو ووٹ کے ذریعے عورت کو پہلی بار کلیسا میں اور 1983ء کو تمام معاملات میں بشمول کاہنہ مقرر ہونے کا حق دیا گیا اور اسی طرح عورت کو گواہی دینے اور دیگر امور نمٹانے کا حق مل گیا۔ اس فرقے نے 2006ء میں ہم جنس پرستوں کو شادی کا حق بھی دیا۔[104]

1990ء کے دہائی میں رجعت پسند یہود کی آبادی کا تناسب 43٪ تھا لیکن بعد میں کم ہو گیا۔ برخلاف قدامت پسند رجعت پسندوں کے مطابق ہر وہ شخص یہودی ہو گا جس کے ماں یہودی ہو یا جس نے یہودی قوانین اور رسم و رواج کو اپنایا ہو۔ معاصر یہود کے بر عکس رجعت پسند نسب کو ماں کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہودیوں کو غیر یہود میں شادی نہیں کرنی چاہئیے لیکن اگر ہو جاتی ہے تو چلتا ہے۔

جبکہ معاصر یہود شادی کے معاملے میں وسعت نظری سے کام لیتے ہیں اور ہر کسی سے شادی کرنے کی اجازت ہوتی ہے اور اس نیم یہودی جوڑے کے بچوں کو یہودی بنانے کے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اس گروپ کا خیال ہیں کہ ہلاخا قوانین یہودیوں کے زندگی بدلتے ہوئے حقائق سے مطابقت رکھتے ہیں اور یہی تطبیق عصر حاضر میں بھی ہونا چاہئیے۔

اگرچہ کنزرویٹو جوڈائزم باقاعدہ سرکاری طور پر اسرئیل میں قابل عمل نہیں ہے۔ پھر بھی اسرئیل میں ان کے چالیس عبادت خانے اور تقریباً بارہ ہزار پیروکار ہیں۔ ریاست اسرئیل میں کنزرویٹو جوڈائزم کا نام ماسورتی ہے۔ اس کا ہیڈ کوارٹر یروشلم اور ذیل ہیڈ کوارٹر نیویارک واقع ہیں۔[105]

رجعت پسند یہودیت میں عورت کی گواہی کی حثیت

رجعت پسند گواہی کے معاملے میں عورت کو مرد کے برابر حثیت دیتا ہے یعنی عورت کی گواہی مرد کے برابر تصور اور تسلیم کی جا تی ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ تورات میں عورت و مرد ارتکاب جرائم پر قانون کی نظر میں یکساں قابل مواخذہ ہیں اس کے علاوہ دیبورہ نبیّہ جو بحثیت جج بھی کام کرتی تھی اس بات کی دلیل ہے کہ عورت مرد کے برابر گواہ بن سکتی ہے۔
ان کا خیال ہے کہ جو کوئی بحیثیت جج کام کر سکتی ہے تو وہ گواہ بھی بن سکتی ہے۔ اسرئیل نے 1951ء میں قانون پاس کیا ہے کہ مرد و عورت وارثت اور دوسری معاملات میں برابر ہیں اور عورت مرد کے برابر دیوانی، فوجداری اور مالی معاملات میں گواہ بن سکتی ہے[106]

---

[104]: www.google.com "Conservative Jews rabbis and union, last visited 20 August 2019.

[105]: www.New York times.com, About the Movement of Masorti jewslast visited 14th Sep, 2019.

Scanned with OKEN Scanner

3-7-1: معاصر یہودیت کا تعارف (Reformed Judaism) اور عورت کی گواہی

معاصر یہودیت، اصلاح پسند یا آزاد خیال یہودیت سے مراد یہود کا وہ فرقہ ہے جو بنیادی طور پر امریکا اور یورپ میں مقبول اور بڑھتی ہوئی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ یہ یہود عقائد و ظائف میں ہر حد تک جدید ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی عبادت عموماجمعہ کی شام کو ہوتی ہے۔ ان کے کنیسہ معبد کہلاتی ہیں۔ مرو خواتین بغیر سر ڈھانپے اکٹھے مل بیٹھتے ہیں۔ زیادہ تر عبادت میں مقامی بولی استعمال ہوتی ہے اور کبھی کبھار عبرانی زبان بھی استعمال ہوتی ہے۔

اصلاح پسند تحریک سے پہلے عورت کو نہ مذہبی آزادی حاصل تھی اور نہ معاشرتی۔ سائینو گاگ یا یہودی عبادت خانہ میں عورت کو نگرانی کی اجازت تھی اور نہ ماہر شریعت یا ماہر قانون بننے کی اجازت۔ حتیٰ کہ 1990ء، تک خواتین میں سے کوئی بھی نہ ربی بن سکا اور نگران معابد۔ جہاں کہیں عورت کو ربی بننے کی باتیں ہو رہی تھیں یا داروغہ رکھا جاتا تو وہاں بہت زیادہ مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا تھا یہاں تک کہ لوگ عبادت خانوں تک چھوڑتے تھے۔ لیکن اصلاح پسند یہودیوں نے ان حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے کلیساؤں میں خواتین داروغہ اور فقیہہ مقرر کئیں۔

اصلاح پسند ربّی جانتھن رومین نے لکھا ہے کہ خواتین کا معابد خانوں میں آنے پر کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کی کوششوں سے آج کل بہت سے معابد خانوں میں عورتیں داروغہ اور ربّی مقرر ہو گئیں ہیں۔ آپ اور آپ جیسے دیگر ربیوں کی کوششوں سے اصلاح پسند یہودیت آہستہ آہستہ نسوانی تحریک بنتی چلی گئی۔ یہ تحریک جنسی مساوات کی قائل ہے اور اس کے لئے کام کر رہی ہے۔[107]

اصلاح پسند یہودی تحریک سے پہلے خواتین کی مذہبی امور میں حصہ لینے پر سخت پابندی تھی۔ جس کی وجہ سے کرسچن یہودیت پر تنقید کرتے تھے کہ وہ خواتین کو مذہبی معاشی اور معاشرتی زندگی میں شامل نہیں کرتے۔ اسی تحریک کی وجہ سے پہلی بار 1851م نیویارک میں خواتین کو مردوں کے ساتھ سائینو گاگ میں جانے کی اجازت ملی۔ ریفارمڈ جوڈائزم کا ماٹو ہے "دنیا کی اصلاح کرنا"۔

اس کو لیبرل یا پراگریسیوے جوڈائزم بھی کہلاتا ہے۔ اس تحریک کی بنیاد 1843م کو ابرہام گیگر نے جرمنی میں رکھی۔ ابراہام گیگر (Abraham Geiger) اس تحریک کا بانی تصور کیا جاتا ہے انہوں نے 1838م میں اس کے اصول وضع کئے تھے۔ ابراہام گیگر 24 مئی 1810 کو فرینکفرٹ جرمنی میں پیدا ہوئے اور 23 اکتوبر 1874 کو برلن جرمنی میں وفات پا گئے۔ وہ یہودیت کے ماہر مذاہب، مصنف اور رہنما تھے۔

---

[107]: Romaine Jonathan, **Faith and Practice Reform Synagogues of Great Britain,**(London: William words worth Printing Press 1991), p-89.

Scanned with OKEN Scanner

اس تحریک کا سب سے بڑا مرکز آج کل شمالی امریکہ میں ہے۔ جس کی کئی چھوٹی بڑی شاخیں دنیا میں موجود ہیں جو کہ 12 جولائی 1926ء کو ورلڈ یونین فار پراگریسوے جوڈائزم میں یکجا ہو گئے ہیں۔ دنیا کی تقریباً پچاس ممالک میں اس کے ایک کروڑ اور اسی لاکھ سے دو کروڑ تک پروکار موجود ہیں۔ انھوں نے دنیا کے مختلف ممالک میں ریفارم، لیبرل اور پراگریسیوے جوڈائزم کے نام سے برانچیں کھول دی ہیں۔ اس تحریک کے پروکار 1885م کو جرمنی کی شہر پیٹس برگ میں جمع ہو کر ایک خدا کو ماننے اور اس پر پابند رہنے پر متفق ہو گئے۔ لیکن یہ لوگ موت کے بعد جسمانی طور پر دوبارہ زندہ ہونے کے منکر ہیں بلکہ ان کے خیال میں روحانی طور پر حشر ممکن ہے جسمانی طور پر نہیں۔

یہ لوگ مذہب میں اخلاقیات پر زور دیتے ہیں۔ ریفارمڈ جوڈائزم کے پیروکاروں کو مذہبی معاملات میں شخصی آزادی ہوتی ہے۔ 1945ء کو برٹش سائینو گاگ جو کہ بعد میں مومنٹ فار ریفارم جوڈائزم کے نام سے مشہور ہوا، نے بھی اس میں شمولیت اختیار کی۔

آج کل یہودی فرقوں میں اسی فرقہ کے پیروکار باقی دونوں فرقوں سے زیادہ ہے۔ ان کا عقیدہ ہے کہ یہودیت ایک قدیم مذہب بن چکا ہے اور اس کا بچاؤ جدت پسندی میں ہے ان کا خیال ہے سینائی تورات اب قابل عمل نہیں رہی بلکہ بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ تبدیلی ضروری ہے۔ اسی فرقے کی ایرون برنسٹین نے 1844ء میں لکھا کہ کسی بھی کتاب کے لئے تقدیس فطری نہیں ہے بلکہ یہ زمانے میں اس کی اہمیت پر منحصر ہوتا ہے اور انھوں نے اسفار خمسہ (Pentateuch) کی الہامی ہونے سے بھی انکار کیا بلکہ اس کو اپنے آباو اجداد کا علمی کاوش و خزینہ قرار دیا۔

اسی فرقے کے بانی ابرہام گیگر نے مشترکہ شادی کی اجازت دیکر سوشلزم آف وائیوز کا عملی مظاہرہ کیا۔ بعد میں ان کے ساتھ دیگر ربیوں نے اختلاف کیا۔ معاصر یہود کا پہلا باقاعدہ اجلاس 1954ء کو اسرائیلی شہر یروشلم میں منعقد ہوا۔[108]

اصلاح پسند یہودیت نے یہودیوں کے عقائد اور دنیا کی سیاسی، ثقافتی اور معاشی اقدار بشمول طریقہ عبادت قدامت پسندوں کا اور قانون و رسم و رواج تبدیل کئے ہیں۔ اس تحریک کے پہلے سروس ہاوس یا کلیسا جرمنی کی شہر سیسن برن سیوک میں 17 جولائی 1810ء کو عبادت کے لئے کھولا گیا جبکہ ربی اسرئیل جکب سن (1828-1768) نے ریفارمڈ سروس کا انعقاد 1815ء کو برلن میں کیا۔

[108]https //: www.google.com.reformed judaism Wikipedia, the page was last visited 25 July 2019 at 1:42 pm.

Scanned with OKEN Scanner

سن 1824ء کو جرمنوں نے ریفارمڈ یہودیت کو امریکہ لایا۔اور اسی طرح آہستہ آہستہ یہ تحریک پوری دنیا میں پھیل گئی۔ان لوگوں نے اپنے لئے ریفارمڈ (Reformed Prayer Books) بنوائی ہیں۔ یہ لوگ مہذب ظاہر ہونے کے لئے لوگوں کے ساتھ فاصلہ رکھتے ہیں اور معاشی طور پر اپنے آپ کو مضبوط کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔

ریفارمڈ جوڈائزم میں بہت وسعت ہے۔اس میں ہم جنس پرستوں، ہیجڑوں اور مرد پرستوں، عورت پرستوں اور برہینہ ہونا تمام کے لئے گنجائش موجود ہے۔ حتیٰ کہ اس میں غیر یہودیوں کے لئے بھی جگہ ہے۔اس میں لوگوں کو یہودیت اپنانے پر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ 1983ء میں امریکن کنونشن کے مطابق اگر ماں یہودیت اپنانے پر راضی نہیں ہو تو بچے باپ کے مذہب پر تصور ہونگے، بشرطیکہ کہ بچوں کی یہودی تعلیم وتربیت ہوئی ہو۔[109]

اس تحریک کے پیروکاروں کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے اور یہود خدا کے مقدس اور چنے ہوئے لوگ ہیں جبکہ یہ لوگ ریاستِ اسرائیل کو خدا کی منتخب شدہ زمین سمجھتے ہیں۔یہ لوگ توراتِ کو وحی اور لوگوں کے لئے ہدایت کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ان کا ایمان ہے کہ انسان خدا کی شکل میں بنایا گیا ہے اور خدا کو جواب دہ ہے۔ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ تلمود کے احکامات یہودیوں پر لاگو و لازم نہیں ہیں۔

اس تحریک میں مرد و عورت کو مساوی حقوق دیئے گئے ہیں۔ اصلاح پسند یہود قدامت پسند یہودں کے بعض قوانین اور عبادات کی تابعداری کرتے ہیں۔ مثلاً "کوشیر "(یہودی شریعت کا کھانا جو مچھلی، چھوٹے گوشت اور دودھ سے بنایا جاتا ہے)، ختنہ، سبت کے دن کام نہ کرنے کا التزام وغیرہ۔ ان لوگوں کے مطابق غیر یہودی بھی سائینوگاگ کے سروسز میں شامل ہوسکتے ہیں۔ان کے ہاں عورت کلیسا میں ربّی اور خدمت گزار بھی بن سکتی ہے اور سیلی پریسنڈا کو ء1972م میں پہلی خاتون ربی مقرر کیا گیا۔

ابراہام گیگر کے بعد دیگر اہم بانیوں میں ربّی اسحاق میئر وائز 1819-1900ء بھی تھے جنھوں نے 1841ء کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ریفارمڈ جوڈائزم کو از سر نو متحد کیا۔ وہ یہاں یہودی تعلیمی ادارے میں ربّی بن کر مرنے تک پڑھاتا رہا اور ایک رسالہ بنام "اسرائیلٹ شائع کرتا رہا۔

سن 2012ء میں ربّی ریک جیکب کو اس تحریک کا صدر بنایا گیا جبکہ میڈم ڈائرل میسنجر کو اس تحریک کی چیئر پرسن فار بورڈ آف ٹرسٹیز مقرر کر دیا گیا جو کہ ریفارمڈ جوڈائیزم میں عورتوں مساوی حقوق کے بارے میں ایک واضح اور زندہ ثبوت ہے۔

---

[109]: https //:www.google.com.reformed judaism article by Lawrence Englander 25 July 2019 at 5:30pm

Scanned with OKEN Scanner

معاصر یہودیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ: قدیم یہودیت کے بالعکس ریفارمڈ جوڈائیزم نے عورت کو تمام معاملات میں بشمول گواہی، مرد کے برابر حق اور حیثیت دی ہے۔۔ مثلاً صحت، تعلیم، خاندانی زندگی، معاشی، سماجی، معاشرتی اور عدالتی امور میں عورت کو مرد کے برابر حقوق دیئے گئے ہیں۔ ان کے نزدیک عورت ہر معاملے میں بلاروک ٹوک مرد کے برابر گواہی دے سکتی ہے۔ وہ مرد کی طرح مذہبی معاملات اور سائینو گاگ کی خدمت اور ربی بن سکتی ہے۔

معاصر یہودیوں کا استدلال ہے کہ لفظ آدمی، شخص، یا انسان، مرد و عورت دونوں شامل ہیں۔ جیسا کہ کہ تالمود میں ہے "وہ کچھ وجوہ کی بنا پر گناہ کرنے کے ارادے سے باز رہتا ہے اور اپنی اس بدی سے سچی توبہ کرتا ہے اس کے بارے میں زبور نویس کہتا ہے کہ برکت والا ہے وہ آدمی جو خداوند سے ڈرتا ہے، کیا صرف آدمی، عورت نہیں؟۔ "ہاں سب انسان لفظ آدمی، مضبوطی کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ بلکہ وہ جو اپنی جوانی میں توبہ کرتا ہے"[110]

یہاں اس عبارت سے یہ بات بلکل واضح ہے کہ لفظ آدمی میں مرو زن دونوں شامل ہیں۔ تو جہاں کہیں لفظ آدمی سے مرد کے لئے کوئی خاص حکم ہو یا مرد کو گواہی دینے کا حق دیا گیا ہے تو عین اُس میں عورت بھی شامل ہے۔ لہذا معاصر یہودیت میں عورت ہر معاملہ کی طرح گواہی دینے میں بھی مرد کے برابر ہے۔

معاصر یہود نے عہد نامہ قدیم کی کتاب عدد سے استدلال پیش کیا کہ عورت گواہی دینے میں مرد کے برابر ہے اور اگر کسی مقدمے میں صرف دو گواہ ایک مرد اور ایک عورت ہو تو گواہی قابل قبول اور جرم مستوجب سزا ہو گا۔ جیسا کہ کتاب تثنیہ شرع میں ہے۔ "اگر کوئی مرد کسی عورت سے شادی کرے اور وہ مشکوک ہو جائے کہ وہ لڑکی کنواری نہیں تھی۔ تو اس لڑکی کے والدین اس کے کنوارپن کی نشانیاں لے کر شہر کے بزرگوں کے پاس پھاٹک پر نکل آئیں اور دونوں ماں باپ اس لڑکی کے کنوارپن کی شہادت دیں تو مشکوک خاوند کو تادیب کے طور پر چاندی کے پچاس مثقال جرمانہ کیا جاتا ہے اور اس کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ اس عورت کے ساتھ رہے اور زندگی بھر اسے طلاق نہ دے لیکن اگر لڑکی کی شادی سے قبل غیر اخلاقی حرکت ثابت ہو جاتی ہے تو اسے سنگسار کیا جاتا ہے۔ یہاں لڑکی کی کنوارپن کے اثبات کے لئے باپ کے ساتھ ساتھ برابری کے بنیاد پر ماں بھی بطور گواہ شہر کے کاہنوں اور بزرگوں کے سامنے جاتی ہے اور اپنی گواہی ریکارڈ کرا لیتی ہے[111]۔

---

[110]: بیچ پولانو، تالمود، مکتبہ عناویم پاکستان سادھو کے گوجرانوالہ ج اول ص۔ 227۔

[111]: استثنا 22:13-21، ودولیم میکڈونلڈ، تفسیر الکتاب تثنیہ شرع، (لاہور: مسیحی اشاعت خانہ، سن 2016م) ج اول صفحہ 220-221۔

اس سے عیاں ہو جاتا ہے کہ معاصر یہودیت، یہودیت کی اصلی ماخذ سے مرد و زن کی یکساں گواہی پر دلیل پیش کرتے ہیں۔ معاصر یہودیت خاتون خانہ کو بھی بڑی اہمیت دیتی ہے۔ قدامت پسند یہودیت میں عورت کا گھر سے نکلنا معیوب سمجھا جاتا تھا۔ جبکہ معاصر یہودیت میں عورت اپنی مرضی سے جہاں چاہے زندگی بسر کر سکتی ہے۔ بابلین تالمود میں ہے " Any man who compels his wife to have intercourse with her, will have unworthy children"[112]

. یہودی گھرانوں میں گھریلو جھگڑے بہت ہوتے ہیں یہودی ربی میمون نے حکم دیا ہے کہ عورت مرد کے برابر ہوگی مرد خانہ کو لازم ہے کہ وہ اپنی بیوی کی اپنے سے زیادہ عزت و قدر کرے۔ عورت کو ڈرانا دھمکانہ نہیں بلکہ اسکے ساتھ شرافت سے باتیں کرنی چاہیئے۔[113]

قدامت پسند، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کا باہمی فرق

ریفارم جوڈائزم اب تک امریکی یہودیوں کی سب سے بڑی تحریک رہی ہے۔ 35 فیصد امریکی یہودی اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔ رجعت پسند یہودی 18 فیصد ہیں اور 10 فیصد یہودی آرتھوڈوکس ہیں۔ جب کہ 30 فیصد یہودی خود کو مذہب سے وابستہ قرار نہیں دیتے۔

معاصر یہودیت اور قدامت پسند یہودیت میں سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ معاصر یہودیت اور رجعت پسند یہودیت میں مرد و زن سائنو گاگ یا کلیسا میں عبادت کے لئے اکٹھے، جبکہ قدامت پرست یہودیت میں علیحدہ علیحدہ بیٹھ جاتے ہیں۔ معاصر یہود عورت کو کسی بھی عوامی عہدہ بشمول گواہی کے لئے اہل سمجھتے ہیں جبکہ قدامت پسند عورت کو کسی بھی عوامی عہدہ یا عوامی مقامات و اجتماعات کے لئے نااہل سمجھتے ہیں۔

قدامت پسندوں کے نزدیک عورت عدالتوں میں گواہی نہیں دے سکتی۔ قدامت پسند شرعی قوانین کی کتاب ہلاخا کو سختی سے فالو کرتے ہیں جبکہ معاصر یا جدت پسند اپنی آپ کو پابند نہیں سمجھتے قدامت پسند یہودیت میں ہر اس شخص کو یہودی تصور کیا جاتا ہے جس کی ماں یہودی ہو جبکہ معاصر میں ماں کا یہودی ہونا لازم نہیں ہے۔ قدامت پسند یہود کے مطابق یہودی قوانین میں بھی کسی قسم کی تبدیلی کے لئے تورات اور تالمود کی بنیاد ہونا چاہئے جبکہ معاصر کے نزدیک یہودی قوانین میں تبدیلی عصری تقاضوں اور انفرادی ضرورت کو مد نظر رکھ کر کی جاسکتی ہے۔

---

[112] [112]:استثنا22:13-21، ودیلیم میکڈونلڈ، **تفسیر الکتاب مثنیہ شرح**،(لاہور: مسیحی اشاعت خانہ، سن 2016م) ج اول صفحہ 220-221

[113]: تالمود19:15

Scanned with OKEN Scanner

ان کے نزدیک اگرچہ تورات اور تالمود تاریخی مقدس دستاویزات ضرور ہیں لیکن اس کا یہودی زندگی سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ تینوں فرقے خدا کی وحدانیت پر یقین رکھتے ہیں لیکن قدامت پرستوں کے نزدیک تورات اور تالمود خدا کی طرف سے وحی جبکہ جدت پسندوں یا معاصر یہود کے نزدیک وحی نہیں ہے۔ بلکہ تورات تاریخی قدیمی اور پاکیزہ یہودی روایات کو جبکہ تالمود مقدس ربیوں کے دلائل اور کہانیاں پیش کرتا ہے۔

قدامت پسندوں کے نزدیک تالمود زبانی قانون ہے جو نزول تورات کے وقت نازل ہوئی اور بعد میں ضابطہ تحریر ہوئی۔

قدامت پسند مورثی طور پر یہودی روایات کے محافظ و پیروکار ہیں جبکہ معاصر مورثی طور پر عصر حاضر کے تقاضوں کے پیروکار ہیں۔

قدامت پرست ماضی کے ساتھ سختی سے جڑی ہوئی ہے جبکہ معاصر اپنی ماضی کی تاریخ سے کوئی سروکار نہیں رکھتے۔ مختصر یہ کہ ریفارمڈ جوڈائزم میں مرد و عورت کو ہر معاملے میں یکساں حیثیت اور حقوق حاصل ہیں۔

معاصر یہود کے نزدیک کوشر فوڈ کی تیاری میں ربی کی موجودگی ضروری نہیں ہے تاہم شادی، عورت کی بپتسمہ، ختنہ اور جنائز میں ضروری ہوتا ہے۔ جبکہ طلاق کے معاملے میں ربی عدالت کی نامزدگی پر کردار ادا کرسکتا ہے۔ ربی تمام مذہبی معاملات کا نگران ہوتا ہے۔

خلاصہ باب: بابِ اول سات فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول یہودیت کی عقائد اور مختلف فرقوں سے متعلق ہے۔ فصل دوم میں یہودیت کی مقدس کتابوں جبکہ فصل سوم میں یہودیت کی مختلف مذہبی رسومات و تہواروں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ فصل چہارم یہودیت میں عورت کی مقام اور پنجم یہودیت میں گواہی کی مشروعیت و توضیح کا علمی جائزہ پیش کرتا ہے۔ اسی طرح فصل ششم عبادات، معاملات اور حدود میں عورت کی گواہی کا قضیہ جبکہ فصل ہفتم میں قدامت پسند، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کا تعارف اور عورت کی گواہی کا علمی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

2.0: باب دوم: عسائیت کا تعارف اور ارتقائی ادوار

عیسائیت کو مذاہب عالم میں ایک کلیدی اور بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ عیسائی یہودوں جیسے اہل کتاب ہیں۔ دنیا میں ایک بہت بڑی جماعت اپنی عقیدت کا مرکز عیسائیت کو سمجھتی ہے۔ یہ دنیا کے بڑے مذاہب میں شمار ہوتا ہے۔ یہ الہامی مذہب ہے، جو دنیاوی آبادی کے لحاظ سے پہلے نمبر کا مذہب ہے کیونکہ اس مذہب کا ایک خاصا یہ ہے کہ یہ مذہب تبلیغی ہے اور جس مذہب کی تبلیغ اور مشن جاری ہو تو اس سے اس مذہب والوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے لہٰذا اب موجودہ تناسب سے ٹوٹل دنیاوی آبادی میں 32 سے 33٪ فی صد لوگ عیسائیت کے پیروکار ہے۔ ایک لحاظ سے یہ تعداد دو ارب کے لگ بھگ آبادی شمار کی جاتی ہے۔ دنیا کے ہر ملک میں تقریباً اس مذہب کے پیروکار پائے جاتے ہیں۔

چونکہ عیسائیت مختلف نظریات اور عقائد کا مجموعہ ہے اس لئے اس مذہب کی ایک مسلَّم اور متفق تعریف نہیں کی جاسکتی ہے۔ اس مذہب کے ماننے والے چند ایک چیزوں میں مشترک ہیں باقی سب کے نظریات مختلف ہیں۔ لہٰذا اب یہاں چند کتب مستندہ سے تعریفات درج کئے جاتے ہیں۔

Christianity: The Religion founded by Jesus of Nazareth in the first century A.D. and centering in His life, mission and message". [114]

"وہ مذہب جس کی بنیاد پہلی صدی میں مسیح ناصری نے رکھی اور جس کا محور ان کی زندگی، مقصد حیات اور پیغام ہے۔" یہاں ان کے ہاں عیسائیت کے بانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو لیا گیا ہے لیکن یہ بات جدید تعریفات کی دنیا میں معتبر نہیں کیونکہ جدید عیسائیت میں اس بات کا سرے سے ذکر ہی موجود نہیں کہ اس مذہب کو کب پروان چڑھا اور اس مذہب کی مذہبی کتب کب سے زیر تحریر لائی گئی۔

اسی طرح ایک اور تعریف یوں کی جاتی ہے "ایسا مذہب جو تاریخی، اخلاقی، کائناتی، موحدانہ اور کفارے پر ایمان رکھنے والا ہو اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا اور انسان کے درمیان ایک رابطہ کے طور پر تصور کرتا ہو عیسائی کہلائے گا۔ یہ مذہب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس دنیا سے جانے کے بعد شروع ہونے لگا چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہودی زمانہ میں پیدا ہوئے تھے اس لئے

114: James MA Teller, **The American People's Encyclopedia**, (America: Chicagouniversity Printing Press, 1960) vol.5, P. 435

Scanned with OKEN Scanner

ان کو یہودی مذہب سے کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا جو کہ تاریخ کا حصہ ہے۔ انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا میں عیسائیت کی تعریف کچھ اس طرح کی گئی ہے۔ "عیسائیت وہ مذہب ہے جو اپنی اصلیت کو ناصرہ کے باشندے یسوع کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اور اسے خدا کا منتخب (مسیح) مانتا ہے۔[115]

جبکہ انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجن اینڈ اتھیکس کے مطابق عیسائیت وہ اخلاقی، کائناتی، موحدانہ اور کفارے پر ایمان رکھنے والا مذہب ہے جس میں خدا اور انسان کے تعلق کو خداوند یسوع مسیح کی شخصیت اور کردار کے ذریعے پختہ کر دیا گیا ہے۔[116]

عیسائیوں کا خیال ہے کہ ان کے مذہب کی بنیاد حضرت عیسیٰ علیہ اسلام نے رکھی ہے۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس مذہب کی تعلیم دی تھی وہ ان کے بعد کچھ ہی عرصہ میں ختم ہو گیا۔ اور اس کی جگہ ایک ایسے مذہب نے لے لی جس کی تعلیمات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اقوال اور ارشادات کے بالکل خلاف تھیں اور یہی نیا مذہب ارتقا کے مختلف مراحل سے گذرتا ہوا آج عیسائیت کی موجودہ شکل میں ہمارے سامنے ہے۔

یہودیوں کی طرح عیسائیوں کی مذہبی کتاب بھی بائیبل ہے۔ کتاب مقدس یا بائبل دو کتابوں کا مجموعہ ہے۔ پہلی کتاب جو عہد نامہ قدیم، عہد عتیق یا پرانا عہد نامہ انگریزی میں Old Testament کے نام سے مشہور ہے جس کی ذکر باب اول میں گزرا ہے۔ دوم کتاب نیا عہد نامہ یا عہد نامہ جدید New Testament کے نام سے مشہور ہے۔[117]

عیسائیوں کی مابین لاکھوں اختلافات کے باوجود عہد نامہ جدید ایک متفقہ مستند کتاب و حجت تسلیم کی جاتی ہے۔ عہد نامہ جدید انجیل متی سے شروع ہو کر مکاشفہ تک ہے۔ جو کل ستائیس کتابوں پر مشتمل ہے۔ جس میں مشہور چار اناجیل؛ متّی، مرقس، لوقا اور یوحنا) کے بعد رسولوں کے اعمال، مشہور پولس کے تیرہ یا چودہ خطوط اور اسی کے ساتھ عام خطوط جو سات یا آٹھ ہیں، اور آخر میں یوحنا کے نام منسوب مکاشفہ شامل ہے۔

ویسے تو ابتدائی صدیوں میں اناجیل اور بھی پائی جاتی تھی لیکن 325 عیسوی میں نیقیہ کی کونسل میں مستند ان چار کو قرار دیا گیا، باقی انجیلوں میں انجیل سبعین، انجیل عیسیٰ، انجیل برناس اور انجیل تذکرہ خاص مشہور ہیں، اسی طرح خطوط کی تعداد بھی سینکڑوں

---

[115] اینڈریوبل، انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا، عیسائیت (نیویارک امریکہ: دائرہ المعارف بریطانیکا انکارپوریشن، سن 2010م) جلد 5 صفحہ نمبر 693۔

[116]: لیوس مور، انسائیکلوپیڈیا آف ریلجن اینڈ اتھیکس (مزنگ لاہور: الناشر نگارشات، سن 2014م) جلد 3 صفحہ 581

[117]: ایف ایس خیر اللہ، قاموس الکتاب، (لاہور: مطبوعہ مسیحی اشاعت خانہ فیروزپور روڈ لاہور، 2007م) باب 7، ص 121۔

Scanned with OKEN Scanner

میں تھی لیکن کونسل کی اتفاق رائے سے یہی مقرر کر دی گئی۔یعنی چوتھی صدی عیسوی کے اوائل میں مختلف فیہ تھی بلکہ اس صدی کے آواخر میں جاکر کہی یہ کتب مستند شمار کی گئی ہے۔[118]

تحقیق یہ بات ثابت کرتی ہے کہ موجودہ عیسائیت کے بانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں بلکہ پولس رسول ہے جس کے چودہ خطوط بھی بائیبل میں شامل ہیں۔یہ بات بھی تحقیق سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کے عروج آسمانی کے بعد آپ کے حواری مخالفتوں کے طوفان کا مقابلہ کرتے ہوئے ہمہ تن دین عیسوی کی تبلیغ میں مصروف تھے اور وقت بوقت پیش آنے والی رکاوٹوں کے باوجود انہیں خاصی کامیابی حاصل ہو رہی تھی۔پولوس اپنے بارے میں کہتا ہے "آٹھویں دن میرا ختنہ ہوا،اسرائیل کی قوم اور بن یامین کے قبیلہ کا ہوں عبرانیوں کا عبرانی شریعت کے اعتبار سے فریسی ہوں"[119]

پولس کہتے ہے کہ میں نے یہ بھی سمجھا تھا کہ یسوع ناصری کے نام کی طرح سے مخالفت کرنا مجھ پر فرض ہے چنانچہ میں نے یروشلم میں ایسا ہی کیا اور سردار کاہنوں کی طرف سے اختیار پا کر بہت سے مقدسوں کو قید میں ڈالا اور جب وہ قتل کئے جاتے تھے تو میں بھی یہی رائے دیتا تھا۔تو اسی طرح ایک دن میں سردار کاہنوں کے پروانے لیکر دمشق جاتے ہوئے مجھ پر سورج سے زیادہ ایک نور آچمکا جس سے ہم سب زمین پر گر پڑے اور ہوش آنے پر میں نے عبرانی زبان میں یہ سنا کہ اے ساول تو مجھے کیوں ستاتے ہو۔

میں نے پوچھا تو کون ہے تو فرماتے ہو۔جواب ملا،میں یسوع ہوں جسے تو ستاتا ہے لیکن اٹھ اپنے پاوں پر کھڑا ہو کیونکہ میں اس لئے تجھ پر ظاہر ہوا ہوں کہ تجھے ان چیزوں کا بھی خادم اور گواہ مقرر کروں جن کی گواہی کے لئے تو نے مجھے دیکھا ہے۔

اور میں تجھے اس امت اور غیر قوموں سے بچاتا رہونگا جن کے پاس تجھے اس لئے بھیجتا ہوں کہ تو ان کی آنکھیں کھول دے تاکہ اندھیرے سے روشنی کی طرف اور شیطان کے اختیار سے خدا کی طرف رجوع کرے اور مجھ پر ایمان لانے کے باعث گناہوں کی معافی اور مقدسوں میں شریک ہو کر میراث پائیں۔[120]

پولس کا دعوی تھا کہ اس واقعہ کے بعد میں نے خداوند یسوع پر ایمان لایا اور اپنا نام بھی تبدیل کر کے ساول سے پولس کر دیا۔ شروع میں حواریوں میں سے کوئی بھی شخص ان کے اس دعویٰ کی تصدیق کے لئے تیار نہ تھے۔تاہم برناس حواری نے سب سے پہلے اس کی تصدیق کی اور ان کے تصدیق سے مطمن ہو کر دیگر حواری بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے۔

---

[118]: James MA Teller, **The American People's Encyclopedia**, (America: Chicagouniversity Printing Press, 1960) volume No. 3, P. 426.

[119]: فلپیوں 5:3

[120]: اعمال 26:19-9

بائیبل کی کتاب اعمال میں ہے کہ پولس یروشلم پہنچ کر حواریوں (شاگردوں) میں گھل مل جانے کی کوشش کی لیکن سب ان سے ڈرتے تھے کیونکہ ان کو یقین نہ آتا تھا کہ یہ شاگرد ہے لیکن برنباس نے اسے اپنے ساتھ رسولوں کے پاس لیکر بیان کیا کہ اس نے اسی طرح راستے میں خداوند یسوع کو دیکھا ہے اور یروشلم میں دلیری کے ساتھ خداوند کے نام کی منادی کرتا ہے تب ان کو یقین آکر اسے تسلیم کیا۔[121]

اسی طرح حواری بن کر وہ حواریوں کے دوش بدوش دین عیسوی کی تبلیغ میں مشغول ہو گیا۔اور عیسائی مذہب میں بڑا پیشوا بن گیا۔یہی شخص موجودہ عیسائیت کا بنیادی بانی ہے۔[122]

چونکہ برنباس بنیادی طور پر یہودی تھے اسلئے ان پر فطرت کا غلبہ تھا اگرچہ ان کی وجہ سے بہت سے لوگ عسائیت میں داخل ہو گئے لیکن پھر بھی اس نے رفتہ رفتہ مسیح کی خدائی، کفارہ اور حلول و تجسم کے عقائد کی کھل کر تبلیغ کرنا شروع کر دی۔ان کے اس عقائد سے بعض حواریوں نے پولس کی کھل کر مخالفت کی۔

ابتدا میں پولس عیسائیت کا سخت مخالف تھا لیکن بعد میں خوابوں کا سہارا لے کر عیسائیت کا بانی بن گیا ان کے طرف منسوب چودہ خطوط میں سے چار خطوط میں اتفاق ہے باقی دس خطوط میں شدید قسم کے اختلافات پائے جاتے ہیں۔پولس چونکہ براہ راست شاگرد نہیں تھا لیکن اپنی محنت سے رسول کا مقام پا کر آگے اپنے اقوال کو الہام یا وحی کا درجہ دیتا گیا۔"[123]

عیسائیت کے ارتقائی ادوار

دور ابتلاء: چوتھی صدی عیسوی کی ابتدا تک عیسائیت ایک مغلوب و مقہور مذہب کی حثیت سے دنیا میں موجود رہا۔اس دور کو عیسائی مؤرخین دور ابتلاء کہتے ہیں۔اس دور میں عیسائیوں پر سیاسی طور پر رومی اور مذہبی طور یہودی اور رومی دونوں مسلط تھے۔دونوں عیسائیوں پر بہت مظالم ڈھاتے تھے جبکہ عیسائی مذہب کا نظام عقائد وعبادات ابھی تک مدون نہیں تھے

---

[121] اعمال9:30-26

[122]: محمد تقی عثمانی مفتی، **عیسائیت کیا ہے**(مولوی مسافر خانہ کراچی: دار الاشاعت در العلوم کراچی، سن2006م) جلد نمبر1 ص82-83

مفتی محمد تقی عثمانی1943م صوبہ اترپردیش ضلع سہارن پور دیوبند میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد کا نام مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع تھے۔آپ نے دار العلوم کراچی سے تخصص فی الفقیہ کیا۔اس کے علاوہ جامعہ پنجاب سے ایم اے عربی اور جامعہ کراچی سے ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا۔اپ کا مہارت قانون کے علاوہ فقہ مالیات اور اسلامی بنکاری میں ہے۔آپ اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن اور سپریم کورٹ شریعہ بنیچ کی جج بھی رہے ہیں۔

[123] فرینک صفی اللہ خیر اللہ (ایف۔ایس خیر اللہ)، **قاموس الکتاب**،(لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن2007م)ص1200

ڈاکٹر ایف ایس صفی اللہ خیر اللہ1914م خیبر پختونخوا میں پیدا ہوئے اور1997 کو83 سال کی عمر میں کنیڈا میں انتقال کر گئے۔آپ مسیحی مصنف، ماہر تعلیم تھے۔

Scanned with OKEN Scanner

قسطنطین اعظم کا زمانہ: 306ء میں قسطنطین اعظم اول روم کا بادشاہ بنا اور اس نے عیسائی مذہب قبول کر کے اسے استحکام بخشا یہ عیسائیوں کے لئے تاریخی موقع تھا کہ سلطنت کے حکمران نے عیسائیوں پر مظالم توڑنے کی بجائے ان کے مذہب کی تبلیغ کر رہا تھا۔ اس نے قسطنطنیہ، یروشلم اور روم میں بہت سارے کلیسا تعمیر کیے اور عیسائی علماء کو بڑے بڑے وظائف دے کر ان کو مذہبی تحقیق کے لئے وقف کر دیا۔ اسی وجہ سے اطراف و اکناف میں عیسائیت کی پرچار ہوئی اور شرف قبولیت حاصل ہو کر مذہب کی تدوین ہوئی۔

عہد مجالس: چوتھی اور پانچویں صدی میں عیسائی مذہب کے بحث مباحثے اپنے عروج پر تھے۔ اسی دور میں عیسائیت کی بڑی بڑی کونسلیں منعقد ہوتی رہیں۔ اسلئے اس لئے اس زمانے کو عیسائی مؤرخین عہد مجالس یا مباحث کہتے ہیں۔

عہد گریگوری: یہ 313-539ء تک کے زمانے پر مشتمل ہے۔ اس عرصہ میں عیسائی مذہب سلطنت روما پر چھا چکا تھا اور قانون سازی پر بھی عیسائی مذہب چھائی رہا۔ اسی اثنا عیسائیت بھی دو گروپ یا سلطنتوں میں تقسیم ہوئی۔ ایک مشرقی سلطنت جس کا پایہ تخت قسطنطنیہ تھا اور اس میں بلقان یونان اور ایشائے کوچک مصر اور حبشہ کے علاقے شامل ہیں۔ ان علاقوں کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا بطریرک (پٹریاک) کہلاتا تھا۔ جبکہ مغربی علاقوں کا مرکز روم تھا۔ اور یورپ کا بیشتر علاقہ اسی کے زیر نگین تھا اور وہاں کا پیشوا "پوپ" یا پاپا کہلاتا تھا ان دونوں سلطنتوں اور مذہبی طاقتوں میں شروع ہی سے رقابت قائم ہو گئی تھی اور ہر ایک مذہبی برتری منوانا چاہتی تھی۔ رہبانیت نے بھی اسی عہد میں جنم لیا۔

عہد تاریک: یہ عرصہ 590ء سے شروع ہو کر شارلیمان کے دور 800ء تک رہا۔ گریگوری اول 590ء میں پوپ بنا اس وقت عیسائی دنیا تاریکی سے گزر رہی تھی۔ یہ عہد عیسائی مؤرخین تاریک دور سے یاد کرتے ہیں۔ کیونکہ عیسائیت کی تاریخ میں یہ زمانہ اور سیاسی اور علمی زوال اور انحطاط کا بدترین دور ہے۔ اسی دور میں اسلام عروج پا رہا تھا اور عیسائیت میں افتراق و انتشار کی وبائیں پھوٹ رہی تھیں۔

قرون وسطی: یہ دور 800 سے لیکر 1521ء تک کے عرصے پر محیط ہے۔ اسی دور کو قرون وسطی کا زمانہ کہلاتا ہے۔ اس زمانے کا وجہ شہرت وہ خانہ جنگی ہے جو پوپ اور شہنشاہ وقت کے درمیان عرصہ دراز تک جاری رہی۔

عہد افتراق عظیم: عہد افتراق عظیم سے مراد مشرقی اور مغربی کلیساؤں کے درمیان وہ زبردست اختلاف ہے جس کی بنیاد پر مشرقی کلیسا ہمیشہ کے لئے رومن کیتھولک چرچ سے جدا ہو گیا اور اس نے اپنا نام بدل کر "دی ہولی آرتھوڈوکس چرچ" رکھ لیا۔

صلیبی جنگیں: صلیبی جنگیں عیسائی مؤرخین کروسیڈ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ بیت المقدس اور فلسطین کا علاقہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا۔ اس وقت عیسائی کمزور تھے اور دوبارہ ان مقدس علاقوں پر قبضہ کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ لیکن جب مسلمان واپس کمزور ہونے لگے تو عیسائی بادشاہ نے اپنے مذہبی پیشواؤں کے اشارے پر بیت المقدس کو دوبارہ حاصل کرنے کا بیڑہ اٹھایا۔ یہ جنگیں سلجوقی، ترکوں اور ایوبی سلاطین کے خلاف لڑی گئیں۔

ان جنگوں سے پہلے مذہبی جنگ یا کروسیڈ کا کوئی تصو عیسائی مذہب میں نہیں تھا۔ لیکن 1095ء پوپ اربن روم نے کلیر مومنٹ کونسل مین اعلان کر دیا کہ کروسیڈ مذہبی جنگ ہے اور جو شخص اس میں حصہ لے گا اس کی مغفرت یقینی ہے اور جو شخص اس جنگ میں مرے گا وہ سیدھا جنت میں داخل ہو جائیگا۔ اسی طرح سات کروسیڈ لڑے گئے جن میں اخرکار عیسائیوں کو سلطان صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں بری طرح شکست ہوئی۔اس کے بعد پاپائیت کا اثر و نفوز گھٹنے لگا اور بد عنوانیوں کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو گیا۔

جس میں ایک دوسرے پر الزامات اور ضد و عناد جاری رہا۔ نتیجتاً 1378م کو عیسائی دنیا میں دو پوپ منتخب ہونے لگے۔ ہر ایک اپنے اقتدار اعلیٰ کا دعویدار تھا ایک کو فرانس اسپین وغیرہ کا جسے ایونن پوپ اور دوسراے کو اٹلی انگلینڈ اور جرمنی کا پوپ بنایا گیا جسے رومن پوپ کہا جاتا تھا۔

اصلاحی دور: جس وقت پاپائیت کی بد عنوانیاں اپنے عروج پر تھیں اس وقت بہت سے مصلیحین نے حالات کی اصلاح کی کوشش کی۔ اسی دور میں پوپ "ویکلف" نے پہلی دفعہ 1385ء کو بائیبل کا انگریزی ترجمہ کیا۔

مخالفین اصلاحی تحریک کو دبانے کے بھرپور کوشش کر رہے تھے۔ لیکن آخرکار 1483ء کو پروٹسنٹ فرقے کا بانی ماٹن لوتھر پیدا ہوا۔ جس نے پاپائیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھونک کر ان کی اجارہ داری کا خاتمہ کر دیا۔

انہوں نے سب سے پہلے مغفرت ناموں کی تجارت کے خلاف آواز اٹھائی جب اسے قبول کر لیا گیا تو پھر انہوں نے پوپ کے غیر معمولی ختیارات کے خلاف بغاوت کر دی۔ بپتسمہ اور عشاء ربانی کے سوا تمام عیسائی رسومات کو منگرٹ قرار دیا۔

مارٹن لوتھر نے پہلی دفعہ کلیسا کے خلاف جنگ لڑی اور بائیبل کی تشریح میں اپنے اسلاف سے اختلاف کی جرات کی۔ انگلستان کے بادشاہ ہنری ہشتم اور ایڈورڈ چہارم بھی اس تحریک سے متاثر ہو کر پروٹسنٹ کو کیتھولک چرچ کا مضبوط مدمقابل بنایا۔

Scanned with OKEN Scanner

عہد نشاۃ ثانیہ: اصلاحی دور کے بعد عہد نشاۃ ثانیہ شروع ہو جاتا ہے جس میں یورپ نے سائنس اور ٹیکنالوجی میں دنیا کو پیچھے چھوڑ کر آگے کے طرف گامزن ہونے لگا۔ یورپ کی وہ قومیں جو اب تک غاروں میں پڑی سو رہی تھیں بیدار ہوئی اور پادرری و پاپاؤں کی علم دشمنی و بد عنوانیوں نے ان کے دل میں مذہب سے شدید نفرت پید کر دی۔

عہد عقلیت: اسی عہد میں ہر چیز کے پرکھنے کی کسوٹی عقل تھی۔ ان لوگوں کا یہ نعرہ تھا کہ مذہب کے ایک ایک مزئے کو عقل کی کسوٹی پر، پرکھا جائے اور اس بات کو دریا برد کر دیا جائے جو ہماری عقل میں نہیں آتی۔ اس نظریہ کا سب سے بڑا حامی ولیم شلنگ ورتھ 1602ء تھے۔

عہد احیاء کی تحریک: تحریک عقلیت کی نتیجے میں رومن کیتھولک چرچ اور مذہب کو از سر نو زندہ کرنے کی تحریک شروع ہو گئی۔ اس تحریک کے علمبرداروں نے عقلیت پسندوں کے خلاف جنگ شروع کی۔ ان کے خیال میں رومن کیتھولک عقائد میں کسی تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ تحریک انسویں صدی میں شروع ہوئی تھی۔ اس تحریک کے نتیجے میں ایسے لوگ پیدا ہوئے جو دوبارہ تیرویں صدی کی خیالات کے نزدیک پہنچ گئے۔ اس تحریک کی علمبردار الیگزرینڈر ناکس 1757ء تھے۔[124]

[124]: محمد ظاہر ابو یحیٰ، تقابل ادیان، (پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2001م) جز اول صفحہ 245-252۔

1۔2: فصل اوّل: عیسائیت کی توضیح اور مختلف شاخیں: مسیحیت تثلیث کا عقیدہ رکھنے والا پیروکاروں کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا مذہب ہے۔ عیسائی حضرت مسیح، خدا اور روح القدس کو ایک اقنوم مانتے ہیں۔ جنہیں بالترتیب باپ، بیٹا اور روح القدس کا نام دیتے ہیں۔ سامی مذاہب میں عیسائیت کو بہت اہمیت حاصل ہے لیکن اس میں فرقوں کی جتنی بہتات ہے یہ کسی اور مذہب میں نہیں ہے۔ اور فرقہ بندی کی وجہ عیسائیوں کے حضرت عیسیٰؑ کے حوالے مختلف نظریات ہیں۔ مثلاً:

1: نصرانی یا ابیونی فرقہ: اس فرقے میں ایسے افراد شامل ہیں جو ابتدا میں سب کے سب یہودی تھے اور اکثریت نے حضرت عیسیٰؑ کو اپنے آنکھوں سے دیکھا تھا۔ یہ لوگ حضرت عیسیٰؑ کی الوہیت کے منکر تھے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ یوسف حضرت عیسیٰؑ کے باپ ضرور تھے لیکن حضرت مریم کا حمل روح القدس کے ذریعہ قرار پایا۔ یہ بھی ان ایمان ہے کہ حضرت عیسیٰؑ صلیب پر چڑھ جانے کی وجہ سے تمام انسانوں کے لئے کفارہ بن گئے ہیں۔[125]

2: دوسیٹس فرقہ: اس فرقے میں اکثریت غیر یہودی ہیں۔ اس فرقے کا عقیدہ ہے کہ مسیح خدا کو کلام کی حیثیت سے انسان کی نجات کے لئے دنیا میں آئے وہ خدا سے مختلف نہ تھے ان لوگوں نے اناجیل کے ان حصوں کو ماننے سے انکار کر دیا جن میں حضرت مسیح کی ولادت اور ابتدائی تیس سال کی زندگی کے واقعات مذکور ہیں۔ ان کا عقیدہ تھا کہ صلیب، احیا ثانیہ سب فریب ہے اور اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔

3: آریوسس: یہ فرقہ اپنے بانی آریوس کے نام سے مشہور ہوا۔ اس فرقے کا خیال ہے کہ بیٹے میں خدا کی کچھ صفات ضرور ہیں لیکن وہ باپ جیسا الوہیت کے صفات کا حامل نہیں ہے۔ بیٹے کو خدا نے پیدا کیا۔ وہ پیدائش سے پہلے موجود نہ تھے، لہٰذا وہ خالق کی طرح غیر فانی اور دائمی نہیں ہے۔ باپ کی ذات دائمی ہے جس کی نہ کوئی ابتدا ہے اور نہ انتہاء۔ جبکہ بیٹے کی ابتدا باپ سے ہے اور باپ بیٹے سے پہلے موجود تھا۔ آریوس کے نظریات کو مشرقی کلیساؤں میں غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی۔

4: اپولی نیرن: اس فرقے کے بانی کا نام اپولی نیرن تھا۔ اس فرقے کا عقیدہ ہے کہ یسوع انسانی جسم میں ضرور نمودار ہوئے لیکن وہ خدا کی روح اور خدا نہیں۔ لیکن پھر بھی ان میں الوہیت کی کچھ صفات ہیں۔

---

[125]: **محمد یوسف خان پروفیسر، تقابل ادیان**، (انار کلی لاہور: بیت العلوم سن 2009م) جز اول ص 218

Scanned with OKEN Scanner

5:پولسی فرقہ: یہ فرقہ پانچویں صدی عیسوی میں نمودار ہوا۔ اس فرقہ کا حضرت عیسیٰؑ کے متعلق یہ عقیدہ ہے کہ وہ خدا نہ تھے بلکہ وہ فرشتہ تھے۔ انہیں اللہ تعالی نے دنیا میں لوگوں کی اصلاح کے لئے بھیجا چنانچہ وہ کنواری مریم کے پیٹ سے ایک انسان کی شکل میں پیدا ہوئے اور اللہ نے انہیں ایک مخصوص جلال عطا فرمایا تھا۔ اسلئے وہ خدا کے بیٹے کہلائے۔ اس فرقے کے اثرات زیادہ تر ایشائے کوچک اور آرمینیا کے علاقوں میں رہے ہیں[126]

6:نسطوری فرقہ: اس فرقے کا ظہور پانچویں صدی عیسویں میں ہوا۔ اس فرقہ کا بانی نسطوریس 451 میلادی تھا۔ اس نے اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے ایک نیا فلسفہ پیش کیا۔ انہوں نے حضرت عیسیٰؑ کو دو قرار دے کر ان کے لئے دو حقیقتیں ثابت کیں ایک انسانی اور ایک خدائی۔ نسطوریس نے کہا کہ حضرت عیسیٰؑ کا خدا ہونا بھی درست اور انسان ہونا بھی برحق۔ یعنی حضرت عیسیٰ کی ذات میں دو خصلتیں جمع ہو گئیں تھیں۔ ایک بیٹا اور ایک مسیح۔ ایک ابن اللہ اور ایک ابن آدم۔ بیٹا خالص خدا ہے اور مسیح خالص انسان۔ لیکن ان کے یہ خیالات رومن کیتھولک چرچ نے مسترد کر دیے اور اس کے نتیجے میں اسے جلاوطن کر دیا گیا تاہم یہ فرقہ ابھی تک باقی ہے۔

7:یعقوبی فرقہ: چھٹی صدعیسوی میں اس فرقے کا ظہور ہوا۔ اس کے اثرات آج تک شام اور عراق میں پائے جاتے ہیں۔ یعقوب بردعانی اس فرقہ کا بانی تھا۔ ان کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ نہ صرف ایک شخصیت تھے بلکہ وہ صرف خدا ہی خدا تھے۔ اور ہمیں لباس میں پھرتے ہوئے نظر اتے ہیں گو ہمیں خدا انسان کی شکل میں نظر آتے ہیں۔

7:کرنتھیوں کا فرقہ: اس فرقے کا عقیدہ ہے کہ مسیح کے ظاہر ہونے سے پہلے خدا نا معلوم تھا اس نے سب سے پہلے بیٹا پیدا کیا اور اس سے کلمہ پیدا ہوا۔ جبکہ روحیں مسیح سے بزرگ تر ہیں۔ ان روحوں سے چھوٹی روحیں پیدا ہوئیں ان میں ایک روح کا نام ڈیمرگس تھے یہ اس خدا سے جو حقیقی خدا ہے اس سے ماہر ہے یعنی اسرئیلیوں کا خاص خدا ہے جس نے موسیٰؑ کو ان میں بھیجا اور ان کو عمل کرنے کے لئے شریعت دی۔ عیسیٰ ایک انسان تھا یوسف اور مریم کا حقیقی بیٹا تھا اور جب عیسیٰ پر مسیح نازل ہوا تو وہ ڈیمرگس سے مقابل ہوا اور اسی کی ترغیب سے یہودیوں کے سردار نے عیسیٰؑ کو پکڑ کر صلیب دی اور عیسیٰؑ کو قتل کیا گیا۔ تیسرے دن مسیح آسمان چڑھ گیا

---

[126]: اینڈریوبل، انسائکلوپیڈیا آف برٹانیکا، عیسائیت (نیویارک امریکہ: دائرہ المعارف بریطانیکا انکارپوریشن، سن 2010م) جلد 3 ص 397۔

8:یونانی فرقہ: اس فرقے کا عقیدہ ہے کہ روح القدس صرف باپ سے نکلتی ہے نہ کہ بیٹے سے۔ اور پوپ سے غلطی ہو سکتی ہے۔ پروٹسنسٹوں کے نزدیک یہ کفر ہے کہ پوپ سے گناہ سرزد نہیں ہوتا۔

9: سورمن فرقہ: یہ فرقہ تمام عیسائیوں کو کافر و بے دین سمجھتے ہیں اور ہر شخص کے لئے بارہ بیویوں تک جائز سمجھتے ہیں۔ ان کے پیشواں کے پاس پچاس بیویاں رہتی ہیں۔ یہ لوگ امریکہ کے دور سرحدوں پر آباد ہیں جن کی تعداد تقریباً اسی ہزار تک بن جا تی ہیں۔

10: پاسلیدی فرقہ: اس فرقے کی عقیدہ ہے کہ مسیح مصلوب نہیں ہوا بلکہ شمعون قرینی ان کی جگہ گرفتا کیا گیا اور صلیب پر چڑھایا گیا۔

11: ارجن کا فرقہ: اس فرقے کے عقائد افلاطونی اور عیسوی مذہب سے مرکب تھے یہ لوگ روح کے تاثیر کے قائل نہ تھے بلکہ صرف اپنے مجاہدہ کو ذریعہ نجات سمجھتے ہیں۔

12: سبیوس فرقہ: اس فرقے کا اعتقاد یہ تھا کہ خدا کی ذات سے ایک جز جدا ہو کر حضرت مسیح میں شامل ہو گیا اور اسی طرح دوسرا جز الگ ہو کر روح القدس بن گیا اور جو مصلوب ہوا وہ دراصل باپ تھا نہ کہ بیٹا۔[127]

ان چند مشہور فرقوں کے علاوہ عیسائیوں کے اور بھی بہت سے چھوٹے موٹے فرقے ہیں۔ لیکن ان چند مشہور کا ذکر یہاں کیا گیا۔

[127]: محمد تقی عثمانی مفتی، عیسائیت کیا ہے، (مولوی مسافر خانہ کراچی: دار الاشاعت در العلوم کراچی، سن 2003م) جلد نمبر 1 ص 39-34۔

Scanned with OKEN Scanner

2.2: فصل دوم: عسائیت کی مقدس کتابیں

عیسائیت ایک سامی مذہب ہے اور عہد نامہ جدید کو اپنی مقدس و الہامی کتاب مانتے ہیں جو کہ بائیبل کا دوسرا حصہ ہے اس میں کل ستائیس کتابیں شامل ہیں۔ اس کی موجودہ صورت کی مکمل تفصیل درج ذیل ہے۔ عہد نامہ جدید کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

1۔ تاریخی کتب (Historical Books)،2۔ تعلیمی کتب (Didactic Books)،3۔ کتاب کشف یا مکاشفہ (Revelation Books)

پھر تاریخی کتب کی پانچ اقسام ہیں

جن میں چار مشہور اناجیل: 1۔ انجیل متی 2۔ انجیل مرقس 3۔ انجیل لوقا 4۔ انجیل یوحنا اور پانچویں کتاب کا نام رسالہ اعمال الرسل ہے۔ ان کتب میں معجزات، تفصیلات اور سوانحی خاکے سمیت ایک تاریخی تفصیل ذکر ہے اعمال الرسل میں عیسائیت کی طرف دعوت دینے والوں اور خاص طور سے سینٹ پال کا ذکر کیا گیا ہے۔ مذکورہ اناجیل میں متی، مرقس اور لوقا کو متوافقہ اناجیل (Synoptic Gospels) بھی کہتے ہے کیونکہ ان کا اکثر حصہ ایک دوسرے کے ساتھ ملتا ہے۔

یہ بات تاریخ کا حصہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان آرامی تھی اور موجودہ کتب جو دنیا کے ہر زبان میں تراجم ہو چکے ہے ابتداً یونانی یا سریانی زبان میں لکھی گئی تھیں اور پھر دنیا کے مختلف زبانوں میں منتقل ہو چکیں ہیں۔ مصنف متی اور لوقا یونانی زبان استعمال کرتے تھے اور مرقس کی مادری زبان آرامی تھی، یونانی عام طور سے یہودی مذہب کی زبان اور تورات کو اس زبان میں تحریر کیا تھا اس لحاظ سے مرقس نے باوجود آرامی ہو کر یونانی زبان میں انجیل تحریر کیا تھا اور سب سے زیادہ عمدگی لوقا کی انجیل میں پائی جاتی ہے۔ اس کے بعد متی اور مرقس کا نمبر با اعتبار اسلوب کلام اور آسان فہمی کے اور یوحنا کی انجیل کو جسمانی اعتبار سے عبرانی اور لباس میں یونانی ہے۔[128]

آسانی کی خاطر پہلی چار کتابوں کو اناجیل اربعہ اور آخری کتابوں کو اعمال کہا جاتا ہے۔ چونکہ ان چار انجیلوں کو حضرت عیسیٰ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے لہذا ان پر ذرا تفصیل سے بیان کیا جاتا ہے جبکہ باقی کتابیں الہامی نہیں ہیں بلکہ عیسائیت کے پیروکار ان کتابوں کا مصنف پولوس یا ان کے شاگرد لوقا سمجھتے ہیں۔

---

[128]: Encyclopedia Britannica, Bible, 1974, Chapeter 5th P. 239- 241 and Encyclopedia of religions, NewTestament Biblical Literature 1987, Chapter Charistanity P. 23-126.

Scanned with OKEN Scanner

اس لئے اس میں حواریین اور پولس کے کارنامے بھی درج ہیں۔ اور اس پر اعتراضات و شکوک خود عیسائی مصنفین کی طرف سے وارد کئے گئے ہیں۔ اس مجموعے کو پانچویں صدی عیسوی کے بالکل آخر میں پوپ نے مستند قرار دیا ورنہ قبل ازیں اس کی استنادی حثیت کچھ بھی نہ تھی۔[129]

پوپ کے طرف سے مستند قرار دینے کے بعد عیسائیت میں مذکور چاروں اناجیل کی اہمیت بہت بڑھ گئی اور انہی عیسائی مذہب میں تقدس کی نظر سے دیکھی جاتی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ خدا کی وہ مقدس آسمانی کتاب جیسے "انجیل" کہا جاتا ہے ان میں سے کوئی بھی نہیں اور خود عیسائی مصنفین کو اس بات کا اعتراف ہے کہ اناجیل کی حثیت صرف اور صرف حضرت عیسیٰؑ کی سوانح عمری ہونے کی ہے۔

یہ خدا کی نازل کردہ انجیل ہر گز نہیں ہے۔ ان میں عیسیٰؑ کا نسب نامہ، بچپن، لڑکپن، جوانی اور بعثت اور پھر پیغمبرانہ کارنامے بیان کر کے آخر میں ان کی سولی، موت، دفن ہونے اور پھر قبر سے غائب ہونے تک کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔ ان کے مصنفین مجہول الحال اشخاص ہیں اور زمانہ تصنیف بھی اندازے سے متعین کیا گیا ہے۔ یہ کتاب اصل سریانی یا آرامی زبان میں بھی نہیں بلکہ یونانی میں ہے اور یونانی سے دیگر زبانوں میں ترجمے کئے گئے۔ اور پھر ترجمہ در ترجمہ کرتے ہوئے اصل متن کو بھولا گیا ہے۔

ان چاروں انجیلوں میں بے شمار اختلافات اور تضاد موجود ہیں جبکہ خدا کی کتاب میں تضاد نہیں ہو سکتا۔ انجیلوں میں ہمیشہ تحریف ہوتی رہتی ہے اور اب بھی ہو رہی ہے ہر ایڈیشن میں کمی و بیشی کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔[130]

اناجیل اربعہ کا مختصر تعارف مندرجہ ذیل سطور میں درج کی گئی ہیں۔

1:انجیل مرقس: The Gospel of Mark

یہ انجیل تمام اناجیل میں سب سے قدیم ہے۔ اس کا مصنف مرقس تھا۔ مرقس یونان کا رہنے والا تھا یہودی تھا پہلے پال اور برنباس کے ساتھ رہا اور ان کے تبلیغی دوروں میں مدد کرتا رہا۔ پھر پطرس کی رفاقت اختیار کر لی۔ پطرس کے قتل کے بعد مرقس نے یہ انجیل لکھی۔ اس کا سن تحریر 65ء تا 70ء بتایا جاتا ہے۔ یہ انجیل ابتدا میں یونانی زبان میں تحریر گئی تھی۔ یہ انجیل سولہ ابواب پر مشتمل ہے۔ جو کہ مختصر مگر پہلی تحریری انجیل ہے۔

---

[129]: محمد یوسف خان پروفیسر، تقابل ادیان، (انار کلی لاہور: بیت العلوم سن 2003م) جز اول ص 213-212۔

[130]: ایضاً ص 216-214

Scanned with OKEN Scanner

مرقس یسوع کی تعلیم اور معجزات کو مختلف انداز سے بیان کرتا ہے۔ اور سب سے بڑا معجزہ یسوع کی موت اور قیامت قرار دیتا ہے۔ یہ انجیل دیگر مذاہب سے مسیح کو نجات دہندہ قبول کرنے والوں اور ان مسیحیوں کے لیے لکھی گئی جو ایذا رسانی کا شکار تھے مسیحیوں پر ایذا رسانی بھی خداوند یسوع مسیح کی خوشخبری اور خدا کی بادشاہی کو روک نہیں سکتی۔

اس کتاب کے لکھنے کے مقاصد میں خاص کر یہ ہے کہ یہودیوں کو حیات مسیح سے روشناس کرایا جاسکے۔ اس انجیل کی ابتدا آسمانی بادشاہی سے شروع ہوتی ہے۔ مرقس نے اپنی آخری عمر روم میں گزاری اور وہیں اس انجیل میں اقوال سے کہیں زیادہ افعال عیسیٰ پر زور دیا گیا ہے۔ موت کو تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے اور وہ واقعات جو موت میں پیش آئے تھے ذکر ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا یہاں کہا گیا ہے اور اس کے لئے دلیل یہ پیش کی ہے کہ جو بندہ زندہ ہو جائے وہ ابن اللہ ہے ۔ خدا کی مرضی کو پورا کرنے کے لئے آئے تھے اور اسی خاطر آپ نے بیماروں کو شفا دینے، بدروحوں پر غلبہ پانا اور بہت سارے اور معجزات پیش کئے۔ یہاں بھی آسمانی بادشاہی اور اس کے ملنے کے شرائط کے ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دوبارہ آنے کا انتظار ذکر کیا گیا ہے۔ اس انجیل کے لکھنے کا دوسرا مقصد یہ تھا کہ اہل روم سے ملنے والی تکلیفوں پر عیسائی صبر کریں اور برداشت کر کے دفاعی کاروائی نہ کریں۔

1:2 انجیل متی: The Gospel of Mathew

انجیل متی اپنی مصنف متی نامی شخص کی طرف منسوب ہے جس کے حالات زندگی مبہم ہے۔ عہد نامہ جدید میں اس کا کوئی ذکر نہیں ملتا۔ یہ کتاب بھی یونانی زبان اور شہر انطاکیہ میں تحریر کی گئی تھی۔ اس کا سن تالیف 80ء تا 90ء بتایا جاتا ہے۔ یہ کتاب خاص طور پر یہودیوں کے لئے لکھی گئی تھی کیونکہ یہود حضرت موسیٰؑ کی شریعت سے بخوبی آگاہ تھے یسوع مسیح کی تعلیمات کی بنیاد پر پرانے عہد نامہ اور شریعت موسوی پر ہے اس کا مصنف متی یسوع مسیح کا شاگرد بتایا جاتا ہے۔

یہ کتاب اٹھائیس ابواب اور 1068 آیات پر مشتمل ہے جن میں زمانے کی ترتیب کا خیال رکھے بغیر حیاتِ مسیح، موت اور پھر موت سے دوبارہ زندہ ہو جانے کا ذکر، واقعات کی یکسانیت کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ اس کتاب میں متی نے مشہور خطبہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پہاڑی پر جا کر قوم کو مخاطب کر کے فرمایا تھا جو تین ابواب (باب پنجم سے ہفتم تک) ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

3:انجیل لوقا: The Gospel of Luke

تیسری انجیل لوقا کی ہے۔ لوقا یہودی نہیں تھے بلکہ یونانی الاصل تھا۔ اطالیہ کا رہائشی تھے ابتدا میں طبابت کا کام کرتا تھا۔ پولوس کو ان پر بڑا اعتماد تھا اور آپ کو محبوب طبیب کا نام دیا گیا تھا۔ پولوس جب روم میں اسیر تھے تو ایام اسیری ہی میں لوقا کو اس کی رقابت کا شرف حاصل ہوا۔ لوقا نے انجیل کے ساتھ ساتھ رسولوں کے اعمال نامی کتاب بھی لکھی ہے جو بائبل عہد نامہ جدید کا حصہ ہے۔ اس کتاب کا زمانہ تالیف اسیؔ 80 تانوے (80-90) بتایا جاتا ہے۔ لوقا پولوس رسول کا ساتھی تھا۔ اس نے یہ انجیل غیر یہودیوں کے لئے لکھی تھی۔

اس انجیل میں ان واقعات پر زور ہے جو غیر قوم گنہگار اور ردّ کئے ہوئے لوگوں کی قبولیت اور نجات سے متعلق ہیں۔ لوقا کے مطابق یسوع مسیح تمام انسانوں اور قوموں کا نجات دہندہ ہے۔ اس انجیل میں ان واقعات کا ذکر ملتا ہے جن میں غیر اقوام کے افراد نمایاں ہیں۔ یہ کتاب 24 ابواب پر مشتمل ہے۔

اس کتاب میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ مسیح کی حیات میں لوگوں کے لئے یہ واضح ہو سکے کہ مسیح انسانیت کا ایک نجات دہندہ ہے اور آپ نے اپنے آپ کو صلیب اس خاطر دیا کہ ساری انسانیت پیدائشی گناہ سے آزاد ہو جائے یہاں عقیدہ کفارہ کا ذکر کیا گیا ہے۔[131]

یہ انجیل باقی اناجیل سے زیادہ مکمل اور ضخیم تصور کی جاتی ہے۔ اس انجیل کی ابتدا کنواری مریم سے پیدا ہونے والا یسوع سے ہوتی ہے۔ یروشلم اور گلیل میں خدمت خدا کا تفصیلی ذکر یہاں موجود ہے۔ اس انجیل میں دوبارہ زندہ ہونے کے واقعات اور رفع سمآء کے وقت قوم اور حواریین کو دوبارہ اس دنیا میں آنے کا وعدہ دیا ہے اس لحاظ سے آج تک عیسائی دنیا عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کی منتظر ہے، جو کہ یہاں مذکور ہے۔

4:یوحنا کی انجیل: The Gospel of John

یہ چوتھی انجیل ہے اس کا مؤلف اگرچہ یوحنؔا حضرت عیسیٰؑ کا شاگرد بتلایا جاتا ہے۔ مگر جدید تحقیقات نے اس امر کو پایہ ثبوت تک پہنچایا ہے کہ اس کا مصنف یوحنا ایک اور شخص ہے۔ جو ایشیاء کوچک کا باشندہ تھا۔ اور پہلی صدی عیسوی کے آواخر میں ہو گزرا ہے۔ یہ انجیل بقیہ تینوں انجیلوں سے مضامین اور اسلوب بیان میں بالکل مختلف ہے۔ پہلی تینوں انجیلوں میں حضرت عیسیٰؑ کی

[131]: Encyclopedia Britannica, 1962, vol.5, p 634 and The New Catholic Encyclopedia, 1967, vol.1, p.1025.

تعلیمات مختصر لیکن جامع، جملے نہایت ناصحانہ انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ لیکن یوحنا کی انجیل میں یونانی فلسفیانہ انداز سے نہایت مدلل اور طوفانی تقریریں ہیں۔ جن کا موضوع بجائے آسمانی حکومت کے عیسیٰ علیہ السلام کی ذات ہے۔ اس میں یونانی فلسفہ کے گہرے اثرات پائے جاتے ہیں۔ بالخصوص مشہور یہودی فلاسفر "فیلو" اور اسکندریہ کے افلاطونی فلاسفرز کے خیالات و افکار کی امتزاج زیادہ ہے۔ جس کی مثال کتاب ہذا کی ابتدائی ایت ہے۔"ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا"[132]۔

یہ آیت عیسائی دنیا میں بہت مشہور ہے۔ جب بحث آتی ہے تین اقانیم کے سمجھانے کا تو جواب میں عیسائی سکالر یہی کہتے ہے کہ بعض عقائد کا ادراک بعض انسان نہیں کر سکتے اور اس کو نہیں سمجھ سکتے۔ اس کتاب میں مسیح کو خدا کا بیٹا کہنے پر زور دیا گیا ہے۔ سب سے پہلے الوہیت مسیح کا عقیدہ اس انجیل میں پیش کیا گیا۔ ناصحانہ انداز اپنایا گیا ہے اس وجہ سے کافی موثر بھی ہے مختصر اور انداز جامع ہے۔ دوسری اناجیل سے جدا حیثیت کی کتاب ہے۔

اس نے مسیح کی شخصیت کو بہت عمدہ طریقے سے پیش کیا گیا ہے۔ چونکہ اس کتاب کی مؤلف اور زمانہ تصنیف میں کافی اختلاف ہے۔ اس لئے اس کا سال تحریر بھی مختلف فیہ معمہ رہا ہے۔ اگر اس کو یوحنا کی تالیف تسلیم کی جائے تو اس کا سال تالیف 100ء کے لگ بھگ ہو گا۔ یعنی مقدس یوحنا کے مطابق یہ انجیل 90 سے کے درمیانی عرصہ میں 100ء میں لکھی گئی ہے۔

مقدس یوحنا یسوع مسیح کی زندگی اور کلام کو متی مرقس اور لوقا کی انجیل سے مختلف انداز میں بیان کرتا ہے۔ یوحنا ان سچائیوں پر خاص توجہ دیتا ہے۔ کہ یسوع خدا کا زندگی بخش کلمہ ہے ــ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ وہ المسیح ہے زندہ پانی کا سرچشمہ اور مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔

5: رسولوں کے اعمال

تاریخی کتب کی آخری کتاب رسولوں کے اعمال کے نام سے موسوم ہے اس کے مصنف بھی لوقا ہی کو ذکر کیا گیا ہے، اٹھائیس 28 ابواب پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کو 65 سے 70 عیسوی کے درمیان میں تصنیف کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دنیا سے چلے جانے کے بعد آپ کے حواریوں کے تبلیغی مشن کا ذکر ہے۔

---

[132]: مقدس یوحنا 1:1

کلیسا میں جمع لوگوں کی جماعت، انجیل کی منادی سامریہ کے علاقے میں، پطرس کی مصروفیات اور مسیحیوں کو ابتدائی مشکلات کے احوال و واقعات مذکور ہیں۔ اس کتاب کو لوقا اپنی پہلی کتاب کا حصہ شمار کرتے تھے لیکن بعد میں ان رسولوں کے اعمال کے درج ہونے کے وجہ سے اعمال الرسل کے نام سے مشہور ہو گئی۔

لوقا نے یہ بیان کرنے کی کوشش کی ہے کہ کس طرح عیسائی تبلیغی مشن دوسرے علاقے یعنی غیر یہودی علاقوں میں چلا گیا۔ اس کو عین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی اور دوبارہ جی اٹھنے کا پیغام بتایا گیا ہے کہ اس خوشخبری کو ساری دنیا میں پہنچادو اور جو اس پیغام کو آگے پہنچائے گا اس کو پاک روح عنایت کی جائے گی۔ اس جزا کو جب مسیحیوں نے سنا تو انہوں نے تکالیف کی پرواکئے بغیر اس مشن کو آگے پہنچادیا۔

2: تعلیمی کتابیں: Didactic Books

ان کتب کو تعلیمی اس وجہ سے کہا گیا ہے کہ ابتدائی ایام میں عیسائیت کو پوری دنیا میں پہنچانے کے لئے رسولوں نے عام یا خاص لوگوں کے طرف خطوط روانہ کئے اس میں شامل ہیں جو تبلیغ کا حصہ ہے۔ یہ خطوط تعداد میں 21 ہیں۔ جن میں 14 خطوط سینٹ پال، تین خطوط سینٹ یوحنا، دو خطوط سینٹ پیٹر، ایک خط یعقوب، ایک خط یہودا سے منسوب ہے۔ یہ خطوط اکثر رومیوں، فلپیوں، تمتاؤس اور ططس کے نام ہیں۔

پولوس رسول کی خطوط بمع ان کے نام درج ذیل ہیں:

1۔ رومیوں (Romans) 2۔ کرنتھیوں ا (Corinthians) 3۔ کرنتھیوں 2، (Corinthians) 4۔ گلیتیوں (Galatians) 5۔ افسیوں (Ephesians) 6۔ فلپیوں (Philippians)

7۔ کلیسوں (Colossians) 8۔ تھسلنیکوں 1 (Thessalonians) 9 تھسلنیکوں 2 (Thessalonians)
10۔ ا تمیتھیس (Timothy) 11۔ تمیتھیس (Timothy) 12۔ ططس (Titus)

13۔ فلمیون (Philemon) 14۔ عبرانیوں (Hebrews)

اور اس کے بعد جو مختلف خطوط ہیں وہ درجہ ذیل ہیں:

1۔یعقوب(James)2۔پطرس 1(Pater)3۔پطرس 2(Peter)4۔یوحنا 1(John)،5یوحنا 2(John)6۔یوحنا 3
(John)7۔یہودا(Jude)

پولس رسول کے خطوط کا محور عقیدہِ تصلیب، ابنیتِ مسیح اور کفارہ ہے۔ کیونکہ وہ براہ راست شاگرد نہ ہونے کی وجہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اقوال نقل نہیں کرتا بلکہ اپنے اقوال کو الہامی درجہ دے کر پیش کرتا ہے۔[133]

3:کتاب مکاشفہ:Revelation Book

مکاشفہ کی کتاب کے مصنف کو بھی یوحنا ہی ذکر کیا گیا ہے۔ زمانہ تالیف سن 68 عیسوی سے 95 عیسوی تک ذکر کیا جاتا ہے۔ یہ کتاب صوفیانہ انداز کی ہے اور عیسائیت کی طرف لوگوں کو دعوت دیتی ہے کیونکہ اس میں عقائد مذکور ہیں اور اس کو کیتھولک نے اپنے ہاں زیادہ قابل عمل مانا ہے۔ خدا کی صفات کا ذکر اس میں بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً: "وہ قادر مطلق ہے۔ اس کے کام بڑے اور عجیب ہیں۔"[134]

کتب مذکورہ سے ہٹ کر اور بہت ساری کتب کا ذخیرہ بھی موجود ہے لیکن ان کو استنادی حثیت حاصل نہیں ہے اس لئے ان کتب کو اپوکریفہ لٹریچر (Apocrypha) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے یعنی وہ کتب جو غیر الہامی، متروک اور عام لوگوں سے پوشیدہ کتب ہیں۔[135]

[133]: Arnold Meyer, **Jesus or Paul?, English Translated By J.Wilkinton,** (London: melyer R.j cs Publication, 1909), p 40.

[134] مکاشفہ،15:2

[135] : E.H. Palmer, the Encyclopedia of Christianity, Wilmington Delaware, 1964, p 307.

3-2: فصل سوئم: عسائیت میں حوارین کا تصور

حواری حور سے مشتق ہے۔ حور کے معنی ہیں ایک چیز سے لوٹ آنا۔ حور اصل میں سفیدی کو کہتے ہیں اور حور اس عورت کو کہا جاتا ہے جس کا رنگ سفید ہو۔ آنکھ کی سفیدی جو اعلیٰ درجے کی ہو حور کہلاتی ہے۔ یہ لفظ حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب کے لئے بولا گیا اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ حواری قصار کو کہتے ہیں جو کپڑے دھو کر سفید کرتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے اصحاب کو اس وجہ سے حواری کہا جاتا ہے کہ ان میں سے اکثر دھوبی تھے۔

حواری کے معنی مددگار اور ناصح کے بھی آتے ہیں۔ عیسائی حواریوں کو شاگرد کہتے ہیں۔ یہ اصل کے اعتبار سے "حبور" عبرانی زبان کی لفظ شاگرد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ قران مجید میں حواری کا مادہ موجود ہے۔ لقولہ تعالیٰ" واذاوحیت الی احوارین ان اٰمنوا بی ورسولی" آگے ارشاد ہے " واذ قال الحواریون یعیسی ابن مریم -----الی آخرہ"[136]

ترجمہ: اور جب میں نے دل میں ڈال دیا حوروں کے کہ ایمان لاؤ مجھ پر اور میرے رسول پر، تو کہنے لگے ہم ایمان لائے اور تو گواہ رہ کہ ہم فرمانبردار ہیں۔ اسی دوسری ایت کا ترجمہ ہے: جب کہا حواریوں نے اے عیسیٰؑ مریم کے بیٹے تیرا رب کر سکتا ہے کہ اتارے ہم پر خوان بھرا ہوا آسمان سے، بولا ڈرو اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے ہو۔

حضرت عیسیٰ کے بارہ حواری تھے جن کا نام اناجیل میں مندرجہ ذیل ہیں۔

پطرس، اندریاس، یعقوب، یوحنا، فلپس، برتلسمائی، توما، متی، یعقوب بن حلفی، تدی، شمعون قنانی اور یہوداا سکروتی۔[137]

حواریوں کا کام یہ قرار دیا گیا کہ بیماروں کو اچھا کرنا، مردوں کو جلانا، کوڑھیوں کو پاک وصاف کرنا، بدروحوں کا نکالنا اور انہیں حکم تھا کہ اپنے پاس کچھ نہ رکھیں۔ جس وقت حضرت عیسیٰ کا وصال ہوا تو اس وقت نہ تو عیسائی کو منظم جماعت تھی اور نہ یہود سے علیحدہ کوئی نام تھا۔ یہ تمام امور اور ذمہ داری حضرت عیسیٰؑ کے حوارین کے کندھوں پر آگئی۔ کیونکہ ان لوگوں نے براہ راست حضرت عیسیٰؑ سے اکتساب فیض کیا تھا اور براہ راست ان سے تعلیم حاصل کی تھی۔

اگرچہ ابتدا میں ان لوگوں نے حضرت عیسیٰؑ کو دشمن کے حوالے کر کے بھاگ نکلے تھے لیکن بعد میں اپنے کئے پر نادم تھے اور اس کی تلافی کا یہ طریقہ اختیار کیا کہ انہوں نے شریعت عیسوی کی تنظیم اور اشاعت کی طرف توجہ دینی شروع کر دی ان کی اس تبدیلی

---

[136]: المائدۃ ایت: 112-111

[137]: رسولوں کے اعمال 14:1۔

کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ان لوگوں نے بچشم خود حضرت عیسیٰؑ کو زندہ ہوتے ہوئے دیکھ لیا تھا اور ان لوگوں کو ان کے موجودگی اور اعانت کا شدید احساس تھا۔ ان لوگوں نے ہمت سے کام لیتے ہوئے انتہائی نامساعد حالات میں دین عیسوی کے پرچار کا بیڑا اٹھایا۔ اور تھوڑی ہی مدت میں شدید مخالفت اور قتل کی دھمکیوں کے باوجود ہزاروں معتقدین ان کے گرد جمع ہو گئے۔ انا جیل کی رو سے یہ لوگ "رسول" کہلاتے ہیں۔ ان میں سے چند ناموروں کا ذکر مندرجہ ذیل ہے۔

1: پطرس: پطرس کو انگریزی میں پیٹر کہا جاتا ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کے شاگردوں میں سنیٹ پیٹر کو سب سے بڑی اہمیت حاصل ہے۔ وہ پیشہ کے لحاظ سے مچھیرا تھا۔ عیسائی عقیدہ کے مطابق تصلیب کے بعد حضرت عیسیٰؑ نے پطرس پر خصوصی ظہور فرمایا۔ اور بنی اسرائیل کے بھیڑ بکریوں کو اس کے نگرانی میں دے دیا۔

حضرت عیسیٰؑ کے احیا ثانیہ کے بعد پطرس کی سرگرمی کا آغاز ہوتا ہے۔ رسولوں کے اعمال میں پطرس کے متعدد معجزات اور کارناموں سے بھرا ہوا ہے۔ مثلاً ان میں ایک معجزہ یہ بتلایا گیا ہے کہ مقام لدہ پر اخیاس نامی ایک مفلوج شخص کو جو آٹھ سال سے چارپائی پر پڑا تھا اٹھا کر کھڑا کر دیا اور یافا میں ایک نیک سرشت عورت تھی وہ مر گئی تو پطرس نے اسے دوبارہ زندہ کر دیا۔ اسی طرح پیدائیشی لنگڑے کو شفا دینا وغیرہ۔[138]

پطرس کے ان ہی معجزات کے باعث بہت سے لوگ عیسائی بن گئے۔ پطرس رومی چرچ کا پادری تھا اور پاپائیت کا آغاز اس کی ذات سے ہوتا ہے اور وہ مکتوبات کا مصنف تھا جو عہد نامہ جدید میں شامل ہیں۔

2: پولوس: عیسائیت کی تاریخ میں پطرس سے بھی زیادہ اہم شخصیت کا مالک ہے وہ ایک یہودی تھا پولوس نے حضرت عیسیٰؑ سے کبھی ملاقات نہیں کی اگرچہ تصلیب کے وقت وہ یروشلم میں موجود تھا۔ پولوس نے حضرت عیسیٰؑ کے پیروکاروں اور معتقدوں کی تکذیب میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس نے عیسائیت کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے دمشق کا سفر کیا لیکن راستے میں حضرت عیسیٰؑ نے اس پر ظہور فرمایا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عیسائیوں کا یہ قاتل ان کا محافظ بن گیا۔

پولوس نے عیسائیوں کے قتل میں جتنا بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس سے کہیں زیادہ اس نے عیسائیت کے پرچار میں جوش و خروش کا مظاہرہ کیا پولوس نے دعویٰ کیا کہ اس نے تعلیم براہ راست حضرت عیسیٰؑ سے حاصل کی ہے، ان کو 64ء میں قتل کر دیا گیا پولوس ہی کی کوششوں کا یہ ثمرہ ہے کہ آج عیسائی بین الاقوامی مذہب کے درجے پر فائز ہیں اور تعداد کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا

---

[138]: رسولوں کے اعمال 3:1-5۔

مذہب ہے۔ انہوں نے عیسائیت کی تبلیغ میں ناگفتہ بہ مصیبتیں جھیلیں۔ اسلئے پولوس کو عیسائیت کا بانی کہاجا تا ہے۔ پولوس کی تعلیمات میں سب سے اہم ترین نظریہ گناہ ہے وہ تمام انسانوں کو گنہگار سمجھتے ہیں۔ اور دلیل میں حضرت آدمؑ کے شجرہ ممنوع کھانے کے گناہ کو ذکر کرتا ہے۔ چونکہ انسان اس کی اولاد ہے اس لئے لازمی طور پر گناہ میں ملوث ہے لیکن خدا نے انسان کو اپنے بیٹے یسوع کے ذریعے نجات عطا فرمائی۔ کیونکہ وہ انسانوں کو نجات دلانے کی خاطر صلیب پر چڑھ گئے۔

3: یوحنا: حضرت عیسیٰؑ کے شاگردوں میں یوحنا بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یہ بھی مچھیرا تھا۔ حضرت عیسیٰؑ کی بعثت ہی سے وہ ان کے قریبی حلقہ میں داخل ہو گیا۔ حضرت عیسی نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں اپنی والدہ کی دیکھ بھال کا فریضہ بھی یوحنا کے سپرد کیا۔ ان کا انتقال پہلی صدی عیسویں کے آخر میں ہو گیا۔

یوحنا کے اپنے شاگردوں کا حلقہ بھی بہت وسیع تھا۔ یوحنا نے چوتھی انجیل کا مصنف ہے۔ ان کا بیان ہے کہ عیسائیوں نے اعتراف گناہ کر لیا ہے اور ان کو معاف کر دیا گیا ہے۔

حضرت عیسی کے خون نے ان تمام گناہوں کو دھوڈالا ہے۔ جو پہلے انسان سے سرزد ہوئے تھے۔ عیسائی خدا کے بیٹے ہیں اور رشتے کا تقاضا ہے کہ وہ خود کو گناہوں سے پاک رکھیں۔ محبت ہی زندگی کا عمدہ لوازمہ ہے۔ یسوع نے عیسایوں کے لئے جان کی قربانی پیش کی ہے۔ اس لئے عیسائیوں کو چاہئیے کہ وہ بھی اپنی جان قربان کرنے کے لئے آمادہ رہیں۔[139]

[139]: محمد ظاہر ابو یحییٰ، تقابل ادیان، (قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2004م) جز اول ص 241-239۔

2.4: فصل چہارم: عیسائیت میں طریقہ عبادت، اہم رسومات اور مختلف تہواریں

عیسائیت میں عبادت کی کئی طریقے ہیں جن میں چند مشہور مندرجہ ذیل ہیں

1: حمد خوانی: اس کا طریقہ یہ ہے کہ لوگ صبح اور شام کے وقت سائینو گاگ میں جمع ہو کر، پادری بائیبل کا کچھ حصہ پڑھتا ہے۔ اس دوران تمام حاضرین کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ عام طور پر زبور کا کچھ حصہ ہوتا ہے۔ زبور سے پڑھنے کے بعد حاضرین گھٹنوں کی بل جھک کر دعا کرتے ہیں۔۔ اس دوران گناہ کے اعتراف کے طور پر آنسوں بہایا جاتا ہے۔ جو ایک پسندیدہ عمل سمجھا جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ دعا کی جاتی ہے۔

"اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے تیرا نام مقدس ہے۔ ہم اعتراف کرتے ہیں کہ ارض وسماء پر تمہاری مرضی اور بادشاہت ہے ۔اے باپ ہماری روز کی روٹی آج ہمیں دے اور ہمارے قرض ہمیں معاف فرمائے جس طرح اپنے قرض داروں کو معاف کرتے ہیں۔ ہمیں امتحان میں مت ڈال بلکہ بدی سے محفوظ فرما کیونکہ بادشاہت، اختیار اور جلال ہمیشہ تیرا ہی ہے۔ آمین"[140]

روزہ: روزہ انجیل سے ثابت ہے۔ جیسا کہ عہد نامہ جدید انجیل متی میں ہے

"اور جب تم روزہ رکھو تو ریاکاروں کی مانند اپنا چہرہ اداس نہ بناؤ کیونکہ وہ منہ بگاڑتے ہیں۔ تاکہ لوگ انہیں روزہ دار جانیں۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنا اجر پا چکے۔ لیکن جب تو روزہ رکھے۔ سر پر تیل لگا اور منہ دھو۔ تاکہ آدمی نہیں بلکہ تیرا باپ جو چھپا ہوا ہے۔ تجھے روزہ دار جانے اور تیرا باپ چھپکے سے دیکھ کر خفیہ طریقے سے تجھے بدلہ دے گا۔[141]

زکاۃ: اسی انجیل متی میں ہے "جو اپنا دولت، خیرات، عشر (زکاۃ) فخر اور نمائش کے لئے دیتا ہے اس سے افضل یہ ہے کہ بندہ اپنے گناہ و غلطی پر نادم ہو۔ اور تم صدقہ کرتے ہو تو خفیہ طریقے سے ہونا چاہیے۔ ریاکار جیسے عبادت خانوں اور گلیوں میں لوگوں کو دکھاوے کے لئے خیرات نہیں کرنا چاہئیے تاکہ لوگ ان کی تعریف کریں میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ وہ اپنا اجر پا چکے۔[142]

اسی طرح یہ بھی ارشاد ہے کہ "اگر کوئی دولت مند ہیکل کے خزانے میں بہت زیادہ رقم دیدے اور ایک نادار بیوہ خلوص نیت سے دو دمڑی دے تو اس کی زکاۃ کا مرتبہ اس دولت مند سے زیادہ ہے۔"[143]

---

[140]: محمد ظاہر ابو یحییٰ، تقابل ادیان، (قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، سن 2004م) جز اول ص 220

[141]: متی 6:16-18

[142]: متی 6:1-3

Scanned with OKEN Scanner

اہم رسومات: عیسائیت میں دو رسموں کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ ایک بپتسمہ اور دوسری عشائے ربانی جبکہ تیسری رہبانیت بھی اہم تصور کی جاتی ہے۔

1: بپتسمہ: یہ عیسائیت کی پہلی رسم ہے۔ عیسائیت میں داخل ہونے والے ہر شخص کے لئے اس رسم کا ادا کرنا ضروری ہے۔ بپتسمہ کئے بغیر کوئی شخص مذہبی طور پر عیسائی نہیں بن سکتا۔ عیسائیت کا ایمان ہے کہ بپتسمہ کرنے سے انسان یسوع کے واسطے ایک بار مر کر دوبارہ زندہ گی پاتا ہے اور یہ موت در حقیقت اس کے گناہوں کی سزا ہوتی ہے۔ اس کے بعد انسان گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

بپتسمہ کا ایک خاص طریقہ ہے۔ بپتسمہ لینے والے شخص کو ایک کمرے میں لیجا کر مغرب کی طرف منہ کر کے لٹایا جاتا ہے اور وہ دونوں ہاتھوں کو مغرب کی طرف پھیلا کر دعا مانگتا ہے اے شیطان میں تم سے اور تمہارے عمل سے استبراء کرتا ہوں۔ اس کے بعد مشرق کی طرف منہ کرتے ہوئے اپنی زبان سے عیسائی عقائد کا اقرار کرتا ہے۔ اور پھر ایک اور بند کمرے میں لے جایا جاتا ہے۔ جہاں اس کے تمام کپڑے اتار کر اسے مکمل برہنہ کر دیا جاتا ہے اور سر تا پاؤں دم شدہ تیل اس کے جسم پر ملا جاتا ہے۔

پھر اسے ایک حوض میں ڈالا جاتا ہے اور اس سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا وہ باپ، بیٹے اور روح القدس پر عیسائی عقائد و تفصیلات کے مطابق ایمان رکھتا ہے یا نہیں؟ جواب اثبات میں پا کر اسے حوض سے نکال کر سفید کپڑے پہنائے جاتے ہیں جو اس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ یہ شخص اب گناہوں سے پاک و صاف ہو گیا ہے جیسا کہ یہ سفید کپڑا صاف ہے اس کے بعد اس شخص کو جلوس کی صورت میں کلیسا لے جایا جاتا ہے۔[144]

عشائے ربانی: عشائے ربانی عسائیت میں بہت اہم رسم ہے یہ قربانی حضرت عیسی علیہ السلام کی یادگار کے طور پر منائی جاتی ہے کیونکہ ان کا خیال ہے کہ حضرت عیسیٰؑ نے مزعومہ گرفتاری سے ایک روز پہلے حواریوں کے ساتھ عشاء کا کھانا کھایا تھا۔ کھانے کی اس مجلس کا حال انجیل متی میں ذکر کیا گیا ہے۔

---

[143]: محمد طاہر ابو یحییٰ، **تقابل ادیان**، (قصہ خوانی پشاور: مکتبہ امدادیہ، 2004م)، جز اول ص. 221-220

[144]: محمد یوسف خان پروفیسر، **تقابل ادیان**، (انارکلی لاہور: بیت العلوم، 2003م)، جز اول ص216-215

Scanned with OKEN Scanner

فرمایا گیا"جب وہ کھانا کھارہے تھے تو عیسیٰؑ نے روٹی لیکر اس میں برکت دیتے ہوئے توڑی ڈالی اور شاگردوں کو دے کر فرمایا۔ لو کھالو یہ میرا بدن ہے۔ پھر پیالہ لے کر شکر کیا اور شاگردوں کو دے بولا' آپ سارے اس میں سے پیو۔ کیونکہ یہ میرا وہ خون ہے جو بہت سے لوگوں کے لئے گناہوں کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہے"[145]

مقدس لوقا میں اس واقعہ پر اتنا اضافہ کیا گیا ہے کہ اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے فرمایا کہ " یہ میرا بدن ہے جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہے۔ میری یادگاری کے لئے یہی کیا کرو"[146]

عشاء ربانی کی رسم اسی حکم کی تعمیل کے طور پر منائی جاتی ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ ہر اتوار کو کلیسا میں ایک اجتماع ہوتا ہے۔ آغاز میں دعائیں، اور نغمے پڑھے جاتے ہیں۔ پھر شرکاء ایک دوسرا کا بوسہ لے کر مبارک باد دیتے ہیں پھر روٹی اور شراب لا کر صدر مجلس اس پر باپ بیٹے اور روح القدس کے وساطت برکت کی دعاء کرتا ہے اور شرکاء مجلس اس پر آمین کہتے ہیں۔ اس کے بعد کلیسا کے خادمین اس روٹی اور شراب کو تمام شرکاء میں تقسیم کرتے ہیں۔

اس کے فوراروٹی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بدن بن جاتی ہے اور شراب ان کا خون اور شرکائے مجلس اسے کھاپی کر عقیدہ کفارہ کو تازہ کرتے ہیں۔[147]

رسم ختنہ: ختنہ کا حکم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقت سے چلا آتا ہے۔ کتاب پیدائش میں ہے "پھر خداوند نے ابراہیم سے کہا اور اس سبب سے تو اور تیرے بعد تیری نسل اپنی پشتوں میں میرا عہد مانیں اور میرا وعدہ جو میرے اور تمہارے درمیان اور تیرے بعد تیری اولاد کے درمیان ہے اور جسے تم مانو گے سو وہ یہ ہے کہ تم میں سے ہر اولاد نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔ اور تمہاری نسل در نسل ہر لڑکا جب وہ آٹھ دن کا ہو جائے ختنہ کیا کرو۔ اور میرا یہ وعدہ آپ کے وجود میں دائمی وعدہ ہو گا اولاد نرینہ جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔ اپنے لوگوں میں سے نکال دو کیونکہ اس نے میرا وعدہ توڑ ڈالا ہے۔[148]

---

[145]: متی 26:26

[146]: لوقا 19:22

[147]: Justin Martyr, Apol. Quoted by F.C Burkett "The Christian Religion" Volume III, P. No.149.

[148] پیدائش 17:14-1

Scanned with OKEN Scanner

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے بائیبل میں ارشاد ہے۔"کہ بنی اسرائیل سے کلام کر اور کہہ کہ جب عورت حاملہ ہو جائے اور لڑکا جنے تو وہ اس کے حیض کی ناپاکی کے دنوں کی مانند سات دن تک ناپاک ہوگی اور آٹھویں دن لڑکے کا ختنہ کیا جائے"۔[149]

اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی ختنہ ہوا تھا جس کی تصریح انجیل لوقا میں ہے۔"اور جب اس کے ختنہ کرانے کے لئے آٹھ دن پورے ہوگئے تو اس کا نام یسوع رکھا گیا۔ جو فرشتے نے اس کے رحم میں پڑنے سے پہلے رکھا تھا۔[150]

عیسائیت میں رسم ختنہ کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے اور بپتسمہ کے ساتھ ہی اسی رسم کو ادا کیا جاتا ہے۔

رسم رہبانیت: عیسائیت میں یہودیوں کے طرح رہبانیت کا رجحان پایا جاتا ہے۔

عیسائیت کی اہم تہواریں: عیسائیوں کی مختلف تہواریں ہیں جن میں مندرجہ ذیل اہمیت کی حامل ہیں۔

1: اتوار کا دن: عیسائی اتوار کو مقدس جانتے ہیں۔ اور اس دن گرجا گھروں میں جمع ہو جاتے ہیں۔ اسی دن یونانی مشرکوں کے ہاں سورج دیوتا کی پوجا کے لئے مقرر تھا۔ اسلئے اسی انگریزی میں سنڈے کہتے ہیں۔ اور یہ مشرکوں کو خوش کرنے کے لئے مقرر کیا گیا تھا ان کی دیکھا دیکھی عیسائیوں نے بھی اسے مقدس سمجھنا شروع کر دیا اور اب یہ ان کے ہاں ایک مقدس دن اور تہوار بن گیا ہے۔

2: کرسمس: عیسائی تاریخ و تہواروں میں یہ دن ایسا ہی سمجھا جاتا ہے جیسے مسلمانوں کی عید کا دن منایا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ عیسائیوں کا سالانہ تہوار ہے جو ہر سال کلینڈر کے مطابق پچیس دسمبر کو حضرت یسوع مسیحؑ کی سالگرہ کی یاد میں منایا جاتا ہے اور یہ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ اس تاریخ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت ہوئی تھی اسی کی خوشی میں کیک کاٹے جاتے ہیں اور مختلف قسم کے طریقوں سے خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے۔

---

[149]: احبار 12:3-2

[150]: لوقا 2:21

ایسٹر کا تہوار: عیسائیت کا عقیدہ ہے کہ یسوع مسیحؑ کو جب سولی پر چڑھا دیا گیا تو وہ تین دن بعد اکیس مارچ بروز اتوار دوبارہ جی اُٹھے ۔ اسی دوبارہ زندہ ہونے کی خوشی میں عیسائیت اکیس مارچ یا اس کے فورا بعد آنے والی پہلی اتوار کو ایسٹر منایا جاتا ہے۔ اسی دن کو ایرانی بطور "نوروز" مناتے ہیں اور ہندوں نے اسے بسنت کا دن ٹھہرایا۔

اسی طرح مصر اور آئرلینڈ کے لوگ "ایسٹر" کو "آسٹر" کہتے ہیں جس کا مطلب ہے بہار کی دیوی۔ اس اعتبار سے ان کے یہاں یہ "بہار کی معبود یا دیوی" کی تقریب ہوتی ہے۔ اور یہی دیوی کا تصور سامی اقوام میں "اِشتر" یا "استارتہ" کہلاتی ہے۔ مختصر یہ کہ ایسٹر کی تقریب دراصل بہار کی دیوی کی تقریب ہوتی ہے۔[151]

---

[151]: محمد یوسف خان پروفیسر، تقابل ادیان، بیت العلوم 2003، جز اول ص 217۔

Scanned with OKEN Scanner

2.5: فصل پنجم: عیسائیت کے مختلف عقائد

یسوع مسیحؑ اور موجودہ عیسائیت کی تعلیمات مکمل طور پر ایک دوسرے سے جدا ہیں۔ چونکہ موجودہ عیسائیت کا بانی پولوس تھا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حواری نہیں تھا بلکہ سخت دشمن تھا۔ اس نے شریعت کو لعنت ٹھہرا کر عیسائیوں کے لئے موسوی قانون کی تمام پابندیاں اٹھادیں۔ کھانے پینے اور ذبح میں حلال و حرام کا فرق مٹادیا، ختنے کا حکم منسوخ کر دیا۔ عیسائیت میں زیادہ تر یونانی اور رومی مذہب کی مشرکانہ رسومات کو شامل کر کے ایک مشرکانہ مذہب بنادیا۔ عیسائیت کے اہم عقائد مندرجہ ذیل عقائد ہیں۔

1: عقیدہ تثلیث: عقیدہ تثلیث سے مراد بمطابق انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا یہ ہے "کہ باپ خدا ہے، بیٹا خدا ہے، اور روح القدس خدا ہے۔ لیکن یہ مل کر تین خدا نہیں ہیں۔ بلکہ ایک ہی خدا ہے اس لئے کہ عیسائی نظریے کے مطابق ہم جس طرح ان تینوں میں سے ہر اقنوم کو خدا سمجھنے پر مجبور ہیں اسی طرح ہمیں کیتھولک مذہب بھی ان تینوں کو ایک خدا سمجھتے ہیں نہ کہ تین خدا یا تین آقا سمجھنے لگیں"[152]

اسی بات کو قدرے تفصیل سے بیان کرتے ہوئے تیسری صدی عیسوی کے مشہور عیسائی عالم اور فلسفی سینٹ آگسٹائن اپنی مشہور کتاب "ان دی ٹرینٹی" میں لکھتے ہیں۔ "عہد قدیم اور عہد جدید کے وہ تمام رومن کیتھولک چرچ کے پیروکار علماء جنہیں پڑھنے کا مجھے موقعہ ملا ہے اور جنہوں نے مجھ سے پہلے ٹرینٹی کے حوالے سے لکھا ہے وہ سب مقدس صحائف کی روشنی میں اس نظریئے کی تعلیم دیتے ہیں کہ باپ، بیٹا اور روح اقدس مل کر ایک خدائی وحدت تیار کرتے ہیں، جو اپنی ماہیت اور حقیقت کے اعتبار سے ایک ناقابل تقسیم ہے۔

اسی وجہ سے وہ تین خدا نہیں ہیں، بلکہ ایک خدا ہے اگرچہ باپ نے بیٹے کو پیدا کیا۔ لہذا جو باپ ہے وہ بیٹا نہیں، اسی طرح بیٹا باپ سے پیدا ہوا ہے اس لئے جو بیٹا ہے وہ باپ نہیں ہے۔ اور روح القدس بھی نہ باپ ہے نہ بیٹا بلکہ باپ اور بیٹے کی روح ہے جو دونوں کے ساتھ مساوی اور تثلیثی وحدت میں ان کی حصہ دار ہے۔ لیکن یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ تثلیثی وحدت ہی کنواری مریم کے پیٹ سے پیدا ہوئی۔ اسے پیلاطس نے پھانسی دی۔ اسے دفن کیا گیا اور پھر یہ تیسرے دن زندہ ہو کر جنت میں چلا گیا کیونکہ یہ واقعات تثلیثی وحدت کے ساتھ نہیں۔ صرف بیٹے کے ساتھ پیش آئے تھے۔

---

[152]: انسائیکلوپیڈیا اف برٹانیکا، "الطا جلد 3 ص 408، لبنان 1959ء۔

اسی طرح یہ بھی نہ سمجھنا چاہیئے کہ یہی تثلیثی وحدت یسوع مسیح پر کبوتر کی شکل میں اس وقت نازل ہوئی تھی جب اسے بپتسمہ دیا جارہا تھا۔ اور یسوع بپتسمہ پا کر فی الفور پانی سے نکل کر اوپر آیا اور دیکھو اس کے لئے آسمان کھل گیا اور اس نے خدا کی روح کو کبوتر کی مانند اترتے اور اپنے اوپر آتے دیکھا"۔[153]

بلکہ یہ واقعہ صرف روح القدس کا تھا، علی ہذا القیاس یہ سمجھنا بھی درست نہیں کہ جب یسوع مسیح کو بپتسمہ دیا جارہا تھا یا جب وہ اپنے تین شاگردوں کے ساتھ پہاڑی پر کھڑا تھا اس وقت تثلیثی وحدت نے اس سے پکار کہا تھا کہ تو میرا بیٹا ہے۔ "ایک نورانی بادل نے ان پر سایہ کر لیا اور دیکھو اس بادل میں سے ایک آواز آئی کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ محبوب ہے جس سے میں خوش ہوں اس کی سنو"۔[154]

جس طرح باپ، بیٹا اور روح القدس ناقابل تقسیم ہیں اسی طرح ناقابل تقسیم طریقے پر وہ کام بھی کرتے ہیں، یہی میرا عقیدہ ہے اس لئے کہ یہ کیتھولک کا عقیدہ ہے۔[155]

باپ: عیسائیوں کے نزدیک باپ سے مراد خدا کی تنہا ذات ہے۔ جس میں اس کی صفات اور صفت حیات سے قطع نظر کر لی گئی ہے یہ ذات بیٹے کے وجود کے لئے اصل کا درجہ رکھتی ہے۔ مشہور عیسائی فلاسفر سینٹ تھامس ایکو ئناس کی تشریح کے مطابق باپ کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس نے کسی کو پیدا کیا ہے اور کوئی زمانہ ایسا بھی گزرا ہے جس میں باپ تھا اور بیٹا نہیں تھا بلکہ یہ ایک خدائی اصطلاح ہے جس کا مطلب صرف یہ ہے کہ باپ بیٹے کے لئے اس طرح اصل ہے۔ جس طرح ذات صفت کے لئے اصل ہوتی ہے۔ ورنہ جب سے باپ موجود ہے اسی وقت سے بیٹا بھی موجود ہے اور ان میں سے کسی کو کسی پر کوئی زمانی تفوق حاصل نہیں ہے۔[156]

فلسفی الفریڈی کے مطابق خدا کی ذات کو باپ اسلئے کہا جاتا ہے کہ جس طرح تمام مخلوق اپنے وجود میں خدا کی محتاج ہے اسی طرح بیٹا باپ کا محتاج ہوتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ جیسا باپ اپنے بیٹے پر مشفق ہوتا ہے اسی طرح خدا اپنے بندوں پر مہربان ہوتا ہے۔[157]

---

[153]: متی 16:3

[154]: ایضاً1: 5:17

[155]: A.W Haddan ‹**Basic Writings of St. Augustine,**)New yark Haddan printing press, 1948) Volume 2, PP.672.

[156]: St.Thomas Aquinas, **Basic Writing** (new yark: A C Pegis 1945), volume 1, PP 26.

[157]: لیوس مور، **انسائیکلوپیڈیا آف ریلجن اینڈ ا تھیکس** (مترنگ لاہور: الناشر نگارشات، سن 2014م) جلد 3 ص 584-581

بیٹا: عیسائیوں کے نزدیک بیٹا خدا کا انسانوں سے مختلف صفت کلام ہے۔ عیسائیوں کے مطابق خدا کو تمام معلومات اسی صفت کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں اور اسی صفت کے ذریعہ تمام اشیا پیدا ہوئی ہیں یہ صفت باپ کی طرح پرانی ہے۔ خدا کی یہی صفت حضرت عیسی علیہ السلام بن مریم کی انسانی شخصیت میں داخل ہوگئی تھی جس کی وجہ سے یسوع مسیح کو خدا کا بیٹا کہا جاتا ہے حلول کا یہ عقیدہ ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے۔

روح القدس: عیسائی عقیدہ کی مطابق روح القدس سے مراد باپ اور بیٹے کی صفت حیاتؔ اور صفت محبت ہے۔ یعنی اس صفت کے ذریعہ خدا ذات (باپ) اپنی صفت علم (بیٹے سے محبت کرتی ہے اور بیٹا باپ سے محبت کرتا ہے یہ صفت بھی صفت کلام کی طرح ایک جوہری وجود رکھتی ہے اور باپ بیٹے کی طرح قدیم ہے اسی وجہ سے اسے ایک مستقل شخصیت حاصل ہے۔ عیسائیوں کا ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بپتسمہ دیا جارہا تھا تو یہی ایک صفت کبوتر کے جسم میں حلول کر کے عیسی علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔[158]

اس کے بعد حضرت عیسی علیہ السلام کو آسمان پر آٹھایا گیا اور عید پینٹی کوسٹ کے دن یہی روح القدس آتشیں زبانوں کی شکل میں حضرت مسیح کے حواریوں پر نازل ہوئی تھی۔[159]

پس عقیدہ توحید فی التثلیث کا خلاصہ یہ نکلا کہ خدا تین شخصیتوں پر مشتمل ہے، خدا کی ذاتؔ، جسے باپ کہتے ہیں، خدا کی صفتؔ کلام جیسے بیٹا کہتے ہیں اور خدا کی صفت حیات و محبت جسے روح القدس کہا جاتا ہے۔ ان تینوں میں سے ہر ایک خدا ہے۔ لیکن یہ تینوں مل کر تین خدا نہیں ہیں بلکہ ایک ہی خدا ہے۔[160]

2: عقیدہ حلول و تجسم: حلول و تجسم کا عقیدہ سب سے پہلے انجیل یوحنا میں ملتا ہے۔ اس انجیل کا مصنف حضرت مسیح علیہ السلام کی سوانح کی ابتداء ان الفاظ سے کرتا ہے۔ "ابتداء میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔ یہی ابتداء میں خدا کے ساتھ تھا۔ اسی سے سب کچھ پیدا ہوا"[161]

---

[158]: متی 16:3

[159]: اعمال 12:22-1

[160] محمد تقی عثمانی مفتی، عیسائیتؔ کیا ہے، (مولوی مسافر خانہ کراچی: دار الاشاعت سن 2003م) ج1 ص17-15

[161]: یوحنا 1:2-1

Scanned with OKEN Scanner

اور آگے چل کر وہ لکھتا ہے۔ "اور کلام مجسم ہوا اور فضل اور سچائی سے معمور ہو کر ہمارے درمیان رہا اور ہم نے اس کا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اکلوتے کا جلال"[162]

اس کا مطلب یہ ہوا کہ خدا کی صفت کلام یعنی بیٹے کا اقنوم مجسم ہو کر حضرت مسیح علیہ السلام کے روپ میں آ گیا تھا۔ یعنی خدا وہ ذات تھی جو خدائی کی صفات کو چھوڑے بغیر انسان بن گئی گویا کہ اس نے ہمارے جیسے وجود کی کیفیات اختیار کر لیں جو زمان و مکان کی قیود میں مقید ہے اور عرصے تک ہمارے درمیان مقیم رہا۔

عیسائیوں کے نزدیک بیٹے کے اقنوم کو یسوع مسیح علیہ السلام کے انسانی وجود کے ساتھ متحد کرنے والی طاقت روح القدس تھی۔ روح القدس سے مراد عیسائی مذہب میں خدا کی صفت محبت ہے۔ اس لئے اس عقیدے کا مطلب یہ ہوا کہ چونکہ خدا کو اپنے بندوں سے محبت تھی اس لئے اس نے اپنی صفت محبت کے ذریعہ اقنوم ابن کو دنیا میں بھیج دیا تاکہ وہ لوگوں کے اصلی گناہ کا کفارہ بن سکے۔

عیسائیوں کے نزدیک بیٹے کے حضرت مسیح علیہ السلام میں حلول کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بیٹا خدائی چھوڑ کر انسان بن گیا بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ پہلے صرف خدا تھا اب انسان بھی ہو گیا لہٰذا اس عقیدے کے مطابق حضرت مسیح بیک وقت خدا بھی تھے اور انسان بھی۔ یعنی حضرت مسیح کی ایک شخصیت میں دو ماہیتیں جمع ہو گئی تھیں۔[163]

انسانی حثیت سے حضرت مسیحؑ خدا سے کم رتبہ تھے۔ اسی لئے انہوں نے یہ کہا تھا کہ "تم سن چکے ہو کہ میں نے تم سے کہا کہ میں جاتا ہوں اور کہ تمہارے پاس پھر آتا ہوں اگر تم مجھے پیار کرتے ہو تو تم خوش ہوتے کہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں کیونکہ باپ مجھ سے بڑا ہے"[164]

اور اسی حثیت سے ان میں تمام انسانی کیفیات پائی جاتی تھیں خدائی حثیت سے وہ باپ کے ہم رتبہ ہیں اسی لئے انجیل یوحنا میں آپ کا یہ قول ذکر ہے کہ "میں اور باپ ایک ہیں"[165]

آگسٹائن لکھتے ہیں۔ "کہ خدائی حثیت سے انہوں نے انسان کو پیدا کیا اور انسانی حثیت سے وہ خود پیدا کئے گئے"[166]

---

[162]: ایضا 1:14

[163]: لیوس مور، انسائیکلوپیڈیا آف ریلجن اینڈ اتھکس مقالہ عیسائیت، (مزنگ لاہور: الناشر نگارشات، سن 2014م) جلد 3 ص 586

[164]: یوحنا 28:14

[165]: ایضا 30:10

Scanned with OKEN Scanner

3:عقیدہ مصلوبیت: عیسائی مذہب کا تیسرا عقیدہ حضرت عیسیٰؑ کے بارے یہ ہے کہ ان کو یہودی حکمران پنطیس پیلاطیس کے حکم سے سولی پر چڑھایا گیا تھا اور اس سے ان کے وفات ہوگئی تھی یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو سولی یا پھانسی پر چڑھانے والے عقیدہ کو عقیدہ مصلوبیت کہا جاتا ہے۔ اس عقیدے کے مطابق پھانسی اقنوم ابن کو نہیں دی گئی جو عیسائیوں کے نزدیک خدا ہے بلکہ اس اقنوم ابن کے انسانی مظہر یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کو دی گئی جو اپنی انسانی حثیت میں خدا نہیں ہیں بلکہ ایک مخلوق ہیں۔

اسی عقیدے مصلوبیت ہی کی بنیاد پر صلیب کے نشان کو عیسائی بہت اہم سمجھتے ہیں اور اس کی وجہ تقدیس عقیدہ کفارہ ہے یعنی ان کے نزدیک صلیب گناہوں کی معافی کا سبب بنی تھی اسلئے یہ مقدس ہے۔

4:عقیدہ حیات ثانیہ: عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں عیسائی مذہب کا تیسرا عقیدہ یہ ہے کہ وہ سولی پر وفات پانے اور قبر میں دفن ہونے کے بعد تیسرے دن پھر زندہ ہوگئے تھے اور حواریوں کو کچھ ہدایات دینے کے بعد آسمان پر تشریف لے گئے۔ یعنی وہ مردوں میں سے جی اٹھے اور آسمان پر تشریف لے گئے۔

5:عقیدہ کفارہ: یسوع مسیحؑ کے بارے میں عیسائیوں کا عقیدہ کفارہ ہے اس عقیدے کی مختص وضاحت اس طرح کی گئی ہے۔ "عیسائی علم عقائد میں کفارہ سے مراد یسوع مسیح کی قربانی ہے جس کے ذریعہ ایک گنہگار انسان ایک لخت خدا کی رحمت کے قریب ہو جاتا ہے۔ اس عقیدہ کے پشت پناہی پر دو مفروضے کار فرمان ہیں۔ ایک تو یہ کہ حضرت آدم علیہ السلام کے گناہ کی وجہ سے انسان خدا کی رحمت سے دور ہو گیا تھا۔ دوسرا یہ کہ خدا کی صفت کلام (بیٹا) اس لئے انسانی جسم میں آئی تھی کہ وہ انسان کو دوبارہ خدا کی رحمت سے قریب کر دے"[167]

اس عقیدے کا سب سے پہلا مفروضہ یہ ہے کہ جس وقت حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا تھا تو اس وقت ان کو ہر قسم کی راحتیں عطا کی گئی تھیں ان پر ایک پابندی کے علاوہ اور کوئی پابندی نہیں تھی۔ وہ ایک پابندی شجرہ ممنوعہ یعنی گندم کے کھانے سے

---

[166]: آگسٹائن سینٹ، **آن دی ٹرینٹی** (ویلز یو۔ کے: امازون پبلیکشنز سن 2009م)، ج2، ص678

سینٹ آگسٹائن 354م کو شمالی افریقہ میں پیدا ہوئے۔ وہ بشپ، چرچ فادر اور فلسفی تھے۔ آپ نے کئی کتابیں لکھی ہیں جن میں مشہور آن کرسچن ڈاکٹرائن، دی سٹی آف گارڈ، ان دی ٹرینٹی اور کنفشن ہیں۔ آپ 75 سال کی عمر میں 430م الجیریا میں وفات پا گئے۔

[167]: اینڈریو بل، **انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا، عیسائیت** (نیویارک امریکہ: دائرہ المعارف بریطانیکا انکارپوریشن، سن 2010م) جلد 3ص، ص 651۔

Scanned with OKEN Scanner

منع کر دیا گیا تھا۔ لیکن حضرت آدم علیہ السلام نے غلطی کا ارتکاب کرتے ہوئے اس شجرہ ممنوعہ کو کھا کر ایک عظیم گناہ کر ڈالا۔ اس گناہ کو موت کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ عہد نامہ قدیم میں ارشاد ہے"" جس دن تم نے اس میں سے کھایا تو تم مرا"[168]

چونکہ حضرت آدم اور حوا علیہما السلام نے شجرہ ممنوعہ کھا کر گناہ کو اپنے عنصر میں شامل کر دیا۔ جو اصلی گناہ ہے۔ ان دونوں کے بعد جتنے انسان پیدا ہوئے یا آئندہ ہوں گے وہ سب چونکہ انہیں کی صلب اور پیٹ سے پیدا ہونگے اس لئے یہ اصلی گناہ تمام انسانوں میں منتقل ہو جاتا ہے۔

گویا اب اس دنیا میں جو انسان بھی پیدا ہو جاتا ہے وہ ماں کے پیٹ سے گنہگار پیدا ہو تا ہے۔ اسلئے کہ اس کے ماں باپ اصلی گنہگار تھے اور اصلی گناہ ہی تمام دوسرے گناہوں کی جڑ ہے۔ انسان کے اس مصیبت سے چھٹکارا پانے کی ایک سبیل یہ ہو سکتی تھی کہ اللہ تعالی ان پر رحم کر کے انہیں معاف کر دے لیکن یہ صورت ممکن نہیں تھی۔

اس لئے کہ خدا عادل اور منصف ہے اور اپنے اٹل قوانین کی مخالفت نہیں کر سکتا۔ کتاب پیدائش میں ہے کہ کہ اصلی گناہ کی سزا موت مقرر تھی۔ اور اگر خدا موت کی سزا دیئے بغیر انسانوں کو معاف کرتے تو یہ اس کے قانون عدل کے منافی ہو تا۔[169]

دوسری طرف اللہ تعالی رحیم بھی ہے وہ اپنے بندوں کو اس حالت زار پر بھی نہیں چھوڑ سکتا تھا۔ اسلئے اس نے ایک ایسی تدبیر اختیار کی جس سے بندوں پر رحم بھی ہو جائے اور قانون عدل کو بھی ٹھیس نہ لگے۔

بندوں کی قانونی شکل صرف یہ تھی کہ وہ ایک دفعہ سزا کے طور پر مریں اور پھر دوبارہ زندہ ہو جائیں تاکہ مرنے سے پہلے اصلی گناہ کی وجہ سے ان کی جو آزادی قوت ارادی ختم ہو گئی تھی وہ دوسری زندگی میں انہیں دوبارہ حاصل ہو جائے اور وہ اصلی گناہ کے بوجھ سے خلاصی حاصل کر کے آزادی کے ساتھ نیکیاں کر سکیں۔

لیکن تمام انسانوں کو دنیا میں ایک مرتبہ موت دے کر دوبارہ زندہ کرنا بھی قانون فطرت کے منافی تھا۔ اس لئے ضرورت اس بات کی تھی کہ کوئی ایسا شخص تمام انسانوں کے گناہوں کے اس بوجھ کو اٹھالے جو خود اصلی گناہ سے پاک ہو، خدا اسے ایک مرتبہ موت کی سزا دے کر دوبار زندہ کر دے اور یہ سزا تمام انسانوں کے لئے کافی ہو جائے اور اس کے بعد تمام انسان آزاد ہو جائیں۔

---

[168]: پیدائش 17:2

[169]: اینڈریو بل، انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا، عیسائیت کفارہ (نیویارک امریکہ: دائرہ المعارف بریطانیکا انکارپوریشن، سن 2010م) ج2، ص صفحہ نمبر 652-51

اس عظیم مقصد کے لئے خدا نے خود اپنے بیٹے کو منتخب کیا اور اس کو انسانی شکل میں دنیا کے اندر بھیجا۔ اس نے قربانی پیش کی کہ خود سولی پر چڑھ کر مر گیا اور اس کی موت تمام انسانوں کی طرف سے کفارہ ہو گئی اور اس وجہ سے تمام انسانوں کا نہ صرف اصلی گناہ معاف ہو گیا. بلکہ انہوں نے اصلی گناہ کے سبب جتنے گناہ کئے تھے وہ بھی معاف ہو گئے اور پھر یہی بیٹا تین دن کے بعد مردوں میں سے دوبارہ زندہ ہو گیا اور اس سے تمام انسانوں کو نئی زندگی مل گئی۔

اس نئی زندگی میں وہ آزاد و قوت ارادی کے مالک ہیں۔ اگر اپنی قوت ارادی کو نیکیوں میں استعمال کریں گے تو اجر پائیں گے اور اگر بدی میں استعمال کریں گے تو بدی کی کیفیت کے لحاظ سے عذاب کے مستحق ہونگے۔

لیکن یسوع مسیح کی یہ قربانی صرف اس شخص کے لئے ہے جو یسوع مسیح پر ایمان رکھے اور ان کی تعلیمات پر عمل کرے اور اس نے ایمان کی علامت.پتسمہ کی رسم ادا کی ہو۔

پتسمہ لینے کا مطلب بھی یہی ہے کہ.پتسمہ لینے والا یسوع مسیح کے کفارے پر ایمان رکھتا ہے۔ اس لئے یسوع مسیح کے واسطے سے اس کا.پتسمہ لینا اس کی موت اور دوسری زندگی کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔

لہذا جو شخص.پتسمہ لے گا اس کا اصلی گناہ معاف ہو گا اور جو شخص.پتسمہ نہ لے اس کا اصلی گناہ بر قرار رہتا ہے جس کی وجہ سے وہ دائمی عذاب کا مستحق ہو گا۔[170]

[170]: محمد تقی عثمانی مفتی، عیسائیت کیا ہے، (مولوی مسافر خانہ کراچی: دار الاشاعت سن 2003م) جلد 1 ص 17-15۔

Scanned with OKEN Scanner

2.6: فصل ششم: عیسائیت میں عورت کا مقام

عیسائیت میں عورت کی حثیت قدیم یہودیت کی نسبت بہتر سمجھی جاتی ہے۔ عیسائیت کا خیال ہے کہ عورت لعنتی نہیں ہے بلکہ عورت کی بجائے لعنت "پرانے سانپ" یعنی ابلیس شیطان پر کی گئی ہے۔ ان کا استدلال مکاشفہ اور پیدائش کے مندرجہ ذیل اٰیاتوں پر ہے۔ پیدائش میں ملعون سانپ کو ٹھرایا گیا ہے۔ "اور خداوند نے سانپ سے کہا اسلیئے کہ تو نے یہ کیا، تو سب چوپایوں اور دشتی جانورں میں ملعون ٹھرا۔ تو اپنے پیٹ کے بل چلے گا اور اپنی عمر بھر خاک چاٹیگا"[171]

اسی طرح عہد نامہ جدید کی کتاب مکاشفہ میں ہے، "اور بڑا اژدہا گرادیا گیا یعنی وہ پرانا سانپ جس کا نام ابلیس اور شیطان ہے اور جو ساری دنیا کو دغا دیتا ہے زمین پر گرادیا گیا اور اس کے فرشتے بھی اس کے ساتھ گرادیئے گئے"[172]۔

ان لوگوں کا مزید استدلال ہے کہ خدا نے یہ ضرور کہا تھا کہ آدم اپنی بیوی پر حکومت کریں گے۔ لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ خدا نے مرد کو کھلم کھلا چھوٹ دی ہے کہ جو چاہیئے عورت پر رُعب جمائے۔ بلکہ خدا نے تو بس یہ بتایا تھا کہ آدم سے حوا نے جو گناہ کروایا ہے اس کے بدلے (آدم) مرد (حوّا) عورت پر اپنی حکومت جتائے گا۔ استدلال پیدائش کی اس آیت سے کرتے ہیں۔ کہ "پھر اس نے عورت سے کہا کہ میں تیرے درد حمل کو بہت بڑھاؤنگا تو درد کے ساتھ بچے جنے گئی اور تیری رغبت اپنے شوہر کی طرف ہو گی اور وہ تجھ پر حکومت کریگا"[173]

عیسائیت کا مدعا ہے کہ آج کل عورتوں پر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں وہ نہ تو حوا کے گناہ کا نتیجہ ہے اور نہ اس میں خدا کی منشاء شریک ہے اور نہ بائیبل ان مظالم کے حق میں ہے کہ باغ عدن میں ہونے والے گناہ کا کفارہ اس طرح ادا ہو سکتا ہے کہ مرد عورتوں پر مظالم ڈھالیں اور اپنے دبدبے میں رکھیں۔ یا اس کی ذمہ دار صرف عورت ہے۔ کتاب رومیوں کے نام خط میں ہے۔

"پس جس طرح ایک آدمی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیا اور گناہ کی سبب سے موت آئی اور یوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی اس لئے کہ سب نے گناہ کیا۔ کیونکہ شریعت کے ظاہر تک دنیا میں گناہ تو تھا، مگر جہاں شریعت نہیں وہاں گناہ محسوب نہیں ہو تا"[174]

---

[171]: پیدائش 14:3

[172]: مکاشفہ 9:12

[173]: پیدائش 16:3

[174]: رومیوں کے نام کا خط 5:12-13

Scanned with OKEN Scanner

یہاں یہ بات واضح ہے کہ گناہ ایک آدمی یعنی مرد کے سبب آیا ہے۔ ذہن میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا عورت کو خدا نے مرد سے کم تر بنایا ہے۔ جیسا کہ یہودیوں کا خیال واستدلال ہے اور جس طرح وہ عورت کے ساتھ معاملہ کرتے ہیں۔ عیسائیت کا عقیدہ ہے کہ خدا نے عورت کو مرد سے کم تر نہیں بنایا بلکہ ہدایات دونوں کو یکساں ہیں۔ بائبل کی کتاب پیدائش میں ہے۔

"اور خدا نے بنی نوع انسان کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔ خدا کی شکل پر اس نے اسے کو پیدا کیا نر و ناری ان کو پیدا کیا۔ اور خدا نے ا ان میں برکت ڈالی اور کہا کی پھلو اور بڑھو اور زمین کو معمور و محکوم کرو اور سمندر کی مچھلیوں اور آسمان کے پرندوں اور سب زندہ مخلوقات پر جو زمین پر چلتی ہیں، حکومت کرو۔"[175]

انسانوں کو اپنی صورت پر پیدا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خدا نے ان میں یہ صلاحیت رکھی تھی کہ وہ اس کی صفات کو ظاہر کریں۔ غور کریں کہ یہ صلاحیت اس نے مرد اور عورت دونوں کو عطا کی تھی اگرچہ آدم اور حوّا جسمانی اور جذباتی لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف تھے پھر بھی خدا نے انہیں ایک جیسی ہدایات دی تھیں اور اس کی نظر میں دونوں کے حقوق برابر تھے۔ اور برابر ہیں۔

یہاں مرد کو کوئی فوقیت نہیں ہے عورت پر۔ مزید یہ کہ حضرت حوا کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کے لئے مددگار بنایا تھا اور مددگار ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، نہ کہ مقابلہ بازی کرتے ہیں۔

مزید یہ کہ مددگار میں مخالف فریق کے مدد کا صلاحیت موجود ہوتا ہے۔ تورات کے حصہ "پیدائش میں ہے کہ حوّا کو پیدا کرنے سے پہلے خدا نے کہا تھا" اور خداوند نے فرمایا" انسان کا اکیلا رہنا اچھا نہیں اسلئے میں ان کے لئے ایک مددگار اس کی مانند بناؤنگا"[176]۔

آگے ارشاد ہوا" اور آدم نے کہا کہ یہ تو اب میری ہڈیوں میں سے ہڈی اور میرے گوشت میں سے گوشت ہے، اس لئے وہ ناری کہلائے گی کیونکہ وہ نر سے نکالی گئی ہے"[177]

برابری کے طرف ایک قدم آگے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا" مرد اپنے ماں باپ کو چھوڑے گا اور اپنی سے ملا رہے گا اور وہ ایک تن ہوں گے"[178]

---

[175]: پیدائیش 1:27-28

[176]: پیدائیش 2:18

[177]: پیدائیش 2:23

[178] ایضا 2:24

اس سے یہ ثابت ہو تا ہے کہ خدا نے مرد اور عورت کو مل جل کر کام کرنے کے لئے بنایا ہے ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے کے لئے نہیں۔ عہد نامہ قدیم نے عورت کی عزت اور حاملہ عورت کی لحاظ رکھنے کا حکم دیا ہے بمطابق (خروج) ارشاد خداوندی ہے۔

"تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تا کہ تمہاری زندگی اس ملک میں جو خدا تجھے دیتا ہے لمبی ہو"[179]

اور والدین کی نافرمانی بمطابق خروج باب نمبر 21 ایت نمبر 15 اور 17 قابل سزا جرائم ہیں۔ مثلاً "اور جو کوئی اپنے باپ یا اپنی ماں کو مارے وہ قطعی جان سے مارا جائے"[180]

اسی طرح ارشاد ہے "اور جو اپنے باپ یا اپنی ماں پر لعنت کرے وہ قطعی مار اڈالا جائے"[181]۔ ان آیاتوں سے یہ صاف واضح ہے کہ بائیبل نے عورت کو عزت اور حقوق کی اور اسی کو معاصر یہودیت بھی بطور استدلال پیش کرتا ہے۔

[179]: خروج 12:20

[180]: ایضاً 15:21

[181]: ایضاً 17:21

2-7: فصل ہفتم: عیسائیت میں گواہی کی مشروعیت وتوضیح

گواہی کے لئے یونانی زبان میں لفظ مارٹیس اور اس سے مصدر و مشتق الفاظ عہد نامہ جدید میں چونتیس بار استعمال کئے گئے ہیں جن میں تیرہ بار رسولوں کے اعمال میں اور باقی اکیس مرتبہ عہد نامہ جدید کی دیگر چھبیس کتابوں میں آیا ہے۔

گواہی کی اصطلاح عدالتی، درباری، قانونی اور شرعی سیاق وسباق سے جنم لیتی ہے۔ اس کا مختصر مطلب یہ ہے کہ وہ شخص جس نے واقعہ کے متعلق سنا ہو، دیکھا ہو تو وہ اس کے بارے میں گفتگو کر سکتا ہے۔ اس واقعہ کی حقیقت پر تصدیق کر سکتا ہے اور گواہی دے سکتا ہے۔ یہ عمل عموما عدالت میں منصف یا جج کے سامنے عوام کی موجودگی میں ہوتا ہے۔

گواہی کسی شخصیت یا واقعی کے خلاف یا حق میں ہو سکتی ہے۔ گواہ حق اور سچائی کی تصدیق کرنے یا جھوٹ کی تردید کرنے اور غلط ا قرار دینے کے لئے حاضر ہو جاتا ہے۔ اخلاقی معنوں میں اس سے حق وصداقت کی گواہی، سچی بات کہنا اور کسی کی راست گوئی پر مہر ثبت کرنا مراد ہے۔ اسی طرح اپنے عقائد اور ایمان کی گواہی دینے، اپنے قول و فعل اور پرچار و تبلیغ سے ایمان کا اعلان کرنا اور اس کے لئے ہر دکھ سہنے اور اذیت برداشت کرنے کے لئے تیار رہنا بھی گواہی کے زمرے میں آتا ہے۔

اگر گواہ ناپختہ ہو تو اسے ڈرا دھمکا کر یا روپیہ عزت کا لالچ دیکر خاموش کیا جا سکتا ہے۔ لیکن راست باز گواہ گواہی کی خاطر اپنی جان تک قربان کر دیتا ہے۔ اگر اس کو زنجیروں میں باندھا جائے تو زنجیریں بولتی ہیں اور ذبح کیا جائے تو خون کی ہر قطرہ پکارتا ہے، گواہی گواہی۔

جیسا کہ بائبل میں ہے کہ "جب انہوں نے پطرس اور یوحنا کی دلیری دیکھی اور معلوم کیا کہ یہ جاہل اور ادنی آدمی ہیں تو تعجب کیا اور پھر انہیں پہچانا کہ وہ یسوع کے ساتھ ہیں"[182]۔

لیکن تاکہ یہ لوگوں میں زیادہ پھیل نہ جائے ہم انہیں خوب دھمکائیں کہ پھر یہ نام لیکر کسی آدمی سے بات نہ کریں"۔ پس انہیں بلا کر تاکید کی کہ یسوع کا نام لیکر ہرگز بات نہ کریں اور نہ تعلیم دیں۔ لیکن پطرس اور یوحنا نے جواب دیا کہ تم انصاف کرو کہ خدا کے نزدیک یہ درست ہے کہ ہم خدا کے کلام سے تمہارا کلام زیادہ سنیں"[183]

---

[182]: اعمال 13:4

[183]: ایضاً 19:17

گواہ جھوٹے بھی ہو سکتے ہیں۔ جھوٹے گواہ میں ثابت قدمی اور تسلسل نہیں ہوتا وہ وقت آنے پر بھگوڑا بن جاتا ہے۔ ان میں ایمان کا فقدان ہوتا ہے کیونکہ نہ انہوں نے واقعہ کو دیکھا ہوتا ہے اور نہ ہی اس کی گواہی کے لئے ہر قسم کے قربانی کے لئے تیار ہوتے ہیں تھوڑی سی مخالفت ان کو چپ کرانے کے لئے کافی ہوتی ہے۔

عربی زبان میں گواہ کو شہید جبکہ لاطینی اور انگریزی زبانوں میں مارٹر کہا جاتا ہے جس میں تکنیکی معنی بھی یہی پوشیدہ ہے کہ شاہد یا گواہ اپنے مشاہدہ کی حقیقت اور اصلیت کی خاطر جان نثاری اور شہادت تک تیار رہتا ہے یعنی اس کی آنکھوں نے جو دیکھا کانوں نے سنا ہاتھوں نے چھوا اس کی تصدیق اور گواہی دینے کے لئے وہ سر دھڑ کی بازی لگنے کے لئے تیار رہتا ہے۔

جیسا کہ مقدس یوحنا میں ہے۔ "چنانچہ میں نے دیکھا ہے اور میں نے شہادت دی ہے کہ یہ خدا کا بیٹا ہے"[184]

اسی طرح آگے ارشاد ہے "یہ وہی شاگرد ہے جو ان باتوں کی شہادت دیتا ہے اور جس نے یہ لکھا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ اس کی گواہی سچی ہے"[185]

یوحنا میں ہے "کیونکہ زندگی ظاہر ہوئی اور ہم نے اسے دیکھا اور ہم گواہی دیتے ہیں۔ اور تمہیں اس ہمیشہ کی زندگی کی خبر دیتے ہیں اور باپ کے پاس تھی اور ہم پر ظاہر ہوئی"۔[186]

گواہی کا حکم: مقدس لوقا کی تصانیف میں رسولوں اور ابتدائی مسیحی برادری کی گواہی یسوع کی زندگی اور موت اور مُردوں میں سے زندہ ہونے کے واقعات کے چشم دید گواہ ہونے پر منحصر ہے۔ رسولوں نے نہ صرف اپنی آنکھوں سے دیکھا بلکہ انہیں گواہ بننے اور گواہی دینے کا حکم ملا تھا کہ وہ تمام قوموں کے سامنے یسوع کی زندگی موت قیامت اور صعود کے گواہ اور شاہد بنیں اور یسوع کا رسول بننے اور پیروکار ہونے کے لئے یہ لازم اور بنیادی شرط ہے۔ اعمال میں ہے "لیکن جب روح اقدس تم پر نازل ہوگا تو آپ کو طاقت ملی گی اور یروشلم اور سارے یہودیہ اور سامریہ میں بلکہ زمیں کی آخری حد تک میرے گواہ ہونگے۔[187]

کلیسا پر یہ فرض ہے کہ وہ یسوع کی زندگی موت اور قیامت کی گواہی دے اور یہ خدمت اور ذمہ داری یسوع کے اس حکم گواہی اور حکم رسالت کی توسیع اور پھیلاؤ ہے جو یسوع نے صعود کے وقت رسولوں اور رسولوں نے اپنے شاگردوں کو سونپا تھا۔ کلیسا یہ

---

[184]: مقدس یوحنا 34:1

[185]: مقدس یوحنا 24:21۔

[186]: اعمال 8:1

[187]: اعمال 8:1

Scanned with OKEN Scanner

گواہی اپنے عقائد کی تبلیغ اور منادی کے ذریعے کرتی ہے وہ روح القدس کی نعمتوں اور رنجشوں کے ذریعے ایمان کی خاطر، ایذیت اور دکھ سہنے اور برداشت کرنے سے بھی گواہی دیتی ہے۔

رسولوں کی اعمال 1 کے مطابق مقدس لوقا کے انداز فکر و بیان کے مطابق کلیسا کی گواہی دو طرفہ ہے۔ اس کا ایک پہلو یسوع کے مردوں میں سے زندہ ہونے کی گواہی اور دوسرے خدا کی الہی، نجات بخش منصوبے قائم ارادے اور علم سابق کی گواہی شامل ہے"[188]

یہ گواہی دینا کہ یسوع ناصری خدا کی طرف سے تھا اور اس کا خدا کی طرف سے ہونا ان معجزات، عجائبات اور کرشموں سے عیاں ہوا جو خدا نے اس کی پہچان دکھائے اور ان میں سے سب سے عظیم ترین یسوع کو اپنے کہنے کے مطابق تیسرے دن مردوں میں سے زندہ ہونا۔

باپ کے داہنے ہاتھ سربلند کیا جانا اور وعدہ کے مطابق روح القدس کا بھیجنا۔ مقدس لوقا کے مطابق انجیل اور خداوند یسوع کی خوشخبری ہی صرف رسولوں کی زبان سے ادا ہونے والی منادی کا بیان قلم بند نہیں کرتی بلکہ ان شواہد اور گواہوں کا ذکر بھی کرتی ہے جو اس بیان پر مہر ثبت کرتے ہیں۔ رسولوں کی گواہی کا مضمون و موضوع یسوع کا مردوں میں سے زندہ ہونا تھا۔ رسولوں کے اعمال میں رسولوں کی زبانی کسی تقریر اور منادی سے متعلق مکالمہ، گفتگو یا تبادلہ خیالات کو پڑھیں۔

اس کا مرکز و مقصد مردوں میں سے زندہ یسوع المسیح اور خداوند کا پرچار ہے اور رسولوں کو اس حقیقت کے گواہ ہونا چاہئیے مقدس لوقا میں ہے " اور ان سے بولا کہ یوں لکھا ہے کہ المسیح دکھ اُٹھائے گا اور تیسر دن مردوں میں سے زندہ ہو کر اُٹھے گا۔ تم ہی ان باتوں کے گواہ ہو"[189]

اعمال میں ہے" یوحنا کے اصطباغ سے لیکر خداوند کے ہمارے پاس سے اُٹھائے جانے تک ضروری ہے کہ ان سے ایک ہمارے ساتھ اس کی قیامت کا گواہ بنے"[190]

آگے لکھتے ہیں" اسی یسوع کو خداوند نے زندہ کیا جس کے ہم سب گواہ ہیں"[191]

---

[188]: اعمال 1: 23:2

[189]: مقدس لوقا4: 26-48

[190]: اعمال 1: 22:1

[191]: ایضاً 32:2

"مگر مبتدی حیات کو قتل کیا جسے خدا نے مردوں میں سے زندہ کیا اس کے ہم گواہ ہیں"[192]

"اور رسول بڑی قدرت سے خداوند یسوع کی قیامت کی گواہی دیتے رہے اور ان تمام پر بہتر تھا"[193]

اس عبارت سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ گواہی دینا لازم ہے اور چھپانا سخت گناہ کی بات ہے۔ لیکن گواہ چشم دید ہونا چاہئیے۔ کہ وہ ہر جگہ اور ہر موقعہ پر سچا ثابت کیا جاسکے۔ جیسا کہ یسوع مسیح کے مردوں میں سے زندہ ہونے کی گواہی ہے۔ اور اسی گواہی کو سب سے پہلی ایک عورت نے دی تھی۔

گواہ کی اہلیت: عیسائیت میں گواہ بننے کے لئے مندرجہ ذیل شرائط یا اہلیت ہونا چاہئیے۔

1: چشم دید ہونا: گواہ بننے کے لیئے لازم ہے کہ وہ ان تمام حالات و واقعات کا چشم دید ہو جن کا وہ گواہی دینا چاہتا ہو۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ "اے اسرائیلیوں: یہ باتیں سنو کہ یسوع ناصری ایک شخص تھا جس کا خدا کی طرف سے ہونا ان معجزوں اور عجائبات اور کرشموں سے تم پر ثابت ہوا اور خدا نے اس کی جو معرفت تمہیں دکھائی۔ اسی یسوع کو خدا نے زندہ کیا جس کے ہم سب گواہ ہیں۔[194]

"اور ہم ان تمام کاموں کے گواہ ہیں جو اس نے یہودیوں کے علاقے اور یروشلم میں کئے"۔[195]

اور وہ کئی دنوں تک ان کو دکھائی دیا جو اس کے ساتھ جلیل سے یروشلم میں آئے تھے"[196]

پطرس نے واضح اور اور شفاف الفاظ میں بیان کیا ہے کہ امیدوار کو یسوع کے بپتسمہ سے لیکر صعود تک کے واقعات کا چشم دید گواہ ہونا چاہئیے۔ اور یسوع کے ساتھ آمد و رفت رکھتا ہوں۔ رسول کا گواہ بننے کی یہی بنیادی اہلیت اور قابلیت ہے۔[197]

---

[192]: ایضا 15:3

[193]: ایضا 33:4

[194]: اعمال 222-23

[195]: ایضا 39:10

[196]: ایضا 31:13

[197] ایضا: 211-22

Scanned with OKEN Scanner

اسی طرح لوقا کی تصنیف اور خیالات کے مطابق معتبر اور مستند گواہی دینے کا اہل وحقدار وہ شخص ہوگا جو حالات کا چشم دیدہ ہو۔ جیسا کہ ارشاد ہے "اور اس کا سارا تعارف اور عورتیں جو جلیل سے اس کے پیچھے ہولی تھیں۔ دور کھڑی ہو کر یہ باتیں دیکھ رہی تھیں"[198]

اس سے ثابت ہوا کہ گواہ کا چشم دید ہونا لازم ہے۔ خواہ وہ مرد ہو یا عورت لیکن جب اس کو ہر چیز اظہر من الشمس ہو شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہ رہے تو وہ گواہی دینے کا اہل ہو گا۔

2: گواہوں کی تعداد ایک نہ ہو بلکہ دو یا تین ہو: عیسائی قوانین کی رو سے ایک شخص کی گواہی پر کسی کو جزا یا سزا نہ ہو گی۔ ارشاد ہے "اگر کوئی کسی کو قتل کرے تو گواہوں کی گواہی سے قاتل مار ڈالا جائے پر ایک ہی گواہ ہو تو اس کی گواہی سے کوئی مارا نہ جائے"[199]

اسی طرح استثنا میں ہے "جو کوئی قتل کیا جائے وہ دو یا تین گواہوں کے بیان سے قتل کیا جائے۔ ایک گواہ کے بیان سے وہ قتل نہ کیا جائے"[200]

3: گواہ بالغ ہو۔ کم عمر کی گواہی قابل قبول نہیں ہے۔

4: گونگا نہ ہو: کیونکہ گونگا گواہ پھر گواہی نہیں دے سکتا۔

5: نابینا نہ ہو: اگر گواہی کا تعلق دیکھنے سے ہو تو گواہ بھی بینا ہونا چاہیے۔

6: گواہ بہرہ نہ ہو: کیونکہ بہرہ کو سننے اور سمجھنے میں مشکل ہوتی ہے

7: بہت زیادہ عمر رسیدہ نہ ہو: کہ اس کو گواہی سمجھنے میں مشکل درپیش ہو۔[201]

---

[198]: لوقا 49:23

[199]: عدد 30:35

[200]: استثنیہ شرع 6:17

[201]: Cyrus Adler, Jewish Encyclopedia, KTAV Publishing House USA, Volume-V Page.277

Scanned with OKEN Scanner

8: سچا ہو: گواہی میں سب سے اہم چیز سچائی بھی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ جھوٹی گواہی کے لئے شریر کا ساتھی نہ بننا۔ بدی کرنے کے لئے انبوہ کی پیروی نہ کرنا اور نہ کسی مقدمہ میں راستی بگاڑنے کے لئے لوگوں کی کثرت کی طرف داری کر کے گواہی بدل دینا وغیرہ"[202]

9: مقدمہ میں گواہوں کی جانچ پڑتال بڑی باریک بینی سے کی جائے اور اگر ان کس مقدمے میں کوئی شخصی مفاد ہو تو اس کو مذکورہ گواہی سے نااہل قرار دیا جاتا ہے۔[203]

دیگر مذاہب کے طرح عیسائیت نے گواہی کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کے اصلی ذرائع میں گواہی، لفظ گواہی اور تعداد گواہ کا ذکر موجود ہے۔ جیسا کہ عہد نامہ قدیم کی کتاب استثناء کے باب نمبر 19 کی مختلف ایاتوں میں ذکر کیا گیا ہے۔ مثلا اسی باب کی ایت نمبر 14 میں ہے کہ "تو اپنے ہمسائے کی حد کا وہ نشان جسے اگلوں نے تیری میراث میں قائم کیا ہے اس ملک میں جو خداوند تیرا خدا تجھے وارث ہونے کے لئے دے گا پیچھے نہ ہٹا"[204]۔

مفسرین اس ایت کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ جب بھی کسی کی زمین میں حد بندی کرنی ہو تو اس کی حد کا نشان ظاہر کرنے کے لئے کھیت میں ایک پتھر نصب کر دیا جائے اور اس پر گواہ بھی ہو تا کہ کوئی رات کے وقت چپکے سے اپنے کھیت کو وسیع کرنے کی خاطر نہ ہٹائے اور یوں اپنے ہمسائے کو فریب نہ دیا جا سکے۔

اسی طرح استثنا کے باب 19 ایت نمبر 15 تا 21 میں تعداد گواہان اور سچی و جھوٹی گواہی کی سزا کے بارے میں وضاحت سے بیان ہے۔ کسی مقدمے میں فرد واحد کی گواہی کافی نہیں ہے بلکہ دو یا تین گواہ درکار ہوتے ہیں۔ جبکہ جھوٹے پر کاہنوں اور قاضیوں کے روبرو مقدمہ چلایا جاتا ہے۔ اور اسے اسی جرم کی سزا دی جاتی ہے جس کا مدعا علیہ پر الزام لگایا جاتا تھا۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔[205]

"کسی شخص کے خلاف اس کے کسی برائی یا خطا کے بارے جو اس نے کی ہو فقط ایک ہی گواہ کھڑا نہ ہو گا۔ لیکن دو یا تین گواہوں کے بیان سے بات ثابت ہو گی" لیکن اگر گواہ جھوٹا نکلا تو ارشاد ہے "اگر وہ گواہ جھوٹا نکلے اور اس نے اپنے بھائی کے خلاف جھوٹی گواہی دی ہو۔ تو تم اسے وہی کرنا جو اس نے بھائی سے کرنا چاہا"۔[206]

---

[202]: خروج 23:9-1

[203]: ایچ پولانو، **تالمود حصہ پنجم**، (سادھو کے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان سن 2006م) جلد اول صفحہ نمبر 219

[204]: استثنا 14:19

[205]: ولیم میکڈونلڈ، **تفسیر الکتاب** (لاہور: مسیحی اشاعت خانہ سن 2016م)، جز اول صفحہ 317

Scanned with OKEN Scanner

اسی طرح لفظ شہادت اسی کتاب تثنیہ شرع کی باب 22 ایت نمبر 21-13 میں ہے کہ "اگر کوئی مرد کسی لڑکی سے شادی کرے اور وہ مشکوک ہو جائے کہ وہ کنواری نہیں تھی تو عورت کے پہلے جنسی تجربے کے بعد غالباً شادی کے بستر کی چادر پر کنوارا پن کی شہادت کے نشانات ہوتے۔ اگر ماں باپ کنواری لڑکی کے کنوارپن کی شہادت دے دیتے تو مشکوک خاوند کو تادیب کے طور پر چاندی کی پچاس مثقال جرمانہ کیا جاتا ہے

" یہاں بھی لفظ شہادت استعمال کیا گیا ہے۔ اسی کتاب کی باب نمبر 31 ایت نمبر 19، 21 اور 28 میں لفظ شہادت و گواہ مذکور ہیں۔ اس کے علاوہ مسیح کی جی اٹھنے کی گواہی، سچ کی گواہی، مسیح کی گواہی اور فضل کی گواہی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

کسی بھی واقعہ اور مدعا کی اثبات کے لئے تعداد گواہان دو یا تین درکار ہیں ایک گواہ کی گواہی پر مدعا کی اثبات نہیں کی جاسکتی۔ تثنیہ شرع میں ارشاد ہے

"کسی شخص کے خلاف اس کے کسی گناہ یا خطا کے بارے میں جو اس سے سرزد ہوئی۔ فقط ایک گواہ کھڑا نہ ہو۔ لیکن دو یا تین گواہوں کے بیان سے بات ثابت ہو گی۔ اگر کسی کے خلاف کوئی جھوٹا گواہ اٹھے اور اس کی بدی پر گواہی دے تو وہ دونوں شخص جن میں جھگڑا ہے۔

خداوند کے حضور کاہنوں اور ان دنوں کے قاضیوں کے سامنے کھڑے ہو اور اگر وہ گواہ خوب تحقیق کے بعد جھوٹا نکلے تو تم اسے وہی کرنا جو اس نے اپنے بھائی سے کرنا چاہا"۔ [207]

---

[206]: تثنیہ شرع 19:21-19

[207]: تثنیہ شرع 19:15-19

Scanned with OKEN Scanner

2-8: فصل ہشتم: عسائیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ

عسائیت کا بنیادی انحصار شرعی معاملات میں یہودی شریعت پر ہے اور اس کا ثبوت عہد نامہ جدید کی کتاب مقدس متی کے باب پانچ ایت نمبر 17 اکمال شریعت میں ہے" یہ خیال مت کرو کہ میں تورات یا صحائف انبیاء کو منسوخ کرنے آیا ہوں۔ منسوخ کرنے کو نہیں بلکہ پورا کرنے کو آیا ہوں۔ کیونکہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین ٹل نہ جائیں شریعت کا ایک نقطہ یا ایک شوشہ ہرگز نہ ٹلے گا۔ جب تک سب کچھ پورا نہ ہو جائے۔"[208]

اسی طرح انجیل برناباس اگرچہ بمطابق نیقہ کونسل 325ء عیسائی اپنا مستند مذہبی کتاب نہیں مانتے لیکن اس کے فصل اڑتیس میں لکھا ہوا ہے "یسوع نے کہا کیا تم خیال کرتے ہو کہ میں اس لئے آیا ہوں کہ شریعت اور نبیوں کو باطل کردوں؟ میں تم سے کہتا ہوں قسم ہے پروردگار کی جان کی۔ میں نہیں آیا ہوں اس لئے کہ اس کو باطل کروں لیکن اس لئے آیا ہوں کہ اس کو محفوظ بناؤں کیونکہ ہر نبی نے خدا کی شریعت کی نگہبانی کی ہے اور تمام اس چیز کی کہ اس کے ساتھ اللہ نے دوسرے نبیوں کی زبان کلام فرمایا ہے"[209]

عورت کی گواہی کا قضیہ عیسائیت میں قدیم یہودیت کی بالعکس ہے۔ عیسائیت کی قدیم مذہبی کتابیں اور مآخذ اصلیہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عیسائیت ابتداہی سے عورت کو گواہی کی معاملے میں مرد کے برابر بلکہ مرد سے زیادہ حثیت اور وقعت دیتا ہے۔ اور عورت کو قابل اعتماد سمجھتی ہوہے۔ سب سے اہم واقعہ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اُٹھنے کی اطلاع عورت نے دی تھی۔ یہ بات بھی عورت کے لئے قابل اعزاز ہے کہ وہ اکیلی تھی۔

یہ ایک بہت بڑا واقعہ ہے جس میں بلا چون وچرا عورت کی گواہی تسلیم کی گئی ہے۔ عیسائیوں کا مضبوط عقیدہ ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام کو صلیب پر چڑھایا گیا ہے۔ وہ بلاشبہ یہ کہتے ہیں کہ یسوع حقیقت میں مرا۔ اور اس کا بڑا ثبوت اس کی مصلوبیت کی وہ نوعیت ہے جس سے سب واقف تھے۔ جیسا کہ یسوع کو گرفتار کیا گیا اور ایک بڑی عدالتی کاروائی میں ان کو موت کے حوالہ کردیا گیا۔ مقدس یوحنا میں ہے

---

[208]: مقدس متی 5:18-17

[209]: انجیل برناباس 38:4-2

Scanned with OKEN Scanner

"یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ وادی قدرون کے پار گیا جہاں وہ حسب المعمول اپنے شاگردوں کے ساتھ ایک باغ جاتے تھے۔یہودسپاہیوں اور فریسیوں کے ایک گروہ نے مشعلیں اور ہتھیار لیئے وہاں آئے یسوع نے اپنے شاگروں کو منع کرتے ہوئے حکم دیا کہ کہ پطرس تلوار نیام میں رکھوں اور کہا میں وہ پیالی نہ پیوں جومیرے باپ نے مجھے دی ہے"[210]

پھر یہودیوں کے پیادوں، سپاہیوں، اور صوبہ دار نے مل کر یسوع کو پکڑ کر قیافہ نامی سردار کے پاس لے گئے اور پھر پلنطس پیلاطس کے سامنے پیش کیا۔جس نے اس کا مقدمہ سن کر کوڑے لگوانے کا حکم دیا۔اور سپاہیوں نے کانٹوں کا تاج پہنا کر طمانچے رسید کر دیئے۔پیلاطس نے اسے صلیب پر لے جانے کا حکم دیااور انہوں نے اسے صلیب پر لیکر زہر کا پیالہ پلایااور صلیب لگواکر جان دے دی۔

یسوع کے اس سارے عمل میں ان کے تین مرد شاگرد اور چند خواتین شاگر دان کے پیچھے ہو لئے تھے۔ان سب نے یہ عمل کھلی آنکھوں سے دیکھا۔یعنی یسوع کو قبر میں دیکھا اور یہ بھی دیکھا کہ اس کی لاش کس طریقے سے رکھی گئی اور لوٹ کر انہوں نے خوشبودار چیزیں اور عطر تیار کیا"[211]

جبکہ مرقس میں ارشاد ہے"

یسوع کو مصلوبیت جمعہ کی صبح واقع ہوئی۔اس لئے یہودیوں نے پیلاطس سے درخواست کی کہ قیدیوں کی ٹانگیں توڑدی جائیں اور ان کی لاش اتاری جائے کیونکہ سبت کے دن یہودی شریعت کے مطابق سزایافتہ شخص کی لاش صلیب پر نہ رہے لہذالاش کو اسے دن صلیب سے اتارا گیا۔[212]

لیکن جب سپاہیوں کو یقین ہو گیا کہ یسوع مر چکا ہے تو اس کی ٹانگیں نہ توڑیں۔[213]

یوحنامیں ہے کہ یسوع کو روم کے معمول و دستور کے مطابق سب کے سامنے مصلوب کیا گیا۔"اور انہوں نے اسے صلیب دی اور ان کو دو اور کے درمیان صلیب دی گئی۔[214]

---

[210]:مقدس یوحنا18:1-11۔

[211]مقدس لوقا23:55-56

[212]:یوحنا19:31-32

[213]:ایضا:33

[214]یوحنا19:18

عہد نامہ جدید کی مطابق یسوع کو بہت سے دوستوں اور دشمنوں نے صلیب پر مرتے ہوئے دیکھا اور ہر کوئی جو وہاں موجود تھا اس نے اس کے مرتے وقت چلانے کی آواز سنی۔ لوقا میں ہے "اور یسوع نے بڑی آواز سے چلا کر کہا کہ اے باپ میں اپنی روح تیرے ہاتھوں میں سونپتا ہوں—یہ کہہ کر جان دے دی"۔[215]

حتیٰ کہ مقدس یوحنا نے یسوع کی موت کو خود بھی دیکھا ہے اور تمام واقعات کو انجیل میں تحریر کیا ہے۔ اسلئے یسوع کی موت کے واقعے کے بالکل فوراً بعد وہ لکھتا ہے "اور جس نے یہ دیکھا اس نے گواہی دی ہے اور اس کی گواہی سچی ہے اور وہ جانتا ہے کہ سچ کہتا ہے تاکہ تم بھی ایمان لاؤ"[216]

پھر پچاس کے قریب مرد و عورت ملا ہو لایا پس انہوں نے لاش کو کتانی کپڑے میں خوشبوؤں کے ساتھ کفنایا اور صلیبی مقام کے قریب باغ میں نئی قبر میں دفنایا گیا۔ جس میں کبھی کوئی نہیں رکھا گیا تھا۔ اور یسوع کو ادھر رکھ دیا گیا۔[217]

پھر یسوع جہاں دفن کیا گیا تھا اس جگہ کو دوستوں اور دشمنوں دونوں نے غور سے دیکھا اور تدفین کے بعد یہودی قائدین نے غیر معمولی اقدام اٹھائے تاکہ اس بات کی کو یقینی بنائیں کہ لاش وہاں سے منتقل یا چوری شدہ نہ ہو اور اس کی قبر کے سامنے رومی سپاہیوں کا پہرہ مقرر کر دیا۔

دوسرے دن سردار کاہنوں اور فریسیوں نے جمع ہو پیلاطس سے کہا کہ خداوند ہمیں یاد ہے کہ اس دغاباز نے اپنی زندگی میں کہا تھا کہ میں مرنے کے بعد تیسرے دن دوبارہ زندہ ہو کر اٹھوں گا۔ پس حکم دے کہ تیسرے دن تک قبر کی نگہبانی کی جائے کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کے شاگرد آکر اسے چرا لے جائیں اور لوگوں سے کہہ دیں کہ وہ مردوں میں سے جی اُٹھا"

پیلاطس نے کہا کہ پہرہ دار لے جاؤ اور جس طرح ممکن ہو اس کی نگہبانی کرو پس وہ پہرے والوں کو ساتھ لے کر گئے اور ایک بہت بھاری پتھر جو بیس آدمی بھی لڑھکا نہ سکتے تھے قبر پر رکھا پھر پتھر پر مہر کر کے قبر کی نگہبانی کی"[218]

لیکن پہرہ دینے والے سپاہیوں کو اور وہ عورتیں جنہوں نے یسوع کی لاش کو قبر میں رکھتے ہوئے اور اس کے منہ پر پتھر کو لڑھکتے ہوئے دیکھا تھا جانتی تھیں کہ وہ بہت بڑا ہے اور اسے ہلانا ان کے لئے ممکن نہیں۔[219]

---

[215]: مقدس لوقا 46:23

[216]: مقدس یوحنا 35:19

[217]: ایضاً 19:37-42

[218]: مقدس متی 27:62-66

"جب سبت گزر گیا تو وہ خواتین (مریم مجدلی، یعقوب کی ماں مریم اور سلومی) نے خوشبودار چیزیں خریدیں تا کہ جا کر اس پر ملیں ۔ اور وہ ہفتہ کے پہلے دن بہت سویرے سورج نکلتے ہی قبر پر آئیں اور آپس میں کہتی تھیں کہ ہمارے لئے اس پتھر کو قبر کے منہ پر سے کون لڑھکائے گا۔ جب انہوں نے نگاہ کی تو اس پتھر کو لڑھکایا ہوا دیکھا۔ وہ بہت ہی بڑا تھا اور قبر کے اندر جا کر انہوں نے ایک نوجوان کو سفید لباس پہنے داہنی طرف بیٹھا دیکھا تو نہایت حیران ہو گئیں۔ مگر اس نے ان سے کہا حیران نہ ہو تم یسوع مسیح مصلوب کو تلاش کرتی ہو۔ وہ جی اُٹھا ہے۔ وہ یہاں نہیں ہے۔ دیکھوں یہ وہ جگہ ہے جس میں انہوں نے اسے رکھا تھا۔ پس تم جاؤ اور اس کے شاگردوں سے اور پطرس سے کہو کہ وہ تم سے پہلے جلیل کو جاتا ہے اور جیسا کہ اس نے تم سے کہا تھا تم اسے وہاں دیکھو گے "[220]

اسی قسم کا مضمون مقدس لوقا میں بھی ہے۔ "اور وہ ہفتے کے پہلے دن (اتوار) علی الصبح ان خوشبودار چیزوں کو جو تیار کی تھیں لیکر قبر پر آئیں اور انہوں نے پتھر کو قبر پر سے لڑھکا ہوا پایا۔ اور اندر جا کر خداوند یسوع کی لاش نہ پائی۔ اور ایسا ہوا کہ جب وہ اس بات سے حیران تھیں تو دیکھوں وہ شخص برق پوشاک پہنے ان کے ہاں آکھڑے ہوئے۔ جب وہ ڈر گئیں اور وہ اپنے سر زمین پر جھکالئے تو انہوں نے ان سے کہا کہ تم زندہ کو مردوں میں کیوں تلاش کرتی ہو۔ وہ یہاں نہیں بلکہ زندہ ہو گیا ہے۔

یاد رکھو کہ جب وہ ہنوز جلیل میں تھا تو اس نے تم سے فرمایا تھا یعنی ضروری ہے کہ ابن انسان گنہگاروں کے ہاتھ میں حوالہ کیا جائے اور مصلوب ہو اور تیسرے دن جی اُٹھے "[221]

اور تقریباً یہی مضمون مقدس یوحنا میں بھی آیا ہے "ہفتہ کے پہلے دن مریم مجدلی ایسے تڑکے کہ ہنوز اندھیرا تھا قبر پر آئی اور پتھر کو قبر سے ہٹا ہوا دیکھا تب وہ شمعون، پطرس اور دوسرے شاگرد کے پاس دوڑی آئی جسے یسوع پیار کرتا تھا اور ان سے کہا کہ خداوند کو کسی نے قبر سے نکال لیا ہے اور ہم نہیں جانتیں کہ انہوں نے اس سے کہاں رکھا ہے۔

تب پطرس اور وہ دوسرے شاگرد نکلے اور قبر کی طرف گئے۔ جہاں جا کر ان کو یقین ہو گیا کہ وہ مُردوں میں سے دوبارہ زندہ ہو گیا ہے جو کہ ان کے لئے ضروری تھا کہ وہ مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر جی اُٹھے گا۔"[222]

---

[219]: مقدس متی 61:27 اور مقدس مرقس 3:16

[220]: مقدس مرقس 7-1:16

[221]: مقدس لوقا 7-1:24

[222]: مقدس یوحنا 10-1:20

Scanned with OKEN Scanner

یہ سن کر پہرہ دینے والا سپاہیوں کا دستہ بھی حیران ہو گیا کہ کس طرح یسوع قبر سے جی اُٹھا ہے کیونکہ جب وہ پہرہ سنبھال رہے تھے تو سب سے پہلا کام انہوں نے قبر کا معائنہ کیا تھا اور یہ یقینی بنایا تھا کہ سب کچھ ٹھیک ہے اور لاش ادھر ہی قبر میں تھی۔ لیکن بعد میں ان کو برزبان مریم مجدلی معلوم ہوا کہ لاش قبر میں نہیں ہے لہذا پہرہ والوں نے سردار کاہنوں کو بتایا کہ قبر جس پر وہ پہرہ دے رہے تھے خالی ہے۔[223]

پھر رسولوں نے یروشلم میں دن رات منادی کی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔ جیسا کہ عہد نامہ جدید کی کتاب رسولوں کے اعمال بیان کرتی ہے۔ "ہمارے باپ دادا نے یسوع کو زندہ کیا جسے تم نے کاٹھ پر لٹکا کر قتل کر دیا تھا اسی کو خدا نے مبدی اور نجات دہندہ ٹھہرا کر اپنے داہنے ہاتھ سے بلند کیا تاکہ اسرائیل کو توبہ کی توفیق اور گناہوں کی معافی بخش دے اور ہم ان باتوں کے گواہ ہیں"[224]

یسوع مسیح کی قبر پر تمام شاگردوں سے پہلے تین عورتیں آئی تھیں جن میں سے مریم مگدلین اول پہنچی اور اُس نے قبر خالی دیکھ کر پطرس یوحنا اور دیگر کو قبر کی خالی ہونے کی خبر دینے کے لئے دوڑ گئی۔ اور باقی عورتیں اس کی بعد آن پہنچی۔ یہ خواتین یسوع کے ساتھ گلیل سے آئی تھیں انہوں نے اس کی مصلوبیت اور قبر میں لاش رکھنا دیکھ لی تھی۔ پھر یہ خواتین لوٹ کر خوشبودار چیزیں تیار کیا اور سبت کی دن آرام کر کے اتوار کی صبح اس خوشبو کو یسوع کی لاش پر لگانے کے لئے قبر پر آئیں۔ لیکن جب وہ پہنچیں تو یسوع پہلے ہی جی اُٹھا تھا۔[225]

عورتیں بہت جلد خوف اور خوشی کے ساتھ قبر سے روانہ ہوئیں اور یسوع کی شاگردوں کو خبر دینے کے لئے دوڑ گئیں[226]

اور مریم مگدلینی نے سب کے سامنے اس کے (یسوع مسیح) کے مُردوں میں سے جی اٹھنے کی گواہی دی۔

لوقا میں اس طرف اشارہ ہے کہ وہاں گیارہ افراد موجود تھے اور وہ اپنے ساتھیوں کو سن رہے تھے جس میں سب سے پہلے مریم مگدلینی اور پھر دیگر یہ گواہی دے رہے تھے کہ یسوع جی اُٹھا ہے۔

---

[223]: مقدس متی 11:28

[224]: رسولوں کے اعمال 5:30-32۔

[225]: مقدس مرقس 16:1-6

[226]: مقدس متی 8:28

Scanned with OKEN Scanner

جی اُٹھنے کی آنکھوں دیکھی گواہی نا قابل تردید ہے کیونکہ یہودی شریعت اور مسیحی قوانین کی مطابق اس طرح کی گواہی قابل قبول اور قانونی گواہی تصور کی جاتی ہے۔یہ ہر طرح کے سخت ترین معیاروں پر پوری اُترتی ہے اور یہ آنکھوں دیکھے گواہوں کی گواہی سخت مخالفت کے باوجود بھی مٹائی نہیں جاسکتی۔اس کی اولین گواہ مریم مگدلینی تھی جو کہ ایک عورت تھی جو اس بات پر ثقہ اور قوی دلیل ہے کہ عیسایئت میں عورت بطور گواہ تسلیم کی جاتی ہے اور ایک عورت کی گواہی بھی قابل قبول ہوتی ہے۔

یوحنا اور مرقس دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ مریم مگدلینی وہ پہلی شخصیت تھی جس پر جی اُٹھنے کے بعد یسوع ظاہر ہوا اور اس کی گواہی بھی اسی خاتون مریم مگدلینی نے دی جو کہ عیسائیت میں ثقہ مانی جاتی ہے۔[227]

مقدس یوحنا میں ہے "یہ کہہ کر وہ مڑی اور یسوع کو کھڑے دیکھا اور نہ پہچانا کہ یہ یسوع ہے۔ مسیح نے اس سے کہا بی بی تو کیوں روتی ہے۔ کسی کو ڈھونڈتی ہے اس نے باغبان سمجھ کر اس سے بولی "میاں"۔ اگر تو نے اسے یہاں سے اٹھایا ہو تو مجھے بتادے کہ اسے کہاں رکھا ہے تاکہ میں اسے اٹھا لے جاؤں"[228]

انجیل مقدس مرقس میں ہے "اور ہفتے کے پہلے دن سویرے جی اُٹھ کر سب سے پہلے مریم مگدلینی کو دکھائی دیا۔جس میں سے اس نے سات بدروحیں نکالی تھیں"[229]

مقدس لوقا میں ہے "اور وہ یہ باتیں کررہی تھیں کہ یسوع ان کے بیچ میں آ کھڑا ہوا اور ان سے کہا تمہیں سلام"[230]

مقدس متی میں ہے "مریم مجدلی قبر پر ائی لیکن سفید پوش شخص نے انھیں بتایا کہ یسوع مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔وہ یہی باتیں کررہی تھیں کہ اچانک وہاں یسوع آیا" اور دیکھوں یسوع انہیں ملا اور کہا سلام۔ وہ قریب آ کر ان کے قدم پکڑتے ہوئے اسے سجدہ کیا"[231]

اس ضمن میں یہ بات انتہائی قابل غور ہے کہ واقعی بمطابق عیسائیت یسوع مُردوں میں جی اُٹھا ہوا ہے اور پھر اپنے شاگردوں پر ظاہر بھی ہوا۔جی اُٹھنا مضبوط قانونی گواہی کے ایمان پر ثابت شدہ سچائی ہے۔اور جی اُٹھنے کا پہلی گواہ عورت مریم مگدلینی اور پھر

---

[227]: مقدس یوحنا 14:20

[228]: مقدس یوحنا 20:16-15

[229]: مقدس مرقس 16:10

[230]: مقدس لوقا 24:37

[231]: مقدس متی 28:2-9۔

Scanned with OKEN Scanner

ظہور یسوع مسیح کی پہلی گواہ بھی خواتین مثلاً مریم مگدلینی، مریم یعقوبی اور سلومی میں سب سے پہلی مریم مجدلی پر ظاہر ہوا۔ اور اسی ظہور کا اولین گواہ عورتیں ہیں۔ "وہ قبر پر روتی ہے"[232]

اور وہ دو فرشتوں کو دیکھتی ہے جو اس سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیوں روتی ہے۔ اس کے بعد وہ خود یسوع کو دیکھتی ہے"[233]

بائیبل مقدس کی ان تمام اقتباسات سے یہ ظاہر ہو جاتا ہے کہ عیسائیت نے عورت کو بہت اونچا مقام دیا ہے جیسا کہ حضرت یسوع مسیح نے بھی خواتین کو نہ صرف اپنے شاگرد چنیں بلکہ ان کو عوامی مقامات میں گھل ملنے مذہبی ذمہ داریاں کی اجازت دیدی عورت کو سماجی لحاظ سے معاشرتی لحاظ سے، عدالتی لحاظ سے، معاشی لحاظ سے اور مذہبی لحاظ سے مرد کے برابر قرار دیا

قدیم عیسائیت میں حضرت عیسیٰؑ کے کردار یہی رہا کہ وہ معاشرتی تفریق، مذہبی، نسلی اور جنسی تفریق کو مٹائے۔ جیسا کہ غلاطیوں میں ہے، "اور تم سب نے مسیح میں اصطباغ پاکر مسیح کو پہن لیا۔ نہ کوئی یہودی رہا نہ یونانی۔ نہ کوئی غلام نہ آزاد، نہ کوئی مرد نہ زن۔ کیونکہ تم سب مسیح یسوع میں ایک ہو۔ اور جب تم مسیح کے ہو تو ابراہیم کی نسل اور وعدے کے مطابق وارث بھی ہو"[234]

خواتین کے ساتھ یسوع مسیح کا سلوک پوری یہودی تاریخ میں مثالی رہا ہے۔ جس کی کوئی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ یسوع کے ساتھ بے شمار خواتین کی رفاقت تھی جو تبلیغی دوروں پر یسوع کے ساتھ رہیں اور جنہوں نے اپنی زندگیاں یسوع کی خدمت کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ ان میں کچھ خواتین عام طبقے سے اور چند کا تعلق خاص طبقے سے تھا جو کہ بعد میں جا کر شہر شہر اور گاؤں گاؤں وعظ اور تبلیغ کرتی تھیں۔

ان کے ساتھ بارہ عورتیں ہوتی تھیں اور اس کے علاوہ اور کئی عورتیں بھی جو بدروحوں اور بیماریوں سے شفایاب ہوئیں تھیں جیسی مریم مجدلی، کوزی کی بیوی اور سوسن وغیرہ جو اپنے مال سے یسوع کی خدمت کرتی تھیں۔[235]

یہ عورتیں یسوع مسیح کی تبلیغی زندگی میں ہمیشہ ان کے ساتھ رہیں اور اسے کبھی نہ چھوڑا۔ حتیٰ کہ یسوع کو صلیب دیتے وقت بھی وہ خوتین صلیب تلے کھڑی تھیں۔ خواتین کا یسوع کے ساتھ کھلے عام نظر آنا اس بات کی طرف اشارہ ہے اور یہودی اعتراض کر نے والوں کے لئے ایک منہ بولتا ثبوت ہے کہ کس طرح وہ اپنے گھر بار چھوڑ کر ہجوم میں آسکیں، پیچھے ہو لیتیں۔

---

[232]: مقدس یوحنا 2:20

[233]: ایضاً 14:20

[234]: غلاطیوں 3:27-29

[235]: لوقا 8:3-1

Scanned with OKEN Scanner

ان خواتین نے یہودی روایات کا تختہ الٹ کر رکھا اور یہی شکایات در حقیقت صلیب تک لے جانے کا سبب ٹھہرا۔ جیسا کہ لوقا میں ہے "ہم نے یہ تحقیق کی کہ یہ شخص ہماری قوم کو بہکاتا ہے"۔[236]

کیونکہ یسوع خود خواتین کی آزادی کا سب سے بڑا حامی تھا۔ اور انہوں نے حقوق نسواں کے بارے میں واضح تصور پیش کیا کہ کس طرح خواتین مردوں کے ساتھ ان کے معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ اور بڑی جان پہچان اور اثر و رسوخ کی مالک ہو سکتی ہیں۔ ان تمام نصوص سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ یسوع عورتوں کے مکمل آزادی کے قائل تھے۔ جب یسوع مسیح نے اپنے پیروکاروں اور خواتین کو اپنے ساتھ گاؤں گاؤں اور شہر شہر جانے کی اجازت دی تو اس نے اپنے شاگردوں سے کہا، "لیکن میں تم سے کہتا ہوں کہ جو کوئی شہوت سے کسی عورت پر نگاہ کرے وہ اپنے دل ہی دل میں اس کے ساتھ زنا کر چکا"[237]

اسی طرح یسوع نے اس گنہگار زانیہ کو سر عام معاف کر دیا اور اس عورت نے عالموں اور فقیہوں کے سامنے یسوع کی پیروی کی اور اپنے آنسوں سے یسوع کے پاؤں دھوئے اور بالوں سے اس کے پاؤں پونچھے۔ اور اس سے یسوع نے یہ ثابت کر دیا کہ مرد و عورت دونوں خدا کے سامنے ایک ہی صف میں کھڑے ہو سکتے ہیں، اور فرمایا "جو تم میں بے گناہ ہے وہ پہلے پتھر مارے۔ وہ لوگ یہ سن کر ایک ایک کر کے چلے گئے۔ صرف یسوع اور وہ عورت رہ گئیں تو یسوع نے فرمایا کہ تم بھی چلی جاؤ اور پھر گناہ نہ کرنا"[238]

اس سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ یسوع خواتین کی معاشی حقوق کا بہت قائل تھا اور ان کے وہ تمام حقوق کو بحال کیا جو پیدائشی طور پر دونوں کو یکجا حاصل تھے۔

یہ یہودی اور عیسائی لٹریچر سے واضح ہے کہ جہاں کہیں لفظ شخص یا بندہ یا انسان ذکر کیا گیا ہو تو اس میں مرد و زن دونوں شامل ہوتے ہیں۔ اگرچہ بعض عیسائی علماء نے یہودیوں کی اندھی تقلید کرتے ہوئے بے بنیاد اندازہ سے عورت کو ناقابل اعتماد سمجھتے ہیں اور اس کو تمام برائیوں کی جڑ تصور کر کے ناقابل اعتماد ظاہر کیا ہے اور دلیل میں حضرت حوا رضی اللہ عنہا اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا پیش کیا ہیں کہ بحثیت خواتین انہوں نے جھوٹ بولا ہے لہذا کوئی بھی عورت قابل اعتماد نہیں ہے اور چونکہ گواہی دینے پر کسی شخص کے حق کا اثبات یا بطلان ہوتا ہے تو اس لئے گواہ کو بہت ثقہ ہونا چاہیئے

---

[236]مقدس لوقا 2:23

[237]: مقدس یوحنا 28:5

[238]: مقدس یوحنا 8:1-11

لیکن عیسائیت کی اصلی مآخذ ان عیسائی علماء سے متفق نہیں ہیں۔ عورت ہر لحاظ سے مرد کے برابر ہے۔ اگر اس سے کوئی جرم سرزد ہو جائے تو اس کو مرد کے برابر سزا دی جاتی ہے اس طرح دیگر حقوق کے ساتھ ساتھ گواہی میں بھی برابر ہے۔ جیسا کہ احبار میں ہے، "اور اگر کوئی مرد کسی جانور سے ہم صحبت ہو جائے تو وہ ضرور قتل کیا جائے اور تم اس جانور کو بھی مار ڈالنا"[239]

اگر کوئی عورت جانور سے جماع کرے تو اس کی بھی یہی سزا ہو گی۔ جیسا کہ احبار میں ہے، "اگر کوئی عورت کسی جانور کے پاس جا کر ہم صحبت ہو جائے تو اس عورت اور جانور دونوں کو قتل کر مار ڈالنا"[240]

خروج میں بھی ہے "کہ جو کسی جانور سے جماع کرے وہ لازمی مارا جائے"[241]

عاموس نبیؑ نے بھی اپنی پیغمبرانہ تعلیمات میں عدل و انصاف کرنے کا حکم دیا تھا۔ اور عدل و انصاف کے ثبوت کے لئے گواہ کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ اور گواہ اپنی گواہی پھاٹک میں ریکارڈ کرائے اور پھاٹک ایک ایسی با قاعدہ اور تسلسل سے ہونے والی عدالت کی جگہ تھی۔ جہاں بنی اسرائیل کے شہروں اور قصبوں کے فیصلے کئے جاتے تھے۔[242]

پھاٹک ایک مضبوط بنیاد کی عمارت ہوا کرتی ہے۔ جو شہر میں داخلے کی محافظ تھی اور یہاں ایک ایسی جگہ مہیا کی گئی تھی جہاں پر قانونی اسمبلی بیٹھا کرتی تھی اور شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کرتی تھی اور اس میں فیصلے طے شدہ اخلاقی اور قانونی اصولوں کے مطابق کئے جاتے تھے۔ قصبے اور شہر بھر کے بالغ افراد جو کسی قسم کی قانون کی سزا سے مبرا ہوتے وہ اس اسمبلی میں بطور مشاہدہ بین شمولیت اختیار کر سکتے تھے ان میں سے کوئی بھی بالغ شخص حق رائے دہی استعمال کر سکتا تھا۔ وہ کسی بھی فیصلے میں بطور گواہ پیش ہو کر گواہی دے سکتے تھے اور اسمبلی کو مشورہ بھی دے سکتے تھے۔[243]

یہی تمام اقتباسات اسی بات پر استدلال کرتے ہیں کہ عورت جیسا کہ سزا میں مرد کی برابر ہے تو اسی طرح دیگر حقوق میں بھی مرد کی برابر ہے جس میں گواہی بھی شامل ہیں۔ تالمود میں بھی اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ ضمائر میں مرد و عورت دونوں شامل ہیں۔

---

[239]: احبار 15:20

[240]: احبار 17:16

[241]: خروج 19:20

[242]: عاموس 5:15-13

[243]: ہرمن ہینڈرکس، **بائبل اور انصاف** (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2004) ص 69

ارشاد ہے "اگر "کسی" کو گواہ نے دیکھا ہے یا جانا ہے وہ "اس" کی گواہی نہ دے۔ وہ اپنا گناہ خود برداشت کرے گا۔ اور یہ یاد رکھ کہ شریروں کی بربادی میں خوشی ہے"[244]

جیسا کہ ہمارا مدعا ہے کہ لفظ شخص میں مرد و عورت دونوں شامل ہیں تو اس پر بھی تالمود سے دلیل ہے کہ "یہ شخص پھانسی دینے کے لئے لے جایا جارہا ہے۔ یہ اس کا جرم ہے۔ یہ اس کے خلاف گواہیاں ہیں اگر کوئی اس کے حق میں کچھ جانتا ہے تو آگے آئے اور اس کے بارے میں بتائے"[245]

یہاں بھی "شخص" "اس" "کوئی" تمام ضمائر میں مرد و زن دونوں شامل ہیں۔ تالمود میں مزید واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ شخص، آدمی وغیرہ سے کیا مراد ہے۔ جیسا کہ باب کفارہ میں ہے "مبارک ہے وہ شخص جو خداوند سے ڈرتا ہے "کیا صرف آدمی، عورت نہیں؟ ،ہاں، سب انسان، لفظ آدمی مضبوطی کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے بلکہ وہ جو اپنی جوانی میں توبہ کرتے ہیں"[246]

یہاں تو انتہائی واضح طور پر بیان کیا گیا کہ لفظ آدمی میں سب انسان یعنی مرد زن دونوں شامل ہیں۔

برخلاف قدیم یہودیت عیسائیت عورتوں کو ہر معاملے میں جائز مقام دیتا ہے۔ قدیم یہودیت عورتوں کے بارے میں خدا کے خیالات سے متاثر نہیں تھے بلکہ غیر قوموں سے متاثر تھے۔ مثال کے طور پر مشہور یونانی سوانح نویس "یوروبیڈس" کہتا ہے کہ دس ہزار عورتوں کی قدر و قیمت ایک واحد آدمی سے کم ہوتی ہے اسی طرح ایک یہودی مؤرخ یوسیفس عورت کو ہر لحاظ سے مرد سے کمتر اور ادنی قرار دیتا ہے لیکن یسوع نے متضاد بیانات نہ دیئے بلکہ اس کا رویہ ہر وقت ایسا رہا کہ عورت پورے طور سے مرد کے برابر ہے اور اس دنیا میں اس کی (یسوع) کی آمد پر عورتوں کو برابر کا مقام ملا ہے۔[247]

یسوع کی پیدائش کے فوراً بعد ہمیں یہی بات نظر آتی ہے۔ کہ اسے ہیکل میں خداوند کے حضور پیش کیا گیا تو شمعون اور حنا نے بچہ کو خوش آمدید کہا۔"۔ ایک مرد اور ایک عورت حناہی نے یروشلم کو اسی وقت یہ خوشخبری دینے میں پہل کی۔[248]

---

[244] ایچ پولانو، **تالمود**، (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2003) ج 1 ص 220

[245]: ایچ پولانو، **تالمود**، (سادھوکے گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سن 2003) ج 1 ص 220

[246]: ایضاً ص 227

[247] جبین کارسن، **خواتین کے ساتھ مسیح کا رویہ**، (لاہور فیروزپور روڈ: مسیحی اشاعت خانہ، سن 2006م) ص 42

[248]: لوقا 2:23-38۔

دیکھئے یہاں بھی عورت قابل اعتماد ہے۔ اور شہر یروشلم میں سب سے پہلے یسوع کے آمد کی خبر دی جس کو لوگوں نے قبول کیا۔ جس سے عورت کی گواہی اور بھروسہ ظاہر ہو جاتا ہے۔ یسوع نے اپنی باتوں اور دینی تبلیغ دونوں کے لئے مردوں عورتوں دونوں کی مثالیں پیش کی ہیں۔ جیسا کہ سامری عورت سے گفتگو اور مریم مگدلینی وغیرہ ہیں۔[249]

کرسچن عائلی قوانین کے مطابق اگر کسی جوڑے کی شادی دو قابل اعتماد گواہوں کے عدم موجودگی میں کرائی گئی تو وہ قابل تعزیر جرم ہو گی۔ اس ایکٹ میں بھی محض اشخاص لکھے گئے ہیں۔ اس میں مرد و عورت کی کوئی جنسی تفریق نہیں کی گئی جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ شخص مرد و زن یا گواہ میں مرد و عورت دونوں شامل ہیں۔ جیسا کہ برٹش کنن لا میں ہے"

"Solemnizing marriage out of proper time or without Witnesses", whoever knowingly and willfully solemnize a marriage between persons one or both of whom is or are a Christian or Christians at any time in the absence of at least two credible witnesses other than the person solemnizing the marriage shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three years and shall also be liable to fine".[250]

جنرل اسمبلی اقوام متحدہ نے بھی 18 دسمبر 1979ء کو عورت کے مندرجہ ذیل حقوق تسلیم کئے۔

1: یہ ذہین نشین رکھتے ہیں کہ اقوام متحدہ کا یہ منشور بنیادی انسانی حقوق انسانی وقار و قابلیت اور مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کا باضابطہ اعلان کرتا ہے۔

2: یہ ذہین نشین رکھتے ہیں کہ انسانی حقوق کے عالمی معاہدوں کے ممبر ملکوں کا فرض بنتا ہے کہ وہ عورتوں اور مردوں کے مساوی حقوق کو یقینی بنائیں تاکہ وہ اپنے تمام اقتصادی، سماجی، ثقافتی، شہری اور سیاسی حقوق سے مستفید ہو سکیں۔

3: یہ ذہین میں رکھتے ہیں کہ خاندانی اور معاشرتی سطح پر عورتوں اور مردوں کے روایتی کردار میں تبدیل لانا ضروری ہے۔ تاکہ عورتوں اور مردوں کے درمیان مکمل برابری کو یقینی بنایا جاسکے۔

4: اس معاہدے کے مقاصد کے حصول کے لئے عورتوں کے خلاف امتیازی سلوک کی اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ جنس کی بنا پر ہونے والا اختلاف، امتناع یا پابندی جس کا نتیجہ یا مقصد ازدواجی حیثیت اور مردوں اور عورتوں کے درمیان برابری کی بنیاد کے باوجود سیاسی اقتصادی، معاشرتی، ثقافتی، شہری یا کسی بھی شعبہ حیات میں عورتوں کے بنیادی انسانی حقوق اور جنسی آزادیوں، عورتوں کے

---

[249]: جینین کارسن، **خواتین کے ساتھ مسیح کا رویہ**، (لاہور فیروز پور روڈ: مسیحی اشاعت خانہ، سن 2006) ص 43

[250]: Salvance Jacob, **The Christian Family Laws in Pakistan,** (Lahore:Fahad Law House 2017) pp. 61

Scanned with OKEN Scanner

خلاف ہر قسم کے امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لئے مناسب قدامات کریں اور عورتوں و مردوں کی برابری کے اصول کو قانونی تحفظ یقینی بنائیں ۔ دفعہ 15 میں ہے کہ ممبر ممالک اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے دائرہ اختیار میں مرد و عورتوں کی حثیت مساوی ہو گی اور دونوں کو کاروبار کے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں گے جبکہ عدالتی امور میں ان کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائیگا۔

اعلان بیجنگ ستمبر 1995ء کے دفعہ 16 میں ہے کہ ہم معاشی بہبود، معاشرتی ترقی، تحفظ ماحولیات اور معاشرتی انصاف کی بنیاد پر معاشی و معاشرتی ترقی میں عورتوں کی شراکت اور پائیدار عوامی ترقی میں عورتوں اور مردوں کو مکمل و برابر شراکت کے مساوی مواقع فراہم کرتے ہیں۔ دفعہ 24 میں ہے کہ عورتوں اور بچیوں کو سب انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے حصول کو یقینی بنائیں گے اور ان حقوق اور آزادیوں کی خلاف ورزی کے خلاف موثر کاروائی کریں گے۔

انسانی حقوق کے عالمی اعلان دسمبر 1949ء میں صنفی تفریق کا خاتمہ تمام لوگ قانون کی نظر میں برابر اور عورتوں کے خلاف ہر قسم کے امتیازات ختم کرنے کا معاہدہ شامل ہے۔[251]

---

[251] خود مختار ادراہ برائے امور انسانیہ، عورتوں کے حقوق صفحات:1-6،26،44، 118-117 - 165-167،180-182،192-193، کرسچن سٹڈی سنٹر روالپنڈی پاکستان، 2001م۔

2-9: فصل نہم: رومن کیتھولک چرچ اور پروٹسٹنٹ مکتب فکر اور عورت کی گواہی

اگرچہ قدیم عیسایت اور اس کی اصلی ماٰخذ میں عورت کو دور یسوع اور بعد کے ابتدائی ایام میں مرد کے برابر حیثیت دی گئی تھی لیکن بعد کے عیسائی علماء نے آہستہ آہستہ عورت کو بے وقعت کر دیا اور اس کو تمام برائیوں کی جڑ قرار دیا۔ ان کا خیال ہے کہ عورت نے بنی نوع انسان کو تباہ کیا ہے۔ یہ جہنم کا دروازہ ہے۔ اور اسی وجہ سے یسوع مسیح کو پھانسی پر چڑھایا گیا ہے۔ لہذا وہ جتنا بھی ماتم کریں کم ہے،[252]۔

سنیٹ جوہن کرائی سسٹم نے خواتین کو داؤدؑ اور سلیمانؑ کے گناہوں کا کارخانہ اور ذمہ دار ٹھرایا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ عورت بنی نوع انسان کی زوال اور کم ظرفی کا باعث بن جاتی ہے۔ عورت مردوں کے درمیان لالچ، حرص اور خود غرضی پیدا کرتی ہے خواہ وہ نوجوان ہو یا معمر، بہادر ہو یا بزدل، ہوشیار ہو یا کم عقل حتی کہ ولی کیوں نہ ہو وہ عورت کی دغابازی سے محفوظ نہیں رہ سکتا"[253]۔

قرون وسطیٰ میں عورت کی خلاف باقاعدہ مشن چلایا گیا۔ 1498ء کو عورت کی خلاف کتاب لکھی گئی "دی ہیمر اگینسٹ ویچز" جس میں کاہن عورتوں کو قتل کرنے کی اجازت تھی۔ اسی دوران بعض خواتین میں اسی ظالمانہ سماج کے خلاف ایک سوچ ابھری۔ مثلا مشہور راہبہ جولینا، سینٹ گرتروڈ، سینٹ میچلڈ، سینٹ تھریسا عولیا اور سینٹ کتھرائن سینا' نے خواتین کے لئے شاندار کام کیا۔ اور رومن کھیتولک چرچ کو خواتین کو حقوق دینے پر کچھ حد تک راضی کیا"[254]

یورپ کی تاریخ میں سولہویں صدی عیسوی کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ سولہویں صدی کے پہلے وسط یورپ میں تحریک اصلاح مذہب (Reformation) نے جنم لیا اور اس تحریک نے یورپ کی تاریخ میں انقلاب برپا کر دیا۔

اصلاح مذہب کی یہ تحریک پاپائیت اور پادریوں کی طرف سے قائم مذہبی جبر کا نتیجہ تھا۔ قرون وسطیٰ کا یورپ مکمل طور پر مذہبی تسلط میں جکڑا ہوا تھا، پاپائیت کی تاریخ اگرچہ بہت پرانی تھی لیکن قرون وسطیٰ میں آکر اس کا جبر حد سے بڑھ گیا تھا۔

---

[252]: M. Jmananzan, **An Essays on Women,** (Filipine: Manila institute of Women's studies 1987). P.22

[253]: C. R. Boxer, **Mary and Misogyny** (London: Dutch worth Publication, 2001) Volume 1 P. 64

[254]: Richard Baulkham, **Diwa studies of Philosophy and Theology,** (Philippine:Published by Divine World School of Theology, 2005) P. 35.

Scanned with OKEN Scanner

بادشاہ، جاگیر دار اور عوام سب کلیسا کے ماتحت اور اس کے غلام تھے۔ بادشاہوں کا چناؤ وہٹاؤ بھی کلیسا کے ہاتھ میں تھا۔ پوپ جس کو چاہتا بادشاہ بنا دیتا اور جسے چاہتا معزول کر دیتا۔ تیرھویں اور چودھویں صدی کے اکثر حکمران پوپ کی طرف سے مقرر کیے ہوئے تھے۔ پوپ طاقت و اختیار کے ساتھ اب اپنی شان و شوکت بھی بڑھانے لگا تھا۔ پوپ کے تاج میں قیمتی موتی اور نگینے جڑے ہوتے تھے۔

تیرھویں صدی میں پوپ کی ذاتی جاگیر 17 ہزار مربع میل ہو چکی تھی۔ بادشاہ اور عوام سب کی تقدیر پوپ کے ہاتھوں لکھی جاتی ۔ اگر کوئی بغاوت کرتا تو اس کی موت کا پروانہ جاری کر دیا جاتا۔ پوپ نے تفتیش کا ایک محکمہ قائم کیا ہوا تھا جس کے بارے میں ذرا سا شک ہوتا اسے گرفتار کر لیا جاتا، عدالت میں پیشی ہوتی، بند کمرے میں عدالت لگتی، ملزم کو اپنا موٴقف پیش کئے بغیر سزا سنا دی جاتی۔ ملزم اقرار کرتا تو پھانسی، انکار کرتا تو تشدد کر کے مار دیا جاتا، انکار یا اقرار دونوں صورتوں میں موت یقینی ہوتی۔

بغاوت کرنے والوں کو آگ میں جلا دیا جاتا یا کھولتے اُبلتے تیل میں پھینک دیا جاتا۔ تقریباً نو لاکھ لوگوں کو اس طرح موت کی بھینٹ چڑھایا گیا۔۔ عیسائی روایات کے مطابق پوپ غلطیوں سے پاک اور معصوم عن الخطاء تھا اور اس کے احکام تشریعی نوعیت کے ہوتے تھے، گویا پوپ صرف شارح نہیں شارع بھی تھا اور ہر قسم کے مذہبی احکام لاگو بھی کر سکتا تھا۔

جب کلیسا کے بارے میں یہ عقیدہ بن گیا تو یہی سے مذہبی جبر شروع ہوا۔ اب اگر کوئی فرد کلیسا سے اختلاف کرتا تو اسے بدعتی ڈکلیئر کر دیا جاتا اور بدعتی کا مطلب تھا کہ اب یہ شخص دنیا میں مزید زندہ رہنے کے قابل نہیں رہا۔ بائبل کو پڑھنے اور سمجھنے کی اجازت نہیں تھی، بائبل کا ترجمہ ممنوع ہوا، رہبانیت پر زور دیا جانے لگا، پادریوں کی آمریت قائم ہوئی، عورت کو معاشرے میں منحوس سمجھا جانے لگا۔ چرچ افراد کی نجی زندگی میں دخیل ہوا، ہر علاقے کے عوام کے لیئے ضروری ہوا کہ وہ کم از کم سال میں ایک بار پادری کے سامنے حاضر ہو کر اپنے گناہوں کا اقرار کریں۔

عورتوں کی آزادی اور تفریح پر حملے ہوئے، عوام کو چرچ کے تسلط میں رکھنے کے لیئے خوفزدہ کیا جانے لگا۔ عوام میں بدعنوانی اور توہمات پرستی بڑھ گئی، لوگ ڈاکٹر کی بجائے پادریوں کے پاس جانے لگے، دعائیں مانگتے، فالیں نکلواتے اور تبرکات کی پوجا کرتے۔

رومی تہذیب میں جہاں سرکس، حمام، تالاب، فوارے، کھیل کے میدان اور جمنازیم تھے اب کلیسا نے وہاں چرچ، خانقاہیں اور مقبرے بنوا دیئے۔ مغفرت نامے لکھوائے گئے جس میں پوپ نے اعلان کیا کہ جو جنت میں جانا چاہیں وہ اتنی رقم کے عوض مغفرت نامے لکھوا لیں۔ جن کے آباء اجداد وفات پا گئے تھے ان کے ورثا کو خیال آیا تو وہ بھی مغفرت نامے لکھوانے کے لئے پوپ کے پاس پہنچ گئے۔

Scanned with OKEN Scanner

یہ سارا مذہبی جبر تھا جس نے عوام کو کلیسا اور چرچ سے بدظن کر دیا تھا مغفرت ناموں کی فروخت وہ آخری اسٹیج تھا جس کے بعد یورپ میں کلیسا کے خلاف فیصلہ کن آواز اٹھی۔ اگرچہ اس سے پہلے بھی پیٹر والڈ، جان ٹولر اور جان وائی کلف کلیسا کے خلاف آواز بلند کر چکے تھے لیکن انہیں کوئی خاص کامیابی حاصل نہ ہوئی تھی۔ کلیسا کے خلاف کامیاب بغاوت کا سہرا، پروفیسر مارٹن لوتھر کے سر سجا۔

مارٹن لوتھر 10 نومبر 1483م کو جرمنی کے ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوا۔ اس کے والدین بہت غریب تھے اور اس کا سارا بچپن ایک جھونپڑی میں گزرا۔ وہ صبح پڑھنے جاتا اور شام کو محنت مزدوری کر کے اپنے والدین کا ہاتھ بٹاتا۔ اس کے والدین اسے قانون کی تعلیم دلانا چاہتے تھے لیکن اس کا رجحان مذہب کی طرف تھا، اس نے قانون چھوڑا اور پادری بن گیا۔ پادری بننے کے بعد وہ یورپ گیا، ٹولر کی کتب سے استفادہ کیا۔ یورپ کے وزٹ نے اسے پاپائیت کے خلاف بغاوت کرنے پر مجبور کر دیا۔

وہ یورپ سے واپس آیا تو مذہب اور عیسائیت کے بارے میں اس کا نظریہ بدل چکا تھا، اب وہ سرعام کہتا تھا کہ پوپ روحانی پیشوا ہونے کا اہل نہیں۔ جرمنی واپس آتے ہی اس نے پوپ کے خلاف بغاوت کا اعلان کر دیا۔ اس نے مغفرت ناموں کو فضول اور غلط قرار دیا، کلیسا کے مظالم کے خلاف آواز اٹھائی۔

21 اکتوبر 1517ء میں چرچ کے خلاف باقاعدہ تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔ اس نے وٹن برگ نامی شہر جرمنی میں ایک گرجا گھر کی دیوار پر ایک طویل عبارت لکھوا کر لگوا دی جس میں پوپ پر شدید تنقید کی گئی۔ پوپ کو پتا چلا تو اس نے مارٹن لوتھر کو ایک بگڑا ہوا "لونڈا" قرار دیدیا۔ پادریوں اور لوتھر کے درمیان مناظرے ہوئے لیکن لوتھر اپنے نظریات پر قائم رہا۔ چرچ اور کلیسا کے مظالم سے تنگ آئے عوام بھی لوتھر کے گرد جمع ہونے لگے، ہزاروں کا مجمع اکٹھا ہوتا، پوپ اور چرچ کے خلاف نعرے لگائے جاتے، چرچ کے ظلم وستم کے ستائے ہوئے کچھ شہزادے بھی اس تحریک میں شامل ہو گئے۔

بات آگے بڑھی تو پوپ نے لوتھر کو ایک سال کے لیئے جیل میں ڈال دیا۔ وہ وہاں بھی آرام سے نہ بیٹھا اور بائبل کا جرمن زبان میں ترجمہ کر ڈالا۔ 1520م میں پوپ نے ایک اعلان جاری کیا جس میں لوتھر کو کافر اور بے دین قرار دیا گیا اور اس کے پیرو کاروں کو مرتد کہا گیا۔ یہ حکمنامہ مارٹن لوتھر تک پہنچا تو اس نے لوگوں کی موجودگی میں اس حکمنامے کو آگ لگا دی۔ 1529م میں انگلستان کے بادشاہ ہنری ہشتم نے بھی پوپ کے خلاف بغاوت کا اعلان کر دیا اور حکم جاری کیا کہ انگلستان کے گرجے کا آئندہ پوپ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner

آہستہ آہستہ یہ تحریک آگے بڑھی اور پورے یورپ میں پھیل گئی۔ اب عوام میں بھی شعور اجاگر ہو چکا تھا، چرچ اور کلیسا عوام میں بدنام ہو چکے تھے، مارٹن لوتھر اگرچہ فروری 1546ء میں انتقال کر گئے لیکن اس کی تحریک آپ کے بعد بھی جاری رہی ۔لوتھر کے بعد ان کی اصلاحی تحریک کو جون زونگلی، جان کالون اور جان ناکس نے آگے بڑھایا۔

لوتھر نے پاپائیت کے جبر کے خلاف پروٹسٹ (احتجاج) کیا تھا اس لئے اس فرقے کا نام پروٹسٹنٹ پڑ گیا۔ اب عیسائیت میں ایک کی بجائے دو فرقے بن گئے، کیتھولک اور پروٹسٹنٹ، کیتھولک قدیم روایات اور پاپائیت کی بالا دستی چاہتا تھا لیکن پرٹسٹنٹ فرقے نے قدیم روایات سے بغاوت کے ساتھ پوپ کو مذہبی اتھارٹی ماننے سے بھی انکار کر دیا۔

اگرچہ اس وقت دنیا میں کیتھولک تعداد میں زیادہ ہیں لیکن برصغیر پاک و ہند میں پروٹسٹنٹ زیادہ تعداد میں پائے جاتے ہیں کیتھولک فرقے نے چرچ اور کلیسا کی اصلاح کی کوششیں شروع کر دیں۔ دوسری طرف پروٹسٹنٹ فرقے پر ظلم و ستم بھی جاری رہا، دونوں طرف کے انتہاپسندانہ نظریات کی وجہ سے کیتھولک اور پروٹسٹنٹ میں 1618 سے 1648 تک تیس سالہ مذہبی جنگیں لڑی گئیں اور ان میں لاکھوں لوگ ہلاک ہوئے۔

مزے کی بات یہ ہے کہ یہ اختلافات آج بھی جاری ہیں اور دونوں فرقے ایک دوسرے کو کافر اور جہنمی سمجھتے ہیں۔ تاہم پروٹسنٹ مکتب فکر نے خواتین کی سماجی اور مذہبی کردار کو تسلیم کر کے ان کو وقار دیا۔ انھوں نے سترہ صدی عیسوی میں جنسی یکسانیت کا نفاذ کرتے ہوئے مرد وزن کو مساوی رول دیا۔ انہوں نے خواتین کو مذہبی تعلیمات کے پرچار کی اجازت دیکر عظیم خواتین مبلغین پیدا کیں۔ مثلاً الیزبتھ ہوٹن، ماری ڈائر اور الیزبتھ فرائر وغیرہ۔

انیسوی صدی میں اسی فرقے نے ماری بیکر ایڈی پیدا کیا جس نے خواتین کے حقوق کے لئے ہر محاذ پر جنگ لڑی اور ان کو معاشرہ میں جائز مقام دلوایا۔ انہیں کی کاوشوں سے بیسوی صدی عیسویں میں خواتین کو مکمل آزادی اور مساوی حقوق ملے۔ اور چرچ نے بھی ان کے حقوق کا اعتراف کیا اور دنیا کے مختلف ممالک میں عورت کو میراث، اظہار خیال، گھریلو معاملات، تجارتی امور، عدالتی امور اور زراعتی امور میں مرد کے برابر حقوق دیئے۔

مختصر یہ کہ پروٹسنٹ فرقہ عورت کو زندگی کے ہر میدان میں پورے انسانی حقوق دینے کے حق میں ہے۔ یہ فرقہ عورت کو مکمل آزادی دیتا ہے اور عدالتی امور میں تساوی سے مراد بھی یہی ہے کہ خواتین عدالت میں بھی مرد جیسے حشیت رکھتی ہیں۔ کسی بھی امر میں ان پر کوئی قدغن نہیں ہو گی۔ تو جس طرح مرد عدالت میں کسی بھی معاملے پر اپنے بیان دے سکتا ہے اور گواہ بن بھی سکتا ہے اسی طرح عورت کو بھی یہ حشیت حاصل ہو گی۔[255]

خلاصہ باب: مقالہ ہذا کا باب دوم کل نو فصول پر مشتمل ہے۔ جن میں سے فصل اوّل میں عسائیت کی توضیح اور مختلف شاخیں جبکہ فصل دوم عسائیت کی مقدس کتابوں اور فصل سوم میں حوارین کا ذکر ہے۔ فصل چہارم عیسائیت کا طریقہ عبادت، اہم رسومات اور مختلف تہواروں سے متعلق ہے۔ فصل پنجم میں عیسائیت کے مختلف عقائد اور فصل ششم میں عورت کی مقام و مرتبہ کا ذکر ہے۔

فصل ہفتم میں گواہی کی مشروعیت و توضیح، فصل ہشتم عیسائیت میں عورت کی گواہی کا قضیہ جبکہ فصل نہم میں رومن کیتھولک چرچ و پروٹسٹنٹ مکتب فکر میں عورت کے گواہی کا تحقیقی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

---

[255]: Richard Baulkham, **Diwa studies of Philosophy and Theology**, (Philippine:Published by Divine World School of Theology, 2005) P. 63-70

3.0 : باب سوئم: شہادت کی تعریف، مشروعیت اور اہمیت قران وحدیث کی روشنی میں

شہادت لغت میں خبر قاطع یعنی یقینی خبر کو کہتے ہیں۔[256]

اسی طرح امام اللغوی نے اپنی کتاب قاموس المحیط میں بھی شہادت کو خبر قاطع کہا ہے۔[257]

شہادت عربی زبان کا لفظ ہے جس کا مادہ "ش ہ د" سے ہے اس کے معنی حاضر ہونا، موجود ہونا دیکھ لینا ہے۔

جبکہ اصطلاح میں شہادت سے مراد وہ سچی خبر ہے جو عدالت میں گواہی کے طور پر دی جائے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی چیز یا واقعہ کے بارے میں اپنے مشاہدے اور معلومات کے مطابق خبر دی جائے۔ محض ظن، تخمینہ، اندازہ یا گمان کی بنا پر کہی جانے والی بات شہادت نہیں کہلاتی۔

امام راغب الاصفاہانی نے فرمایاہے کہ شہود و شہادت سے مراد کسی خبر سے بالبصیرۃ یا بالبصارت خبر دار ہونا ہے۔[258]

فقہ میں علامہ ابن نجیم کے مطابق شہادت کسی واقعہ کی بارے میں اپنے مشاہدے اور دید کے مطابق خبر دینے کو کہتے ہیں نہ کہ ظن و تخمین کی بنیاد پر[259]۔

---

[256] : ابن منظور الافریقی ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکتوم: **لسان العرب** (بیروت لبنان: طبع دار احیاء التراث العربی، سنہ 1955م) ج3 ص239۔

ابن منظور کا پورا نام محمد بن مکتوم بن علی بن احمد بن منظور ابو الفضل جمال الدین الانصاری الافریقی ہے۔ آپؒ 1233م کو مصر میں پیدا ہوئے اور 1312م کو بعمر 79 سال قاہرہ میں وفات پا گئے۔ آپؒ ماہر لسانیات ہونے کے ساتھ ساتھ طرابلس میں قاضی کی پوسٹ پر بھی کام کئے۔ آپؒ نے لسان العرب کے علاوہ مختار الاغانی، مختصر تاریخ دمشق اور تاریخ بغداد وغیرہ۔ آپ کی لکھی ہوئی کتاب لسان العرب عربی زبان میں مستند اور ضخیم کتاب ہے جیسے عربی زبان کا انسائیکلوپیڈیا کہا جاتا ہے

[257] : محمد بن یعقوب ابی طاہر اللغوی، **القاموس المحیط** والقابوس الوسیط الجامع لماذھب من کلام العرب شماطیط (بیروت لبنان: طبع موسسۃ الرسالۃ، سن 2010م) ج1 ص 316۔

امام اللغوی کا پورا نام مجد الدین ابی طاہر محمد بن یعقوب بن محمد بن ابراہیم الشیرازی ہے۔ آپ 817م کو وفات پا گئے۔ قاموس المحیط لغت کی بڑی کتابوں میں سے ہے

[258] : حسین بن محمد بن مفضل بن محمد ابو القاسم الاصفہانی، **المفردات فی غریب القرآن** (بیروت لبنان: دار الکتب اعلمیہ سن 2009م) جلد 1 ص 267-269۔

احسین بن محمد بن مفضل بن محمد بو القاسم الاصفہانی، اصفہان میں پیدا ہوئے اور 1108م کو افات ہو گئے۔ آپؒ نے مفردات فی غریب القرآن کے علاوہ، محاضرات الادباء، حل متشبہات القرآن، الذریعہ الی مکارم الشریعہ وغیرہ۔ یہ کتاب حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ہے۔ امام صاحب نے ہر قرآنی ایت کی صرفی تحقیق کے ساتھ ساتھ اس لفظ کا حدیث اور شعر سے بھی استشہاد کیا ہے۔

[259] : ابن نجیم زین الدین الحنفی **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997م) ج7، ص55

Scanned with OKEN Scanner

علامہ شامی نے شہادت کی تعریف یوں کی ہے۔"عدالت میں میں لفظ گواہی کی تخصیص کے ساتھ حق ثابت کرنے کے لئے سچی خبر دیناشہادت ہے"[260]۔

فتاویٰ علمگیری میں بھی یہی تعریف کی گئی ہے۔ صرف مجلس القاضی کے جگہ مجلس القضاء کے الفاظ کا فرق ہے۔ یہ تعریف جامع ہے کیونکہ اس میں وہ تمام عناصر موجود ہیں جو اصطلاحی شہادت کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔اس تعریف میں مندرجہ ذیل اہم نکات ہیں۔[261]

1: شہادت: اس سے مراد وہ سچی خبر ہے جو قاضی یا مجلس قضاء میں دی جائے، تو روزمرہ زندگی میں بولی جانے والے تمام اصطلاحی شہادت کی تعریف میں نہیں آتے۔

2: مجلس القضاء: مجلس القضاءعدالتی عمل کو کہتے ہیں۔ عدالتی عمل سے ہٹ کر دی جانے والی شہادت کی کوئی اہمیت نہیں، خواہ وہ کہیں اور قاضی کے سامنے ہی کیوں نہ دی جائے۔عدالت سے باہر جو بھی گواہی دی جائے وہ معتبر نہیں ہو گی۔ جیسا کہ مجلۃ الاحکام العدلیۃ میں اس کی تصریح کی گئی ہے۔" لا تعتبر الشهادة التی تقع فی خارج مجلس المحكمة"[262]۔ترجمہ: جو شہادت عدالت کے باہر دی جائے وہ معتبر نہیں۔

ابن نجیم کا پورا نام زین الدین الحنفی بن ابراہیم بن محمد المعروف سراج الدین ابن نجیم المصری ہے۔ آپؒ کی ولادت 1519م بمطابق 926ھ کو قاہرہ میں ہوئی اور 1563م کو وفات ہو گئے۔ آپؒ کا لقب امام ابو حنیفہ الثانی۔ البحر الرائق فقہ حنفی کی مستند کتاب کنزالدقائق کی شرح ہے۔ اس کی علاوہ الاشباہ والنظائر، الرسائل الزنبیہ، فتح الغفار بشرح المنار وغیرہ کتابیں بھی آپؒ نے لکھی ہیں۔

[260] : محمد امین ابن عابدین الشامی، ردالمختار علی درالمختار الشہیر بالشامی (دمشق شام: الناشر، عالم الکتب، سن 2003م) ج4ص 411

ردالمختار علی الدر المختار علامہ محمد بن امین بن عبد العزیز ابن عابدین الحنفی الشامی کی نہایت عظیم الشان تالیف ہے۔ اسی فتاوی شامی بھی کہا جاتا ہے۔ حنفی فقہ میں یہ کتاب بہت اعلی پایہ کی ہے۔

[261] : **فتاوی علمگیری۔** اس کو **فتاوی ہندیہ** بھی کہا جاتا ہے۔ یہ مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے حکم پر علماء کی ایک کمیٹی نے تالیف کی۔ اس کمیٹی کا سربراہ شیخ نظام برہان پوری تھے۔ جنہوں نے 1681م میں کام شروع کیا۔ بادشاہ بنفس نفیس اس کمیٹی کا سرپرست اعلی رہے۔ کمیٹی نے تدوین کا کام چار گروپوں میں تقسیم کیا۔ ہر سب کمیٹی دس افراد پر مشتمل تھی۔ ایک کمیٹی کا سربراہ قاضی محمد حسین جونپوری، دوسری حصہ کا سربراہ سید جلال الدین مچھلی پوری، تیسری گروپ کا سربراہ شیخ وجیہ الدین گوپاموی اور چوتھے گروپ کا سربراہ محمد اکرم لاہوری مقرر کئے گئے تھے۔ انہوں نے آٹھ سال کے عرصے میں اس کی تالیف مکمل کیا۔ اس کام تقریباً پچاس علماء نے حصہ لیا۔ یہ کام 1689م بمطابق 1082ھ مکمل ہوئی۔ (ادارہ دائرۃ المعارف، دانش گاہ، پنجاب، لاہور)۔

[262] : لجنۃ العلماء المحققین، **مجلۃ الاحکام العدلیۃ**، (کراچی: میر محمد کتب خانہ، سن 2001م) ص339، مادۃ 1687

مجلۃ الاحکام العدلیہ: یہ سترہ ابواب پر مشتمل تجارتی قوانین کا ایک مجموعہ ہے جن کی بنیاد فقہ حنفی ہے۔ اس کے اغاز میں 99 قواعد فقہیہ شامل کئے گئے ہیں۔ سلطنت عثمانیہ کے وزیر انصاف نے وقت کے جید ماہرین قانون، علماء اور فقہاء کی ایک تشکیل دی جس نے سات سال محنت شاقہ کے بعد 1856م میں ایک مجموع تیار کیا اور اسی سال ان قوانین کو نافذ بھی کیا گیا۔ یہ فقہ اسلامی کی تاریخ کا پہلا مدون (Codified) قانون ہے۔ (www.legal-dictionary he

3: گواہی کے الفاظ: چونکہ گواہ کے الفاظ کو شہادت قرار دیا ہے اس کی تخصیص کرنا ضروری ہے۔ اس لئے گواہ کہیں گے کہ " میں شہادت یا گواہی دیتا ہوں " کے الفاظ یا اس کے مماثل الفاظ لازما استعمال کرے۔

4: گواہ کا بیان حق ثابت کرنے کے لئے ہو: گواہ کا بیان حق ثابت کرنے کے لئے ہو، نہ کہ حق چھپانے کے لئے۔ اگر یہ بیان حق چھپانے کے لئے ہو تو اس پر شہادت کی تعریف صادق نہیں آئے گی۔ شہادت کے ضمن میں مندرجہ ذیل اصطلاحات کا کثرت سے استعمال پیش آتا ہے۔ جس کا جاننا ضروری ہے۔

1: شاہد: یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اس سے وہ شخص مراد ہوتا ہے جس نے مشاہدہ کیا ہو۔ اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ گواہ کے لئے ضروری ہے کہ جس چیز کی شہادت دے اسے اس نے خود دیکھا ہو

2: مشہود لہ: وہ شخص جس کے لئے یعنی جس کے حق میں شہادت دی جائے۔

3: مشہود علیہ: وہ شخص جس پر گواہی دی جائے یعنی جس کے خلاف شہادت دی جائے۔

4: مشہود بہ: اس سے مراد وہ واقعہ یا معاملہ ہوتا ہے جس کے بارے میں گواہی دی جاتی ہے۔

شہادت کے مشروعیّت: اللہ تعالیٰ نے شہادت کو حقوق کی حفاظت کے لئے جائز قرار دیا ہے۔ شہادت ہی کے ذریعے اکثر دعاویات کا اثبات ہوتا ہے۔ لہٰذا شہادت کو اثبات حق کے لئے ایک آلہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ شہادت کے مشروعیّت ادلتہ الشرعیّہ یعنی قران، سنت اور معقول (اجماع و قیاس) سے ثابت ہے۔

اثبات الشہادۃ من القرآن: شہادت کے حوالے سے قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔" واستشہدوا شہیدین من رجالکم فاءن لم یکونا رجلین فرجل وامرءاتان ممن ترضون من الشہداء"[263]۔

Gerald and اس کی شرح رستم بن باز نی لکھی ہے۔ free dictionary. com/majaltulahkamaaladia, by renowned authorities (Kathleen Hill, 8.07.2019

پورا نام سلیم بن رستم بن الیاس بن طنوس باز (1275 – 1338ھ بمطابق 1859 – 1920ء) ہے۔ بیروت میں پیدا ہوئے لبنان کے مدارس میں تعلیم حاصل کی اور وکالت کے پیشے سے منسلک رہے۔ ۳۹ کتابیں تصنیف کیں جن میں مشہور شرح المجلۃ الاحکام العدلیہ ہے۔

[263]: البقرۃ ایت: 282

ترجمہ: اور مقرر کرو اپنوں میں سے دو مرد گواہ۔ اگر مرد نہ ہو تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں گواہ کر لو ان میں سے جو تمہیں پسند ہو

۔

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ہے "واشہدوا ذوی عدل منکم"[264]۔

ترجمہ: اور گواہ مقرر کرہ تم میں سے دو معتبر۔

اثبات الشهادة من السنّۃ: گواہی یا شہادت قران مجید کی طرح احادیث طیبہؓ سے بھی ثابت ہے۔ مثلا: آپ ﷺ نے عبد اللہ ابن سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل کے موقعہ پر فرمایا تھا" ولكن اليمين على المدعى عليه"[265]۔ ترجمہ: لیکن قسم مدعی کے لئے ہے۔

ایک اور جگہ امام البیہقی نے ارشاد نقل کیا ہے۔ "البيّنة على المدعى واليمين على من انكر"[266]

ترجمہ: گواہ پیش کرنا مدعی پر ہے اور منکر کے لئے قسم ہے۔

اسی طرح عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لیکر آج تک تمام امت مسلمہ کا بلا کسی مخالفت گواہی کی مشروعیت پر اتفاق رہا ہے اور درجہ بالا قرآنی ایاتوں اور احادیث سے گواہی کی مشروعیت واضح ہو جاتی ہیں۔

شہادت کی اہمیت: معاشرے میں قیام انصاف کے لئے نظام عدالت بہت ضروری ہے اور گواہی دنیا کے تمام عدالتی نظاموں میں ریڑھ کی ہڈی کی حشیت رکھتی ہے۔ اسی طرح سچی گواہی کے بغیر نہ کسی کا حق ثابت ہو سکتا ہے اور نہ ہی حصول انصاف ممکن ہو

---

[264]: الطلاق ایت:2

[265]: عسقلانی ابن حجر احمد بن علی، **بلوغ المرام من آدلتہ الاحکام**، باب الدعاوی والبیان (الریاض مملکۃ السعودیۃ العربیہ: مکتبۃ دار الفلق، سن 2003م) ص 301

علامہ ابن حجر عسقلانی کا پورا نام احمد بن علی بن محمد ابو الفضل تھا۔ آپؒ 1372م کو قاہرہ میں پیدا ہوئے اور 1449م بعمر 79 سال مصر ہی میں انتقال کر گئے۔ آپؒ علوم حدیث وطب میں سند شمار ہوتے ہیں۔ آپؒ کے والد آپؒ کے بچپن ہی میں وفات ہو گئے تھے۔ آپؒ نے حصول علم کے خاطر دور دراز کی سفر کئے۔ آپؒ 150 سے زیادہ کتابوں کی مصنف تھے۔ جن میں مشہور فتح الباری شرح صحیح البخاری، الاصابہ فی تمیز الصحابہ، تہذیب التہذیب، التقریب التہذیب اور بلوغ لمرام من ادلۃ الاحکام ہیں۔

[266]: ابو عبد اللہ محمد بن الاسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 1992م) ج 3 ص 28

امام بخاری کا پورا نام ابو عبد اللہ محمد بن الاسماعیل بن مغیرہ البخار ہے۔ آپؒ 810م کو بخارا میں پیدا ہوئے۔ آپؒ نے ایک علمی گھرانے میں پیدائش وفرورش پائی۔ بخاری قرآن مجید کے بعد مسلمانوں کی سب سے اصح وحدیث کی مشہور کتاب ہے۔ امام بخاری نے یہ کتاب سولہ سال کی مدت میں بڑی جانفشانی اور محنت سے لکھا۔ آپؒ نے اس کتاب میں چھ لاکھ احادیث سے 9086 احادیث کا انتخاب کر دیا ہے۔ آپؒ کے دیگر تصنیفات میں التاریخ الکبیر، الادب المفرد، رفع الیدین فی الصلاۃ اور قرات خلف الامام وغیرہ ہیں۔ اس کتاب کی 82 شروح لکھی گئی ہیں۔ آپؒ 879م کو وفات پا گئے۔

Scanned with OKEN Scanner

سکتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اسلامی نظام حیات میں شہادت کو امانت کا درجہ حاصل ہے۔اگر کسی شخص کو کسی واقعہ کے بارے میں علم ہو تو اس کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس کے بارے میں سچائی اور دیانتداری کے ساتھ عدالت میں گواہی دے۔ قرآن مجید میں شہادت سے متعلق بڑے واضح اور منفرد احکام موجود ہیں۔اس سے اسلامی معاشرہ میں گواہی کی اہمیت اللہ تعالی کے اس فرمان سے بھی واضح ہو جاتی ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔"ولا تکتموا الشہادة ومن یکتمہا فانہ أثم قلبہ"[267]

ترجمہ: اور مت چھپاؤ گواہی کو اور جو شخص اس کو چھپاوے تو بیشک گنہگار ہے دل اس کا"۔

چونکہ شہادت دراصل اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کے پاس ایک امانت ہے۔یعنی اگر کسی شخص سے کسی واقعے کے بارے میں دریافت کیا جائے اور اپنے مشاہدے کے ذریعہ وحقائق کو جانتا ہوں تو اس کا فرض بنتا ہے کہ اپنے علم ومشاہدے کے مطابق صحیح صحیح بات حاکم مجاز کی عدالت میں بیان دے۔

گواہی چھپانا گناہ کبیرہ اور بہت بڑا ظلم ہے۔ گواہی چھپانے سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے جو قتل انسانی کا باعث بن سکتا ہے۔ گواہی کی اہمیت قرآن مجید کے مندرجہ ذیل ایاتوں سے خوب واضح ہو جاتی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔" و من اظلم ممن کتم شہادة عندہ من اللہ و ما اللہ بغافل عما تعملون"[268]

ترجمہ: اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی گواہی کو جو اس کے پاس ہے چھپائے اور اللہ تعالیٰ اس عمل سے غافل نہیں ہے جو تم کر رہے ہو"۔

ایک اور جگہ پر ارشاد ہے" یآیہاالذین امنوا کونوا قوامین للہ شہدآءبالقسط و لا یجر منکم شنان قوم علی الا تعدلوا"[269]

ترجمہ: "اے ایمان والوں اللہ کے واسطے راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو اور کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کرے کہ تم انصاف سے پھر جاؤ"

[267]: البقرہ ایت:283

[268]: االبقرہ ایت:140

[269]: المائدہ، ایت:8

اس ایت میں ایمان والوں کی تربیت کی جارہی ہے۔ مضمون سے پتہ چلتا ہے کہ سچی گواہی کو ساری زندگی کا معمول بنادے جو کہ زندگی کے ہر شعبے میں درکار ہے۔ اس ایت میں انسانی شخصیت کی تعمیر عدل کی بنیادوں پر استوار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عام زندگی میں ہر انسان عدل وانصاف کا دعوے دار ہوتا ہے لیکن جب اس کے اپنے قرابت داروں کا معاملہ ہو تو پھر معلوم ہو جائے گا کہ وہ تامل کا رویہ اپنا سکتا ہے یا کہ نہیں؟۔

قرآن نے ایک دوسری آیت میں گزشتہ آیت کے حکم کو مزید وضاحت سے بیان کیا تاکہ انسان نہ صرف دوسروں کے معاملہ میں، بلکہ اپنے قرابت داروں کی بابت بھی وہی کچھ بیان کرے جو حقیقت کے مطابق ہو۔

قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔"وا ذاقلتم فاعدلوا ولو کان ذالقربی"[270]۔

ترجمہ: اور جب آپ بات کہو توانصاف کی کہو اگرچہ معاملہ آپ کے اپنے رشتہ دار ہی میں کیوں نہ ہو۔

ایک اور جگہ ارشاد ہے" ولا یاب الشھدآء اذا ما دعوا"[271]

ترجمہ: اور جب گواہوں کو گواہی کے لئے طلب کیا جائے تو انہیں انکار نہیں کرنا چاہیئے۔

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ہوا ہے۔" والا تلبسوا الحق بالباطل و تکتمواالحق و انتم تعلمون"[272]

ترجمہ: اور سچ کو جھوٹ کے ساتھ مت ملاؤ اور جانتے بوجھتے حق کو مت چھپاؤ۔

گواہی کے بعد بڑا نازک اور اہم مرحلہ گواہی پر قائم رہنے کا آتا ہے۔ ممکن ہے ایک شخص گواہی دے اور بعد میں اس پر خاندان، قبیلے، ماحول یا کسی اور قسم کا دباؤ پڑے اور گواہی سے منحرف ہو جائے۔ یہ دباؤ لالچ کی صورت میں ہو سکتا ہے۔ اس کی صورت دھمکی کی ہو سکتی ہے۔ اخلاقی دباؤ بھی ممکن ہے اور کوئی دوسری شکل بھی ممکن ہے۔

ان حالات میں ثابت قدمی بہت مشکل کام ہوتا ہے۔ گواہ کا کام صرف اور صرف اس کو معلوم حقائق بلاخوف وخطر بیان کرنا ہوتا ہے باقی کام اور فیصلہ قاضی پر چھوڑ دیا جائے۔ اور نتائج اللہ کے حوالہ کریں۔

---

[270]: الانعام، ایت:152

[271]: البقرۃ ایت:282

[272]: البقرۃ ایت:42

Scanned with OKEN Scanner

گواہ کو چاہیئے کہ وہ نہ اس کے نتائج پر فکر مند ہو اور نہ اس کے علاوہ سوچ بچار کرے کیونکہ عدالتی زندگی میں گواہی ایک مکمل میکانکی عمل ہے۔ جس میں جذبات کا عمل دخل نہیں ہونا چاہیئے۔ قرآن کریم کی رو سے اپنی گواہی پر قائم رہنے والے عمل کو جنتیوں کا عمل قرار دیا گیا ہے۔ فرمایا۔

"والذین ھم بشہدتہم قائمون"[273]۔ ترجمہ: اور وہ لوگ ہیں جو اپنی گواہیوں میں سچائی پر قائم رہتے ہیں۔

آگے ارشاد ہے "ومن اظم ممن کتم شہادۃ عندہ من اللہ"[274]۔

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہو گا جس نے اپنے ذمہ اللہ تعالی کے طرف سے لگائی گئی گواہی کو چھپایا۔

مفسرین اس آیت کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ قاضی کا عدل تو بہت بعد کی بات ہے۔ گواہ کا گواہی چھپانا ہی عدل کے منافی ہے۔ گواہی چھپاتے ہی ظلم کا آغاز ہوتا ہے۔ اور پھر ظاہر ہے کہ اس ظلم کے نتیجے میں قاضی کا فیصلہ غلط ہو گا جس کا ذمہ دار گواہی چھپانا والا ہوتا ہے۔

سورۃ مائدہ میں ارشاد بار تعالیٰ ہے۔" یا ایھا الذین امنوا کونوا قوامین للہ شھدآء با لقسط ۔[275]

ترجمہ: اے ایمان والوں! اللہ کے واسطے انصاف کے ساتھ گواہی دینے میں مستعد رہو

مذکورہ بالا آیات سے مندرجہ ذیل نکات مستفاد ہوتے ہیں۔

1: یہ کہ شہادت اللہ کی طرف سے بندے کے پاس ایک امانت ہے جس کا ادا کرنا ضروری ہے۔

2: یہ کہ شہادت کا چھپانا گناہ ہے۔[276]

3: یہ کہ ادائے شہادت کے وقت پوری دیانت داری سے کام لینا چاہیئے۔ خواہ شہادت خود گواہ یا ان کے رشتہ داروں یا اس کے والدین کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔

4: یہ کہ شہادت کی ادائیگی کے وقت ہر قسم کے خوف و طمع سے مستغنی ہونا چاہیئے اور صرف اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

---

[273]: معارج، ایت:23

[274]: البقرۃ، ایت:140

[275]: المادۃ ایت:8

[276]: سیّد محمد متین ہاشمی، **اسلام کا قانون شہادت**، (لاہور: دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، سن 1981م)، ج اول ص 39-38

5: یہ کہ واقعات کو صاف صاف بغیر اینچ پینچ کے بیان کر دینا چاہئیے تاکہ حاکم کو صحیح نتیجے پر پہنچنے میں دشواری پیش نہ آئے۔

6: یہ کہ شہادت دیتے وقت کسی کی عداوت میں انصاف کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئیے۔

گواہی کی اہمیت احادیث مبارکہ کی روشنی میں

مذکورہ بالا قرانی آیات کی تشریح و توضیح کے لئے متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ جن میں گواہی سے متعلق امور پر روشنی پڑتی ہے۔ تعلیمات اسلامی میں بہترین گواہی وہ ہے جو بغیر طلب کئے دی جائے۔ نبی کریمؐ نے ایک مرتبہ صحابہ سے پوچھا "کیا تمہیں بہترین گواہ کے بارے میں نہ بتاؤں؟"۔ یہ کہنے کے بعد آپ نے خود فرمایا کہ "بہترین گواہ وہ ہے جو گواہی طلب کرنے سے پہلے گواہی دیدے"۔[277]

ایک اور حدیث میں فرمان ہے کہ کوئی شخص طلب کرنے کے باوجود گواہی نہ دے تو یہ ایسا ہے جیسا اس نے جھوٹی گواہی دی ہو، اس میں اور جھوٹے گواہ میں کوئی فرق نہیں"[278]

گواہی چھپانا ایک ناپسندیدہ عمل ہے۔ جس پر احادیث میں بہت بڑے اور سخت الفاظ میں وعید آئی ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے۔ "
لن تزول قد ما شاهد الزور حتی یوجب الله له النار۔[279]

ترجمہ: جھوٹے گواہ کے قدم اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہٹیں گے جب تک اللہ تعالیٰ اس کے لئے جہنم واجب نہ کرے۔

رسول اکرام ﷺ نے فرمایا "کہ جھوٹی گواہی شرک اور بت پرستی کے برابر ہے اس لئے اس سے بچو"[280]

---

[277]: امام ابو عیسی محمد ترمذی، **سنن ترمذی کتاب الشہادات**، (لاہور: مکتبہ بیت السلام، سن 2017م) ج2ص 176

امام ترمذی کا پورا نام محمد بن سورہ بن شداد ابو عیسی ہے۔ آپؒ 824م کو پیدا ہوئے اور 68 سال کے عمر 892م کو ترمذ کی شہر میں وفات ہو گئے۔ سنن ترمذی کا کتب حدیث میں بہت اونچا مقام ہے۔ عموما بخاری کے ساتھ پڑھائی جاتی ہے۔ امام موصوف حدیث کا مقام بیان کرتا ہے۔ مثلاً صحیح حدیث، حسن، مشہور، غریب اور ضعیف وغیرہ۔

[278]: علی بن ابی بکر الھیثمی، **مجمع الزوائد و منع الفوائد**، (قاہرہ مصر: مکتبہ القدسی، سن 1994م) ج4، ص300

مجمع الزوائد ومنبع الفوائد نور الدین علی بن ابی بکر بن سلیمان الھیثمی کی دس جلدوں پر مشتمل تصنیف ہے۔ آپؒ 735ھ کو پیدا ہوئے تھے اور 807ھ کو وفات پائے

[279]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: **المسند کتاب الشہادت** (دمشق شام: الناشر موسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج24، ص49۔

[280]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: **المسند کتاب الشہادت** (دمشق شام: الناشر موسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج24، ص49

Scanned with OKEN Scanner

گواہی وہیں دی جائے جہاں اس کی ضرورت ہو، نہ ہو تو کتمان شہادت درست ہے اور نہ جا بجا موقع بموقع سنی سنائی بات کا ذکر مفید ہے۔ گواہی دینا یقینا فرض ہے۔ گواہی سچی اور بے لاگ ہو۔ یہ بھی ضروری ہے کہ گواہی بغیر طلب کیے دی جائے۔ مثلاً کہیں ٹریفک حادثے میں کوئی زخمی ہو گاڑی کا ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو جائے۔

گواہ نے گاڑی کا نمبر درج کر لیا ہو تو یہاں از خود گواہی دینا فرض ہے۔ تا کہ ملزم کو گرفتار کر کے سزا دی جائے۔ اسی طرح اگر نکاح میں ناکح نے نکاح کا رجسٹریشن نہ کیا ہو اور بعد میں فریقین کے درمیان اختلاف پیدا ہو کر معاملہ عدالت پہنچ جائے تو گواہوں کا فرض ہے کہ جا کر گواہی دے دیں۔

لیکن حدود کے مقدمات میں کسی شخص کا از خود جا کر گواہی دینا جائز نہیں ہے۔ کیونکہ حدود کے مقدمات میں گواہی دینے سے گواہی چھپانا زیادہ بہتر ہے۔ اسی طرح سنی سنائی بات، قیاس کر کے نتیجہ نکالنا، پھر اسے گواہی کی شکل میں پیش کرنا، ناپسندیدہ عمل ہے۔ حدیث شریف میں آتا ہے۔" من شهد على مسلم شهادة ليس لها باهل فليتبوا مقعده من النار"[281]

ترجمہ: جس شخص نے کسی مسلمان کے خلاف کوئی ایسی گواہی دی جس کا وہ (قانونی طور پر) اہل نہیں تھا تو اسے چاہیئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ کہ نبی کرم ﷺ سے شہادت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ؑ نے فرمایا " هل ترىٰ الشمس ؟ قال نعم" قال على مثلها فاشهد"[282]۔

ترجمہ: "کیا تمہیں سورج نظر آرہا ہے؟ سائل نے جواب دیا، جی ہاں تب آپؐ نے ارشاد فرمایا اس طرح کسی واقعہ کو دیکھ لینا تو شہادت دینا"[283]۔

---

[281]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: **المسند کتاب الشہادت** (دمشق شام: الناشر موسسة الرسالہ، سن 2009م) ج24، ص49
[282]: عبد اللہ بن احمد بن قدامہ ابو محمد الحنبلی، **المغنی**، (طبع مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج12 ص7

یہی روایت بالفاظ دیگر کچھ یوں روایت کیا گیا ہے۔" فقال لی: یا ابن عباس الا تشہد الا علی ما یضی لک کضیاء هذا الشمس و او ما رسول الله ﷺ بیده الی الشمس"[284]

ترجمہ: حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایک آدمی کا تذکرہ ہوا جو گواہی پر گواہی دیتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابن عباس آپ کسی چیز کی گواہی نہیں دے سکتے اور ہاتھ سے سورج کی طرف اشارہ کر تے ہوئے فرمایا، مگر یہ کہ وہ آپ کے سامنے اس سورج کی روشنی کی طرح واضح ہو جائے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ شہادت دینا بچوں کا کھیل نہیں بلکہ ادائے امانت ہے۔ لہذا جب تک کسی چیز کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھیں اس وقت تک شہادت نہیں دینی چاہیئے۔

[284]: ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحاکم النیسابوری، **المستدرک علی الصحیحین**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 1991م) ج4 ص 110۔

3۔1: فصل اوّل: نصاب شہادت و بنیادی اصول

نصاب شہادت سے مراد مختلف مقدمات میں گواہوں کی کم از کم مطلوبہ تعداد ہے یا کسی قانونی معاملے میں گواہوں کی مقرر شدہ تعداد ہے۔ یہ مراتب چار ہیں اسلئے اس کو مراتب الشہادت بھی کہا جاتا ہے۔۔ اس کا انحصار مقدمہ کی نوعیت پر ہے جس کی مندرجہ ذیل صورتیں ہیں۔

1: شہادت برائے اثبات زنا

2: شہادت برائے اثبات بقیہ حدود و قصاص

3: شہادت برئے اثبات دیگر حقوق و معاملات

4: شہادت برائے اثبات امور متعلق بالنسآء (خواتین سے متعلق امور میں گواہی)

اس کی تفصیل درجہ ذیل ہیں

1: شہادت برائے اثبات زنا: حد زنا کے مقدمات میں نصاب شہادت چار عاقل، بالغ اور عادل مرد گواہ ہوتے ہیں۔ اس سے کم گواہوں کے ذریعے اس جرم کی قطعیت ثابت نہیں ہوتی۔ یہی باری تعالی کا ارشاد ہے "والّتی یاتین الفاحشتہ من نساءکم فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم "[285]

ترجمہ: "اور وہ عورتیں جو بدکاری کریں تم ان عورتوں کے خلاف اپنوں میں سے چار مردوں کی گواہی مقرر کرو۔
یہ اس بات پر دلالت ہے کہ حد زنا میں نفس عورت کی گواہی سے جرم ثابت نہیں ہوتا اور حد قائم نہیں کی جائے گی۔
" ارشاد ربانی ہے۔ " ولو لا جآءوا علیہ باربعۃ شہدآء فاذ لم یاتوابالشہدآء فاولٰئک عنداللہ ھم الکذبون"[286]

ترجمہ: اور جو لوگ تہمت تراشی کے مرتکب ہوئے ہیں اور وہ اپنے دعوے پر چار گواہ پیش نہیں کر سکے تو اللہ کے نزدیک یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

---

[285]: النسآء ایت: 15

[286]: النور ایت: 13

Scanned with OKEN Scanner

یہ اٰیات کریمہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ چار گواہوں یا چار دفعہ اقرار کے بغیر زنا کا جرم ہی ثابت نہیں ہو سکتا۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی اٰیت کریمہ پر عامل رہے۔ ایک دفعہ زنا کا ایک اقراری مجرم آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے جرم کا اقرار کیا آپؐ نے اس کو اس وقت تک حد کی سزا نہیں دی جب تک کہ اس نے چار مرتبہ اقرار نہیں کیا۔ گویا چار مرتبہ کے اقرار کو حضورؐ نے چار شہادتوں کے برابر قرار فرمایا۔

صاحب ہدایہ نے بیان فرمایا ہے کہ دیگر معاملات میں شہادت کا چھپانا ازروئے قرآن و سنت گناہ ہے۔ لقولہ تعالیٰ "ولا تکتموا الشھادۃ و من یکتمھا فانہ أثم قلبہ "[287]

ترجمہ: اور تم گواہی کو مت چھپاؤ اور جس نے گواہی چھپائی تو بے شک اس کا دل گنہگار ہے۔

لیکن حدود کے مقدمات میں گواہ کو اختیار ہے کہ شہادت دے یا پردہ پوشی سے کام لے اور پردہ پوشی سے کام لینا افضل ہے۔[288]

شہادت زنا کی شرائط: شہادت زنا کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں

1: ضروری ہے کہ تمام گواہ مرد ہو۔ اس لئے کہ زنا کے مقدمات میں نفس عورت کی شہادت معتبر نہیں۔[289]

البتہ زنا بالجبر کے معاملے میں عورت کی شہادت معتبر ہے۔ اگر زنا کی شہادت دینے والے تمام گواہان میں سے کسی ایک گواہ نے اپنی شہادت سے رجوع کر لیا یا اپنے بیان سے پھر گیا تو اس پر حد جاری کی جائے گی۔

2: تمام گواہ آزاد ہو۔ زنا کی مقدمات میں غلام کی شہادت معتبر نہیں ہے۔[290]

---

[287]: البقرہ ایت: 282

[288]: ابوالحسن علی بن ابی بکر، برہان الدین المرغینانی، **الہدایہ** (دیوبند یوپی انڈیا: اشرفی بک ڈپو، سن 1975م) ج3 ص138

امام برہان الدین صاحب الہدایہ کا پورا نام شیخ الاسلام برہان الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر المرغینانی ہے۔ آپؒ 593ھ بمطابق 1136م ازبکستان میں پیدا ہوئے اور 1197م کو سمرقند میں وفات پائے۔۔ یہ کتاب ایجاز کے ساتھ ایضاح کا ایک نادر نمونہ ہے جو امام موصوف نے تیرہ سال محنت شاقہ کے بعد پایہ تکمیل کو پہنچایا۔ ہدایہ کی بہت زیادہ شروح لکھی گئی ہیں جن میں مشہور یہ ہیں۔ النہایہ شرح الہدیہ، الکافی فی شرح الوافی، نہایۃ الکفایہ، حاشیہ الہدایہ، شرح الہدایہ، البنایہ فی شرح الہدایہ، الدرایہ شرح الہدایہ، الغایہ شرح الہدایہ وغیرہ۔

[289]: عبداللہ بن احمد بن قدامہ ابو محمد الحنبلی، **المغنی**، (مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج10 ص175

[290]: عبداللہ بن احمد بن قدامہ ابو محمد الحنبلی، **المغنی**، (مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج10 ص175

Scanned with OKEN Scanner

3: گواہ عادل ہو۔ گواہ کا عادل ہونا تو ہر مقدمے میں بنیادی شرط ہے۔ لیکن زنا کے مقدمے میں زیادہ احتیاط برتنی چاہئیے لہذا کسی فاتر العقل یا مستور الحال شخص کی شہادت بالکل معتبر نہیں۔[291]

4: تمام گواہوں کا مسلمان ہونا لازمی ہے غیر مسلم، ذمی یا مشرک کے شہادت زنا کی معاملات میں قبول نہیں ہو گی[292]

5: یہ کہ گواہ کیفیت زنا بیان کر سکے۔ کیفیت اور ہیئت زنا حاکم مجاز کے سامنے کھول کر بیان کر سکے۔[293]

6: یہ ضروری ہے کہ چاروں گواہ بیک وقت عدالت مجاز (حاکم مجاز) میں شہادت دینے کے لئے حاضر ہو جائیں۔[294]

7: شہادت میں یکسانیت: ضروری ہے کہ شہادت میں تمام گواہوں کے بیان یکساں ہو۔ اگر ان کے بیان میں اختلاف ہو تو قاضی اس کورد کریگا۔[295] اور ملزم پر حد جاری نہیں کی جائے گی۔[296]

2: شہادت برائے اثبات بقیہ حدود و قصاص: زنا کے علاوہ بقیہ حدود یعنی (حد قذف، حد شرب، حد سرقہ، حد الحرابۃ وحد الردۃ)

1: قصاص: قصاص کے مقدمات ائمۃ اربعہ کا اتفاق ہیں کہ قصاص میں دو عادل عاقل گواہوں کی شہادت سے فیصلہ کیا جائیگا اور یہ دونوں مرد ہوں گے۔ حدود و قصاص کے معاملہ میں عورت کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ جیسا کہ صاحب کنز الدقائق نے بھی ذکر کیا ہے۔"ولبقیۃالحدود و القصاص رجلان "[297]

ترجمہ: اور باقی حدود اور قصاص کے لئے دو مرد گواہ ضروری ہیں۔

---

[291]: ایضاص176

[292]: ایضا

[293]: ایضاص177

[294]: ایضا

[295]: ابن نجیم زین الدین الحنفی **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997م) ج5، ص30

[296]: المغنی183:10

[297]: ابن نجیم، **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997) ج7ص60، اسی طرح حمد رشدی محمد اسماعیل دکتور: **الجنایات فی الشریعہ الاسلامی**، (بیروت لبنان: دار الانصار عابدین پرنٹ، 1983م)، ج1ص328

Scanned with OKEN Scanner

جبکہ امام اوزاعیؒ اور امام زہریؒ نے جریمۃ القصاص اور امور اموال کے لئے ایک ہی میزان رکھی ہے۔ ان کے نزدیک یہ دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے ثابت ہو جاتی ہے۔ ان کی اس رائے کی تائید امام شوکانیؒ نے بھی کی ہے۔[298]

ان کی دلیل یہ ہے کہ قصاص میں دیت، مال کی صورت میں بدل ہو سکتا ہے لہذا اس پر مالی امور کا اطلاق ہو گا۔ جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

2: حد قذف: قذف کو ثابت کرنے کے لئے دو مرد گواہ ہونے چاہیئے یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت بھی کافی ہے۔ **قذف** کو ثابت کرنے کے لئے صرف عورتوں کی شہادت کافی نہیں ہوتی۔[299]

اسی طرح بعض فقہاء کے نزدیک بوقت ضرورت قصاص و دیت کے معاملے میں ایک مرد و عورت کی گواہی بھی جائز ہے۔ مثلا: کمرہ جماعت کے بارے میں استاد کی گواہی یا ڈاکٹر کی گواہی کسی عضو کے داخلی منفعت کے اتلاف کی بارے میں ایک مرد یا عورت کی گواہی کافی ہے کیونکہ یہ اضطراری حالت ہے۔

3: حد شرب: جمہور کے نزدیک حد شرب کو ثابت کرنے کے لئے دو مرد گواہوں کا ہونا لازم ہے۔ ضروری ہے کہ دونوں گواہوں کے بیان یکساں ہوں اگر گواہوں کے بیان میں اختلاف ہو تو ملزم پر حد جاری نہیں کی جائے گی کیونکہ حدود کے مقدمات میں شک کا فائدہ ملزم کو پہنچتا ہے۔ مثلا ایک گواہ کہے کہ میں نے ملزم کو شراب پیتے ہوئے دیکھا اور دوسرا کہے کہ میں نے ملزم کو شراب قے کرتے ہوئے دیکھا۔[300]

4: حد السرقہ: حد سرقہ کو بھی دو گواہوں کی شہادت یا ملزم کے اقرار سے ثابت کیا جا سکتا ہے۔ **قطع الید** میں صرف مرد کی گواہی مقبول ہے۔ عورت کی گواہی ہاتھ کاٹنے میں مقبول نہیں ہے۔

---

[298]: شوکانی محمد بن عبد اللہ الشوکانی، **نیل الاوطار من اسرار** (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج6 ص 311
امام شوکانی کا پورا نام محمد بن علی بن عبد اللہ الشوکانی ہے آپؒ 1759م کو شوکان یمن میں پیدا اور 1834م کو وفات پا گئے۔ نیل الاطار میں تقریبا پانچ ہزار احادیث ہیں۔ امام شاکانی بڑے پایہ کے عالم اور محدث تھے۔ آپؒ نے اپنی کتاب میں تخریج حدیث، بیان طرق، استنباط الاحکام الفقہیہ، طریق الادلالۃ، اور اقال مذاہب والراجح منہا تفصیلا بیان کیا ہے۔

[299]: ابن نجیم، **البحر الرائق شرح کنز الدقائق** (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997م)، ج:5: ص30

[300]: ملا نظام الدین متوفی 1161ھ، مترجم مولانا سید امیر علی، **فتاویٰ عالمگیری**، کتاب القضاء (اردو بازار لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2001م) ج3، ص 157-155

5:حد الحرابۃ: حرابۃ یا رہزنی کا جرم بھی دو عادل اور عینی شاہدوں کی شہادت سے ثابت ہو جاتا ہے۔[301]

خواہ گواہوں نے ڈاکوں سے مقابلہ کیا ہو تب بھی ان کی گواہی معتبر ہو گی۔ اگر شہادت کا نصاب پورا نہ ہو مثلاً ایک مرد اور ایک عورت ہو یا ایک عینی اور ایک سماعی گواہ ہو تو ملزم پر حد جاری نہیں کی جائیگی لیکن قاضی اسے تعزیر دے سکتا ہے۔[302]

6:حد الردۃ: حد الردۃ یا ارتداد بھی دو عادل گواہوں کی شہادت سے ثابت ہو جاتا ہے۔ اگر دو عادل گواہوں نے کسی شخص کے ارتداد کے بارے میں شہادت دے دی لیکن مدعیٰ علیہ نے انکار کر دیا تو اس سے توبہ کرائی جائے گی۔ اگر وہ توبہ کرے تو فبہا ورنہ قتل کر دیا جائیگا۔[303]

3:شہادت برائے اثبات دیگر حقوق و معاملات: دیگر حقوق خواہ مالی ہو یا غیر مالی، ان میں دو مردوں یا ایک مرد اور دو خواتین کی شہادت قابل قبول ہو گی۔ احناف مالی و غیر مالی سبھی حقوق میں عورتوں کی گواہی قبول کرنے کے قائل ہیں۔ البتہ شوافع عورتوں کی گواہی صرف ان حقوق میں تسلیم کرتے ہیں۔ جو مالی ہو یا توابع المال ہو۔

لہذا شوافع کے نزدیک صرف اجارہ، کفالہ، خیار، شفعہ، قتل خطا، فسخ عقود وغیرہ جیسے معاملات میں ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی جائز ہیں جبکہ احناف ان کے علاوہ نکاح، طلاق، رضاعت، نسب، رجوع، وکالت، عتاق وغیرہ جیسے معاملات میں بھی ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی جائز قرار دیتے ہیں۔

اس کی بنیاد سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 282 ہے۔ لقولہ تعالیٰ: واستشھدوا شھیدین من رجالکم، فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتٰن ممن ترضون من الشھدآء ان تضل احدٰھما فتذکر احدٰھما الاخریٰ"[304]

ترجمہ: اپنے مَردوں (بالغوں) میں سے دو گواہ پیش کرو۔ اگر دو مرد نہیں ہو تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں جو تمھیں پسند ہو بطور گواہ پیش کرو تاکہ اگر ایک بھول جائے تو دوسرا یاد دلا دے۔

مصنف عبد الرزاق نے بہ روایت عطاء بن ابی ارباحؒ ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مرد دو عورت کی گواہی نکاح میں جائز قرار دی ہے۔[305]

301: عبد القادر عودہؒ، **التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی**، (بیروت لبنان: دار الکتب العربی، سن 2008م) ج2ص 246

302: ایضاً

303: سید جلال الدین انصر عمری، **عورت اسلامی معاشرہ میں**، (لاہور پاکستان: اسلامک پبلیکشنز، سن 1982) ج1ص 190-189

304: البقرۃ ایت: 282

اسی طرح یہ روایت ابی لبیدؒ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں ایک شخص نے شراب پی کر نشہ کی حالت میں اپنی بیوی کو تین طلاق دے دی۔ جس پر خواتین کے سوا کوئی مرد گواہ نہیں تھا۔ معاملہ جب خلیفہ دوم حضرت عمرؓ تک پہنچا تو آپؓ نے چار عورتوں کی گواہی قبول کر کے زوجین کو جدا فرمایا۔[306]

یہ دونوں روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نکاح و طلاق میں خواتین کی گواہی مردوں کی طرح جائز سمجھتے تھے۔

ہاں البتہ حناف میں سے امام زفرؒ کے نزدیک نکاح و طلاق کے علاوہ کسی بھی مسئلہ مثلاً ولادت، رضاعت اور عیوب النسآء میں صرف عورتوں کی گواہی قابل قبول نہیں ہے۔[307]

جبکہ ابن حزم ظاہریؒ اور امام ابن قیّم الجوزیؒ کا قول ہے کہ مرد و عورت گواہی دینے میں برابر ہیں۔ لہذا ان کے نزدیک عورت زنا، قصاص، دیگر حدود اور حقوق مالیہ میں نصاب کے مطابق اکیلی یا مردوں کے ساتھ گواہ بن سکتی ہے۔ ان کے مطابق زنا کے مقدمہ میں اگر گواہ نہ ہو تو آٹھ عورتوں کی گواہی پر فیصلہ صادر کیا جا سکتا ہے۔ یعنی دو عورتیں ایک مرد جیسے کسی بھی معاملے میں گواہی دے سکتی ہیں۔ جمہور علمآء مثلاً: مالکیہؒ، شافعیہؒ اور حنابلہؒ کے نزدیک عورتوں کی گواہی مالی معاملات میں جائز اور حدود و قصاص میں نا جائز ہے۔[308]

305: امام عبد الرزاق الصنعانی، **مصنف لعبد الرزاق**، **کتاب الشہادت**، (المدینۃ المنورۃ: دار التاصیل سن 2015م) ج7 ص 331

عبد الرزاق کا پورا نام عبد الرزاق بن ہمام بن نافع ابو بکر الحمیری ہے۔ آپؒ 744م کو یمن میں پیدا ہوئے اور 826م کو وفات پا گئے۔ آپ کی کتاب جامع عبد الرزاق اور جامع الکبیر کے نام سے بھی مشہور ہے۔ یہ کتاب 19202 احادیث پر مبنی اعلیٰ پایہ کی کتاب ہے جس سے امام بخاری نے بھی اکسب فیض کیا ہے۔ آپ کے مشہور کتابوں میں تفسیر عبد الرزاق اور الامالی فی اثار الصحابہ نامی کتب بھی تصنیف کئے ہیں۔

306: ابو محمد علی بن سعید ابن حزم الظاہری **المحلی بالاثار**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2015م) ج10 ص 582

ابن حزم کا پورا نام علی بن احمد بن سعید بن حزم کنیت ابو محمد الاندلسی اور ابن حزم کے نام سے شہرت پائی۔ آپؒ اندلس کے شہر قرطبہ میں 994م کو پیدا ہوئے اور 1064م کو بعمر 72 سال وفات پا گئے۔ المحلی فقہ ظاہری کی ایک فقہی موسوعہ ہے۔ آپؒ کا ایک اور مستند کتاب الاحکام فی اصول الاحکام بھی بہت مشہور ہوئی۔

307: ابو محمد علی بن سعید ابن حزم الظاہری **المحلی بالاثار**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2015م) ج10 ص 570

308: ابن الہمام کمال الدین محمد بن عبد الواحد، **شرح فتح القدیر** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج6، ص 279۔ وایضاً، الکاسانی علاء الدین ابو بکر بن مسعود الحنفی، **البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003م) ج6، ص 194۔

صاحب شرح فتح القدیر کا پورا نام علامہ کمال الدین محمد بن عبد الواحد السیواسی المعروف بابن الہمام متاخرین حنفیہ میں سے درجہ اجتہاد تک پہنچے ہوئے تھے۔ آپؒ 1388م کو اسکندریہ میں پیدا ہوئے اور 1457م کو بعمر 69 سال قاہرہ میں وفات پا گئے۔ آپؒ احناف میں امام کی درجہ تک پہنچے ہوئے تھے۔ آپؒ کے دیگر مشہور تصنیفات میں سے التحریر فی اصول الفقہ، المسایرہ اور زاد الفقیر ہیں۔ فتح القدیر فقہ حنفیہ کی مشہور کتاب الہدیہ کی بڑی جامع اور مفصل شرح ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

جمہور کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں۔

1:القرآن: لقولہ تعالیٰ: واشہدوا ذوی عدل منکم۔[309] ۔ترجمہ: اور گواہ کرلو دو معتبر اپنے میں سے"

2:**لقولہ تعالیٰ :** فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم"[310] ۔ترجمہ: تو گواہ لاؤان پر چار مرد اپنوں میں سے۔

3: لقولہ تعالیٰ: یآیہاالذین ءامنوا شہٰدۃ بینکم اذاحضر احد کم الموت حین الوصیۃ اثنا ذوا عدل منکم او آخران من غیر کم ان انتم ضربتم فی الارض"[311]

ترجمہ: اے ایمان والو گواہ کرو درمیان تمہارے جبکہ پہنچے کسی کو تم میں موت، وصیت کے وقت دو شخص معتبر ہونے چاہئیے، یا دو شاہد اور ہوں تمہارے سوا اگر تم نے سفر کیا ہو ملک میں۔

2:السنۃ: قال علیہ الصلواۃ ولسلام "لا نکاح الّا بولیّ و شاھدی عدل"[312]

ترجمہ: ولی اور دو عادل گواہوں کے موجودگی کے بغیر نکاح جائز نہیں ہوتا۔

لقول علیہ الصلوۃ والسلام" شاھداک او یمینہ"[313]

"آپ کے پاس دو گواہ ہونے چاہئیے یا قسم اُٹھالو"۔

☆بدائع الصنائع امام علاء الدین ابو بکر بن مسعود الکاسانی کی دس جلدوں پر مشتمل فقہ کی کتاب ہے۔ امام کاسانی کو اور 1191م کو حلب کی شہر میں وفات ہو کر وہی پر دفن کیا گیا۔ یہ کتاب امام کاسانی نے اس کتاب میں شیخ محمد بن احمد سمرقندی کی تصنیف تحفۃ الفقہاء کی شرح کی ہے جس سے محمد ثمر قندی خوش ہو کر اپنی شکیلہ وجمیلہ بیٹی فاطمہ جو تحفۃ الفقہاء کی حافظہ تھی الکاسانی کو نکاح میں دیا اور یہ کتاب اس کی مہر ہو گئی۔ اس کے علاوہ کتاب السلطان المبین فی اصول الدین بھی آپؒ کے تصنیف ہے۔

[309] : الطلاق ایت:2

[310] : النسآء ایت:15

[311] : المآئدۃ ایت:106

[312] : ابو بکر احمد بن حسین بن علی **البیہقی**، **والسنن الکبری کتاب النکاح، باب لا نکاح الا بولی** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003) ج7 ص124

السنن الکبری یا سنن البیہقی امام البیہقی ک گیارہ جلدوں پر مشتمل احدیث کی شہرہ آفاق کتاب ہے۔ آپ کا پورا نام احمد بن حسین بن علی ابو بکر تھا۔ آپؒ ستمبر 994م کو خراسان میں پیدا ہوئے اور اپریل 1066م کو نشاپور میں وفات ہو گئے۔ السنن لا کبری کی علاوہ آپؒ کے تصانیف میں السنن الصغریٰ، الاسماء والصفات، دلائل النبوۃ، الترغیب والترہیب، مناقب امام الشافعی اور فضائل الصحابہ وغیرہ۔

[313] : رواہ البخاری و مسلم، کتاب الشہادات، **فتح الباری شرح البخاری** ج5 ص280، و صحیح مسلم بشرح النووی ج2 ص158

استدلال ان کا یہ ہے کہ یہاں جتنے بھی معاملات ذکر ہوئے جیسا کہ طلاق، زنا، اور وصیت وغیرہ، ان میں صرف مرد کو گواہ کرنے کا حکم ہے۔

امام زیلعیؒ نے بھی فرمایا ہے کہ "یہ امت کا اجماع ہے کہ مقدمات زنا میں عورت کی گواہی قابل قبول نہیں ہو گی۔[314]

جبکہ دوسری طرف امام ابن حزم ظاہریؒ، ابن قیمؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ عورت ہر معاملے میں مرد کے برابر ہے۔ ان کا استدلال اس حدیث پر ہے " عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ عن النبیؐ ﷺ انہ قال' "الیس شہادة المراة مثل نصف شہادة الرجل"؟ قلنا بلی،قال "فذلک من نقصان عقلہا"[315]

ترجمہ: ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا" کیا عورت کی گواہی مرد کے ادھی گواہی کی برابر نہیں۔ ہم نے کہا کیوں نہ؟۔ آپؐ نے فرمایا یہ اس کی کم عقلی کی وجہ سے ہے۔

ان علماء کا استدلال ہیں کہ اس حدیث سے ہر معاملے میں عورت کی گواہی ثابت ہے آدھی یا مکمل الگ بات ہے لیکن نفس گواہی کی جواز اس حدیث سے ثابت شدہ ہے اور عورت ہر معاملے میں بشمول حدود بغیر کوئی استثنا مرد کی طرح گواہی دے سکتی ہے آپؐ نے کبھی بھی کسی معاملے میں عورت کی گواہی رد نہیں کی۔ لیکن جمہور کا قول راجح ہے۔

حدود کے علاوہ دیگر حقوق میں ادائے شہادت فرض ہے جبکہ حدود میں شاہد کو اختیار ہے کہ وہ شہادت دے یا پردہ پوشی کرے اور پردہ پوشی افضل ہے[316]۔

اگرچہ فاسق کی شہادت مقبول نہیں تاہم اگر قاضی اس کی شہادت کو قبول کرکے فیصلہ صادر کریں تو اس کی قضاء نافذ ہو گی اور قاضی گنہگار ہو گا۔[317]

قاضی یا حاکم کو اختیار ہے کہ وہ گواہ پر جرح کرکے گواہی کی تصدیق کرے۔

---

[314]: فتح الباری ج5 ص269۔

[315]: محمد بن اسماعیل بن مغیرہ، ابوعبد اللہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری کتاب الشہادات باب شہادۃ النساء** (لاہور: مکتبۃ محمودیہ، سن1992م) ج2ص 363

[316]: امام برہان الدین المرغینانی، **الہدایہ** (دیوبند یوپی انڈیا: اشرفی بک ڈپو، سن 1975م) ج3ص 138

[317]: کمال الدین ابن الہمام محمد بن عبد الواحد، **شرح فتح القدیر** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن2009م) ج6، ص10

Scanned with OKEN Scanner

4: عورتوں سے متعلق امور میں گواہی: (عورتوں کے مخصوص امور مثلاً: ولادت، بکارت، ثیابت، حیض، نفاس، استھلال، رضاعت، عدت، حمل، جراحات، وعیوب النسآء) وغیرہ چونکہ خاص طور عورتوں سے ہی متعلق معاملات ہیں لہذا ان میں مردوں کی گواہی نہیں ہو گی۔ ان میں صرف خواتین ہی گواہی دے سکتی ہیں۔ احناف اور حنابلہ کے نزدیک اگر دو عورتیں ہوں تو بہتر ہے۔ اگر نہ ہو تو ایک آزاد مسلمان عورت کی گواہی بھی کافی ہے۔

شوافع کے نزدیک چار عورتوں کی گواہی ہونی چاہیئے اور مالکیہ ان معاملات میں دو عورتوں کی گواہی کافی سمجھتے ہیں۔

اسی طرح عبد اللہ ابن عمرؓ، امام زہریؒ، سعید ابن مسیّبؒ، امام شعبیؒ اور عامرؒ کے نزدیک ان تمام معاملات میں عورتوں کی گواہی قبول کی جائیگی جس کو مرد کی رسائی نہیں ہو سکتی ہے[318].

اگر چہ نصاب شہادت دو مرد یا عورتیں ہیں لیکن اگر نصاب پورا نہ ہو تو اثبات حق کے لئے بعض مخصوص حالات میں ضرورت و مصلحت کے تحت نصاب میں نرمی کی گنجائش پیدا کر کے ایک گواہ کی گواہی پر بھی فیصلہ کیا جاسکتا ہے[319]

اور اس کے موقف کی تائید میں اس سے بطور دوسرے گواہ حلف لیا جائیگا[320]۔

اس پر دلیل قرآن مجید کی ایت لعان ہے کہ جس میں قسم کو گواہ کا قائم مقام قرار دیا گیا ہے۔[321]

مثلاً بچے کی ولادت سے متعلقہ امور میں ایک عورت کی شہادت کافی سمجھی جاتی ہے۔ صرف اتنا ہی خیال رکھا جائیگا کہ ایک گواہ کی وجہ سے کسی کا حق ضائع ہونے کا اندیشہ نہیں۔ یا کسی عادی مجرم کو مکمل نصاب شہادت کی غیر موجودگی میں سزا سے بچ جائے وغیرہ تو اکیلے عادل شخص کی گواہی پر حکم صادر کیا جاسکتا ہے۔

---

[318]: ابو اسحاق شیرازی، علامہ۔ **المھذب** (بیروت لبنان: مکتبۃ دار الفکر، سن 1423ھ)، ج 2 ص 335

[319]: ابن قیم الجوزیہ ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب الجوزیہ، **اعلام الموقعین عن رب العالمین**، (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج 1 ص 51
علامہ ابن قیم کا پورا نام حافظ شمش الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد الدمشقی تھا اور ابن قیم کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپؒ 1292م کو دمشق میں پیدا ہوئے اور 1350ء کو دمشق ہی میں انتقال کر گئے۔ آپؒ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ کے شاگرد خاص تھے۔ آپؒ کے مشہور تصانیف میں اعلام کی علاوہ زاد المعاد، الطب النبوی، تہذیب سنن ابی داؤد، تلبیس ابلیس اور جیوش الاسلامیہ وغیرہ شامل ہیں۔

[320]: سلیمان بن اشعث السجستانی، ابو داؤد، **سنن ابی داؤد، کتاب القضاء** (لاہور: مکتبۃ یادگار شیخ، سن 1437ھ) ج 2 ص 156ا
سلیمان بن اشعث السجستانی، امام ابو داؤد تھا۔ آپؒ 817م کو خراسان میں پیدا ہوئے اور 888ء کو بصرہ میں انتقال ہو کر وہی پہ دفن ہو گئے۔ آپؒ کے مشہور کتابوں میں " الرد علی القدریہ، الناسخ والمنسوخ، فضائل انسار، المسائل فی معرفۃ الاوقات اور کتاب بد الوحی شامل ہیں۔

[321]: النور ایت: 8-6

گواہ کے لئے طلب کرنے پر گواہی دینے سے انکار یا شہادت چھپانا جائز نہیں۔[322]

اگر گواہ کو گواہی کے لئے طلب کیا جائے اور وہ حاضر نہ ہو تو اسے عدالت بالجبر حاضر کرا یا سکتا ہے۔ البتہ عدالت کا فرض ہے کہ وہ اس امر کا خیال رکھے کہ شہادت دینے کے باعث گواہ کو مشہود علیہ کے ہاتھوں کسی قسم کا کوئی ضرر نہ پہنچ پائے اور اگر ایسا ہو تو اس کا مداوا کیا جائے۔

اگر کوئی گواہ کسی جسمانی، ذہنی یا کسی اور نقص کی بنا پر گواہی دینے سے معذور ہو جائے تو اس کی گواہی غیر مقبول تصور کی جائیگی مثلا پاگل ہونا، گونگا، نابینا ہونا وغیرہ۔

سنائی جانے والے امور میں بہرے کی شہادت غیر مقبول ہے اور عدالت کے لئے غیر مقبول شہات لینا، لازم نہیں ہے[323]

شہادت کی بنیادی اصول: دعاوی میں ادائے شہادت کے بنیادی اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

1: گواہی عدالت ہی میں دی جائے کیونکہ کمرہ عدالت سے باہر ریکارڈ شدہ شہادت معتبر نہیں ہے۔ **مجلۃ الاحکام العدلیہ** میں ہے۔ "لا تعتبر الشهادة التی تقع فی خارج مجلس المحكمة"[324]

ترجمہ: عدالت سے باہر جو شہادت دی جائے تو وہ معتبر نہیں ہوتی۔

2: شاہد گواہی دیتے وقت لفظ شہادت استعمال کرے کیونکہ لفظ شہادت کے بجائے اگر دیگر الفاظ مستعمل ہو مثلا "میں جانتا ہوں" مجھے یقین ہے"۔ تو اس کی شہادت قبول نہیں کی جائے گی۔[325]

3: شاہد کا شہادت دیتے وقت مشہود لہ اور مشہود علیہ (جس کے خلاف شہادت دی جائے) کی طرف کمرہ عدالت میں اشارہ کرنا کافی ہے۔ مشہود لہ یا مشہود علیہ کی ولدیت بتانا ضروری نہیں ہے[326]

4: جائیداد غیر منقولہ کے بارے میں شہادت دیتے وقت جائیداد کی حدود بتانا اور بیان کرنا ضروری ہے۔[327]

---

[322]: البقرۃ آیت: 83-282

[323]: مولانا سید زوار حسین شاہ، **عمدۃ الفقہ** (لاہور: مکتبۃ علم الدین، سن 2006م) ص 121

[324]: لجنۃ العلماء المحققین، **مجلۃ الاحکام العدلیہ**، (کراچی: میر محمد کتب خانہ، سن 2001م) ص 338،

[325]: عابدین الشیخ محمد علاء الدین آفندی، **قرۃ عیون الاخیار (لاہور: مکتبہ رحیمیہ، سن 2009م)** ج 1 ص 53

[326]: لجنۃ العلماء المحققین، **مجلۃ الاحکام العدلیہ**، (کراچی: میر محمد کتب خانہ، سن 2001م) ص 379

[327]: المجلۃ ص 28۔ لجنۃ العلماء المحققین، **مجلۃ الاحکام العدلیہ**، (کراچی: میر محمد کتب خانہ، سن 2001م) ص 28

Scanned with OKEN Scanner

5: گواہ کا بیان مدعی اور مدعا علیہ کے درمیان معاملہ کے بارے میں مبہم، نہ واضح ہونا چاہیئے۔[328]

6: اگر گواہ مویشیوں کے بارے میں شہادت دیتا ہوں تو ان کی نوع مثلاً بھینس، گھوڑا، گائے بیل بکری وغیرہ کا بتا سکے۔[329]

7: البتہ مویشیوں کی رنگ میں خطا ہو جانا گواہی کی ثقاہت پر اثر انداز نہیں ہو گی۔[330]

8: گواہ کو مویشیوں کے صحیح عمر بتانا لازمی ہے لیکن ایک دفعہ اگر شہادت دی جائے اور کچھ مدت بعد گواہی دینا پڑے تو عمر میں غلطی قابل تلافی ہے۔[331]

9: کسی کے دیوالیہ ہونے کی شہادت میں اس کی پوری تفصیل بیان کی جائے۔[332]

10: بغیر استعمال الفاظ ایجاب و قبول، عمل بیع و شراء میں محض اس عمل کی شہادت دینا کافی ہے۔[333]

11: واقعہ کی غیر متضاد اجمالی شہادت بھی قبول کی جا سکتی ہے۔ مثلاً زید نے عمر پر دس درہم قرض کا دعوی کیا اور عمر نے گواہ پیش کئے کہ انہوں نے وہ ادا کئے ہیں۔ گواہوں نے کہا کہ ہم نے عمر، زید کو دس درھم دیتے ہوئے دیکھا ہے لیکن یہ پتہ نہیں کہ وہ ادائیگی قرض تھا یا نہیں۔ تو عدالت اسی شہادت کو قبول کر کے عمر کو بری الذمہ قرار دیں گے۔[334]

---

[328]: مولا نظام الدین متوفی 1161ھ، مترجم مولانا سید امیر علی، فتاویٰ عالمگیری، کتاب القضاء (اردو بازار لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2001م) ج 3، ص 458

[329]: ایضاج 3:460

[330] ایضا

[331]: مولانا سید محمد متین ھاشمی، اسلام کا قانون شہادت، (لاہور: دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، سن 1998م) ج 1 ص 49

[332]: مولانا سید محمد متین ھاشمی، اسلام کا قانون شہادت، (لاہور: دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری، سن 1998م) ج 1 ص 48

[333]: ایضا ص 47

[334]: ایضا: ص 46-45

2۔3: فصل دوم: شاہد کی اہلیت اور طریقہ کار

اسلام نے شہادت کا بہت بلند معیار مقرر کیا ہے تا کہ کسی کا حق ضائع ہونے سے بچا رہے اور جھوٹی شہادت کی روک تھام ہو سکے۔ اور اگر گواہ نے جھوٹی شہادت دی تو اس کو سخت سزا دی جائیگی۔ اسلام نے ادائے شہادت کو امانت سے تعبیر کیا ہے۔ اس لئے شاہد اور شہادت کے کھڑے معیار میں تزکیۃ الشہود کا نظام اور جرح و تعدیل کے اصول مقرر کئے ہیں۔ ان اصولوں کے بعد حاکم اجرائے حد کا فیصلہ کرتا ہے۔

حاکم بہت زیادہ احتیاط سے کام لیتا ہے۔ فقہاء اسلام کا گواہوں کی اہلیت کے بارے میں خیال ہیں کہ ہر شخص جو تزکیۃ الشہود اور جرح و تعدیل کے معیارات پر پورا اترتے ہو، گواہی دینے کا اہل ہے۔ اور جو لوگ کسی عذر کی بنا پر نا اہل ہونگے تو ان کے عذر کو واضح کر کے نا اہل قرار دیا جائے گا مندرجہ ذیل کے علاوہ باقی تمام افراد گواہی کے اہل ہونگے۔

1: نابالغ بچے کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

2: غلام کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

3: مجنون اور مخبوط الحواس شخص کی گواہی نا قابل قبول ہے۔

4: کسی مسلمان کے مقابلے میں کافر کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ مگر ذمی کے خلاف ذمی کی گواہی قبول کی جائیگی۔

5: گواہ بینا ہو۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک نابینا کی گواہی مطلقاً غیر مقبول ہے

6: والدین کے اپنی فرع اور اولاد کی اپنے اصل کے لئے گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

7: میاں بیوی کی ایک دوسرے کے لئے گواہی مقبول نہیں ہے۔

8: مالک کی اپنے غلام اور دو شریکوں کی ایک دوسرے کے متعلق اس چیز میں گواہی قبول نہ ہو گی جس میں ان کی شراکت داری ہو۔ احناف کے رائے میں حدود و قصاص کے علاوہ اگر کسی اور قسم کی گواہی ہو تو اس پر گواہ کی ظاہری عدالت قابل قبول ہو گی۔ لیکن اگر مخالف فریق گواہوں پر غیر عادل ہونے کا طعن کرے تو پھر قاضی کے لئے ان کے عدالت کی تحقیق لازمی ہے۔ جبکہ حدود و قصاص کے معاملے میں گواہوں کی عدالت کی پوشیدہ و علانیہ تحقیق کی جائے گی۔

Scanned with OKEN Scanner

امام شافعیؒ، امام محمدؒ، امام ابو یوسفؒ اور احمد بن حنبلؒ کے نزدیک ہر قسم کی معاملے میں گواہوں کی پوشیدہ و علانیہ تحقیق ضروری ہے۔ احتیاط کے بناء پر ان کے قول پر فتوی ہے۔[335]

9: گواہ کو گفتگو کرنے پر قدرت حاصل ہو۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک گونگے کی شہادت قطعاً غیر معتبر ہے

10: فاسق، فاجر، فاحش اور مخنث کی گواہی غیر معتبر ہے[336]

شہادت کا طریقہ کار: اسلام میں شہادت دینا عبادت تصور کی جاتی ہے۔ اس کی آدائیگی پر انسان کو اجر و ثواب ملتا ہے۔ کیونکہ گواہی دینے سے لوگوں کے حقوق کا احیا اور ان کی حفاظت ہوتی ہے۔ لہذا فقہائے کرام نے گواہی دینے کی چار صورتیں بیان کی ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔

1: فرض عین: یہ وہ صورت ہے جس میں گواہی دینا فرض عین ہوتا ہے۔ یہ وہ مرحلہ ہے کہ جس میں مدعی کے پاس صرف ایک گواہ ہو اور وہ گواہی کا محتاج بھی ہو تو اس صورت میں گواہ پر گواہی دینا فرض ہے۔ صاحب ہدایہ لکھتے ہیں۔

" الشهادة فرض تلزم الشهود و لا يسعهم كتما نها اذا طالبهم المدعى"[337]

ترجمہ: جب مدعی گواہی طلب کرے اور وہ محتاج ہو تو اس صورت میں گواہی چھپانا جائز نہیں۔

2: فرض کفایہ: اس صورت میں گواہی دینا فرض کفایہ ہوتا ہے جب مدعی کسی جماعت سے گواہی طلب کرے اور ان میں سے بعض نے گواہی دی ہو تو پوری جماعت سے فرضیت کا ذمہ ساقط ہو جاتا ہے۔

3: مستحب: یہ عام حالت ہوتی ہے۔ جس میں گواہی دینا مستحب ہوتا ہے۔ اس صورت میں مدعی بغیر طلب کے گواہی دے

4: الشهادة بالخیار: اس صورت میں گواہ کو اختیار ہوتا ہے کہ وہ گواہی دے یا چھپائے۔ یہ صورت حدود میں بنتا ہے۔ اس میں اگر بھلائی کا احتمال ہو تو گواہی چھپانا بہتر ہوتا ہے۔ جیسا کہ وہبۃ الزحیلی نے لکھا ہے۔

ولكن الشهادة فى الحدود يخير فيها الشاهد بين الستر ولاعلام والستر اولى و افضل"[338]

ترجمہ: حدود کے معاملے میں گواہ کو پردہ پوشی اور خبر دینے میں اختیار ہے لیکن ستر افضل اور بہتر ہے۔

---

[335]: قریشی فیاض احمد، **اسلامی اصول قانون**، (اردو بازار لاہور: ڈوگر پبلشرز 2004م) ص 92-191

[336]: ابن نجیم، **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997) ج 7 ص 77

[337]: امام برہان الدین المرغینانی، **الہدایہ** (دیوبند یوپی انڈیا: اشرفی بک ڈپو، سن 1975م) ج 2 ص 16

[338]: وھبۃ الزحیلی، **الفقہ الاسلامی وادلتہ** (دمشق شام: دار الفکر، سن 2009م) ج 8 ص 6029

Scanned with OKEN Scanner

3-3: فصل سوم: اظہار واقسام شہادت

عام حالات میں اسلام گواہی کو چھپانا معیوب سمجھتا ہے اور حق کی شہادت کی تلقین کرتا ہے جبکہ فوجداری مقدمات میں بلا ضرورت تشہیر سے منع کرتا ہے تاکہ انسان کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور نرمی کا معاملہ ہو۔ اگر ان معاملات میں بھی شہادت ناگزیر ہو جائے تو اسلام بھی ہدایت کرتا ہے کہ صرف حق ہی کی شہادت دی جائے۔ اسلام نفاذ حدود میں نہایت احتیاط کا حکم دیتا ہے۔ اسلام میں قاضی کو تلقین ہے کہ حدود و تعزیرات کا نفاذ صرف یقینی شہادت پر کیا جائے نہ کہ صرف اندازے پر۔

اسلام کی نظر میں ایک مجرم کا بچ جانا زیادہ بہتر ہے اس سے کہ کسی بے گناہ کو سزا ملے۔ اسلامی قانون شہادت میں ہمیشہ شک کا فائدہ ملزم کو دیا جاتا ہے۔ اسلامی قانون شہادت نے نہ صرف مراتب شہادت کا تعین کیا ہے بلکہ گواہی اور شہادت کی بھی تقسیم کی ہے۔ مثلاً۔

1: عینی شہادت: اس سے مراد آنکھوں دیکھی شہادت ہے اسے عینی گواہ بھی کہتے ہیں۔ مجرم کی تعین میں عینی شہادت کا فیصلہ کن کردار ہوتا ہے۔ یہ اعلی درجہ کی شہادت ہوتی ہے اور اس کی موجودگی میں دیگر شہادتوں کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ عینی شہادت بلاواسطہ ہوتی ہے۔ یعنی ایک واقعہ جسے دیکھا جا سکتا تھا تو گواہ جس کی شہادت پیش کی جاتی ہے، تو گواہ کو چاہئیے کہ وہ کہے کہ اس نے یہ وقعہ دیکھا ہے مثلاً قتل کے مقدمے میں گواہ یہ گواہی دے کہ اس نے قتل کو بچشم خود دیکھا ہے۔ یا ایک واقعہ جیسے سنا گیا ہو۔

ایک گواہ پیش ہو جائے جو یہ کہے کہ اس نے یہ سنا ہے۔ اسی طرح ایک واقعہ کا احساس کسی حس یا اور طریقے سے ہو تو ایک گواہ ایسا پیش کیا جائے جو یہ کہے کہ اس نے خاص حس یا کسی اور خاص طریقے سے اس کا احساس کیا ہے۔[339]

2: سماعی شہادت: اس سے مراد ایسی شہادت ہے جو سن کر دی جائے۔ اس میں گواہ نے بیان کردہ واقعہ خود اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا ہو، نہ اپنے کانوں سے سنا ہو اور نہ ہی اپنے دیگر حواس سے محسوس کیا ہو بلکہ وہ دوسرے کے بتلانے پر بیان کرتا ہے۔

سنی سنائی شہادت عام طور پر نا قابل ادخال شہادت ہوتی ہے۔ کیونکہ کہ اس میں گواہ اپنی ذاتی ذمہ داری پر بیان نہیں کرتا۔ گواہ کو واقعات کا ذاتی علم نہیں ہوتا۔ اس کو شہادۃ علی الشہادۃ بھی کہا جاتا ہے۔ جس کے مندرجہ ذیل شرائط ہیں۔

1: ایسی شہادۃ حدود و قصاص میں نا قابل قبول ہوتی ہے۔

339: سیراج الحسن مفتی، **تفتیش جرائم اور اسلام** (محلہ جنگی پشاور: مکتبۃ عمر فاروق، سن 2017م) ص 117

Scanned with OKEN Scanner

2: فرع گواہ صرف مرد ہو سکتا ہے خواہ اصل گواہ عورت ہی کیوں نہ ہو۔

3: اصل شہادت غیر مقبول ہو جانے کی صورت میں فرع شہادت خود بخود غیر مقبول ہو جاتی ہے۔

4: اصل اور فرع دونوں گواہوں پر جرح کی جائے گی۔

5: فرع گوہ اصل گواہ کی پہچان کرائے گا۔

6: اصل گواہ شہادت دینے سے انکار کر دے تو فرع گواہ کی شہادت بھی غیر مقبول ہو گی۔

7: فرع گواہ کی شہادت ہو جانے کے بعد اگر اصل گواہ عدالت میں پیش ہو جائے تو فرع گواہ کے بیان کی بنیاد پر حکم نہیں سنایا جا ئے گا۔

8: اگر اصل گواہ مرتد ہو جائے تو فرع گواہ کو گواہی دینے کا اختیار نہیں رہے گا۔

9: اگر فرع گواہ نے کسی کافر کو گواہ بنایا اور بعد میں وہ کافر مسلمان ہو جائے تو اس کی شہادت قابل قبول ہو گی۔

اسلامی فقہ میں کوئی کسی معذوری کی وجہ سے شہادت نہیں دے سکتا تو اس کی شہادت پر دوسرا شخص شہادت دے سکتا ہے۔ اگر یہ دوسرا شخص بھی پہلے کی طرح معذور ہو جائے تو تیسرا شخص شہادت دے سکتا ہے۔ و علی ھذا القیاس۔ اصل گواہ کے لئے فرع مقرر کرنے کی اجازت ضرورت کے تحت دی جاتی ہے۔ اس لئے فرع کو پیش کرتے ہوئے جج کے سامنے اس ضرورت کی وضاحت ضروری ہے۔[340]

اسلامی قانون شہادت کے تحت حدود کے سوا سماعی شہادت تسلیم کی جاتی ہے۔ اگر کسی آدمی نے کسی شخص کو کسی حق کا اقرار کرتے ہوئے یا کسی گواہ کو کسی حق کی شہادت دیتے ہوئے یا کسی حاکم کو کسی حق کے بارے میں حکم دیتے ہوئے سنا تو اس آدمی کے لئے درست ہے کہ وہ اس حق کے بارے میں عدالت میں گواہی دے۔[341]

علامہ ابن عابدینؒ اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "وھی مقبولۃ و ان کثرت استحسانا فی کل حق علی الصحیح الا فی حدود و قصاص"[342]

---

[340] : مولانظام الدین متوفی 1161ھ، فتاویٰ عالمگیری، کتاب القضاء (اردو بازار لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2001م) ج5، ص 39-238

[341] :: سیراج الحسن مفتی، تفتیش جرائم اور اسلام (محلہ جنگی پشاور: مکتبہ عمر فاروق، سن 2017م) ص 118

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: تمام معاملات میں شہادت علی الشہادۃ اگرچہ زیادہ ہو جائے مقبول ہے مگر حدود وقصاص میں نہیں۔

3: اقرار: بعض اوقات ایک آدمی خود اپنے جرم کو تسلیم کرلیتا ہے گویا اس نے خود اپنے خلاف شہادت دے دی، اسے اقرار کہا جاتا ہے۔ یہ اثبات جرائم کا ایک ذریعہ ہے۔

لغت میں اقرار سے مراد ہے "الاثبات ماکان متزلزلا"۔ ترجمہ: یعنی جو چیز متزلزل ہو وہ ٹھہر جائے۔

وفی الاصطلاح" عبارۃ عن الاخبار لثبوت الحق"[343]۔ ترجمہ: حق کے ثبوت کی خبر دینا

اقرار کے معتبر ہونے کی دلیل حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے جس نے آپ ﷺ کے سامنے ارتکاب زنا کا اقرار کرلیا تو آپؐ نے سنگسار کروانے کا حکم دیا تھا۔ جب حدود میں اقرار کا اعتبار ہے جہاں شریعت غیر معمولی احتیاط برتتی ہے تو دیگر معاملات میں تو بدرجہ اولیٰ اس کا اعتبار ہوگا۔[344]

4: دستاویزی شہادت: بعض اوقات افراد کی شہادت کے علاوہ کچھ ایسی دستاویزات عدالت میں پیش کی جاتی ہیں جن سے معاملہ واضح ہوتا ہے اسے دستاویزی ثبوت کہا جاتا ہے۔ یادستاویز سے مراد وہ مواد ہے جو کسی شے پر بذریعہ حروف، اعداد یا علامات ظاہر یا بیان کیے جائے۔[345]

دستاویزی شہادت سے مراد وہ اصلی دستاویزات ہوتی ہیں جو عدالت میں ملاحظہ کے لئے پیش کی جائیں۔

5: قرائنی شہادت: جب براہ راست عینی گواہ نہ ہو تو حصول انصاف کی خاطر اور حقوق کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے متبادل طریقہ شہادت پر انحصار کرنا پڑتا ہے جیسے قرائنی شہادت کہا جاتا ہے۔ قرینہ لغت میں وہ علامت ہے جو مقصود پر دلالت کرے۔

قال وھبۃ الزحیل:"القرینۃ فی اللغۃ :ھی العلامۃ دالۃ علی شیء مطلوب"[346]

اصطلاح میں قرینہ سے مراد ہے" ہر وہ ظاہری علامت جو کسی خفیہ چیز سے جڑی ہوئی ہو اور یہ ظاہری علامت اس پر دلالت کرتی ہو"۔ یعنی" ھی کل امارۃ ظاھرۃ تقارن شیئاً خفیا فتدل علیہ"[347]

342: محمد امین ابن عابدین الشامی، رد المختار علی در المختار الشھیر بالشامی (دمشق شام: الناشر، عالم الکتب، سن 2003م) ج8 ص225

343: ابن الھمام کمال الدین محمد بن عبد الواحد، شرح فتح القدیر (پشاور: مکتبہ حقانیہ سن 2007م) ج7 ص216

344: :سیراج الحسن مفتی، تفتیش جرائم اور اسلام، مکتبہ عمر فاروق ص133

345: سیراج الحسن مفتی، تفتیش جرائم اور اسلام، مکتبہ عمر فاروق ص121

346: وھبۃ الزحیلی، الفقہ الاسلامی وادلتہ (دمشق شام: دار الفکر، سن 2009م) ج8 ص6278

347: ایضاً:

Scanned with OKEN Scanner

قرائنی شہادت فوجداری مقدمات میں بڑا معاون کردار ادا کرتی ہے۔ قتل کے مقدمات میں ایسے قرائن کو بھی غیر معمولی حیثیت حاصل ہوتی ہے جن سے قاتل کی نشاندہی ہوتی ہے۔ اس کو شہادت کا درجہ حاصل ہے۔[348]

یہ واقعات کی گمشدہ کڑیاں ملانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان میں ڈاکٹر، ماہرین فنگر پرنٹس، ہینڈ رائیٹنگ وغیرہ شامل ہیں۔ اور اس سے مقدمے کی حقائق اور شہادت مل جاتی ہے۔ اسی طرح جدید طریقے یا آلات جو نا قابل تردید شواہد کے طور پر استعمال ہو تے ہیں کو بھی قرئینہ کا درجہ دیا جاتا ہے۔ جن میں سے چند اہم مندرجہ ذیل ہیں۔

1: پوسٹ مارٹم:۔ قانون کی روسے پوسٹ مارٹم وجہ یا سبب موت میت دریافت کرانا ہوتا ہے۔ یہ ایک مستند ڈاکٹر مجسٹریٹ یا اس کے نمائندہ کی موجودگی میں دن کی روشنی میں کی جاتی ہے۔ اور پوسٹ ماٹم رجسٹر میں اس کی تمام تفصیل

درج کی جاتی ہیں جس کے آخری سطر پر ڈاکٹر نیچے اپناد ستخط اور مہر ثبت کرتے ہیں۔[349]

2: فوٹو سٹیٹ اور ٹیپ ریکارڈر کی حیثیت: کسی جرم کو ثابت کرنے کے لئے فوٹو سٹیٹ اور ٹیپ ریکارڈر پیش کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ دیگر ذرائع بھی اس کے موئد ثابت ہو۔ مثلاً کمرے میں لگے کیمرے نے قاتل اور مقتول کے درمیان ہونے والا تلخ کلامی پھر قاتل کا مقتول پر حملہ اور قتل ریکارڈ کیا گیا اور پھر آواز کے ماہرین نے ملزم کی آواز کی تصدیق کردی کہ ریکارڈ شدہ آواز ملزم ہی کی ہے۔ تو اسی حالت میں ماہرین کی رائے کو بطور شہادت پیش اور تسلیم کی جاسکتی ہے۔

3: خون کا تجزیہ: خون کا تجزیہ بھی قتل کے مقدمات میں بطور شہادت پیش کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً اگر قاتل اور مقتول کے کپڑوں پر موجود خون ایک ہی جسم کا ہو اور قاتل موقع پر پکڑا گیا ہو نیز قاتل کے خلاف گواہ بھی ہو تو ایسی صورت میں خون کی حثیت قرینہ کی ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر واردات پر خون آلود آلہ قتل پر جو خون لگا ہوا ہے وہ مقتول کا ہے اور اس آلہ کا مالک جائے واردات پر پکڑا جائے تو آلہ قتل میں لگے خون کی حثیت قرینہ کی ہو جائے گی اور آلہ قتل کے مالک کو مجرم قرار دیا جائے گا۔

348: لجنة العلماء المحققین، **مجلة الاحکام العدلیة**، (کراچی: میر محمد کتب خانہ، سن 2001م) ج 1 ص 392

349: Siddiqi Husain, **Medical Jurisprudence and Toxicology**, (Lahore: Carawan Book House, 2003) volume 3, P.27.

Scanned with OKEN Scanner

4: بالوں اور ہاتھوں کے نقوش: ہر انسان کے بالوں اور ہاتھوں کی لکیریں، نقوش و نگار مختلف ہوتے ہیں۔ اسی بنا پر دور جدید میں مجرموں کا پتہ لگانے کے لیئے یہ طریقہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں موقعہ واردات کی بڑی احتیاط سے تلاشی لی جاتی ہے۔ اس جگہ سے کوئی ٹوٹا ہوا بال یا کوئی اور چیز مل جاتی ہے تو اس کو بڑی احتیاط سے محفوظ کیا جاتا ہے۔

پھر اس پر ہاتھوں کے نقوش اور ملزم کے ہاتھ نقوش کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے اگر نقوش مل جاتے ہیں تو ملزم کو قاتل قرار دیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کو بھی قرینہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

5: بیان حالت نزعی: اگر کوئی شخص قریب المرگ خواہ زخمی ہو یا اور کوئی دیگر بیماری ہو اپنی موت کا سبب بیان کرے تو اس کا بیان اس کے وجہ مرگ کے لئے قرینہ قیاس کیا جایئگا۔ اور حالت نزع میں بیان کردہ سبب کو وجہ مرگ تصور کیا جایئگا۔ یہ ایک عام تاثر ہے کہ مرتے وقت انسان جھوٹ نہیں بولتا۔ لہذا وہ اسی وقت جو کچھ بولے گا، سچ تصور ہو گا۔ بیان حالت نزعی کا فوجداری مقدمات میں بہت دخل ہوتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

4.3: فصل چہارم: شہادت کے مواقع و شرائط

اسلامی قانون شہادت نے شہادت کے چار مواقع بتائیں ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1: کلمہ توحید کی شہادت: اس سے مراد یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالی اور رسول ؐ پر ایمان لانے کی گواہی دے کر دائرہ اسلام میں داخل ہو جائے۔ یہ کلمہ شہادتؐ کا اقرار ہے۔ اس کا اقرار انسان خود کر کے دائمی سعادت کا حقدار ٹھہر تا ہے۔

2: حدود و قصاص اور تعزیرات سے متعلق معاملات میں شہادت یا گواہی دینا۔ یہ اس لئے علیحدہ ذکر کیا گیا ہے کہ اس میں مراتب و حکم شہادت باقی معاملات سے مختلف ہے۔ جس کی تفصیل اسی باب کے فصل اول میں گزر چکی ہے۔

3: اوامر قدر یہ میں شہادت: اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ بندہ قدرتی اوامر مثلا چاند نظر آنے، سورج گرہن، چاند گرہن شب و روز کا ادخال، دخول اوقات الصلاۃ وغیرہ۔ یہ حالات پر منحصر ہو تا ہے کبھی مرد کبھی عورت کبھی دونوں اور بعض اوقات جمع غفیر کی شہادت در کار ہوتی ہیں۔

4: معاملات میں شہادت مثلا بندہ بیع و شراء، لین دین، طلاق و نکاح اور اسی قسم کی دیگر معاملات میں گواہی دے۔ عام طور پر اس میں دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں یا صرف خواتین کی گواہی بھی قابل قبول ہے۔ جس کے تفصیل گزر چکی ہے

شہادت کی شرائط:

شہادت کی بنیادی شرائط و خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں جن کا موجود ہونا گواہی میں لازمی ہے۔

1: عادل: گواہ کے لئے عادل ہونا ضروری ہے۔ غیر عادل کی شہادت معتبر نہیں۔ گواہ کے عدل کو ثابت کرنے کے لئے تزکیتہ الشہود کیا جاتا ہے جو حدود و قصاص میں لازم اور دیگر معاملات میں اس وقت کیا جائے جب فریق مخالف اس گواہ کو غیر عادل ہونے کا دعویٰ ظاہر کرے۔ جمہور فقہاء کے نزدیک ہر مسلمان فی نفسہ عادل ہوتا ہے۔ اس پر حسن ظن کیا جائیگا اور اس کی شہادت ایک عادل کی شہادت ہوگی۔ جیسا کہ مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔

"ظن المئو من على المئو من خيرا مالم يراه شرا"[350]

---

[350]: امام ابو عبداللہ فخر الدین الرازی رازیؒ تفسیر کبیر (مفاتیح الغیب) (بیروت لبنان: دار کتب العلمیہ، سن 2007م) ج4 ص452

ایک مومن کا دوسرے مومن پر نیک گمان ہو گا جب تک اس سے شر نہ دیکھ پائے۔

حضرت عمرؓ نے فرمایا ہے "ہم عادل کے علاوہ کسی اور کی گواہی قبول نہیں کرتے ہیں"۔

" وانا لا نقبل الا العدول"[351]

ترجمہ: میں عادل کے بغیر کسی اور کی گواہی قبول نہیں کرتا۔

علماء کرام کے نزدیک جو شخص صالح اور ایماندار ہو وہ عادل تصور ہو گا۔ جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ "اذا رایتم الرجل یعتاد المسجد فاشهدوا له بالایمان"[352]

ترجمہ: جب تم کسی شخص کو مسجد کا عادی پاؤ تو اس کی ایمانداری کی گواہی دو۔

غیر عادل کی تعریف میں وہ تمام اشخاص آجاتے ہیں جو سابقہ سزایافتہ ہوں، معاشرتی زندگی میں ان کا کوئی شریفانہ معیار نہ ہو، لوگ انہیں ان کے افعال و اعمال کے سبب بری نظر سے دیکھتے ہیں انہیں جھوٹا شرابی، بد اخلاق، بد مزاج، بیہودہ، مسخرہ اور بد کردار سمجھتے ہیں۔ مثلاً:

الف: جس شخص پر حد قذف لگ چکی ہو اس کی شہادت معتبر نہیں۔ چاہئیے وہ توبہ ہی کیوں نہ کرلے۔[353]

ارشادربانی ہے۔"و اشهدوا ذوی عدل منكم وا اقیموا الشهادة لله"[354]

ترجمہ: اور اپنے میں سے دو معتبر شخصوں کو گواہ کرلو اور گواہی ٹھیک اللہ کے واسطے دو"

---

[351]: امام ابن ابی شیبہ ابو بکر عبد اللہ بن محمد، **الکتاب المصنف فی الاحادیث الاثار**، (قاہرہ مصر: الفاروق الحدیثۃ للطاعبۃ والنشر، سن 2008م)، ج7ص 345، **تفسیر ایت نمبر** 12 سورۃ النور: النور 12:24

امام ابن ابی شیبہ کا پورا نام حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان ابوشیبہ ہے۔ آپؒ 159ھ کو اور 235ھ کو وفات پاگئے۔ مصنف ابنابی شیبہ احادیث کی اہم کتاب ہے یہ کتاب پندرہ جلدوں پر مشتمل 37934 احادیث کی مجموعہ ہے۔ آپؒ صحاح ستہ کے مصنفین سے مقدم ہے۔ یہ حدیث کی ایک عظیم الشان کتاب ہے۔ امام ابوزرعہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابو بکر ابن ابی شیبہ سے بڑھ کر کوئی حافظ حدیث نہیں دیکھا۔

[352]: امام ابو عیسی محمد ترمذی، **سنن ترمذی باب** لزوم المساجد، کتاب المساجد والجماعات،، (لاہور: مکتبہ بیت السلام، سن 2017م) ج10 ص 250

[353]: ابن نجیم، **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997) ج7 ص 77

[354]: الطلاق ایت: 2

Scanned with OKEN Scanner

اس ایت کی روشنی میں امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ ہر وہ شخص جو کبیرہ گناہوں سے پرہیز کرے، حرام نہ کھائے، حرام کاری نہ کرے، صغیرہ گناہوں پر اصرار نہ کرے، اس کی نیکی کا پہلو برائی کے پہلو پر غالب ہو اور بظاہر حیادار ہو۔ عادل مانا جائے گا۔[355]

مفسر کبیر امام رازیؒ نے عدل کے وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ہے۔" لا یجوز ان یکون المراد بالعدل من کان عدلا فی الاحتراز عن الکذب لا من کا ن عدولا فی الدین والاعتقاد"[356]

ترجمہ: عدل سے مراد دین اور عقیدہ میں عادل ہونا نہیں بلکہ جو شخص جھوٹ سے احتراز کرتا ہو وہ عادل ہے۔

2: بالغ: گواہ کے لئے بالغ ہو نا ضروری ہے۔ نا بالغ کی شہادت معتبر نہیں ہے۔ اس لئے قرآن کریم میں ارشاد ہے، "واستشہدوا شہیدین من رجالکم"[357]

ترجمہ: اپنے مردوں (بالغوں) میں سے دو گواہ پیش کرو۔

اگر بچہ کسی مقدمے میں گواہ ہو اور بالغ ہونے کے بعد گواہی دیگا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نزدیک جائز ہے۔[358]

اس ایت میں لفظ رجالکم سے ثابت ہوا کہ شہادت کے لئے بالغ ہونا ضروری ہے۔ پس نابالغ کی گواہی معتبر نہیں ہے۔ اگر نابالغ کسی معاملے میں گواہ بن جائے تو اس کی گواہی کی وقعت اس وقت ہوگی جب وہ بالغ ہو جائے۔

3: عاقل: گواہ کے لئے عاقل ہونا بھی ضروری ہے۔ پاگل، نیم پاگل اور مخبوط الحواس شخص کی گواہی معتبر نہیں ہے۔ فقہاء نے عاقل کی تعریف یوں کی ہے کہ جو ضروری اور غیر ضروری، ممکن اور ناممکن کے درمیان تمیز کر سکے۔[359]

مخبوط الحواس اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنے دیکھے ہوئے واقعات کو ذہن میں محفوظ نہ رکھ سکے یا جسے اپنی زبان پر قابو نہ ہو۔

355: **محمد امین ابن عابدین الشامی، ردالمختار** علی در المختار الشہیر بالشامی (دمشق شام: الناشر، عالم الکتب، سن 2003م) ج4 ص 224

356: امام ابو عبد اللہ فخر الدین الرازی رازیؒ **تفسیر کبیر (مفاتیح الغیب)** (بیروت لبنان: دار احیاء التراث العربی، سن 2007م) ج4 ص 452

امام رازی کا پورا نام ابو عبد اللہ محمد بن عمران بن حسین فخر الدین الرازی تھا۔ آپؒ 544ھ کو ایران میں پیدا ہوئے تھے اور 606ھ بعمر 62 سال ہرات میں زہر دینے سے وفات ہو گئے تھے۔ آپؒ شافعی المسلک تھے۔ اس تفسیر کا اصل نام "مفاتیح الغیب ہے لیکن "التفسیر الکبیر" لامام الرازی کی نام سے مشہور ہوئے۔ آپ مشہور فقیہ، محدث، مفسر اور ریاضی دان تھے۔

357: البقرۃ ایت: 282

358: امام عبد الرزاق الصنعانی، **مصنف لعبد الرزاق، کتاب الشہادت**، باب شہادۃ العبد یعتق، والصبی یبلغ (المدینۃ المنورۃ: دار التاصیل سن 2015م) ج8 ص 347

359: عبد القادر عودہؒ، **التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی**، (بیروت لبنان: دار الکتب العربی، سن 2008م) ج2 ص 397

4: ناطق: یہ بھی ضروری ہے کہ گواہ کو گفتگو کرنے پر قدرت حاصل ہو۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک گونگے کی شہادت قطعاً غیر معتبر ہے خواہ وہ اپنا مافی الضمیر اشاروں کی مدد سے سمجھائے یا لکھ کر دیدے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ اگر اشاروں سے اُس کا مفہوم یقینی طور پر سمجھ میں آجائے تو اس کی شہادت معتبر ہے۔ امام احمدؒ گونگے کی اشاروں والی شہادت کو غیر معتبر مانتے ہیں۔ البتہ اگر وہ تحریری طور پر شہادت دے تو اسے قابل اعتبار قرار دیتے ہیں۔[360]

5: بینا ہو: گواہ کے لیئے بینا ہونا بھی لازمی ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نابینا کی شہادت مطلقاً غیر مقبول ہے۔ جبکہ مالکیہؒ اس کو مطلقاً قبول کرتے ہیں اور امام شافعیؒ کے نزدیک اگر وہ گواہ بنتے وقت نابینا نہیں تھا تو اس کی گواہی قبول کی جائیگی اور اگر نابینا تھا تو اس کی گواہی قبول نہیں کی جائیگی۔ اگر انہوں نے سنا ہو تو سننے کے قابل ہو اور دیکھا ہو تو دیکھنے کے قابل ہو۔[361]

6: مقذوف فی القذف نہ ہو: کیونکہ احناف کے نزدیک مقذوف فی لقذف خواہ تائب بھی ہو گیا ہو تب بھی اس کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ جبکہ دیگر آئمہ ثلاثہؒ کے نزدیک محدود فی القذف اگر تائب ہو جائے تو اس کے بعد اس کی گواہی قبول کر لی جائے گی۔

7: گواہ مسلمان ہو: گواہی کی مقبولیت کی ایک شرط گواہ کا مسلمان ہونا ہے۔ البتہ غیر مسلم ملزم کے خلاف غیر مسلم گواہ ہو سکتے ہیں۔ صاحب ہدایہ نے بیان کیا ہے کہ ذمیوں کی گواہی مسلمانوں کے معاملات میں تسلیم نہیں کی جائے گی۔ اور ان کے اپنے معاملات میں ان کی گواہی آپس میں قبول کی جائے گی۔ اگرچہ ان کے درمیان مذاہب کا اختلاف ہی کیوں نہ ہو۔

جیسے نصاریٰ کی شہادت یہود کے بارے میں یا یہود کے شہادت نصاریٰ کے حق میں۔ جبکہ مسلمانوں کے حق میں ذمیوں کی گواہی قبول نہیں۔ کیونکہ مسلمانوں پر ان کو ولایت حاصل نہیں، البتہ آپس میں ان کی گواہی معتبر ہے۔

صاحب ہدایہ رقم طراز ہیں۔ "و بخلاف الشهادة الذمى على المسلم لانه لا ولاية له و تقبل شهادتهم اهل الذمة بعضهم على بعض وان اختلف مللهم"[362]

اسی طرح سورۃ بقرۃ کی آیت " واستشهدوا شهيدين من رجالكم" سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کے معاملے میں غیر مسلم کی شہادت قبول نہیں کی جائے۔ تو غیر مسلم کی شہادت غیر مسلم کے حق میں اپنی اصل پر باقی رہتی ہے۔

---

[360]: ابن نجیم، **البحر الرائق شرح کنز الدقائق**، (قاہرہ مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1997) ج7ص77

[361]: ایضاً

[362]: امام برہان الدین المرغینانی، **الہدایہ**، کتاب الشہادت (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1975م) ج2ص32

جبکہ غیر مسلم سفر کے دوران وصیت میں استثنائی گواہ بن سکتے ہیں۔ لقولہ تعالیٰ: "یآیہا الذین آمنوا، شہٰدۃ بینکم، اذا حضر احد کم الموت ،حین الوصیۃ ،اثنان ذوا عدل منکم او آخران من غیرکم ،ان انتم ضربتم فی الارض"[363]۔

ترجمہ: اے ایمان والو گواہ کرلو درمیان تمہارے جبکہ پہنچے کسی کو تم میں سے موت، وصیت کے وقت دو شخص معتبر ہونے چاہیئے ۔ تم میں سے یا دو شاہد اور ہوں تمہارے سوا۔ اگر تم نے سفر کیا ہو ملک بھر میں۔

اس ایت سے یہ جواز نکلتا ہے کہ سفر میں وصیت کے وقت جب مسلمان موجود نہ ہوں۔ تو ذمیوں کو گواہ بنایا جاسکتا ہے۔

قاضی شریحؒ کہتے ہیں کہ سفر اور وصیت کے سوا، یہود و نصاریٰ کی شہادت کسی اور وقت جائز نہیں۔ تینوں ائمہ مسلمان پر اہل ذمہ کی شہادت جائز نہیں سمجھتے جبکہ امام ابو حنیفہؒ ذمی کی گواہی ذمی کے بارے میں جائز قرار دیتے ہیں۔

جب کوئی مسلمان بوقت مرگ موجود نہ ہو تو یہود و نصاری یا مجوسیوں سے دو آدمی لے لیں اور انہیں وصیت کر کے میراث ان کے سپرد کر دیں اب اگر اہل میت نے وصیت کو صحیح مان لیا تو ٹھیک ورنہ مقتدر اعلی کے پاس مقدمہ پیش ہو گا۔[364]

عبد الرزاقؒ نے اپنے مصنف میں حضرت سعید بن المسیبؒ سے براویت عمر بن خطاب نقل کیا ہے کہ کافر، بچے اور غلام کے گواہیاں جائز ہیں بشرطیکہ وہ اپنے حال میں بیان نہ کریں بلکہ اسلام لانے، بالغ ہونے کے بعد یا آزاد ہونے کے بعد گواہی دے۔[365]

یعنی ان کے تحمل گواہی جائز ہیں لیکن آدائے گواہی کے لے پھر حالت میں تبدیلی یعنی اسلام، بلوغت، حاذق اور آزاد ہونا ضروری ہے۔

8: کبائر سے محفوظ ہو: کبائر سے حفاظت اور صغیرہ سے بچنے والے ہو۔ ایسے کبائر والا جس پر حد لگتی ہو اس کی گواہی قبول نہیں ہو گی۔[366]

---

[363]: المآئدہ ایت: 106

[364]: حافظ عماد الدین، ابو الفدا ابن عمر ابن کثیر دمشقی، **تفسیر ابن کثیر** (الجیزہ العربیہ: مکتبہ قرطبہ اولاد الشیخ للتراث، سن 2000م) سورۃ المائدۃ ایت نمبر 106
ابن کثیر کا پورا نام ابو الفداء عماد الدین بن عمر ابن کثیر الشافعی تھے۔ آپؒ 1301م کو بصری میں پیدا ہوئے اور 1374م بمطابق 774ھ دمشق میں وفات ہو گئے۔ آپ کے یہ تفسیر بہت اعلی پایہ کی تفسیر ہے۔ آپ نے تفسیر کو تفسیر بالماثور یعنی قفسیر القرآن بالقرآن، بالاحادیث، باقوال الصحابہ واقوال التابعین کی ہے۔ آپؒ مفسر قران کے علاوہ شیخ الحیث بھی تھے۔ آپ کے تفسیر کا پورا نام التفسیر القران العظیم لابن کثیر ہے

[365]: امام عبد الرزاق الصنعانی، **مصنف لعبد الرزاق، کتاب الشہادت**، باب شہادۃ العبد یعتق، والصبی یبلغ (المدینۃ المنورۃ: دار التاصیل سن 2015م) ج8 ص348

[366]: امام برہان الدین المرغینانی، **الہدایہ**، کتاب الشہادت (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1975م) ج2 ص34

Scanned with OKEN Scanner

8: مجنون اور فاتر العقل آدمی کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

9: **آزاد:** گواہ کا آزاد ہونا بھی ضروری ہے غلام کی گواہی غیر معتبر ہے بالخصوص اپنے مالک کے لئے اور مالک کی اپنے غلام کے حق میں گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

10: والدین کے اپنے اولاد اور اولاد کے اپنے والدین کے لئے گواہی قبول نہیں کی جاتی ہاں البتہ بھائی کی گواہی اپنے بھائی کے لئے قبول ہوتی ہے۔

11: میاں بیوی کی ایک دوسرے کے لئے گواہی قبول نہیں ہو گی۔ اس لئے کہ زوجین معاشرتی وروایتی اعتبار سے ایک دوسرے سے مستفید ہوتے ہیں۔ ان کے مفادات ایک دوسرے سے وابستہ ہوتے ہیں۔ اس سلسلہ میں جو اصل ہے اس کو علاوالدین طرابلسی نے یوں بیان فرمایا ہے"واصله ان كل شهادة جرت مغنما او دفعت مغرما لم تقبل لانها تمكنت فيها تهمة الكذب والشهادة المتهمة مردودة"[367]

ترجمہ؛ اصل یہ ہے کہ بے شک ہر وہ شہادت جو نفع ونقصان میں شریک کے بارے میں دی جائے اس سے جھوٹ کی تہمت لگ سکتی ہے اور ہر شہادت متہم بالکذب مردود ہوتا ہے

12: دو شریکوں کی ایک دوسری کے متعلق اس چیز میں گواہی قبول نہیں ہو گی جس میں ان کی آپس میں شراکت داری ہو

13: کرائے پر رونے والیوں، گانے والیوں کی گواہی اور شراب میں غلطاں رہنے والے کی گواہی قبول نہیں ہو گی۔

14: احناف کے نزدیک سود خور، اسلاف پر سب وشتم کرنے والوں کی گواہی بھی غیر معتبر ہو گی۔

15: کوئی شہادت خلاف محسوس مقبول نہیں ہوتی مثلاً گواہ کسی کی موت کی شہادت دے اور وہ شخص زندہ سلامت ہو۔

---

[367]: علاؤالدین طرابلسی، **معين الاحكام فيما يتردد بين الخصمين من الاحكام**، (قطر: مکتبہ القطر الوطنیہ، سن 2007) ج5، ص84
مصنف معین الاحکام کا پورا نام ابوالحسن علاء الدین بن علی بن خلیل الطرابلسی الحنفی ہے۔ آپ 884ھ بمطابق 1440م طرابلس کو وفات پا گئے۔ یہ کتاب اسلامی قوانین پر مشتمل ہے۔ جو اسلامی قانون پر مشتمل ایک جامع کتاب ہے

امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک حدود و قصاص کے مقدمہ کے علاوہ کسی اور معاملہ کے گواہ کی ظاہری عدالت پر ان کی گواہی قبول کرلی جائے گی ان کی عدالت کی تحقیق کرنا قاضی کے لئے ضروری نہیں ہے۔

البتہ اگر مخالف فریق گواہوں پر غیر عادل ہونے کا الزام لگائے تو قاضی کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ ان کی عدالت کی تحقیق کرے۔ جبکہ حدود و قصاص کے مقدمات میں قاضی کے لئے گواہوں کی عدالت میں پوشیدہ و علانیہ تحقیق کرنی چاہیئے۔

امام محمدؒ، امام احمدؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک ہر قسم کے معاملات میں قاضی کے لئے گواہوں کی عدالت میں پوشیدہ و علانیہ تحقیق کرانا ضروری ہے۔

خواہ معاملہ حدود و قصاص سے متعلق ہو یا اس کے علاوہ ہو، خواہ فریق مخالف گواہوں پر غیر عادل ہونے کا طعن کرے یا نہ کرے [368]

[368]: مولانا نظام الدین متوفی 1161ھ، فتاویٰ عالمگیری، کتاب القضاء (اردو بازار لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2001م) ج5، ص 40-241

5.3: فصل پنجم: شہادت علی الشہادت کا اصول اور ڈگری کے نفاذ میں شہادت کا کردار

انسان چونکہ فانی اور عوارض سے بھرپور ہیں تو بحثیت انسان گواہ کو بھی انسانی عوارض سے پاک نہیں سمجھا جاسکتا اور کسی بھی وقت گواہ کو موت، بیماری یا کوئی دوسرا عارضہ لاحق ہوسکتا ہے۔ اگر کوئی ایسی صورت پیش آجائے کہ گواہ فوت ہوچکا ہے یا کسی دیگر عوارض کی وجہ سے غائب ہوجائے اور اس کی غیر موجودگی میں کسی کے حق کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو اس صورت میں اسلامی قانون، شہادت علی الشہادت کی اجازت دیتا ہے۔ یعنی وہ (گواہ) اپنے بعد کسی اور کو اپنی جگہ گواہ مقرر کرسکتا ہے۔

ان حالات میں اس سماعی شاہد کی گواہی یا شہادت علی الشہادت کو قبول کرلیا جائیگا۔ شہادت علی الشہادت میں شاہد کو چاہیئے کہ وہ لفظ شہادت استعمال کرے جیسا کہ میں شہادت یا گواہی دیتا ہوں کہ مجھے فلاں نے شاہد بناتے ہوئے یہ یا ایسا کہا تھا۔ جبکہ یہ کہنا کہ میں جانتا ہوں یا مجھے یقین ہے وغیرہ الفاظ تسلیم نہیں کیے جائینگے۔[369]

کوئی بھی متنازعہ مسئلہ جو کسی عدالت میں پیش کیا جائے اور باقاعدہ طریقہ کار سے گزر کر عدالت اس میں فیصلہ دیتی ہے تو اس عدالتی فیصلہ کو ڈگری یا حکم کہا جاتا ہے۔

سر عبد الرحیم نے ڈگری کی تعریف کچھ یوں کی ہے۔ "ڈگری وہ حکم ہے جو ایک نزاع کا فیصلہ یا اختتام کردیتا ہے"۔[370]

چونکہ ڈگری کسی تنازعہ میں آخری فیصلہ ہوتا ہے۔ لہذا فریقین کو اس کا پابند بنانا اور فیصلہ نافذ کرنا ریاست بذریعہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس لئے اگر ڈگری کے نفاذ میں کسی کو سزا ہوئی ہو تو انتہائی احتیاط سے کام لینا چاہیئے کیونکہ شریعت اسلامی میں کسی بے جرم کو سزا دینے سے یہ بہتر ہے کہ کسی مجرم کو بری کیا جائے۔ لہذا شک کا فائدہ اسلامی قانون کی رو سے ملزم کو دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ قذف کے معاملہ میں اگر قاذف چار فاسق گواہ پیش کردے تو وہ حد قذف سے بچ سکتا ہے۔ یہاں قاذف نے بہر

---

[369]: فیاض احمد قریشی، **اسلامی اصول قانون**، (لاہور: ڈوگر پبلشرز سن 2004م) ص 196

[370]: Abdur Rahim Sir, **The** Principal of Muhammadan Jurisprudence, (USA Virginia: the University of Virginia Printing Press, 2010), 2 edition, p. 19.

About the author: Sir Abdur Rahim was born in 1867 at Bengal and died on 1952. He was a judge of Madras High Court, Part time Law Professor, at the University of Tagore Calcutta and politician in British India and a leading member of the Muslim League. He has the honored to Chair the annual session of All India Muslim League in December & January 1925-1926.He was a member of the Central Legislative Assembly from 1929 to 1934. He was a prominent jurist and writer.

Scanned with OKEN Scanner

حال گواہ پیش کر دیئے اگر چہ فاسق ہی ہیں تو دوسری طرف مقذوف بھی حد زنا سے بچ جاتا ہے کیونکہ ان کے خلاف پیش شدہ گواہ فاسق ہیں۔ یہاں شک کا فائدہ قاذف اور مقذوف دونوں کو پہنچ جاتا ہے۔

دونوں سے حد ساقط ہو جاتا ہے۔ شک کے دوران سقوط حد بہتر ہوتا ہے نفاذ حد سے۔ لہذا ڈگری کا نفاذ خالص اور یقینی شہادت پر ہونا چاہیئے محض قیاس پر ڈگری کا نفاذ بالکل مناسب نہیں ہے۔

شہادۃ علی الشہادۃ کا اُصول

1: شہادۃ علی الشہادۃ حدود و قصاص کے مقدمات میں قبول نہیں کی جاتی۔ ماسوائے مقذوف فی القذف، کیونکہ حد قذف میں اگر دو گواہ شہادت دیں کہ فلا شخص فلاں شہر کے قاضی نے حد قذف لگائی ہے تو ان کی شہادت قبول کی جائے گی۔[371]

2: شہادت علی الشہادت کا طریقہ کار یہ ہے کہ اصل شاہد فرع کو مخاطب کر کے یہ کہے کہ تم میری اس شہادت پر گواہ بنو اور میں شہادت دیتا ہوں "کہ فلاں شخص کے فلاں پر اتنے روپے قرض ہیں یا قرض باقی ہے" اور فرع کو اس پر گواہ بننا منظور ہو یا خاموش رہ جائے۔[372]

3: شہادت علی شہادت مرض الموت، موت، طویل سفر کے باعث اگر اصل شاہد عدالت میں حاضر ہونے سے قاصر ہو یا کوئی پردہ نشین عورت جس کے لئے غیر مردوں کے سامنے حاضر ہو کر بیان دینا متعذر ہو۔ تو ان حالات میں شہادت علی الشہادت مقبول ہو گی[373]

4: شہادت علی شہادت میں نصاب شہادت یعنی گواہوں کی تعداد پوری ہونی چاہیئے۔ یعنی ایک فرع ایک اصل کی شہادت پر گواہ نہیں بن سکتا۔[374]

5: اگر اصل شہادت کی اہلیت کسی بھی وجہ سے ساقط ہو جائے مثلاً نابینا ہونا، گونگا ہونا، فاسق ہونا تو فرع کی شہادت کی اہلیت بھی ساقط ہو جائے گی۔[375]

---

[371]: محمد امین ابن عابدین الشامی، **رد المحتار علی در المختار** الشہیر بالشامی (دمشق شام: الناشر، عالم الکتب، سن 2003م) ج4 ص409

[372]: علاء الدین الحصکفی در المختار ج2 ص100۔: محمد علاء الدین الحصکفی ابن الشیخ علی الحنفی المتوفی، **در المختار اصلی نام تنویر الابصار**، (بمبی انڈیا: مکتبہ الھدریہ، سن 1309ھ) ج2 ص100

[373]: ایضا

[374]: علاؤالدین طرابلسی، **معین الاحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام**، (قطر: مکتبہ القطر الوطنیہ، سن 2007) ج5، ص139

Scanned with OKEN Scanner

6: اگر اصل گواہ اپنی شہادت سے منکر ہو جائے تو فرع کی گواہی خود بخود باطل ہو جائے گی۔

7: اگر اصل گواہ بغیر کسی معقول عذر فرع کو گواہ بنانے کے بعد منع کرے تو اس کے منع کا کوئی اعتبار نہیں ہو گا[376]

8: اگر اصل گواہ مخاطب کئے بغیر فرع کو گواہی سنائے تو اس صورت میں فرع گواہ نہیں بن سکتا۔یعنی گواہ بننے کے لئے مخاطب کرنا اور فرع کا رضامند ہونا لازمی ہے[377]

9: اگر کوئی ایک گواہ شہادت دے اور اس کے بعد دوسرا آکر یہ کہہ دے کہ میں بھی وہی کہتا ہوں جو مجھ سے پہلے ساتھی نے کہا ہے تو محض اس کے اس قول پر اکتفا کرنا درست نہیں بلکہ حاکم کا فرض ہے کہ کرید کرید کر دوسرے گواہ سے تفصیلات معلوم کرے۔[378]

10: شہادۃ علی الشہادۃ یا سنی سنائی شہادت احتیاط کے ساتھ وقف، ولایت، نسب زواج وغیرہ میں قبول کی جاتی ہے۔[379]

375: ایضا

376: ایضا

377: علاؤالدین طرابلسی، **معین الاحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام**، (قطر: مکتبۃ القطر الوطنیہ، سن 2007) ج5، ص138

378: مولا نظام الدین متوفی 1161ھ، **فتاویٰ عالمگیری**، کتاب القضاء (اردو بازار لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2001م) ج3، ص 462

379: فیصل حنیف، **قانون شہادت آرڈر 1984م**، (لاہور: محمد سلیمان قریشی اینڈ سنز لا بکس پبلشرز، سن 2017) ص15

Scanned with OKEN Scanner

6۔3: فصل ششم: جھوٹی شہادت کی تعریف، اثبات اور سزا

جھوٹی گواہی سے مراد بغیر علم قطعی کے شہادت دینا ہے۔ بغیر علم قاطع کے گواہی دینا جھوٹی گواہی قرار دی جاتی ہے جھوٹی گواہی دینے میں شاہد کا قصد لازمی ہے کہ اس کے جھوٹ بولنے کا ارادہ ہو۔ مثلاً وہ کسی شخص کے قتل ہونے کی شہادت دے حالانکہ وہ زندہ ہو۔ اگر دو شہادتوں کے درمیان تعارض آجائے یا گواہ سے غیر ارادی طور پر غلطی ہو جائے یا شہادت دعوے کے خلاف ہونے کی وجہ سے رد کر دی جائے تو اسے شہادت زور میں شمار نہیں کیا جائے گا۔[380]

جھوٹی گواہی دینا گناہ کبیرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔"واجتنبوا قول الزور"[381]

ترجمہ: اور احتراز کرو جھوٹی گواہی سے۔

ایک اور جگہ پر ارشاد باری تعالی نے مومنوں کی پہچان بتلاتے ہوئے ارشاد فرمایا"والذین لا یشھدون الزّور"[382]

ترجمہ: اور جو لوگ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔

صحیح بخاری و سنن ابی داؤد میں روایت ہے۔"و عن انس رض ،قال قال رسول اللہ ﷺ ، الکبائر الا شراک باللہ و عقوق الوالدین وقتل النفس والیمین الغموس و فی روایۃ وشھادۃ الزّور"[383]

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ گنا کبیرہ یہ ہیں۔ اللہ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی، ناحق کسی کو قتل کرنا، جھوٹی قسم کھانا اور جھوٹی گواہی دینا۔

اسی طرح صحیح مسلم شریف میں حضور ﷺ نے جھوٹی گواہی کو اکبر الکبائر فرمایا ہے۔"قال ذکر علیہ الصلوۃ والسلام' الکبائر وسئل عن الکبائر 'فقال الشرک باللہ، وقتل النفس و عقوق الوالدین و قال الا انبئکم باکبر الکبائر ، قال قول الزور او قال شھادۃ الزور ، قال شعبۃ اکبر ظنی، انہ شھادۃ الزور"[384]

---

[380]: مولانا محمد متین ہاشمی سید، اسلام کا قانون شہادت، (لاہور: دیال سنگ ٹرسٹ، 1981) ج1 ص 41-340

[381]: الحج ایت:30

[382]: الفرقان ایت:72

[383]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، الجامع الصحیح البخاری کتاب الشہادات (لاہور: مکتبۂ رحمانیہ، سن 1992م) ج2 ص 882

[384]: امام ابو الحسین مسلم بن مسلم بن حجاج الصحیح المسلم، (اردو بازار لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج 6412

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: حضورؐ نے ایک مرتبہ کبیرہ گناہوں کا ذکر فرمایا، آپؐ سے کبیرہ گناہوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے ساتھ شرک کرنا، ناحق کسی کو قتل کرنا، والدین کی نافرمانی، اس کے بعد آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں سب سے بڑے کبیرہ گناہ کے بارے میں نہ بتلادوں، آپؐ نے فرمایا، جھوٹ بولنا یا جھوٹی شہادت دینا، (راوی) شعبہ کا بیان ہے۔ کہ میرا غالب گمان ہے کہ آپ ﷺ کی مراد جھوٹی شہادت تھی۔

ابو داؤد شریف میں روایت ہے "عن خریم بن فا تک قال صلیّ رسول اللہﷺ صلوٰۃ الصبح فلمّا انصرف قام قائما فقال عدلت شہادۃ الزور بالاشراک باللہ ثلاث مرات۔ ثم قرآ فاجتنبوا الرجس من الاوثان وجتنبوا قول الزور۔ حنفآء للہ غیر مشرکین بہ"[385]

ترجمہ: حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی اور جب لوگوں کی طرف منہ کر کے رخ پھیرا تو بیٹھے رہنے کے بجائے آپ ﷺ سیدھے کھڑے ہو گئے اور تین بار ارشاد فرمایا، جھوٹی گواہی دینا اور شرک کرنا دونوں برابر کے گناہ ہیں۔ پھر آپ نے آیت پڑھی کہ تم ناپاکی سے دور رہو اور خدا کے لیے نیکوکار ہو جاؤ یعنی شرک چھوڑ کر توحید اختیار کرو۔

حضرت امام ابو حنیفہؒ سے المغنی میں روایت نقل کیا گیا ہے" قال شاھد الزور لا تزول قد ماہ حتی تجب لہ النار "[386]

ترجمہ: آپ ﷺ نے فرمایا کہ جھوٹا گواہ گواہی دے کر اپنی جگہ سے ابھی اس کے قدم ہٹتے بھی نہیں کہ اس کے لئے جہنم واجب ہو جاتی ہے۔ جھوٹی شہادت کے اثبات کے لئے ضروری ہے کہ گواہ کا قصد ثابت ہو۔ مثلاً شاہد خود اقرار کریں کہ اس نے گواہی عمداً دی ہے۔ اور بغیر علم قطعی کے شہادت دینا جھوٹی گواہی کی زمرے میں آجاتا ہے۔ دو گواہوں کے درمیان یا دو گواہوں کے بیان میں تعارض آجائے یا دوران شہادت گواہ سے ایسی غلطی سرزد ہو جائے جس کے باعث شہادت رد کر دی جائے تو اس کو شہادت زور نہیں کہا جائیگا۔[387]

صحیح مسلم کا مصنف امام ابو الحسین مسلم بن مسلم بن حجاج القشیری نشاپوری ہے۔ آپؒ 206ھ کو نیشاپور میں پیدا ہوئے اور 261ھ کو بعمر 55 سال وفات ہو گئے۔ آپؒ نے پندرہ سال کی محنت شاقہ کے بعد تین لاکھ احادیث کو جمع کر کر ان میں سے تین ہزار احادیث بغیر تکرار کے جمع کیا۔ صحیح مسلم کے علاوہ آپ کی اہم تصنیفات میں سے التمیز المنفردات، الوحدان اور الطبقات وغیرہ ہیں۔

[385]: امام ابی داؤد سلیمان بن اشعث السجستانی **سنن ابی داؤد** (لاہور: مکتب یادگار شیخ اردو بازار، سن 1437ھ) ج 2 ص 151

[386]: ابو محمد عبد اللہ بن احمد ابن قدامہ المقدسی الحنبلی، **المغنی**، (مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج 12 ص 153

[387]: ابن الہمام کمال الدین محمد بن عبد الواحد، **شرح فتح القدیر** (پشاور: مکتبہ حقانیہ سن 2007م) ج 6 ص 83

Scanned with OKEN Scanner

جھوٹی شہادت کے اثبات: جھوٹی شہادت کو مندرجہ ذیل تین طریقوں سے ثابت کیا جاتا ہے۔

1: ایک یہ کہ گواہ خود اقرار کرے کہ اس نے عمدا جھوٹی شہادت دی ہے۔

2: دوم یہ کہ اس کے جھوٹے گواہ ہونے کا قابل وثوق ثبوت مل جائے۔

3: تیسرے یہ کہ یقینی طور پر اس کا جھوٹ ثابت ہو جائے مثلا: وہ کسی شخص کے خلاف گواہی دے کہ اس نے فلاں معین وقت اور معین جگہ میں قتل یا زنا کیا حالانکہ اس وقت مشہود علیہ کسی دوسرے شہر میں تھا۔

جھوٹی شہادت کی سزا: جھوٹی شہادت دینے والوں کے لئے قرآن کریم میں کوئی سزا تجویز نہیں کی گئی ہے۔ البتہ احادیث میں شہادت الزور پر سخت وعید آئی ہے۔ جبکہ خلفائے راشدین بالخصوص حضرت عمر کے عمل کو تعزیر کے لئے اختیار کیا جاسکتا ہے۔

مصنف ابن ابی شیبہ میں ولید بن ابی مالک سے روایت ہے کہ "حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنے شام کے اعمال کو فرمان بھیجا کہ جھوٹے گواہوں کو چالیس کوڑے مارے جائیں۔ ان کے چہروں پر کالک لگائی جائے۔ ان کا سر مونڈ دیا جائے اور انہیں طویل عرصے تک کے لیے قید کر دیا جائے"[388]۔

اسی طرح عبد الرزاق نے اپنے مصنف میں مکحول سے روایت کی ہے کہ "ان عمر ضرب شاهد الزور اربعين سوطا"[389]۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جھوٹے گواہ کو چالیس کوڑے مارے۔ اسی قسم کی ایک اور روایت مصنف عبد الرزاق میں ہے کہ "ان عمر بن الخطاب رضى الله عنه امر بشاهد الزور ان يسخم وجهه و تلقى عمامته فى عنقه و يطاف به فى القبائل"[390]

---

[388] : حافظ ابو بکر ابن ابی شیبہ، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار**، (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2017م) ج4، ص 87-86
مؤلف کا پورا نام امام حافظ ابو بکر عبد اللہ بن محمد بن ابراہیم بن عثمان ابو شیبہ تھا۔ امام ابن ابی شیبہ دوسری اور تیسری صدی ہجری کی مشہور علمی شخصیات میں سے تھے۔ آپؒ 159ھ کو کوفہ میں پیدا ہوئے اور 235ھ کو بعمر 73 سال وفات پاگئے۔ اس کتاب کا پورا نام "الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار ہے۔ یہ کتاب سات جلدوں میں پر مشتمل 37943 احادیث کا مجموعہ ہے۔ یہ کتاب صحاح ستہ کے مؤلفین سے مقدم ہیں۔ لہذا یہ احادیث کی عظیم الشان کتاب ہے

[389] : امام شمس الدین، ابو بکر، محمد بن احمد بن ابی سہل، السرخسی، **المبسوط فی الفقہ**، (بیروت لبنان: دار المعرفہ سن 1409ھ)، ج16، ص 145

[390] :: امام عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی، **مصنف لعبد الرزاق**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن، 2009م) ج7 ص 331

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہمانے حکم دیا تھا کہ جھوٹے گواہ کا چہرہ سیاہ کر دیا جائے۔ اس کی پگڑی اس کی گردن میں لپیٹ دی جائے اور اسی حالت میں قبائل میں اسے پھرایا چکرایا جائے۔

احناف میں سے صاحبین (امام ابو یوسفؒ و محمدؒ) کا قول ہے کہ جھوٹے گواہ کو قید اور تعزیر دونوں دی جاسکتی ہیں۔ جس کی مقدار اور نوعیت کا تعین قاضی اپنی صوابدید سے کرے۔ امام ابو یوسف کا قول ہے کہ قاضی پچاس سے ستر کوڑے تک مار سکتا ہے۔[391]

صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ جس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جھوٹے گواہ کو یہ سزا دی اس وقت صحابہ کرام کی ایک بہت بڑی جماعت موجود تھی۔ لیکن ان میں کسی نے بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس فعل پر اعتراض نہیں کیا۔ لہذا اسے صحابہ کا اجماع کہا جاتا ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ احادیث صحیحہ جھوٹی شہادت دینا اکبر الکبائر میں سے ہے۔ اور چونکہ اکبر الکبائر کے لئے قرآن وسنت میں کوئی حد مقرر نہیں ہے اور جس جرم میں حد مقرر نہیں ہو تو وہاں تعزیر بہر حال دی جاسکتی ہے۔

یہی مذہب دیگر ائمہ ثلاثہ کا بھی ہے۔ مثلاً: امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔"و اذا ثبت انہ شاھد الزور و راء الامام تعزیرہ بالضرب اوالحبس او الجزر "[392]

ترجمہ: اگر یہ ثابت ہو جائے کہ گواہ جھوٹا ہے اور امام خیال کرے کہ اس کی تعزیر جسمانی ضرب یا قید یا تنبیہ کے طور پر مناسب ہے تو وہ یہ اقدام کر سکتا ہے۔

المدونۃ الکبری میں امام مالک سے مروی ہے"قال مالک یضربہ و یطوب بہ المجالس، ولا تقبل لہ شہادۃ ابدا وان تاب و حسنت حالہ"[393]

---

[391] : امام السرخسی شمس الدین، ابو بکر، محمد بن احمد بن ابی سہل احمد السرخسی، المبسوط فی الفقہ (بیروت لبنان: دار المعرفہ سن 1409ھ)، ج16، ص 146
امام سرخسی کا پورا نام امام السرخسی شمس الدین ابو بکر محمد بن احمد بن ابی سہل احمد رضی الدین السرخسی تھا۔ آپؒ 1009م کو بمقام خراسان سرخسی پیدا ہوئے اور 1090م کو انتقال کر گئے۔

[392] :330: علامہ ابو اسحاق شیرازی۔ المہذب (بیروت لبنان: مکتبۃ دار الفکر، سن 1423ھ)، ج2 ص 330

[393] : امام لک بن انس بن عامر الاصبحی: المدونۃ الکبریٰ، (مصر: دار الکتب النوادرہ، سن 1323ھ) ج 13 ص 251
امام مالکؒ کا پورا نام ابو عبد اللہ مالک بن انس بن ابی عامر الاصبحی الحمیری ہے۔ آپؒ کی تاریخ پیدائش 93ھ اور وفات 179ھ کو مدینہ منورہ میں بعمر 87 برس ہوئی۔ آپؒ فقہ اور حدیث میں پورے عالم اسلام کے امام ہیں۔ آپؒ کے مشہور کتابوں میں "المؤطا" المدونہ الکبری ہیں۔ یہ کتاب آپؒ کے ایک شاگرد ابن القاسم نے امام مالک کے کہنے پر مدون کیا۔ اس کتاب میں فتاوی اور قضایات مفصلا بیان کیا گیا ہے،

ترجمہ: امام مالکؒ نے فرمایا کہ حاکم اسے مارے اور تشہیر کرائے۔ اور اس کی شہادت کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی۔ چاہئے وہ توبہ کر لے اور ان کے احوال بہتر ہو جائیں۔

المغنی میں اسی طرح کا روایت امام احمد بن حنبلؒ سے نقل کیا گیا ہے۔"وانما هو مفوض الى رآى الحاكم. ان رائ ذلک بالجلد جلده وان ر آه بحبس او كشف راسه و ابا نته او ترو بيخه فعل ذلک و لا يزيد فى جلده على عشر"[394]

ترجمہ: جھوٹے گواہ کی تعزیر حاکم کی صوابدید پر چھوڑ دی جائے وہ مناسب سمجھے تو اسے کوڑے لگائے اگر چاہے تو اس کی پگڑی اتروا کر اس کا سر ننگا کرا دے یا اس کی توہین یا تنبیہ کا کوئی طریقہ اختیار کرے البتہ دس کوڑوں سے زیادہ کی سزا نہ دے۔

امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ جھوٹے گواہوں کو قاضی شریحؒ کے طرز پر تشہیر کیا جائے۔ کیونکہ قاضی شریح جھوٹی گواہی دینے والے کو عصر کے بعد پُر ہجوم بازاروں میں عدالتی کارندوں کے ہمراہ بھیج دیتے اور یہ اعلان کرواتا کہ قاضی شریحؒ نے تم سب کو سلام کہا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ یہ شخص جھوٹی گواہی دینے والا ہے اس سے ہوشیار رہو۔

اگر اس جھوٹے گواہ کا تعلق بازار سے نہ ہو تا تو پھر وہ عدالت کے کارندے کے ہمراہ اس کے قبیلے اور محلے میں بھیج دیا جاتا اور اس کے قبیلے و محلے میں اس قسم کا اعلان کرایا جاتا۔[395]

---

[394]: عبد اللہ بن احمد بن، قدامہ، ابو محمد، الحنبلی، **المغنی**، (مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج2 ص154

[395]: امام شمس الدین محمد بن احمد بن، ابی سہل السرخسی، **المبسوط فی الفقہ**، (بیروت لبنان: دار المعرفہ سن 1409ھ)، ج16، ص145

7۔3: فصل ہفتم: گواہوں کے ساتھ برتاؤں میں ضروری آداب

چونکہ گواہی ایک ذمہ داری ہوتی ہے لہذا اس کے نبھانے میں گواہوں کو زیادہ سے زیادہ تحفظ، توقیر و سہولت دی جائیگی۔

امام ماوردیؒ نے اپنی کتاب ادب القاضی میں لکھا ہے، کہ جب گواہ عدالت میں گواہی کے لئے آجائے تو ان کے ساتھ اچھے طریقے سے پیش آنا چاہیئے۔ آپؒ نے درجہ ذیل آداب کو ملحوظ خاطر رکھنے کی تاکید فرمائی ہے۔

1: جب گواہان کو گواہی کے لئے قاضی کے سامنے پیش کیا جائے تو قاضی گواہان کو فریقین سے علیحدہ ممتاز جگہ پر بٹھائے۔[396]

2: گواہوں کے ساتھ خصوصی طور پر موانست اور عزت افزائی کا برتاؤ کیا جائے۔[397]

3: گواہوں کے درمیان ان کے علم و فضل اور ان کی امتیازی خصوصیات کو پیش نظر رکھتے ہوئے خصوصی اور امتیازی سلوک کیا جاسکتا ہے[398]

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک مقدمے میں چند گواہ حاضر ہو جائیں۔ ہو سکتا ہے کہ ان گواہوں میں سے کوئی عالم ہو یا کوئی دوسری امتیازی حثیت رکھتا ہو۔ قاضی اگر فریقین کے بالعکس اس کے ساتھ کوئی خاص عزت افزائی کا برتاؤ کرے جو دوسرے گواہوں کے ساتھ نہ کرے۔ تو اس میں کوئی حرج نہیں بلکہ ایسا کرنا مناسب ہے۔ کیونکہ قاضی فریقین مقدمہ کے ساتھ مساوی سلوک کریگا جب کہ گواہوں کے ساتھ سلوک ان کی شخصی خصوصیات کو مد نظر رکھا جائیگا۔[399]

4: قضاء کے اجلاس سے باہر اگر قاضی، قضاء کے وقار اور اس کی عفت کو نقصان پہنچائے بغیر گواہان کے ساتھ باہمی گفتگو کرے یا بے تکلفی کا برتاؤ کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔[400]

---

[396] : امام ابوالحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص 245

امام ابو الحسن الماوردی کا پورا نام علی بن محمد بن حبیب البصری الماوردی ہے۔۔ آپؒ 972م یا 974م کو بصرہ میں پیدا ہوئے اور 1058م کو بعمر 84 سال بغداد میں انتقال کر گئے۔ آپؒ عالم، فقیہ، مفسر، اور محدث تھے۔ آپؒ کی مشہور کتابوں میں اداب القاضی کے علاوہ الاحکام السلطانیہ بھی ہے جو اسلامی نظام ائین، طرز و طریقہ حکمرانی اور سیاست پر محیط اہم کتاب ہے۔ اس کی علاوہ ادب الدنیا والدین، قانون الوازارۃ، سیاسۃ اعلام النبوۃ، تفسیر القران، کتاب الامثال و لحکم وغیرہ ہیں

[397] : علاؤالدین طرابلسی، **معین الاحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام**، (قطر: مکتبہ القطر الوطنیہ، سن 2007) ج5، ص 25

[398] : امام ابوالحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص 246

[399] : قاسمی مجاہد الاسلام، مولانا، **اسلامی عدالت**، جز اول صفحہ نمبر 321، طبع مکتبۃ القرآن بنوری ٹاون کراچی 2011ء۔

[400] : امام ابوالحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص 246

Scanned with OKEN Scanner

5: مجلس قضاء میں قاضی خود اور گواہان بھی عام مجالس سے کہیں زیادہ سنجیدہ اور پر تکلف رہنے چاہیئے[401]

6: دوران سماعت قاضی گواہوں کو علیحدہ بیٹھنے کا حکم دے سکتا ہے اور مناسب ہے کہ گواہ ایسے جگہ بٹھائے جائیں جو قاضی کی نگاہوں سے اوجھل نہ ہو۔ یا اگر سب کو قاضی مجلس قضاء میں ہی بٹھائے تب بھی جائز ہے۔[402]

7: قاضی کو گواہوں سے ایسی گفتگو سے پرہیز کرنا چاہیئے جو زیر سماعت مقدمہ اور شہادت سے غیر متعلق ہو۔[403]

8: قاضی گواہوں کو شہادت کی تلقین نہ کرے اور نہ گواہی بگاڑنے کے لئے جرح کرے۔[404]

اس سے مراد یہ ہے کہ اگر مدعی کے دعویٰ اور شہادت میں موافقت پیدا نہ ہو رہی ہو تو ایسی صورت میں قاضی کا گواہ کی زبان سے ایسی بات نکلوانے کی کوشش کرنا جس سے اس تعارض کو دور کرنے کے لئے توجیہ اور تطبیق کا کام لیا جا سکے درست نہیں۔

9: قاضی گواہوں سے یہ سوال نہ کریں جس سے ان کے ثقہ ہونا مشکوک بن جاتا ہے یا ان کے اعتماد کو ٹھیس پہنچ جاتی ہے یا بے اعتماد بن جاتے ہیں۔[405]

واضح رہے کہ گواہ کے لئے کسی امر کی شہادت دینا اسی وقت درست ہے جب اس نے مشہود بہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو اور براہ راست اسے اس کا یقینی علم حاصل ہو۔

10: گواہ کو غیر ضروری اور غیر متعلق گفتگو سے احتراز کرنا چاہیئے۔ہاں اگر اس کی گفتگو یا وضاحت سے اصل مقدمہ کو تقویت اور فائدہ پہنچتا ہے تو پھر درست ہے۔[406]

---

[401] : ایضا

[402] : ایضا: ص247

[403] : ایضا:247

[404] :: محمد بن محمد بن شہاب حافظ الدین البزازی، **فتاوی البزازیہ، اصل نام الجامع الوجیز** المشہور فتاوی البزازیہ (بیروت لبنان: دار احیاء تراث العربیہ، سن 1993م) ج4 ص433-34

صاحب فتاوی البزازیہ کا پورا نام امام حافظ الدین احمد بن محمد بن شہاب بن یوسف الکردی لخوارزمی الحنفی المعروف البزازی ہے۔ آپؒ 827ھ کو وفات ہو گئے۔ آپ کے مشہور تسانیف میں مناسک الحج، آداب القضاء الجامع الوجیز، مناقب امام ابو حنیفہؒ وغیرہ ہیں۔ الجامع الوجیز المعروف فتاوی البزازیہ مختصر مگر جامع اور انتہائی اہم مسائل پر مشتمل کتاب ہے۔ اس کو فتاوی الکردی بھی کہا جاتا ہے۔

[405] : امام ابو الحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص248

11: فریق مقدمہ کو چاہئیے کہ وہ قاضی کے سامنے اپنے گواہوں کے نام پیش کر کے گواہوں کو حاضر کرنے کی اجازت حاصل کرے۔

12: گواہوں کو عام حالت میں طلب کئے بغیر گواہی کے لئے نہیں آنا چاہئیے۔[407]

13: گواہوں کو فہرست گواہان کے مطابق گواہی کے لئے بلایا جائے اور تقدیم تاخیر قاضی اس صورت میں کریں جب قاضی کو کوئی خاص مصلحت نظر آرہی ہو۔

14: ہر گواہ اپنے ہی الفاظ میں شہادت ریکارڈ کرادیگانہ کہ یہ کہے کہ میں گذرے ہوئے گواہ کی گواہی کی تصدیق کرتا ہوں۔ ایسا کہنا حکایت بن جاتی ہے شہادت نہیں۔ اسلئے یہ صحیح نہیں ہے۔

15: قاضی کو چاہئیے کہ ایک گواہ سے دوسرے گواہ کی تصدیق کرانے کے بجائے پورے واقعات مشہود بہ کو ہر گواہ سے لفظ بہ لفظ سننا اور تحریر کرے اور اگر ایسا نہ کرکے صرف ایک گواہ کے بیان پر دوسرے گواہ سے تصدیق کرالی گئی تو یہ شہادت قابل قبول نہیں ہوگی۔[408]

16: قاضی گواہوں کے نام، ولدیت، پورا پتہ، عمر، مشغلہ، فریقین سے رشتہ اور اگر ضرورت محسوس کرے تو حلیہ بھی درج کرائے تاکہ فریقین اور گواہوں کا مکمل تعارف مسل میں محفوظ ہو کر بوقت ضرورت کام آئے۔[409]

خلاصہ باب: باب سوم کل سات فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اوّل نصاب شہادت و بنیادی اصول جبکہ **فصل** دوم شاہد کی اہلیت ،طریقہ کار اور **فصل** سوم اظہار واقسام شہادت سے بحث کرتا ہے۔ اسی طرح فصل چہارم **شہادت کی مواقع و شرائط، فصل** پنجم **شہادت علی الشہادت کی اصول** اور ڈگری کی نفاذ میں شہادت کا کردار، فصل ششم **جھوٹی شہادت کی تعریف، اثبات اور سزا** جبکہ آخری فصل، **فصل** ہفتم گواہوں کے ساتھ برتاؤں میں ضروری آداب و طریقہ کار کا تفصیلی وضاحت **پیش** کرتا ہے۔

---

[406] : ایضا: امام ابو الحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص248

[407] : ایضا

[408] : امام ابو الحسن علی بن حبیب الماوردی: **آداب القاضی**، (بیروت لبنان: مکتبہ دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج۔2: ص248

[409] : امام شمس الدین، محمد بن احمد بن، ابی سہل، السرخسی، **المبسوط فی الفقہ** (بیروت لبنان: دار المعرفہ سن 1409ھ)، ج16، ص92-91

Scanned with OKEN Scanner

4.0 : باب چہارم: اسلام میں عورت کا مقام اور گواہی کا قضیہ

1۔4: فصل اول: اسلام میں عورت کا مقام اور تاریخی پس منظر: یہ بات مسلم ہے کہ عورت معاشرے کا ایک ایسا ناگزیر عنصر ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، بلکہ سماجی اور تمدنی اصلاح وبقا کا انحصار تقریباً اسی نوع کی حیثیت پر ہے۔ عورت کی حیثیت، اس کا کردار و عمل اور اس کی حیات بخش صلاحیتیں معاشرے کے عروج وزوال کا سامان ہیں۔

لیکن یہ بھی مسلم حقیقت ہے، کہ عورت، کو انسانی، معاشرے، نے اُس کا صحیح مقام نہیں دیا۔ البتہ اسلام جو ایک نظام حیات کے طور پر آیا تھا، نے اس مسئلہ پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے عورت کو اس کا جائز مقام دلایا۔[410]

اسلام میں عورت کی عزت، شرف اور اہمیت کو جب اسلام اور دیگر مذہب سے موازنہ کیا جائے تو ان حقوق و نوازشوں کا اندازہ ہو سکتا ہے جو اسلام نے عورت پر کیے ہیں۔

تاریخ گواہ ہے کہ عورت ایک عرصہ دراز سے، مظلوم، چلی آرہی تھی۔ یونان، ہند، چین، عراق مصر، غرض ہر قوم وخطہ میں کوئی جگہ ایسی نہیں تھی۔ جہاں عورتوں پر ظلم کے پہاڑ نہ ٹوٹے ہوں۔ لوگ اسے اپنے عیش وعشرت کی غرض سے خرید وفروخت کرتے، ان کے ساتھ حیوانوں سے بھی بُرا سلوک کیا جاتا تھا۔ حتیٰ کہ اہلِ عرب عورت کے وجود کو موجبِ عار سمجھتے تھے اور لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیتے تھے۔ ہندوستان میں خاوند کی ارتھی پر اس کی بیوہ کو جلایا جاتا تھا۔ راہبانہ مذاہب عورت کو گناہ کا منبع اور معصیت کا دروازہ سمجھتے تھے۔

اس سے تعلق رکھنا روحانی عروج کی راہ میں حائل سمجھتے تھے۔ دنیا کے زیادہ تر تہذیبوں میں اس کی سماجی حیثیت نہیں تھی۔ اسے حقیر وذلیل نگاہوں سے دیکھا جاتا تھا۔ اس کے معاشی وسیاسی حقوق نہیں تھے، وہ آزادانہ طریقے سے کوئی لین دین نہیں کرسکتی تھی۔ وہ اول باپ کی اور شادی کے بعد خاوند کی اور پھر اولادِ نرینہ کی محکوم ہوا کرتی تھی۔ اس کی اپنی کوئی مرضی نہیں تھی اور نہ اسے کسی پر کوئی اختیار حاصل تھا۔ یہاں تک کہ اسے فریاد کرنے کا بھی حق نہیں تھا۔ یہ دین اسلام کا احسان ہے کہ سب سے پہلے اسی نے عورت کو وہ حقوق دیئے جس سے وہ عرصہ دراز سے محروم چلی آرہی تھی۔

---

[410]: خالد علوی، ڈاکٹر، **اسلام کا معاشرتی نظام** (لاہور: الفیصل ناشران وتاجران کتب، سن 2005م)، ص 461

خالد علوی کا پورا نام ڈاکٹر خالد علوی ہے۔ آپ پنجاب کے ضلع خوشاب میں 1940م کو پیدا ہوئے اور 2008م کو اسلام آباد میں وفات پاگئے۔ آپؒ بہت بڑے پایہ کی ادیب، محقق اور قلم نگار تھے۔ آپؒ صدر شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف پنجاب لاہور، ڈائریکٹر اسلامک سنٹر برمنگھم اور ڈائریکٹر جنرل دعوہ اکیڈمی اسلام آباد رہ چکے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

اگر ہم اسلام میں عورت کے مقام کو تفصیلا بیان کرنے سے پہلے دیگر مذہب میں عورت کی حالت وحشیت کا مختصر جائزہ لیں تو تقابل کا صحیح اندازہ ہو جائیگا۔ ان میں چند ایک نمایاں مذاہب اور اقوام میں عورت کا مقام مندرجہ ذیل سطور میں بیان کیا جاتا ہے۔

1: یونان: یونان انسانی تاریخ میں تہذیب و تمدن اور علم و فن کا سب سے قدیم گہوارہ مانا جاتا ہے۔ لیکن تہذیب و ثقافت اور علم و ادب کے اس مرکز میں عورت کو کوئی احترام حاصل نہیں تھا۔ یونانیوں کے نزدیک عورت ایک ادنی درجہ کی مخلوق تھی اور عزت و احترام کے لائق صرف مرد تھا' سقراط جو اس دور کا مشہور فلسفی تھا' اس کا خیال ہے کہ "عورت سے زیادہ فتنہ و فساد کی چیز دنیا میں کوئی نہیں" [411]

انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا کے الفاظ میں "قدیم یونانی تہذیب میں عورت کا مقام اتنا گرا دیا گیا تھا کہ اس کی حیثیت بچے پالنے والی لونڈی کی ہو گئی تھی' عورتوں کو ان کے گھروں میں قید کر دیا گیا تھا۔ وہ تعلیم سے محروم تھیں۔ ان کے شوہر انہیں گھریلو سامان کی طرح سمجھتے تھے۔ [412]

عام طور پر عورت گھر اور گھر کے سامان کی حفاظت پر مامور ایک ملازم کی حیثیت رکھتی تھی اس کے اور اس کے شوہر کے غلاموں کے رتبہ میں کچھ زیادہ فرق نہ تھا' وہ اپنی مرضی سے نکاح نہیں کر سکتی تھی' بلکہ اس کی رائے جانے بغیر اس کا نکاح کیا جاتا تھا' وہ خود بمشکل طلاق لے سکتی تھی۔ لیکن اولاد نہ ہونے یا ناپسندیدگی کی صورت میں شوہر اسے طلاق دے سکتا تھا۔

مرد اپنی زندگی میں جس دوست کو چاہتا وصیت میں اپنی زوجہ کو بطور نذرانہ پیش کر سکتا تھا۔ عورت کو خود کسی چیز کے فروخت کرنے کا اختیار نہ تھا۔ یونانی معاشرے میں لڑکے کی پیدائش فرحت جبکہ لڑکی کی ولادت غم کا باعث ہوا کرتی تھی۔ [413]

2: روم کی حالت: یونانیوں کے بعد دنیا میں جس قوم کو عروج نصیب ہوا وہ اہل روم تھے۔ رومی معاشرے کو تہذیب و تمدن کا مرکز تصور کیا جاتا تھا۔ لیکن اس معاشرے میں بھی عورت کو اس کے جائز حقوق سے محروم رکھا گیا تھا۔ اس کی کوئی قابل احترام حیثیت نہ تھی۔ عورت کے ساتھ رحم اور نرمی کا برتاو بالکل نہ تھا۔ وہ سنگدلی اور شقاوت قلبی کی بھینٹ چڑھ

---

[411]: http://www.google.com.women in different societies. Last visited: 23-03-2020.

[412]: عبد المنعم خواجہ 'ہم' ہمارے پیغمبر اور ہمارے مسائل (نئی دہلی: ایم آر پبلیکیشنز، سن 2014) ص 58

[413]: http://www.google.com.women in different societies. Last visited on 23-03-2020.

جاتی تھی۔ اگر مرد کو اپنی بیوی کے کردار پر کچھ شبہ بھی ہوتا تو وہ اسے قانونی طور پر موت کے گھاٹ اُتار دینے کا حق رکھتا تھا۔ مزید یہ کہ اپنی خواہش کے مطابق اسے مارڈالنے کا طریقہ کار اپنانے کا بھی مرد کو مکمل اختیار تھا۔[414]

مولانا سید جلال الدین عمری روم میں عورت کی حیثیت کے بارے میں لکھتے ہیں۔ "عورتوں سے بھی غلاموں کی طرح خدمت اور نوکری چاکری لیا جاتا تھا۔ مرد بیوی سے فائدہ اٹھانے کے لئے اس سے شادی کرتا تھا۔ عورت کسی عہدہ کی اہل نہیں سمجھی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ کسی معاملے میں اس کی گواہی تک کا اعتبار نہیں تھا۔ رومی سلطنت نے عورت کو قانونی طور پر کوئی حق نہیں دیا تھا"۔[415]

رومیوں کے ہاں عورت کو ہر قسم کے مذہبی، قانونی و اخلاقی حقوق سے محروم رکھا گیا تھا. جائیداد کی طرح اُسے بھی خرید و فروخت اور لین دین کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ بقول مولانا عبد القیوم ندوی, "رومی عورت کو شوہر کی **ملکیت** قرار دیتے تھے اور مجملہ جائیداد منقولہ میں ,اسے بھی شمار کرتے تھے۔[416]

غرض یہ کہ تہذیب و تمدن کے دونوں عظیم مراکز مانے جانے والے یونان و روم عورت کو اس کا جائز مقام اور بحیثیت انسان عزت و احترام دینے سے قاصر تھے۔

3: ایران میں عورت کا حال: ایرانی معاشرے میں عورت کی کوئی حیثیت نہیں تھی اور اگر کسی مرحلہ پر اُسے اہمیت دی بھی جاتی تو صرف، ایک غلام، کے، طور پر۔ شوہر کو یہ اختیار تھا کہ اپنی بیوی، یا بیویوں، میں سے ایک کو، کسی دوسرے بے روزگار شخص کو اس مقصد کے لیے دیتا کہ وہ اس سے، معاش کی کمائی میں، مدد لے۔ اور اس فعل میں عورت کی کوئی رضامندی شامل نہیں ہوتی تھی۔

عورت کو شوہر کے مال و اسباب پر تصرف کا کوئی حق نہیں تھا۔ اور اس عارضی ازدواجی زندگی میں جو اولاد پیدا ہوتی تھی وہ پہلے شوہر کی تسلیم کی جاتی تھی یہ مفاہمت ایک باضابطہ قانونی اقرار نامے کے ذریعے انجام پاتی۔

---

[414]: Ibid

[415]: جلال الدین سید، انصر عمری، **عورت اسلامی معاشرے میں**، (شاہ عالم مارکیٹ لاہور: اسلامی پبلکیشرز، سن 2011م) ص، 26

[416]: ندوی، عبد القیوم، مولانا، **اسلام اور عورت**، (لاہور: البدر پبلی کیشنز، سن 1983م) ص:25

ایرانیوں کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ عورت ناپاک ہے اوراُس کی نظر بد کا اثر ہوتا ہے، خاص طور پر اگر کسی بچے پر اُس کی نظر بد پڑ گئی تو بچے پر کوئی نہ کوئی بد بختی ضروری آئے گی۔ اس لیے بچے کو نظر بد سے بچانا نہایت ضروری سمجھا جاتا تھا' بالخصوص اس بات کا خیال رکھا جاتا تھا کہ کوئی عورت بچے کے پاس نہ آئے تا کہ اس کی شیطانی ناپاکی بچے کے لیے بد بختی کا باعث نہ ہو۔[417]

مولانا عبد الرشید حدوثی بحوالہ مشہور چینی سیاح ہیون سانگ کا کہنا ہے کہ ایرانی قانون معاشرت میں ازدواجی تعلقات کے لیے کسی رشتہ کا بھی استثناء نہیں تھا۔ جن رشتوں سے ازدواجی تعلقات متمدن سماجوں میں ہمیشہ غیر قانونی رہے ہیں ایرانیوں کو ان کی حرمت کا پاس ولحاظ نہ تھا۔[418]

4: مصر: قدیم مصر میں بھی عورت کو عزت و احترام کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا۔ مصری قانون کے مطابق عورت حکومت اور سرداری کی اہل نہیں ہوسکتی۔ اور اگر بوقت ضرورت عدم موجودگی مرد، بن بھی جائے تو وہ عورت کے لباس پہن کر ظاہر نہیں ہوسکتی تھی۔ بلکہ وہ مردانہ لباس استعمال کرتی تھی۔

اس کے علاوہ مصر میں اور بھی کئی ایسی رسم و رواج رائج تھے جو عورت کو نہایت پستی میں دھکیل دینے کے لیے کافی تھے۔ نکاح کے بعد عورت مرد کی ملکیت قرار پاتی تھی۔ بلکہ شادی کے بعد عورت کا سارا مال بھی مرد کے نام ہو جاتا تھا۔ اولاد پر بھی عورت کا حق بالکل نہیں تھا' وہ مرد کی غلام بن کر رہ جاتی تھی۔[419]

5: قدیم ہندوستان میں عورت: عورتوں کی محکومی اور مردوں کی بالادستی کی جو تصویر قدیم عالمی سماج کے مطالعے سے ابھرتی ہے وہی ہمارے ملک کی تاریخ میں نمایاں نظر آتی ہے۔ قدیم ہندوستان میں عورت کی سماجی حیثیت اور انفرادی شخصیت محرومی' ذلت ورسوائی اور ظلم وجبر سے مجروح دکھائی دیتی ہے۔[420]

417: http://www.google.com.women in different societies. Last visited on 23-03-2020.

418: ندوی عبد القیوم، مولانا، **اسلام اور عورت**، (لاہور: البدر پبلی کیشنز، سن 1983م) ص: 48-47

419: آمنہ تحسین ڈاکٹر، **مطالعاتِ نسواں** (نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2013م) ص 242

420: ایضا

Scanned with OKEN Scanner

ہندو مذہب میں دھرم شاستر کی بنیاد پر کئی سمرتیاں لکھی گئیں۔ جن میں منو سمرتی سب سے زیادہ مشہور اور اہمیت کی حامل رہی ہے۔اسی سمرتی کی بنیاد پر ہندو قانون بنایا گیا ہے۔منو سمرتی کو ہندو سماج کے معاشرتی وعائلی قوانین کا ماخذ سمجھا جاتا ہے۔[421]

منو سمرتی میں عورتوں سے متعلق یہ بیانات ملتے ہیں

1: عورت کو باپ یا بھائی اپنی مرضی سے کسی بھی شخص کے حوالے کر دیں تو اسے زندگی بھر اس کا تابعدار رہنا چاہیے۔

2: ہندو مذہب کے مطابق شوہر والی عورت کے ذمہ کوئی اور عبادت نہیں ہے۔ وہ شوہر کی خدمت اور سیوا کرے یہی سب سے بڑی عبادت ہے۔ منو کے مطابق چونکہ عورتیں شادی کے بعد مرد کا آدھا انگ ہو جاتی ہیں' اسلئے انہیں صرف شوہر کی خدمت کرنی چاہیے۔ اس کا اپنا کوئی انفرادی وجود نہیں ہے[422]

3: ہندو مت میں اولاد کے حصول کے لیے "نیوگ" کا قابل نفرت اور گھناؤنا طریقہ کار موجود ہے ۔ اگر شوہر بچے پیدا کرنے کے قابل نہ ہو تو وہ اپنی بیوی کو کسی اور مرد سے تعلق قائم کرنے پر مجبور کر سکتا ہے تاکہ صاحب اولاد ہو سکے۔[423]

4: منو نے بیوہ کو دوبارہ شادی کی اجازت اس طرح دی ہے کہ وہ اپنے متوفی شوہر کے سب سے چھوٹے بھائی کے سوا کسی اور سے شادی نہیں کر سکتی۔ اگر اسے متوفی شوہر سے بچے ہوں تو اسے کبھی دوبارہ شادی نہیں کرنی چاہیے۔[424]

ہندو دھرم کی مقدس مذہبی کتابوں میں بھی عورت کو وہ عزت و احترام نہیں دیا گیا جو مردوں کو حاصل تھا۔ مہابھارت ،پران اور رامائن جیسی اہم اور مقدس کتابوں میں عورت سے متعلق اچھے خیالات نہیں ملتے۔

---

[421]: مولانا سید ابو الحسن علی ندوی' **اسلام میں عورت کا درجہ اور اس کے حقوق و فرائض**، (لکھنؤ: جامعۃ المومنات الاسلامیہ ، 2008م) ص 28
مولانا ابو الحسن ندوی المعروف بہ علی میاں، 24 نومبر 1924م کو رائے بریلی میں پیدا ہوئے اور 31 دسمبر 1999م کو بعمر 86 سال وہی پر وفات ہو گئے۔ آپؒ کے مشہور تصانیف میں "ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین، انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر، عالم عربی، المرتضی، دستور حیات، دعوت فکر و عمل، کاروان مدینہ اور تاریخ دعوت و عزیمت وغیرہ

[422]: http://www.google.com.women in different societies. Last visited on 23-03-2020

[423] : Ibid

[424] : آمنہ تحسین ڈاکٹر، **مطالعاتِ نسواں** (نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2013م) ص 71

بنجامن والکر نے اپنی کتاب "**ہندو ورلڈ**" میں رامائن اور مہابھارت کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے۔ "اس زمانے میں یہ عقیدہ عام تھا کہ عورتیں ناپاک اور مکروہ ہیں اور مرد کی روحانی نجات میں ایک بڑی رکاوٹ ہیں۔ یہی نہیں بلکہ ان میں ساری برائیاں بھری پڑی ہیں۔ جھوٹ، فریب، دھوکہ، ہوس پرستی، مکر اور عقل کی کمی۔ غرض دنیا کی ساری برائیوں کا وہ مجموعہ ہیں۔"[425]

6: بدھ مت: بدھ مت نے بھی عورتوں کو نجس قرار دیا ہے۔ اس کا ثبوت ہمیں گوتم بدھ کی تعلیمات میں ملتا ہے۔ گوتم بدھ نے اپنے پیروں سے کہا تھا کہ اگر تم نجات پانا چاہتے ہو تو تمہیں اپنی عورتوں سے قطع تعلق کرنا چاہیے اور سب سے پہلے خود انہوں نے اپنی عورتوں سے رشتہ توڑ لیا۔[426]

بدھ مت کے نزدیک عورت سے تعلق رکھنے والا کبھی نروان حاصل نہیں کر سکتا۔[427]

ڈاکٹر آمنہ تحسین کے مطابق بدھ مت میں مرتبہ کے اعتبار سے عورت ہمیشہ مرد سے کم تر ہی مانی گئی لیکن ہندو دھرم کے مقابلے میں بدھ دھرم میں عورتوں کو سماجی اور مذہبی آزادی حاصل رہی۔[428]

7: جین مت: جین مت کے نزدیک عورت خیر سے عاری اور تمام برائیوں اور منکرات کی اصل جڑ ہے۔ اس لیے یہ مذہب مردوں کو اس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ وہ عورت کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعلقات استوار نہ کریں۔ نہ عورت کی جانب دیکھیں نہ اس سے محو گفتگو ہوں۔[429]

جین مت میں اگرچہ ہندو مت کے برعکس عورتوں کو مذہبی حقوق حاصل ہیں، لیکن وہ عورتوں اور مردوں کو راہبانہ زندگی کی ترغیب دیتا ہے۔ جین مذہب میں کثیر زوجگی ممنوع ہے اور بیوہ کو دوسری شادی کی اجازت نہیں ہے۔[430]

425: سجاد احمد سونگی **عورت اور سماج** (نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2017م) ص: 40-41

426: عالمی یوم خواتین 'ایک لمحہ فکریہ' ص: 38 'زندگی نو' جون 2010

427: ثریا بتول علوی، پروفیسر، **اسلام میں عورت کا مقام و مرتبہ** (نئی دہلی: اسلامک بک فاؤنڈیشن، سن 1993م) ص 29

428: آمنہ تحسین ڈاکٹر، **مطالعاتِ نسواں** (نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2013م) ص 73

429: ندوی عبد القیوم، مولانا، **اسلام اور عورت**، (لاہور: البدر پبلی کیشنز، سن 1983م) ص 7

430: آمنہ تحسین ڈاکٹر، **مطالعاتِ نسواں** (نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2013م) ص 74

Scanned with OKEN Scanner

8:یہودیت: قدیم یہودی روایات کے مطابق عورت ناپاک وجود ہے اور اس کائنات میں مصیبت اسی کے سبب ہے۔ ان کے نزدیک مرد نیک سرشت اور حسن کردار کا حامل ہے جبکہ عورت بد طینت اور مکار ہے کیونکہ اس نے آدمؑ کو بہلا پھسلا کر پھل کھانے پر آمادہ کیا جس کے کھانے سے اللہ نے منع کیا تھا۔ یہودی شریعت میں مرد کا اختیار اور عورت کی محکومیت نمایاں ہے۔ عورت باپ کی رضامندی کے بغیر خدا کو راضی کرنے کے لیے منت اور نذر بھی نہیں مانگ سکتی۔

عورت کو دوسری شادی کا بھی حق حاصل نہیں تھا۔[431] عائلی زندگی کے علاوہ عورت وصیت، شہادت اور وراثت جیسے حقوق سے بھی محروم تھی۔ یہودی قانون کے مطابق مرد وارث کی موجودگی میں عورت وراثت سے محروم ہو جاتی تھی۔ ان کے قانون وراثت میں بیٹی کا درجہ پوتوں کے بعد آتا ہے' اگر کسی مرنے والے کا لڑکا نہ ہو تو وراثت پوتے کی ہو جاتی ہے، اور اگر پوتا بھی نہ ہو تو اس صورت میں وراثت لڑکی کی ہوتی ہے۔[432]

9:عیسائیت: عیسائیت کا بھی عورتوں کے بارے میں وہی نظریہ ہے جو یہودیت میں ہے۔ عیسائی مذہب کا بنیادی خیال یہ تھا کہ عورت گناہ کی ماں اور بدی کی جڑ ہے اور جہنم کا دروازہ ہے۔

ترتولیان جو ابتدائی دور کے آئمہ مسیحیت میں سے تھا۔ ان کا عورت کے بارے میں یہ نظریہ تھا۔

"وہ شیطان کے آنے کا دروازہ ہے وہ شجر ممنوع کی طرف لے جانے والی، خدا کے قانون کو توڑنے والی اور خدا کی تصویر مرد کو غارت کرنے والی ہے۔[433]

شاہ معین الدین ندوی عیسائیت میں عورت کی حالت پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں۔ "عورت سراپا فتنہ و شر سمجھی جاتی تھی۔ عابد و زاہد اُس کے سائے سے بھاگتے تھے۔ بڑے بڑے راہب اپنی ماں تک سے ملنا اور اس کے چہرہ پر نظر ڈالنا معصیت سمجھتے تھے۔ رہبانیت کی تاریخ عورت سے نفرت کے واقعات سے بھری ہوئی ہے۔[434]

---

[431]: ڈاکٹر خالد علوی' **اسلام کا معاشرتی نظام**' (نئی دہلی: اسلامک بک فائونڈیشن پبلیکیشرز، 2011م)' ص: 466

[432]: http://www.google.com.women in different societies. Last visited on 23-03-2020.

[433]: محمد ظفیر الدین مولانا م' **اسلام کا نظام عفت و عصمت** (لاہور: دارالاندلس پبلشرز، سن 2007م) ص: 43

[434]: شاہ معین الدین ندوی' **دین رحمت**" (اعظم گڑھ: دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، 2009م) ص 104

Scanned with OKEN Scanner

ڈاکٹر خالد علوی لکھتے ہیں۔ ”چونکہ مسیحی اخلاقیات میں تجرد اور صنفی تعلقات سے کنارہ کشی ہی اصل کمال تھا اس لیے نکاح اور صنفی تعلقات بذاتِ خود نجس اور نا قابل التفات تھے۔ چونکہ صنفی تعلق میں عورت ہی بنیادی کردار ہے۔ اس لیے اسے پست ذلیل اور گناہ کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ مسیحی شریعت میں جتنے قوانین بنے اس میں عورت کی حیثیت کو پست رکھنے کی کوشش کی گئی۔ وراثت اور ملکیت میں اس کے حقوق محدود تھے۔

وہ خود اپنی کمائی پر بھی اختیار نہیں رکھتی تھی۔ ہر چیز کا مالک مرد تھا۔ طلاق اور خلع کی اجازت نہ تھی۔ مسیحی دنیا کے ملکی قوانین اس بارے میں سخت تھے گویا مسیحی مذہب نے عورت کی تحقیر اور اسے پابندیوں میں جکڑے رکھنے کی پوری کوشش کی۔ مسیحی دنیا میں عورت کی زندگی ایک بے بس مخلوق اور مرد کے ہاتھ میں کھلونے کے سوا کچھ نہ تھی۔ لیکن یہ سب کچھ عیسائی راہبوں کی خود ساختہ تھیں ورنہ اصلی انجیل مقدس میں اس طرح کا کوئی اعلی ادنی یا جنسی تفریق نہیں تھا۔[435]

10: یورپ میں عورت کی حالت: یورپ آج مساوات مرد وزن کا سب سے بڑا دعویدار ہے۔ انیسویں صدی میں رونما ہونے والی صنعتی انقلاب سے قبل وہاں عورت مرد کے ظلم و ستم کا نشانہ بنی ہوئی تھی۔ کوئی ایسا قانون نہیں تھا جو عورت کو مرد کی زیادتیوں سے پناہ دیتا انگلستان کے قانون کے مطابق شادی کے بعد عورت کی شخصیت مرد کی شخصیت کا ایک جز بن جاتی تھی۔ یہ اصول بھی وہاں رائج تھا کہ شادی کے بعد عورت کے ذمہ جو قرض ہو گا وہ مرد ادا کرے گا اور اس کی جائیداد مال و دولت کا وہ حقدار ہو گا۔ نان و نفقہ کا بھی کوئی مناسب قانون نہ تھا۔

عورت مرد کے خلاف مقدمہ دائر نہیں کر سکتی تھی۔ مرد چاہتا تو عورت کو حق وراثت سے محروم کر دیتا لیکن مرد بیوی کی جائیداد کا جائز حقدار مانا جاتا تھا۔[436]

رابرٹ بریفالٹ اپنی کتاب (The Making Humanity) میں لکھتے ہیں۔ ”یورپ میں پانچویں صدی سے دسویں صدی تک گہری تاریکی چھائی ہوئی تھی اور یہ تاریکی آہستہ آہستہ زیادہ گہری اور خطرناک ہوتی جارہی تھی۔

اس دور کی وحشت اور بربریت زمانہ قدیم کی وحشت اور بربریت سے کئی درجہ بڑھی چڑھی ہوئی تھی۔ کیونکہ اس کی مثال ایک بڑے تمدن کی لاش کی تھی جو سڑ گئی ہو۔ اس میں نشانات تمدن ختم رہے تھے اور اس پر تنزلی کی مہریں لگ چکی تھیں [437]

---

[435]: ڈاکٹر خالد علوی، **اسلام کا معاشرتی نظام**، (نئی دہلی: اسلامک بک فائونڈیشن پبلیکشرز، 2011م)، ص 468

[436]: جلال الدین سید، انصر عمری، **عورت اسلامی معاشرے میں**، (شاہ عالم مارکیٹ لاہور: اسلامی پبلیکیشرز، سن 2011م) ص 27

Scanned with OKEN Scanner

محمد قطب نے لکھا ہے۔ "قدیم یورپ بشمول پوری دنیا، عورت کو کوئی قدر و منزلت حاصل نہیں تھی۔ قدیم علماء اور فلاسفہ عرصہ دراز تک اس کے بارے میں کچھ اس قسم کے موضوعات پر سر کھپاتے رہے کہ کیا عورت میں بھی روح ہوتی ہے؟ اگر اس میں روح ہوتی ہے تو یہ انسانی روح ہے یا حیوانی روح؟ اور اگر انسانی روح ہے تو مرد کے مقابلے میں اس کا صحیح معاشرتی مقام کیا ہے؟ کیا عورت پیدائشی طور پر مرد کی غلام ہے یا غلام سے اس کا مقام کچھ اونچا ہے۔[438]

1.1: عرب میں عورت کی حالت: نورِ اسلام کے پھیلنے سے قبل عرب سماج بداخلاقیوں کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا تھا۔ عورت کا مقدر ذلت اور پستی تھا۔ اس کی حیثیت ایک ارزاں چیز جیسی تھی۔ ظلم اور جبر کا یہ عالم تھا کہ کم سنی میں اس کی زندگی کا چراغ بجھا دیا جاتا تھا۔ بیٹی کے روپ میں باپ کے لیے اس کا وجود باعثِ عار ہوا کرتا تھا۔ مرد کو تمام مالکانہ حقوق حاصل تھے اور عورت ایک غلام بن کر جی رہی تھی۔

تہذیب و تمدن اور علم و فن کے مراکز کے طور پر ابھرنے والے یونان اور روم میں جب صنفِ نازک بحیثیت ایک انسان احترام اور فطری حقوق سے محروم تھی تو انہیں ایام میں شائستگی اور تہذیب سے ناآشنا عرب میں بھی عورت سے حسن سلوک کا تصور محال تھا۔ عرب کے مختلف قبائل نے عورت کی سماجی زندگی اور اس کے حقوق کو نہ صرف پامال کیا بلکہ وحشیانہ سلوک کا رویہ اپنایا۔ اس سماج میں عورت ایک جائیداد کی حیثیت رکھتی تھی۔

شوہر کے انتقال کے بعد اسے فروخت کر دیا جاتا تھا۔ بیوی کو زمین اور جوئے میں داؤ پر لگا دینے کا رواج تھا۔ سوتیلی ماں سے شادی رچانے اور اپنی بیوی کو خاص مدت تک دوسروں کو کرایہ پر دینے کی رسم بھی تھی۔[439]

عورت کا جو حال عرب میں تھا وہی پوری دنیا میں تھا۔ عرب نے بالخصوص عورت سے مندرجہ ذیل حقوق چھین لئے تھے

1: زندہ رہنے کا حق: عرب کے بعض قبائل لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ قرآن مجید نے اس پر سخت تہدید کیا اور اسے زندہ رہنے کا حق دیا اور کہا کہ جو شخص اس کے حق سے روگردانی کرے گا۔ قیامت کے دن خدا کو اس کا جواب دینا ہوگا۔ ارشاد ربانی ہے۔

---

[437]: Robert Breiffolt, **The Making of Humanity**, p.164، ندوی عبدالقیوم،، **اسلام اور عورت**،(لاہور: البدر پبلی کیشنز 1983) ص 7

[438]: محمد قطب، **اسلام اور جدید ذہن کے شبہات** (لاہور: البدر پبلیکیشرز، سن 2010م) ص 172

[439]: سجاد احمد سونگی **عورت اور سماج**'(نیو دہلی: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، سن 2017م) ص 22

"و ذا لمؤدة سئلت بای ذنب قتلت"۔[440]

ترجمہ: اور جب زندہ در گور کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائیگا کہ وہ کس جرم میں قتل کی گئی تھی۔

اسی طرح ایک اور جگہ ارشاد ربانی ہے۔

واذا بشر احدھم بالانثی ظل وجہہ مسودا و ھو کظیم۔ یتوار یٰ من القوم من سوء ما بشر بہ ان یمسکہ علی ھون ام یدسہ فی التراب الا سآء ما یحکمون"[441]

ترجمہ: اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کے پیدا ہونے کی خبر ملتی ہے تو اس کا چہرہ غم کے سبب کالا پڑ جاتا ہے، اور اس کے دل کو دیکھو تو وہ اندوہناک ہو جاتا ہے، اور اس کی وجہ سے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اور سوچتا ہے کہ آیا ذلت برداشت کر کے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں دفنا دے۔

قبیلہ بنی تمیم کے رئیس قیس بن عاصم جب اسلام لائے تو اُنہوں نے بھی لڑکیوں کو زندہ در گور کرنے کا اپنا واقعہ سنایا۔ تفسیر ابن جریر میں ہے۔"عن قتادہ، "قال جاء قیس بن عاصم التمیمی إلی النبی ﷺ فقال" إني وأدت ثمانی بنات فی الجاهلیۃ، قال، فـأعتیق عن کل واحدةٍ بدنۃ"[442]

ترجمہ: قتادہ روایت کرتے ہیں کہ قیس بن عاصم آنحضرتؐ کے پاس آئے اور کہا کہ میں نے اپنے ہاتھ سے آٹھ لڑکیاں زندہ دفن کی ہیں زمانہ جاہلیت میں۔ آپؐ نے فرمایا ہر لڑکی کے کفارہ میں ایک اونٹ قربانی کرو۔

عربوں میں مرد کے لیے عورتوں کی کوئی قید نہ تھی۔ بھڑ بکریوں کی طرح جتنی چاہتا عورتوں کو شادی کے بندھن میں باندھ لیتا تھا۔ کتب احادیث میں ان اشخاص کا ذکر موجود ہے جو قبول اسلام سے پہلے چار سے زیادہ بیویاں رکھتے تھے۔ ان، میں، سے، ایک، واقعہ، درج کیا، جاتا ہے۔

---

[440]: التکویر ایت: 9-8

[441]: النحل ایت 59-58

[442]: طبری، محمد بن جریر، **جامع، البیان، عن، تاویل، القرآن**، المعروف بہ تفسیر الطبری، (بیروت، لبنان: دار احیاء، التراث، العربی، سن 2001م) ص 30
ابن جرر طبری کا پورا نام ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید الطبری المعروف (ابن جریر طبری)۔ آپؒ 839م کو امل طبرستان کی علاقہ (موجودہ) ایران میں پیدا ہوئے اور 923م بعمر 84 سال بغداد میں انتقال کر گیا۔ آپؒ مشہور مؤرخ و مفسر تھے۔ جامع البیان کی علاوہ تاریخ الرسل والملوک، جسی تاریخ طبری کی نام سے جانا جاتا ہے۔ اداب اقضاء، اداب مناسک الحج، الذیل ولمذیل صریح السنہ اور اختلاف الفقہاء وغیرہ ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

"عن حارث بن قیس " قال اسلمت وعندی ثمان نسوۃ فذکرت ذلک للنبیﷺ "فقال النبی اختر منھن اربع"[443]

ترجمہ: حارث بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے اسلام لایا تو میری آٹھ بیویاں تھیں۔ میں نے نبی کریمؐ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا، ان میں سے، چار کو، اختیار کر لو۔

2: عورتوں کا حق میراث: عربوں میں عورتوں اور بچوں کو میراث سے ویسے ہی محروم رکھا جاتا تھا اور عربوں کا نظریہ تھا کہ میراث کا حق صرف ان مردوں کو پہنچتا ہے جو لڑنے اور کنبے کی حفاظت کرنے کے قابل ہوں۔ اس کے علاوہ مرنے والوں کے وارثوں میں جو زیادہ طاقت ور اور بااثر ہوتا تھا وہ بلا تامل ساری میراث سمیٹ لیتا تھا۔[444]

معاشرے میں عورت کا مقام و مرتبہ ناپسندیدہ تھا۔ وہ مظلوم اور دکھی ہوئی تھی اور ہر قسم کی فضیلت و بڑائی صرف مردوں کے لئے تھی۔ یہاں تک کہ روزمرہ معمولات زندگی میں بھی مرد اچھی چیزیں خود رکھ لیتے اور بے کار چیزیں عورتوں کو دیتے۔ زمانہ، جاہلیت، کے لوگوں، کے، اس طرزِ عمل، کو قرآن، حکیم یوں بیان کرتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے"وقالوا ما فی بطون ھذہ الانعام خالصۃ لذکورناو محرّم علی ازواجنا وان یکن میتۃ فھم فیہ شرکاء سیجزیھم وصفھم انہ حکیم علیم"[445]

ترجمہ: "اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ جو (بچہ) ان چوپایوں کے پیٹ میں ہے وہ ہمارے مَردوں کے لئے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام کر دیا گیا ہے، اور اگر وہ (بچہ) مرا ہوا (پیدا) ہو تو وہ (مرد اور عورتیں) سب اس میں شریک ہوتے ہیں، عنقریب وہ انہیں ان کی (من گھڑت) باتوں کی سزا دے گا۔ بیشک وہ بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہے۔

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ جاہلیت میں، عورتوں اور مردوں کے، درمیان چیزوں کی، تقسیم اور لین دین میں نہ صرف فرق کیا جاتا تھا، بلکہ عورت مرد کے مقابلے میں کمتر سمجھی جاتی تھی۔ یہی نہیں عورت کی حیثیت کو ماننا تو دور کی بات تھی بلکہ عورت سے اس کے جینے کا حق تک چھین لیا جاتا تھا۔

---

[443]: ابو داؤد، سلیمان بن اشعث سجستانی، **سنن ابی داؤد کتاب الطلاق، باب فی اسلم وعندہ نساء**، (بیروت لبنان: داراحیاء التراث العربی 1435ھ) ج 2، ص 282

[444]: مودودی، ابو الاعلیٰ، سید، **سیرت سرور عالم**، (**لاہور:** ادارہ ترجمان القرآن سن 1999م) ج 1 ص 590

[445]: الانعام 6:139

3: عورتوں کی تعلیم کا حق: انسان کی ترقی کا دارومدار علم پر ہے کوئی بھی شخص یا قوم علم کے بغیر زندگی کی تگ ودو میں پیچھے رہ جاتا ہے۔ اور اپنی کُند ذہنی کی وجہ سے زندگی کے مراحل میں زیادہ آگے نہیں سوچ سکتا اور نہ ہی مادی ترقی کا کوئی امکان نظر آتا ہے لیکن اس کے باوجود تاریخ کا ایک طویل عرصہ ایسا گزرا ہے جس میں عورت کے لیے علم کی ضرورت واہمیت کو نظر انداز کیا گیا اور اس کی ضرورت صرف مردوں کے لیے سمجھی گئی اور ان میں بھی جو خاص طبقہ سے تعلق رکھتے تھے صرف وہی علم حاصل کرتے تھے اور عورت علم سے بہت دور جہالت کی زندگی بسر کرتی تھی۔

4: معاشرتی حقوق: جیسا کہ ہر دور میں مظلومی اور محکومی عورت کا مقدر رہی ہے۔ اس کے حصہ میں روشنی کبھی نہیں آئی۔ وہ اذیت اور ذلت کا بوجھ اٹھائے تاریکیوں کے جنگلوں میں بھٹکتی رہی ہے۔ نورِ اسلام سے قبل کہیں صنفی امتیاز کے سبب اسے زندہ دفن کیا گیا تو کہیں شوہر کی وفات پر خودسوزی کے لیے مجبور کیا گیا۔ کبھی معمولی اشیاء کی طرح بازاروں میں بیچا اور خریدا گیا۔ تو کبھی باپ، شوہر یا بیٹے کی ملکیت مانا گیا۔

کبھی اسے شیطان کی ایجنٹ، شر وفتنہ کا مجسمہ تو کبھی اسے بدی کی جڑ اور معصیت کا دروازہ قرار دیا گیا۔ بحیثیت انسان اسے اس کے جائز مقام اور حقوق سے ہمیشہ محروم رکھا گیا۔ اور یہ معاشرہ کا "پسی" ہوئی طبقہ جانا جاتا تھا۔ عورت کی مظلومیت اور بے بسی کی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے "پروفیسر آگیسٹ بل "August Bell" نے لکھا ہے

"قدیم دور میں عورت کی حیثیت انتہائی درجہ کے استبداد سے دوچار تھی۔ اسے جسمانی طور پر مغلوب کر کے قبضے میں رکھا جاتا اور ذہنی طور پر اس سے بھی زیادہ ظلم روا رکھا جاتا تھا۔ خانگی معاملات میں اس کی حیثیت نوکروں جیسی تھی اس کے اپنے بیٹے اس کے آقا ہوتے تھے۔ جن کی فرمانبرداری اس پر لازم تھی۔"[446]

5: معاشی حقوق: معاشرہ میں عزت معاشی حیثیت کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ جو جاہ وثروت کا مالک ہوتا ہے لوگ اس کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور جس کے پاس نہیں ہے۔ لوگ اس کے قریب سے گزرنا بھی گوارا نہیں کرتے۔ عزت کرنا تو دور کی بات ہے سوائے اسلام کے ان تہذیبوں نے عورت کو معاشی حیثیت سے بھی بہت ہی کمزور رکھا اور پھر اس کی یہی معاشی کمزوری اس کی مظلومیت اور بیچارگی کا سبب بن گئی۔

---

[446]: ڈاکٹر محمد شہزاد شمس، **عورت اور سماج** (نئی دہلی: تخلیق کار پبلشرز سن، 2006م) ص: 16

Scanned with OKEN Scanner

اسلام میں عورت کا مقام

مختلف، اقوام و مذاہب، میں، صنفِ نازک کے مقام و مرتبہ کے جائزے سے یہ معلوم ہوتا ہے، کہ عورت، ظلم و جبر، ذلت وحقارت، بدسلوکی، تنگ نظری اور جہالت کے اندھیروں سے نبرد آزما تھی۔ لیکن جب اسلام کا مہر تاباں طلوع ہوا تو اس کی بے نور زندگی، عفو و کرم، رحمت و مؤدت اور حسن سلوک سے منور ہوگئی۔ اسلام دین فطرت ہے وہ عورت کو بحیثیت انسان تمام فطری اور جائز حقوق عطا کرتا ہے۔ اسلام، خواتین کے حق میں بڑا ہی نرم واقع ہوا ہے ان کے مزاج اور ان کی فطری کمزوریوں کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

قرآن وحدیث میں مختلف موقعوں پر مردوں کو عورتوں سے عفو و درگزر اور نرم خوئی کی تلقین کی گئی ہے ان کی جذبات کا خیال رکھنا چاہیے۔ ان کے ساتھ گزر بسر کے دوران، ان کی حساس اور نفیس طبیعت کا خیال رکھیں۔ ان سے اچھا سلوک کرتے ہوئے ان کے حق میں بہترین ثابت ہو۔ اگر وہ غلطیوں کی مرتکب بھی ہوں تو انہیں نرمی سے سمجھایا جائے اور سختی نہ برتی جائے۔ قرآن حکیم میں مردوں کو عورتوں کے ساتھ اچھے برتاؤ کی نصیحت کی گئی ہے"

لقولہ تعالی:" و عاشروھن، بالمعروف، فان کر ھتمو ھن ،فعسیٰ، ان تکرھوا شئیا و یجعل اللہ فیہ، خیرا، کثیرا"[447]

ترجمہ: عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو۔ اگر وہ تمہیں ناپسند ہوں (تب بھی ان سے نباہ کرو) ہوسکتا ہے کہ جس کو تم ناپسند کرتے ہو۔ اس میں اللہ تعالیٰ خیر کثیر فرمادے۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے قال قال رسول اللہؐ" ان اکمل المو منین ایمانا احسنھم خلقا خیارکم خیارکم لنسآئھم "[448]

ترجمہ: ایمان کے اعتبار سے کامل ترین شخص اچھے اخلاق والا ہے اور تم میں سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو اپنی عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے ہوں۔

---

[447]: النسآء آیت:19

[448]: امام ابو عیسی محمد ترمذی، سنن ترمذی، باب حسن الخلق (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 2013م) ج2ص20

قرآنِ حکیم میں مرد کو "قوام" کہا گیا ہے وہ خواتین کے سربراہ نگران، محافظ' ان کے سکھ دکھ کے ساتھی ہیں۔ ان کی ضرورتوں کی تکمیل، ان کی سلامتی کی ذمہ داری، مردوں کے سپرد کی گئی ہے۔ باپ، بھائی، شوہر اور بیٹا زندگی کے مختلف مرحلوں میں ان کے کفیل ہوتے ہیں۔ اگر یہ موجود نہ ہوں تو دیگر محرم رشتہ دار جیسے نانا، دادا، چاچا یا ماموں بہر حال خواتین کو کسی بھی صورت میں بے یارومددگار نہیں چھوڑا گیا۔

بلکہ یہ کہنے میں حق بجانب ہوگا کہ دیگر معاشروں نے عورت کو کانٹے کی طرح زندگی کی رہ گزر سے مٹانے کی کوشش کی تو اس کے برعکس اسلامی معاشرہ نے بعض حالتوں میں اسے مردوں سے زیادہ فوقیت اور عزت واحترام عطا کیا ہے۔ رحمت عالم نے اس مظلوم طبقہ کو یہ مژدہ سنایا

"حُبّب الی من الدنیا النسآء و الطیّب و جعلت قرة عینی فی الصلوة "[449]

ترجمہ: مجھے دنیا کی چیزوں میں سے عورت اور خوشبو پسند ہے اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں رکھ دی گئی ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ عورت سے بیزاری اور نفرت کوئی زہد و تقویٰ کی دلیل نہیں ہے۔ انسان خدا کا محبوب اس وقت بن سکتا ہے جب وہ اللہ کی تمام نعمتوں کی قدر کرے۔ جن سے اس نے اپنے بندوں کو نوازا ہے۔ اس کی نظامت اور جمال کا متمنی ہو اور عورتوں سے صحیح و مناسب طریقے سے پیش آنے والا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ مرد اور عورت دونوں کے لیے نکاح کو لازم قرار دیا گیا ہے، اس سلسلے میں آپ کا ارشاد ہے

"النکاحُ من سنتی فمن رغب عن سنتی فلیس منی"[450]

ترجمہ: نکاح میری سنت ہے جس نے میری سنت سے روگردانی کی اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

چنانچہ ایک عورت بیوی کی حیثیت سے اپنے شوہر کے گھر کی ملکہ ہے اور اس کے بچوں کی معلم و مربی ہے۔

---

[449]: نسائی، ابی عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان ابن دینار الشہیر بالنسائی، **سنن نسائی**، (مکتبہ معارف للنشر والتوزیع، سن 1403ھ) ص 67
امام نسائی کا پورا نام ابی عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان ابن دینار النسائی تھا۔ آپؒ 829م کو ترکمانستان میں پیدا ہوئے اور 915م کو بعمر 86 سال فلسطین میں وفات ہو گئے۔ سنن نسائی صحاح ستہ میں شامل ہے۔ آپؒ کے دیگر تصانیف یہ ہیں۔ مسند علی، کتاب الضعفاء، کتاب الاخوة، سماء الرواة، مناسک حج اور کتاب المدلسین وغیرہ شامل ہیں۔

[450]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری، کتاب النکاح** (لاہور: مکتبہ رحمودیہ، سن 2001م) ج 2 ص 757

قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:"هُنّ لباس لكم وانتم لباس لهن" 451

ترجمہ: عورتیں تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا۔

یعنی کہ تم دونوں کی شخصیت ایک دوسرے سے ہی مکمل ہوتی ہے۔ تم ان کے لیے باعثِ حسن و آرائش ہو اور وہ تمہارے لیے زینت و زیبائش۔ غرض دونوں کی زندگی ایک دوسرے کے بغیر پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتے۔[452]

اسلام نے عورت کو بلند مقام اور ہر مسلمان کی زندگی میں اس کی مؤثر کردار کو تسلیم کیا ہے۔ صالح اور نیک معاشرے کی بنیاد رکھنے میں عورت ہی پہلا مدرسہ ہے۔ جب وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہؐ پر عمل پیرا ہو۔ اس کے علاوہ قرآن مجید کی اور بھی بہت سے مقامات پر عورت کی اہمیت و حثیت کے بارے میں کئی ایک آیات موجود ہیں۔ عورت خواہ ماں ہو یا بہن ہو، بیوی ہو یا بیٹی ہو۔ اسلام نے ان میں سے ہر ایک کے حقوق و فرائض کو تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے۔

ماں: ماں کا شکر ادا کرنا اس کے ساتھ نیکی سے پیش آنا اور خدمت کرنا عورت کے اہم ترین حقوق میں سے ہے۔ حسن سلوک اور اچھے اخلاق سے پیش آنے کے سلسلے میں ماں کا حق باپ سے زیادہ ہے کیونکہ بچے کی پیدائش اور تربیت کے سلسلے میں ماں کو زیادہ تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اور اسلام نے ان تمام تکالیف کو سامنے رکھتے ہوئے ماں کو زیادہ حسن سلوک کا مستحق قرار دیا ہے جو اسلام کا عورت پر بہت بڑا احسان ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
" وو صينا الا نسان بوالديہ حملتہ امہ وهنا على وهن و فصٰلہ فی عامين ان اشكر لی ولوالديک الیّ المصير "[453]

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں نصیحت کی ہے، اس کی والدہ نے دکھ پر دکھ اٹھا کر اسے حمل میں رکھا اور اس کی دودھ چھٹائی دو سال میں ہے کہ تو میری اور اپنے والدین کی شکر گزاری کر، (تم سب، کو،) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

---

[451]: البقر 187:2

[452]: 35: ثریا بتول علوی، پروفیسر، اسلام میں عورت کا مقام و مرتبہ (نئی دہلی: اسلامک بک فائونڈیشن، سن 1993م) ص 35

[453]: لقمان 14:31

دوسری جگہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہے

ووصینا الانسان بوالدیہ احسانا حملتہ امۃ کرھا ووضعتہ کرھا و حملہ و فصالہ ثلاثون شھر ا''[454]

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا رویہ رکھنے کا حکم دیا ہے، اس کی والدہ نے اسے تکلیف جھیل کر پیٹ میں رکھا اور تکلیف کے ساتھ اسے جنا۔ اس کے حمل اٹھانے کی اور اس کے دودھ چھڑانے کی مدت تیس مہینے کی ہے۔"

اسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی عورت کے مقام اور اہمیت پر بھی خوب روشنی ڈالی گئی ہیں۔ بہت سارے احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں۔ جیسا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کو بحیثیت ماں سب سے زیادہ حسنِ سلوک کا مستحق قرار دیتے ہوئے اس آدمی کے سوال کے جواب میں فرمایا جس نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر پوچھا۔

" من احق الناس، بحسن صحا بتی،؟ قال، امک، قال، ثم من،؟ قال ،امک ، قال، ثم ،من ،؟ قال، امک،، قال، ثم ،من ،قال، ابو ک،"[455]

حزام بن حکیم اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نے میں پوچھا "یا اللہ کے رسولؐ میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ نبی اکرمؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ نبی اکرمؐ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پوچھا پھر کون؟ نبی اکرمؐ نے تیرا باپ۔"

اس حدیث کا تقاضا ہے کہ ماں کے ساتھ باپ کی نسبت تین گنا زیادہ حسن سلوک کیا جائے، کیونکہ نبی کریم ﷺ نے تین مرتبہ ماں کا نام لیا اور آخر میں ایک مرتبہ باپ کا۔

ایک اور مقام پر آپ کا ارشاد ہے۔"عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال :سالت، رسول، اللہ ، فقلت یا، رسول، اللہ ،ای الاعمال، افضل ،؟ قال "الصلاۃ لمیقا تھا" قلت ، ثم ما ذا یا رسول اللہ ،؟ قال ،" بر الوالدین" ،ثم قلت، ماذا یا رسول اللہ ، قال ' "الجھاد فی سبیل اللہ " ثم سکت عنی رسول اللہ ﷺ و لو استز دتہ لزادنی۔[456]

ترجمہ: عبد اللہ، ابن مسعود، رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا۔ اللہ کے رسول کون سا عمل سب سے افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا وقت پر نماز ادا کرنا۔ میں نے پوچھا اللہ کے رسولؐ پھر کون سا عمل زیادہ بہتر ہے؟۔ آپ

---

[454]: الاحقاف:46:15

[455]: امام ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی، سنن الترمذی کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی بر الولدین (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج2 ص 11

[456]: امام ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی، سنن الترمذی کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی بر الولدین (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج2 ص 12

Scanned with OKEN Scanner

ﷺ نے فرمایا "ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا۔ میں نے پوچھا اللہ کے رسول ؐ پھر کون سا عمل ؟ آپ ؐ نے فرمایا "اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔ پھر رسول اللہ ﷺ خاموش ہو گئے۔ حالانکہ اگر میں زیادہ پوچھ لیتا تو آپ ﷺ زیادہ بتاتے۔

بیوی: اسی طرح بیوی کا مقام اور دلوں کو سکون دینے میں اس کے کردار کو بیان کرتے ہوئے ارشاد باری تعالی ہے۔

"و من آیا تہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکنوا الیھا و جعل بینکم مودۃ و رحمۃ"[457]

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہاری ہی جنس سے بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان سے آرام پاؤ۔ اس نے تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی پیدا کر دی۔

حافظ ابن کثیر اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ "مودۃ" سے مراد محبت اور "رحمۃ" سے مراد نرمی اور ہمدردی ہے۔ کیونکہ آدمی عورت کو محبت سے چھوتا ہے یا نرمی سے چھوتا ہے تا کہ اس کے لئے اس عورت میں سے اولاد ہو۔

ہم رسول اللہ ؐ کو دلی سکون پہنچانے میں ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے کردار کو کیسے بھولا سکتے ہیں کہ جب پہلی وحی لیکر حضرت جبرئیل ؑ غار حراء میں اترے اور نبی کریم ؐ کو زور سے دبایا۔ تو نبی کریم ؐ حالت خوف میں گھر تشریف لائے اور ڈر کی وجہ سے ان کے کندھے کانپ رہے تھے اور فرمایا

"زملونی زملونی فزملوہ حتی ذھب عنہ الروع ، قال لخدیجۃ ای خدیجہ مالی اخشیت علی نفسی فاخبرھا اخبر فقالت خدیجۃ کلاّ " ابشر فواللہ لا یخزیک اللہ ابدا. انک لتصل الرحم وتصدق الحدیث و تحمل الکل و تکسب المعدوم و تقری الضیف و تعین علی نوا ئب الحق"[458]

ترجمہ: مجھے، چادر اوڑھادو، مجھے، چادر، اوڑھادو۔ یہاں تک کہ ان سے خوف چلا گیا تو خدیجہ رضی اللہ عنہا کو پکارتے ہوئے فرمایا" اے خدیجہ مجھے میری جان کا خدشہ لاحق ہو گیا ہے۔ اور کہانی سنائی "حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے تسلی دیتے ہوئے فرمایا ہر گز نہیں۔ مبارک ہو، اللہ تعالی آپ ؐ کو کبھی بھی رسوا نہیں کریگا کیونکہ آپ ؐ صلہ رحمی پالتے ہو، سچ بولتے ہو، غریبوں کو کھانا کھلاتے ہو، لاوارثوں کی خبر گیری کرتے ہو، مہمانوں کے عزت کرتے ہو اور حق کی پیروی کرتے ہو۔

---

[457]: الروم 30:21

[458]: امام محمد بن اسماعیل البخار، **الجامع الصحیح البخاری کتاب التفسیر باب اقرا باسم ربک** (لاہور: مکتبہ محمودیہ سن 1437ح) ج 2 ص 739 و

قرآنِ حکیم ہی کی عملی تعلیمات کا اثر تھا کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیوی سے حسنِ سلوک کی تلقین فرمائی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ایک شخص حاضر ہو کر عرض گزار ہوا

"قال رجل یا رسول اللہ امراتی خرجت حا جۃ و اکتتبت، فی ،غزوۃ ،کذا ،و کذا " قال ارجع ،فحج ،مع امر اتک"[459]

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم !میرا نام فلاں فلاں غزوہ میں لکھ لیا گیا ہے اور میری بیوی حج کرنے جارہی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم واپس چلے جاؤ اور اپنی بیوی کے ساتھ حج پر چلے جاؤ۔"

بیٹی: وہ معاشرہ جہاں بیٹی کی پیدائش کو ذلت اور رسوائی کا سبب قرار دیا جاتا تھا۔ اسلام نے بیٹی کو نہ صرف احترام و عزت کا مقام عطا کیا بلکہ اسے وراثت کا حقدار بھی ٹھہرایا۔ ارشاد ربانی ہے

یو صیکم اللہ فی او لا دکم للذکر مثل حظ الانثین فان کنّ نسآء فو ق اثنتین فلھن ثلثا ما ترک و ان کا نت وا حدۃ فلھا النصف "[460]

ترجمہ: حکم کرتا ہے تم کو اللہ تمہاری اولاد کے حق میں کی ایک مرد کا حصہ ہے برابر ہے دو عورتوں کے۔ پھر اگر صرف عورتیں ہی ہو دو یا زیادہ تو ان کے لئے ہے دو تہائی اس مال سے جو چھوڑ امر ا اور اگر ایک ہی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے۔

بہن: قرآن حکیم میں جہاں عورت کے دیگر معاشرتی اور سماجی حقوق کا تعین کیا گیا ہے وہاں بطور بہن بھی، اس کے، حقوق بیان، کئے، گئے ہیں۔ بہن کی حیثیت عورت کی وراثت کا حق بیان کرتے ہوئے قرآنِ حکیم میں ارشاد فرمایا گیا

"وان کان رجل، یو رث کلالۃ ،او امراۃ ،و لہ اخ، او ،اخت ،فلکل واحد منھما السدس، فان کانوا اکثر من ذلک، فھم شر کاء فی الثلث، من بعد و صیۃ یو صی بھا او دین، غیر مضار، وصیہ من اللہ، وا للہ علیم حلیم"[461]

ترجمہ: اور اگر کسی ایسے مرد یا عورت کی وراثت تقسیم کی جارہی ہو جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اور اس کا (ماں کی طرف سے) ایک بھائی یا ایک بہن ہو (یعنی اخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہے۔ پھر اگر وہ بھائی بہن

---

[459]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج2ص 787

[460] النسآء آیت:11

[461] ایضا12

Scanned with OKEN Scanner

ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد ہوگی جو وارثوں کو نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض کی ادائیگی کے بعد اللہ تعالی خبر دار اور صبر کرنے والا ہے۔

اسلام، ہمارا دین، اور پیارا مذہب ہے جس نے عورت کو مقدس بنا دیا۔ چار دیواری کے اندر اس کے تحفظ و حقوق مقرر کر دیے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹیوں کی اچھی پرورش کو دخول جنت کا سبب قرار دیا ہے۔ جیسا کہ حضرت عبد اللہ ابن عباس رض فرماتے ہیں "نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کی لڑکی ہو وہ نہ تو اسے زندہ درگور کرے اور نہ اس کے ساتھ حقارت آمیز سلوک کرے اور نہ اس پر اپنے لڑکے کو ترجیح دے تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔[462]

ایک حدیث میں بھی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا "جس شخص کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہو یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہو اور وہ ان کے ساتھ بہت اچھے طریقے سے زندگی گزارے یعنی ان کے جو حقوق شریعت نے مقرر فرمائے ہیں وہ آدا کرے۔ ان کے ساتھ احسان اور اچھی سلوک کا معاملہ کرے۔ ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے اور ان کے حقوق کی ادائیگی کے سلسلہ میں اللہ تعالی سے ڈرتا ہے تو اللہ تعالی اس کی بدولت اس کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔"[463]

عورت بہن کی صورت میں بھائی کا مان ہے۔ بیوی کی صورت میں مکمل گھر ہستی عطا کر کے سکون بنا دیا۔ یہ عورت کی بدنصیبی ہوگی کہ وہ اچھی بیٹی نہ بن پائیں۔ اچھی ماں نہ بن سکیں اور نہ اچھی بہن بن کر بھائیوں کے مان کو برکت دے سکیں۔ نہ ہی اچھی بیوی بن کر گھر کو جنت بنا سکیں۔ یہ بالکل ان کی کم نصیبی ہوگی جب کہ مذہب اسلام نے ان کو اتنے حقوق عطا کر دیئے ہیں۔

آپ ؐکا فرمان ہے۔" انما النسآء شقائق الرجال "[464]۔ ترجمہ: بیشک خواتین مردوں کے مثل اور معاونین ہیں۔

آپ ﷺ نے عورت کی حثیت کو مزید اجاگر کرتے ہوئے فرمایا

"اذ صلت المراة خمسہا و صامت شہر ھا و حفظت فرجھاواطاعت زوجھا، قیل لھا " ادخلی الجنۃ من ای ابواب الجنۃ شئت"[465]

---

[462]: ابو داؤد، سلیمان بن اشعث سجستانی، **سنن ابی داؤد باب فضل من عال یتامیٰ**،(بیروت لبنان: مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع سن 2009م) ج 2، ص 930

[463]: امام ابو عیسی محمد بن عیسی الترمذی، **سنن الترمذی کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی النفقۃ علی البنات** (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج 2 ص 13

[464]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ہلال بن حنبل: **المسند کتاب الطہارۃ** (دمشق شام: الناشر موسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج 6، ص 256

[465]: ابو قاسم سلیمان ابن احمد الطبرانی، **المعجم الوسیط للطبرانی** (قاہرہ مصر: الناشر مکتبہ ابن تیمیہ، سن 2007م، حدیث رقم 9050۔ من حدیث عبد الرحمن بن عوف

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: جب عورت پانچ وقت کے نماز پڑھتی ہے۔ رمضان کے روزے رکھتی ہے اور اپنی عزت کی حفاظت کرتی ہے تو اس کو کہا جا یگا جنت کے جس دراوزے سے مرضی ہو داخل ہو جاؤ۔

عورت کی اہمیت کو مد نظر رکھتی ہوئے اسلام نے عورت ذریعہ تکمیل ایمان، قرار، دیا ہے اور اس کے، ساتھ، حسن خلق کا، حکم ،دیا ہے۔ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا

"اکمل المؤمنین ،ایمانا، احسنھم، خلقا، و خیارکم خیارکم ،لنسائھم خلقا" [466]

ترجمہ: مؤمنوں میں سے کامل ایمان والا اچھے اخلاق والے ہیں اور تم میں سے بہتر وہ ہے جس کے اخلاق اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہو۔

یہ حقوق اسلام نے اس لیے نہیں دیئے کہ عورت اس کا مطالبہ کر رہی تھی بلکہ اس لیے کہ یہ عورت کے فطری حقوق تھے اور اسے ملنا ہی چاہئیے تھے۔ اسلام نے عورت کا جو مقام و مرتبہ معاشرے میں متعین کیا وہ جدید و قدیم کی بے ہودہ روایتوں سے پاک ہے۔ نہ تو عورت کو گناہ کا پُتلا بنا کر مظلوم بنانے کی اجازت ہے اور نہ ہی اسے یورپ کی سی آزادی حاصل ہے۔[467]

یہاں پر ان چند حقوق کا ذکر کیا جاتا ہے جو اسلام نے عورت کو دیئے اور ساتھ ترغیب و ترہیب کے ذریعہ اسے ادا کرنے کا حکم بھی صادر کیا۔

1: حق برابری و مساوات: اسلامی تعلیمات کے مطابق تخلیق کے درجے میں مرد و عورت دونوں برابر ہیں۔ انسان ہونے کے ناطے عورت کا وہی رتبہ ہے جو مرد کو حاصل ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

"یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منھا زوجھا و بث منھما رجا لا کثیرا و نسآء"[468]

ترجمہ: اے لوگوں ڈرتے رہو اپنے رب سے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اس سے پیدا کیا اس کا جوڑ، ااور پھیلائے ان دونوں ،سے بہت، مرد اور عورتیں۔ انسان ہونے میں مرد و عورت دونوں برابر ہیں۔ یہاں پر مرد کے لیے اس کی مردانگی قابلِ فخر نہیں ہے اور نہ عورت کے لیے اس کی نسوانیت باعثِ عار۔ یہاں مرد اور عورت دونوں انسان ہونے کے ناطے مقدس

15: امام ابوعیسی محمد ترمذی، **سنن ترمذی کتاب الرضاع باب ماجاء فی حق المراۃ علی زوجھا**، (لاہور: مکتبہ بیت السلام، سن 2017م) ج 1 ص 219

[467]: ثریا بتول علوی، پروفیسر، **اسلام میں عورت کا مقام**، (نئی دہلی: اسلامک بک فاونڈیشن، سن 1993م) ص 30-29

[468]: النسآء ایت: 1

ہیں۔ اور انسان ہونے کی حیثیت سے ،اپنی خلقت اور صفات کے لحاظ سے فطرت کا عظیم، شاہکار ہے۔ جو اپنی ،خوبیوں اور خصوصیات کے اعتبار سے ساری کائنات کی محترم بزرگ خلقت ہیں۔ ارشاد باری تعالی ہے۔

"و لقد کرمنا بنی آدم و حملنھم فی البر و البحر و رزقنھم من الطیبٰت و فضلنھم علی کثیر ممن خلقنا تفضیلا"[469]

ترجمہ: اور بیشک ہم نے عزت دی ہے آدم کی اولاد کو اور سواری دی ان کو جنگل اور دریا میں اور روزی دی ہم نے ان کو پاک و صاف چیزوں سے اور اپنی مخلوقات میں سے بہت سی چیزوں پر انہیں فضیلت دی۔

اور اسی طرح سورہ التین میں فرمایا۔" لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم"[470]

ترجمہ: ہم نے انسان کو بہترین شکل و صورت میں پیدا کیا۔

چونکہ آدم کو جملہ، مخلوقات پر فضیلت، بخشی گئی اور انسان ہونے، کی حیثیت سے جو سرفرازی اور بہتری عطا کی گئی، اس میں مرد و عورت دونوں برابر ہیں۔ [471]

اسلام نے عورت کو غلامی، ذلت اور ظلم، جبر و استحصال کے بندھنوں سے آزادی دی۔ اسلام نے ان تمام قبیح رسومات کا خاتمہ کر دیا جو عورت کے انسانی، وقار کے، منافی تھیں اور عورت کو وہ حیثیت عطا کی جس سے وہ معاشرے میں اس عزت و تکریم کی مستحق قرار پائی، جس کے مستحق، مرد ہیں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے تخلیق کے درجے میں مرد و عورت دونوں کو ایک ہی مرتبہ میں رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ہاں نیک، عمل کا بدلہ، دونوں کے لئے، مساوی قرار پایا ہے کہ جو کوئی بھی نیک عمل کرے گا اسے پورا اور برابر بدلہ ملے گی، اس کو پاکیزہ زندگی اور جنت میں داخلے کی بشارت ملے گی، ارشاد ربانی ہے۔

" من عمل صلحا، من ذکر او انثی، و ھو مؤ من فلنحیینہ، حیاۃ طیبۃ و لنجزینھم، اجرھم باحسن ما کانوا یعملون"[472]

---

[469] :اسراء ایت:70

[470] : التین ایت:4

[471] :ثریا بتول علوی پروفیسر، اسلام میں عورت کا مقام، (نئی دہلی: اسلامک بک فاونڈیشن، سن 1993م) ص 31

[472] :النحل ایت:97

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے (خواہ) مرد ہو یا عورت جبکہ وہ مومن ہو تو ہم اسے ضرور پاکیزہ زندگی کے ساتھ زندہ رکھیں گے، اور انہیں ضرور ان کا اجر (بھی) عطا فرمائیں گے ان اچھے اعمال کے عوض جو وہ انجام دیتے تھے

اللہ تعالیٰ نے۔ اپنی رضا اور پاکیزہ زندگی دنیا و آخرت میں عطا کئے، جانے کی بشارت کو عمل صالحہ کے ساتھ، مشروط کیا۔ اس طرح دوسرے مقام پر عمل صالحہ کو جنت کے داخلے اور رزقِ کثیر کے ساتھ مشروط کیا۔ ارشاد بار تعالی ہے۔

" من عمل سيئة ،فلا يجزى الا مثلها، و من عمل صالحا ،من ذكر او انثى ،و هو مؤ من فاو لئک يد خلون ، الجنة، ير زقون فيها ، بغير حساب"[473]

ترجمہ: جس نے بدی کی، تو اسے جزا نہیں دیا جائے گا، مگر صرف اسی قدر۔ اور جس نے نیکی، کی، خواہ مرد ہو یا عورت اور مومن ہو ،تو وہی لوگ جنّت میں داخل ہوں گے، انہیں وہاں بے حساب رِزق دیا جائے گا۔

اسی طرح ارشاد باری ہے"فا ستجاب لهم ربهم انى لا اضيع عمل عا مل منكم من ذكر او انثى "[474]

ترجمہ: پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمائی (اور فرمایا) یقیناً میں تم میں سے کسی محنت والے کی مزدوری ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت۔

2: حق میراث: دنیا کے دیگر مذاہب کے بالعکس اسلام نے عورتوں کو حق میراث دیتے ہوئے ان کے حصص بھی مقرر کر دیئے۔ "لقولہ تعالیٰ "يو صيكم الله، فى اولادكم، لذكر مثل حظ الانثين - فان كنّ نسآء فوق اثنتين ،فلهن ثلثا ما ترک، و ان كانت واحدة فلها النصف، ولابويه لكل واحدمنهما السدس ، مما ترک ان كان له ولد، فان لم يكن له ولد ،وورثه ابواه، فلامه الثلث ، فان كان، له اخوة ،فلامه السدس ،من بعد ،وصيه ،يوصى بها او دين آباءوكم ،و ابناؤكم لا تدرون ايهم، اقربلكم نفعا فريضة من الله، انّ الله كان ،عليما ،حكيما"[475]

[473]: المؤمن ایت:40

[474]: آل عمران ایت:195

[475]: النسآء ایت:11

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: حکم کرتا ہے تم کو اللہ تمہاری اولاد کے حق میں کہ ایک مرد کا حصہ برابر ہے دو عورتوں کے۔ پھر اگر صرف عورتیں ہی ہوں دو سے زیادہ تو ان کے لئے ہے دو تہائی اس مال سے جو چھوڑ مرا اور اگر ایک ہی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے۔ اور میت کے ماں باپ کو ہر ایک کے کے لئے دونوں میں سے چھٹا حصہ ہے اس مال سے جو چھوڑ مرا اگر میت کی اولاد ہے اور اس کی اولاد نہیں اور وارث ہے اس کے ماں باپ تو اس کی ماں کا ہے ایک تہائی۔ پھر اگر میت کے کئی بھائی ہیں تو اس کی ماں کا ہے چھٹا حصہ۔ بعد وصیت کے جو کر مرا یا بعد ادائے قرض کے۔ تمہارے باپ اور بیٹے تم کو معلوم نہیں کون نفع پہنچائے تم کو زیادہ حص مقرر کیا ہوا اللہ کا ۔بے شک اللہ خبر دار ہے اور حکمت والا۔

اس ایت کریمہ کی رو سے باپ کی میراث میں بیٹی کا حصہ بیٹے سے آدھا ہے۔ لیکن اس کو باپ کے علاوہ، شوہر سے چوتھا یا اٹھواں حصہ، اولاد سے تیسرا یا چھٹا، اور دوسرے قریبی رشتہ داروں سے بھی با قاعدہ اپنے حصہ کی میراث ملتی ہے۔

3: حق تعلیم: اسلام نے عورتوں کو حق تعلیم دیتے ہوئے حصول علم کو مرد و عورت دونوں پر فرض قرار دیا اور مرد و زن دونوں کے لیے اس کے دروازے کھولے۔ اس راہ میں جو بھی رکاوٹ و پابندیاں تھیں سب کا قلع قمع کر دیا۔ اسلام نے لڑکیوں کی تعلیم و تربیت کی طرف خصوصی توجہ کی ہے اور اس کی ترغیب بھی دی ہے۔ ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ؐ نے فرمایا۔ "من عال ،ثلاث ،بنات فادبہن ،وزوجہن ،و احسن الیہن ،فلہ الجنۃ"[476]

ترجمہ: جس نے تین لڑکیوں کی پرورش کی ان کو تعلیم و تربیت دی۔ ان کی شادی کی اور ان کے ساتھ (بعد میں بھی) حسنِ سلوک کیا تو اس کے لیے جنت ہے۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواتین کے لئے بھی اچھی تعلیم و تربیت کو اتنا ہی اہم اور ضروری قرار دیا ہے جتنا کہ مردوں کے لیے۔ یہ کسی طرح مناسب ہے کہ عورت کو کم تر درجہ کی مخلوق سمجھتے ہوئے اس کی تعلیم و تربیت نظر انداز کر دی جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے ۔

" الرجل تکون لہ الامۃ فیعلمہا فیحسن تعلیمہا و یو دبہا فیحسن ادبہا ثم یعتقہا فیزوجہا فلہ اجران۔"[477]

---

[476]: ابو دواؤد، سلیمان بن اشعث سجستانی، سنن ابی داؤد باب، فضل، من، عال یتامیٰ، (بیروت لبنان: مکتبہ المعارف للنشر والتوزیع سن 2009م) ج 2، ص 931

[477]: امام محمد بن اسماعیل البخار، الجامع الصحیح البخاری کتاب الجہاد باب فضل من اسلم اہل الکتابین (لاہور: مکتبہ محمودیہ سن 1437ح) ج 12 ص 402

انہیں تعلیمات کی وجہ سے جس طرح مسلمان مردوں میں علم پھیلا۔ اسی طرح مسلمان عورتوں میں بھی عام ہوا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے درمیان قرآن وحدیث کا علم رکھنے والی صحابیات بہت بڑی تعداد میں پائی جاتی ہیں۔ قرآن مجید وحدیث طیبہ کی روشنی میں مسائل کا استنباط اور فتویٰ دینا بڑا ہی مشکل، محتاط اور نازک کام ہے۔ لیکن اس میدان میں خواتین مردوں سے پیچھے نہیں تھیں بلکہ صحابہ کرام کے مدِمقابل تھیں، جن میں کچھ کا ذکر کیا جاتا ہے۔ مثلاً: حضرت عائشہ، حضرت ام سلمہ، حضرت ام عطیہ، حضرت صفیہ، حضرت ام حبیبہ، حضرت اسماء بنت ابو بکر، حضرت ام شریک، حضرت فاطمہ بنت قیس، وغیرہ نمایاں تھیں۔[478]

4: حق معاش: اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب عورتوں کو معاشی طور پیچ سمجھتے تھے ان کا یہی احساس کمتری اور معاشی کمزوریوں کے ساتھ ساتھ اور بھی بہت سی خرابیوں کا باعث بنا۔ ان حالات میں اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جس نے راہِ اعتدال اختیار کیا۔ اسلام نے معاش کے میدان میں عورت کو مندرجہ ذیل حقوق دیئے ہیں۔

حق نان ونفقہ: عورت کا نان ونفقہ ہر حالت میں مرد کے ذمہ ہے۔ اگر بیٹی ہے تو باپ کے ذمہ، بہن ہے تو بھائی کے ذمہ، بیوی ہے تو شوہر کے ذمے اس کا نان ونفقہ واجب کر دیا گیا ہے اور اگر ماں ہے تو اس کے اخراجات اس کے بیٹے کے ذمہ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ " علی المو سع قدرہ و علی المقتر قدرہ"[479]

ترجمہ: خوشحال آدمی اپنی استطاعت کے مطابق اور غریب آدمی اپنی توفیق کے مطابق معروف طریقے سے نفقہ دے۔

حق مہر: عورت کا حق مہر ادا کرنا مرد پر لازم قرار دیا گیا ہے۔

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔

"و اتوا النسآء صدق تہن نحلۃ فان طبن لکم عن شیئ منہ نفسا فکلوہ هنیئا مر یئا"[480]

ترجمہ: عورتوں کو ان کا حق مہر خوشی سے ادا کرو اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ حصہ تمہیں معاف کر دیں تو اس کو خوشی اور مزے سے کھاؤ۔

---

[478]: سید جلال الدین عمری، **مسلمان عورتوں، کے حقوق، اور ان پر اعتراضات، کا جائزہ**، (اسلام آباد: ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی، سن 1986م)، ص: 29

[479]: البقرۃ ایت: 236

[480]: النسآء ایت: 4

Scanned with OKEN Scanner

5:مال وجائیداد کا حق: عورت کو مہر سے اور وراثت سے جو مال ملے وہ مکمل طور پر اس کی مالک بن جاتی ہے۔ جبکہ اس پر کسی قسم کی معاشی ذمہ داری نہیں ہے اور سب سے ان کو حصص ملتا ہے۔ جو سب اس کے پاس محفوظ ہوتا ہے۔ مرد کو ہر حال میں عورت پر خرچ کرنا ہوتا ہے، لہٰذا اس طرح سے عورت کی مالی حالت (اسلامی معاشرہ میں) اتنی مستحکم ہو جاتی ہے کہ کبھی کبھار وہ مرد سے زیادہ مالدار ہوتی ہے۔ پھر وہ اپنے مال کو جہاں چاہے خرچ کرے اس پر کسی کا اختیار نہیں۔ چاہے تو اپنے شوہر کو دے یا اپنی اولاد کو یا پھر کسی کو ہبہ کرے یا خدا کی راہ میں صدقہ خیرات کرے۔ اس کی اپنی مرضی ہے لیکن اس کا نفقہ اس کے شوہر پر واجب ہے۔ چاہے وہ کمائے یا نہ کمائے۔

اسلام کا عطا کردہ معاشی حق عورت کو اتنا مضبوط بنا دیتا ہے کہ عورت جتنا بھی شکر ادا کرے کم ہے۔ اس کے علاوہ اگرچہ عورت پر معاشی بوجھ نہیں ڈالا گیا لیکن اسے معاشی تگ ودو کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ وہ اپنی عفت کی حفاظت اور گھریلو ذمہ داریوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے معاشرے میں ایک فعال اور سرگرم کردار ادا کر سکتی ہے۔

صحابیاتؓ، تجارت، زراعت، گلہ بانی، دستکاری اور دباغت وغیرہ سے وابستہ تھیں اور وہ اپنی آمدنی شوہر و بچوں کے علاوہ راہِ حق میں صرف کیا کرتی تھیں۔ جیسا حضرت زینب بنت جحشؓ دباغت اور سلائی کا کام کرتی تھیں۔[481]

صحابیاتؓ کی غزوات میں شرکت، بیماروں اور زخمیوں کی خدمت و تیمارداری کا بھی احادیث میں ذکر ملتا ہے۔ اسلام نے عورت کو ایک مکمل قانونی اور اخلاقی تشخص عطا کیا پھر اس کے دائرہ عمل اور میدان کار کا تعین کیا۔ اسلام کی رو سے عورت کا ایک علیحدہ قانونی وجود ہے۔ اس لئے اس کے اپنے قانونی حقوق ہیں۔[482]

6:عائلی و تمدنی حقوق

1:شوہر کا انتخاب: شوہر کے انتخاب کے سلسلے میں اسلام نے عورت کو بڑی حد تک آزادی دی ہے۔ نکاح کے سلسلے میں لڑکیوں کی مرضی اور ان کی اجازت ہر حالت میں ضروری قرار دی گئی ہے۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے

" لا تنكح الايم حتى تستا مر ولا تنكح البكر حتى تستاذن "[483]

---

[481] ابو الحسین مسلم بن حجاج بن مسلم القشیری **الصحیح المسلم**، کتاب الفضائل باب فی الفضائل زینب رضی اللہ، (لاہور: مکتبہ محمودیہ سن 1930م) ج2 ص 291

[482]: ڈاکٹر اسرار احمد، **عائلی زندگی کے بنیادی اصول**، سورہ تحریم کی روشنی میں (لاہور: مرکزی انجمن خدام القرآن، سن 1999م)

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: شوہر دیدہ عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس سے مشورہ نہ لیا جائے اور کنواری عورت کا نکاح بھی اس کی اجازت حاصل کیے بغیر نہ کیا جائے۔

اگر بچپن میں کسی کا نکاح ہو گیا ہو۔ بالغ ہونے پر لڑکی کی مرضی اس میں شامل نہ ہو تو اسے اختیار ہے کہ اس نکاح کو وہ رد کر سکتی ہے، ایسے میں اس پر کوئی جبر نہیں کر سکتا۔ ہاں اگر عورت ایسے شخص سے شادی کرنا چاہے جو فاسق ہو یا اس کے خاندان کے مقابل نہ ہو تو ایسی صورت میں اولیاء ضرور دخل اندازی کریں گے۔

2: خلع کا حق: اسلام نے عورت کو خلع کا حق دیا ہے کہ اگر ناپسندیدہ ظالم اور ناکارہ شوہر ہے تو بیوی نکاح کو فسخ کر سکتی ہے اور یہ حقوق عدالت کے ذریعے دلائے جاتے ہیں۔

3: حق حسن معاشرت: قرآن میں حکم دیا گیا" وعاشروہن بالمعروف "[484]

ترجمہ: "عورتوں سے حسن سلوک سے پیش آؤ"۔ چنانچہ شوہر کو بیوی سے حسن سلوک اور فیاضی سے برتاؤ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔" خیرُکم خیرُکم لاھلہ"[485]

ترجمہ: تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں اچھے ہیں اور اپنے گھر والوں کے ساتھ نرمی و مہربانی کا سلوک کرنے والے ہوں۔

7: حق ازدواج: اسلام کے آنے کے بعد لوگ عبادت میں اتنے محو رہتے تھے کہ بیوی کی کوئی خبر نہیں لیتے تھے۔ حضرت عمرو بن العاص اور حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کا واقعہ بڑی تفصیل سے حدیث میں مذکور ہے کہ کثرتِ عبادت کی وجہ سے ان کی بیویوں کو ان سے شکایت ہوئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بلا کر سمجھایا اور فرمایا کہ تم پر تمہاری بیویوں کا بھی حق ہے، لہٰذا تم عبادت کے ساتھ ساتھ اپنی بیویوں کا خیال رکھو۔[486]

483: ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ التبریزی، **مشکوٰۃ المصابیح، کتاب النکاح**، (لاہور: مکتبہ قاسمیہ، سن 2003م) ج2 ص270۔

امام تبریزی صاحب مشکوٰۃ المصابیح کا پورا نام، ابو عبد اللہ، محمد بن عبد اللہ، التبریزی ہے، آپؒ کا لقب ولی الدین المعروف بخطیب تبریزی ہے۔ آپؒ تبریز میں پیدا ہوئے اور 740 ھ کو وہی وفات ہو گئے۔ مشکوٰۃ المصابیح پانچ ہزار نو سو پینتالیس احادیث پر مشتمل مجموعہ ہے۔ جو درس نظامی میں پڑھائی جاتی ہے۔

484: النسآء آیت: 19

485: ابو عبد اللہ، محمد بن عبد اللہ، التبریزی، **مشکوٰۃ المصابیح، کتاب النکاح**، (لاہور: مکتبہ قاسمیہ، سن 2003م) ج2 ص 281

486: ابو عبد اللہ، محمد بن اسماعیل، بن مغیرہ، البخار، **الجامع الصحیح البخاری** (لاہور: مکتبہ رحمودیہ، سن 1437ھ) ج2 ص 787

بیویوں کے حقوق کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا

"لوگو! عورتوں کے بارے میں میری وصیت قبول کرو وہ تمہاری زیر نگین ہیں تم نے ان کو اللہ کے عہد پر اپنی رفاقت میں لیا ہے اور ان کے جسموں کو اللہ ہی کے قانون کے تحت اپنے تصرف میں لیا ہے تمہارا ان پر یہ حق ہے کہ گھر میں کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جس کا آنا تمھیں ناگوار ہے اگر ایسا کریں تو تم ان کو ہلکی مار مار سکتے ہو اور تم پر ان کو کھانا کھلانا اور پلانا فرض ہے۔[487]

آپ نے ایک اور جگہ فرمایا "خیر کم خیر کم لا هله و انا خیرکم لا هلی"[488]

ترجمہ: تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنی بیویوں کے لیے بہترین ثابت ہو اور خود میں بھی اپنے اہل وعیال کے لیے تم سب سے زیادہ بہتر ہوں۔

ایک اور رجگہ آپؐ کا ارشاد ہے "انَّ أكْمَلَ المؤمنينَ ايماناً أحسنُهم خُلقاً و ألطفُهم لا هلہ"[489]

ترجمہ: کامل ترین مومن وہ ہے جو اخلاق میں اچھا ہو اور اپنے اہل وعیال کے لیے نرم خو ہو۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مردوں کو بیویوں کے حق میں سراپا محبت وشفقت سے کام لینا چاہیے اور ہر جائز امر میں ان کی حوصلہ افزائی اور دلجوئی کرنی چاہیے۔ کچھ لمحوں کے لیے دوسروں کے سامنے اچھا بن جانا کوئی مشکل کام نہیں حقیقتاً نیک اور اچھا وہ ہے جو اپنی بیوی سے رفاقت کے دوران صبر و تحمل سے کام لینے والا ہو اور محبت وشفقت رکھنے والا ہو۔[490]

8: معاشرتی حقوق: اسلام نے خواتین کو معاشرہ میں بہت بلند مقام دیا ہے۔ معاشرت کے باب میں اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر مرد کو مخاطب کرکے حکم دیا ہے کہ ان کے ساتھ معاشرت کے باب میں "معروف" کا خیال رکھا جائے۔

" و عا شروهن بالمعروف فان کر هتمو هن فعسى ان تکرهوا شيئا و يجعل الله فيه خير كثير ا"[491]

---

[487]: ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ التبریزی، **مشکوٰۃ المصابیح**، بروایت صحیح مسلم فی قضیۃ حجۃ الوداع، (لاہور: مکتبہ قاسمیہ، سن 2003م) ج2 ص225

[488]: ایضا باب عشرۃ النساء ص281

[489]: ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ التبریزی، **مشکوٰۃ المصابیح**، بروایت صحیح مسلم فی قضیۃ حجۃ الوداع، (لاہور: مکتبہ قاسمیہ، سن 2003م) ج2 ص282

[490]: : ثریا بتول علوی پروفیسر، **اسلام میں عورت کا مقام**، (نئی دہلی: اسلامک بک فاونڈیشن، سن 1993م) ص 61-60

[491]: النساء آیت: 19

ترجمہ: اور زندگی گزارو، ان عورتوں کے ساتھ اچھے طریقے سے، اگر وہ تمہیں پسند نہ ہوں تو ممکن ہے کہ تمہیں کوئی چیز پسند نہ ہو لیکن اللہ تعالی نے اس میں خیر کثیر رکھ دی ہو۔ معاشرت کے معنی ہیں "مل جل کر زندگی گزارنا" اس لحاظ سے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ایک تو مردوں کو عورتوں سے مل جل کر زندگی گزارنے کا حکم دیا ہے۔

دوسرے یہ کہ "معروف" کے ساتھ اسے مقید کر دیا ہے، لہٰذا امام ابو بکر جصاص الرازی "معروف کی تشریح میں لکھتے ہیں کہ اس میں عورتوں کا نفقہ، مہر اور ان کے ساتھ عدل وغیرہ سب شامل ہیں۔ اور معروف زندگی گزارنے کا مطلب یہ ہے کہ گفتگو میں نہایت شائستگی اور شیفتگی سے کام لیا جائے باتوں میں حلاوت و محبت ہو۔ حاکمانہ انداز نہ ہو اور اس کی بات توجہ کے ساتھ سنیں اور بے رخی بے اعتنائی نہ برتیں اور نہ ہی کوئی بد مزاجی کی جھلک ظاہر ہو۔[492]

قرآن مجید میں صرف معاشرت کے لیے ہی نہیں کہا گیا کہ عورتوں کے ساتھ معروف طریقے سے پیش آنا مردوں پر خدا نے فرض کیا ہے بلکہ اسی کے ساتھ ہر طرح کے مسائل کے بارے میں کہا گیا ہے۔ جیسے مطلقہ عورت کے بارے میں صاف طور پر قرآن مجید میں اعلان کیا گیا ہے۔"ولا تمسکو هن ضرار لتعتدوا"[493]

ترجمہ: ایذادہی کے خیال سے ان کو نہ روک رکھو تاکہ تم ان پر زیادتی کرو۔

9: آزادیِ رائے کا حق: اسلام نے عورتوں کی آزادی رائے کا حق اتنا ہی دیا ہے جتنا مرد کو حاصل ہے خواہ وہ دینی معاملہ ہو یا دنیاوی۔ عورت کو پورا حق ہے کہ وہ دینی حدود میں رہ کر ایک مرد کی طرح اپنی رائے آزادانہ استعمال کرے۔

ایک موقع پر حضرت عمر رض نے فرمایا" اگر مہر بڑھانے سے بڑائی ہوتی اور عند اللہ تقویٰ کی بات ہوتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے زیادہ مستحق ہوتے۔ حضرت عمر کو اس تقریر پر ایک عورت نے بھری مجلس میں ٹوکا اور کہا کہ آپ یہ کیسے کہہ رہے ہیں

---

[492]: ثریا بتول علوی پروفیسر، **اسلام میں عورت کا مقام**، (نئی دہلی: اسلامک بک فاونڈیشن، سن 1993م) ص 17

[493]: البقرہ ایت: 231

حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔" و اتیتم احدا ھن قنطارا فلا تا خذوا منہ شیئا"[494]

ترجمہ: ااور تم نے دے دیا ہے ان میں سے کسی ایک کو بہت سامال (بھرا خزانہ) تو اس میں سے کچھ نہ لو۔

جب خدا نے جائز رکھا ہے کہ شوہر مہر میں ایک قنطار بھی دے سکتا ہے تو تم اس کو منع کرنے والے کون ہوتے ہو۔ حضرت عمر نے یہ سن کر فرمایا "كُلُّكُمْ أعْلَمُ مِنْ عُمَر" یعنی تم سب عمر سے زیادہ علم والے ہو۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کی آزادیِ رائے کو مجروح نہیں کیا کہ اس نے حضرت عمر کو کیوں ٹوکا اور ان پر کیوں اعتراض کیا کیونکہ حضرت عمر کی گفتگو اولیت اور افضیلت میں تھی۔ نفس جواز کے لئے نہیں تھی۔

یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ عورتوں کو اپنی آزادیِ رائے کا پورا حق حاصل ہے حتی کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی اس رائے سے جو بحیثیت نبوت ورسالت کے نہیں ہوتی تھی اس پر بھی خواتین بلا خوف وخطر اپنی رائے پیش کرتی تھیں اور انھیں نہ نا فرمانی کا شائبہ اور نہ کوئی اور خطرہ محسوس ہوتا تھا۔[495]

اس آزادیِ رائے کا سرچشمہ خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربیت نے ازواجِ مطہرات میں آزادی ضمیر کی روح پھونک دی تھی، جس کا اثر تمام عورتوں پر پڑتا تھا۔ جس سے سیرت کی کتابیں بھری پڑی ہیں۔

[494]: النسآء ایت:20

[495]: عبد الصمد رحمانی مولوی، اسلام میں عورت کا مقام، (نیو دہلی: مکتبہ دینی بک ڈپو، اردو بازار سن 2011م) ص 23-22

4.2: فصل دوم: عورت کی گواہی کی مشروعیت، حثیت اور اہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں

عورت کی گواہی ادلہ الشرعیہ سے ثابت ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل سطور میں بیان کیا گیا ہے۔

1:القرآن: لقولہ تعالیٰ: "واستشہدوا شہیدین من رجالکم، فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتین ممن ترضون من الشہدآء ان تضل احدٰھما فتذکر احداھما الاخری"۔[496]

ترجمہ: اور اپنے مردوں میں سے دو آدمیوں کو اس پر گواہ کرالو اور اگر دو مرد نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں، ان لوگوں میں سے کہ جن کو تم پسند کرتے ہو۔ تاکہ اگر ایک بھول جائے ان میں سے تو یاد دلاوے اس کو دوسری۔

2:الحدیث: لقولہ علیہ الصلوۃ والسلام" الیس شہادۃ المراۃ مثل نصف شہادۃ الرجل؟"[497]

ترجمہ: کیا عورت کی شہادت مرد کے مقابلے میں آدھی نہیں ہے؟۔

تعامل صحابہ: تعامل صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مندرجہ ذیل آثار سے عورت کی گواہی ثابت ہو جاتی ہے۔

1:" حدثنا وکیع قال حدثنا جریر بن حازم عن الزبیر بن الخریت عن ابی لبید: " ان عمر اجاز شہادۃ النسآء فی الطلاق" "قال ان سکرانا طلّق امرآتہ ثلاثا ، فشہد علیہ اربع نسوۃ فرفع الی عمر بن الخطاب فآجاز شہادۃ النسوۃ وفرّق بینھما"[498]

ترجمہ: حضرت وکیعؒ نے حضرت جریرؒ بن حازم سے اور آپؒ نے زبیر بن خریتؒ اور انہوں نے حضرت ابی ولیدؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر نے طلاق کے معاملے میں عورت کی گواہی جائز قرار دی تھی۔ فرمایا کہ "ایک نشئی نے، اپنی، بیوی کو تین طلاق دی ۔اس پر چار عورتوں نے گواہی دی۔ تو یہ معاملہ عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ کے ہاں لے گئیں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے عورتوں کی گواہی قبول فرمائی اور ان کے درمیان تفریق کا حکم دیا۔

2:امام شعبیؒ سے عامرؒ امام زہریؒ سے ابن قدامہؒ نے نقل کیا ہیں۔ کہ " لا تجوز شہادۃ النسآء وحدھن الاّ علی ما لا یطلع علیہ غیر ھن من عورات النسآء و حملھن و حیضھن"[499]

---

[496] :البقرۃ آیت:282

[497]:ابو عبداللہ، محمد بن اسماعیل، البخاری **صحیح البخاری** کتاب الشہادات، باب شہادۃ النساء، (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن، 1437ھ) ج1 ص 363

[498]:علی بن احمد بن، سعید، ابو محمد، بن حزم، الظاہری، الشہیر باابن حزم ظاہری، **المحلی بالآثار** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیۃ، 2003م) ج10 ص 572

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: عورتوں کی گواہی جائز نہیں ہے مگر ان معاملات میں جن میں عورتوں کے بغیر کسی دوسرے کو معلومات نہیں ہو سکے۔ مثلاً عیوب النساء اور حمل و حیض کے بارے میں۔

3: امام شعبیؒ آگے فرماتے ہیں: " تجوز شہادة امراة واحدة فيما لا يطلع عليه الرجال"[500]

ترجمہ: عورتوں کی جن معاملات پر مردوں کو علم نہیں ہوتا ان میں اکیلی عورت کی گواہی قبول کیجاتی ہے۔

فقہاء میں سے ابن حزم ظاہریؒ، عطاء بن ابی رباحؒ، حماد بن ابی سلیمانؒ وغیرہ کی رائے ہے کہ تمام معاملات میں عورتوں کی گواہی قابل قبول ہوگی، البتہ دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر سمجھی جائے گی۔[501]

امام جعفر صادقؒ تو عورتوں کی گواہی کے بنیاد پر اثبات زنا اور حد نافذ کرنے کے قائل تھے۔[502]

اسی طرح سیّدنا علی رضی اللہ عنہ سے قتل کے ایک مقدمے میں بھی خواتین کی گواہی پر تنفیذ دیت ثابت ہے[503]

بعض جدت پسند معاصر اہل علم جمہور فقہاء کے ساتھ اختلاف کرتے ہوئے حدود و قصاص میں بھی خواتین کی گواہی کو قبول کر لیتے ہیں۔[504]

484: علی بن احمد بن، سعید، ابو محمد، بن حزم، الظاہری، الشہیر بابن حزم ظاہری، **المحلیٰ بالآثار** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیّہ، 2003م) ج10 ص570

485: امام ابن ابی شیبہؒ ابو بکر عبد اللہ بن محمد، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار**، کتاب البیوع والاقضیۃ، باب ما تجوز فیہ الشہادۃ النساء (قاہرہ مصر: الفاروق الحدیثۃ للطاعبۃ و النشر، سن 2008م)، ج6 ص186

[501]: ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن قدامہ المقدسی الحنبلی، **المغنی**، (طبع مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج10 ص175

[502]: ابو جعفر محمد بن حسن طوسی، **تہذیب الاحکام**، (بیروت لبنان: دار التعارف للمطبوعات، سن 2004م) ج10 ص26

[503]:: امام ابن ابی شیبہؒ ابو بکر عبد اللہ بن محمد، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار**، کتاب البیوع والاقضیۃ، باب ما تجوز فیہ الشہادۃ النساء (قاہرہ مصر: الفاروق الحدیثۃ للطاعبۃ و النشر، سن 2008م)، ج6 ص187

[504]: محمود احمد غازی، **حدود اور قصاص کے مقدمات میں عورتوں کی گواہی**، سہ ماہی **فکر و نظر**، اسلام آباد: ادارہ تحقیقات اسلامی دعوہ اکیڈمی پرنٹنگ پریس، جنوری تا مارچ 19993م) ص19-18

ڈاکٹر محمود احمد غازی 18 ستمبر 1950م کو کراچی میں پیدا ہوئے اور 26 ستمبر 2010م کو حرکت قلب بند ہونے سے اسلام آباد میں انتقال کر گئے۔ آپ کے والد کا نام حافظ محمد احمد تھا۔ آپؒ نے ابتدائی تعلیم کراچی کے بڑے تعلیمی ادارے جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن میں حاصل کیا۔ 60ؒ کی دہائی میں آپؒ اسلام آباد منتقل ہو گئے۔ ڈاکٹر صاحب ایک کثیر اللسان اور صاحب قلم تھے۔ آپؒ کو سات زبانوں پر عبور حاصل تھی۔ آپ بہت اہم عہدوں پر کام کر چکے ہیں۔ مثلاً وفاقی وزیر مذہب امور، صدر بین

اسی طرح اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کم و بیش دو ہزار دو سو دس (2210 قریب احادیث مروی ہیں۔ جو صرف ان کی واحد شہادت کی بدولت مستند ہیں۔ یہ امر اس کا واضح ثبوت ہے کہ صرف ایک عورت کی گواہی سے اثبات مدعا ہوتا ہے۔[505]

علماء کا اس امر پر اتفاق ہے کہ رویت ہلال رمضان میں ایک عورت کی گواہی بھی کافی ہوتی ہے۔ جب کہ ارکان اسلام میں روزہ ایک اہم رکن ہے۔ اس کی رویت میں ایک عورت کی گواہی کا کافی ہونا اور اس کی گواہی پر تمام مسلمان مرد و عورتوں کا روزہ رکھنا عورت کی گواہی کا ثقاہت اور اہمیت ظاہر کرتا ہے۔ کچھ فقہاء کے نزدیک آغازِ رمضان کے سلسلے میں ایک گواہ بھی کافی ہے جبکہ اس کے ختم ہونے کے لئے جمع غفیر اور اگر جمع غفیر نہ ہو تو دو گواہ ضروری ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ گواہی دینے والے مرد ہیں یا عورتیں۔ جو اس بات پر دلالت ہے کہ عورت ہر معاملے میں مرد جیسی گواہی دے سکتی ہے۔

رضاعت کے ایک مقدمے میں ایک عورت نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ اس نے میاں اور بیوی کی حیثیت سے رہنے والے ایک جوڑے کو دودھ پلایا ہے، آپؐ نے عقبہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی سے علیحدگی اختیار کرلے۔

حکایت کچھ اسی طرح ہے کہ "صحابی رسولؐ حضرت عقبہ بن حارث نے ایک خاتون غنیہ ام یحیٰ بنت ابی اھاب سے نکاح کر لیا۔ تو ایک دن ایک کالی لونڈی نے آکر ان سے، کہا، کہ میں، نے تمہیں، اور تمہاری بیوی، دونوں کو، دودھ پلایا ہے۔ حضرت عقبہ رضی اللہ تعالی عنہ نے جواب دیا کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے نہ تم نے اس سے پہلے کبھی مجھ، سے، یہ بات کہی۔ پھر انہوں نے اپنی بیوی کے رشتہ داروں سے پتہ کروایا۔ تو انہوں نے بھی یہی کہا کہ ہمیں معلوم نہیں ہے کہ اس عورت نے عقبہ کو دودھ پلایا ہے یا کہ نہیں؟۔

آخرکار حضرت عقبہ رضی اللہ تعالی عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور فرمایا ہمارے ہاں ایک کالی عورت آکر کہہ گئی کہ اس نے ہم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہے۔

تم دونوں بہن بھائی ہو اور (عقبہ) نے ساتھ یہ بھی کہا کہ وہ جھوٹی ہے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا تم اس کی اس بات کا کیا کروگے؟ "کیف و قد قیل، ففارقھا و نکحت زوجا غیرہ"[506]۔

الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد، ڈائریکٹر دعوہ اکیڈمی، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل اور جج شریعت اپیلٹ بینچ سپریم کورٹ۔ آپ کے مشہور تصنیفات میں محاضرات سیرت، محاضرات فقہ، محاضرات حدیث، محاضرات معیشت و تجارت، ادب القاضی وغیرہ ہیں۔

[505] : https: //www. Google.Wikipedia women witness.org, last visited on: 23-06-2020

ترجمہ: نکاح کیسے قائم رہ سکتا ہے اور گواہی دیدی گئی ہے۔ تو عقبہ نے ان سے علیحدگی اختیار کرلی اور بنت ابی اہاب نے کسی اور سے نکاح کرلیا۔

یہاں دودھ پلانے والی عورت تن تنہا یہ واقعہ بیان کر رہی تھی۔ اس واقعہ پر کوئی دوسرا گواہ نہیں تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ پلانے میں اس عورت کا کہا تسلیم کیا اور غنیہ بنت ابی اھاب کو عقبہ، کی رضاعی، بہن، قراد دیا۔ عقبہ نے غنیہ کو فارغ کر کے دوسری جگہ نکاح کیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ رضاعت کے معاملے میں اکیلی عورت کی گواہی معتبر ہے۔[507]

امام حمد بن حنبلؒ نے عبد اللہ ابن عباس سے منقول اس حدیث پر استدلال کیا ہے کہ رضاعت کے لئے ایک مرد یا ایک عورت" جو کہ دودھ پلانے والی عورت تنہا بھی ہو سکتی ہے، کافی ہے[508]

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بھی اکیلی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی شہادت پر ایک مکان کے تنازعہ کا فیصلہ دیا[509]

آپ ﷺ نے زنا بالجبر کے ایک مقدمے میں، جس میں ملزم اپنے جرم سے انکاری تھا، متاثرہ خاتون کے بیان پر انحصار کرتے ہوئے ملزم کو رجم کرنے کا حکم دے دیا۔[510]

درجہ بالا اقوال اس بات کی دلیل ہے کہ عورت اصلاً گواہی دینے کی اہلیت رکھتی ہے اور ہر معاملے میں گواہی دے سکتی ہے اور یہ عقل و قیاس کا تقاضا بھی ہے کہ ہر طرح کے معاملے میں عورت کی گواہی قبول کی جائے، الّا یہ کہ کسی معاملے میں اس کے برعکس دلیل پائی جائے۔[511]

ہاں بعض اہل علم کے نزدیک عورت کی گواہی پر چند ایک تنقیحات پائے جاتے ہیں۔ جس کا تذکیرہ آگے باب ششم میں کیا جارہا ہے۔

---

[506]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، الجامع الصحیح البخاری کتاب الشہادات باب شہادۃ النساء (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1992م) ج 2 ص 363

[507]: ایضا، کتاب النکاح ج 2 ص 65-764 و کتاب الشہادات، ج 2 ص 363

[508]: ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: المسند کتاب الشہادت (دمشق شام: الناشر موسسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج 24، ص 49 حدیث رقم 4675

[509]: ابو محمد علی بن سعید ابن حزم الظاہری المحلی بالاثار، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2015م) ج 10 ص 580

[510]: ابو بکر احمد بن حسین بن علی البیہقی، والسنن الکبریٰ کتاب الشہادت النساء (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003) ج 9 ص 213

[511]: کمال الدین ابن الہمام محمد بن عبد الواحد، فتح القدیر شرح ہدایہ (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2009م) ج 7، ص 303

Scanned with OKEN Scanner

عورت کی گواہی کی حیثیت اور اہمیت

عورت کی گواہی بہت اہمیت کی حامل ہے کیونکہ بعض معاملات میں عورت کی گواہی کے بغیر چارہ ہی نہیں ہوتا۔ جن میں عورت کے بغیر کوئی اور گواہ بن نہیں سکتا۔ مثلاً بعض عیوب النسآء، ولادت بکارت ثیابت استھلال وغیرہ۔ شریعت میں کسی جرم کے اثبات کا معیار گواہوں کی بیان اور نصاب گواہی پر منحصر ہے۔ بعض صورتوں میں حالات اور قرائن کی روشنی میں خود ملزم کے بیان کو بھی قابل اعتماد سمجھتے ہوئے اس پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔

چونکہ فقہانے شہادت کے نصاب اور عورتوں کی گواہی کی حیثیت کی تعین میں سورۃ بقرہ کی ایت نمبر 282 کو اصل مان لیا ہے، جس میں صراحتاً عورت کی گواہی کا علت اور نصاب، بیان، کیا گیا ہے۔

اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہے "فان ،لم یکونا، رجلین ،فرجل ،وامراتا ،ممن ترضون، من الشہدآء ،ان تضل احدا ھما ،فتذکر، احدا ھما الاخری" [512]

ترجمہ: اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ان لوگوں میں سے جنہیں تم گواہی کے لئے پسند کرتے ہو تاکہ اگر ایک ان میں سے بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلادے۔

اس ایت کو ایت الدّین کہا جاتا ہے جس میں عورت کی گواہی کو مرد کے مقابلے میں نصف بیان کیا گیا ہے۔ جس سے ذہین میں کئی سوالات عورت کی حثیت اور گواہی کے متعلق پیدا ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے ذہن میں یہ ابہام فروغ پاتا ہے کہ شاید اسلام نے مرد اور عورت کے لیے کوئی تفریق روا رکھی ہے۔ حالانکہ اسلام کی نظر میں فطری و تخلیقی اختلاف کے علاوہ دونوں کے حقوق ایک جیسے ہیں۔

عورتوں کی گواہی کے حوالے سے یہ ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ گواہی میں عورتوں کے مقام وحیثیت کا تعین کیا جائے تاکہ اس ابہام کو دور کیا جاسکے۔ اسلام کے نزدیک ایک عورت اپنی نوع کے اعتبار سے مرد کی تابع محض نہیں۔ بلکہ اس کی اپنی علیحدہ حیثیت اور شخصیت ہے۔ وہ دین و دنیا کے لحاظ سے اپنا مکمل وجود رکھتی ہے۔

---

[512] :البقرہ ایت:282

Scanned with OKEN Scanner

لہذا وہ بھی مرد کی طرح گواہ بن سکتی ہے لیکن بعض صنفی کمزوریوں کے باعث شریعت نے اس کی ان کمزریوں کو نہ صرف تسلیم کیا ہے بلکہ زندگی کے ہر پہلوں میں ان کو رعایت بھی دی ہے۔اس کا مطلب یہ نہیں کہ مرد عورت سے بہتر ہوتے ہیں بلکہ اس سے مراد، صرف یہ ہے، کہ مرد عورتوں سے مختلف ہوتے ہیں۔اگر شہادۃ کی بابت ایات قرآنیہ اور احادیث نبویؐ کو ملاحظہ، کیا جائے، تو عام حالات میں مرد اور عورت کی شہادت میں کوئی تفریق روا نہیں رکھی گئی ہے بلکہ عورت کی گواہی کو قضاء اسلامی میں بہت اہم مقام حاصل ہے

درجہ بالا ایت کریمہ میں بصورت عدم وجود مرد، عورتوں کو گواہ مقرر کرنے کا جو حکم دیا گیا ہے تو وہ مالی معاملات کے بارے میں ہے کیونکہ مالی معاملات زیادہ بھی ہوتے ہیں اور ان میں کثرت سے اختلافات پیدا ہونے کا اندیشہ بھی۔

دوم یہ کہ ان امور میں عورتوں کو گواہ بنانا آسان ہوتا ہے لہذا مشقت سے بچنے کی خاطر شارع نے شہادت کا امر دیتے ہوئے عورتوں کو بحیثیت گواہ رکھنے کا صریح حکم دیا۔[513]

اسی طرح بعض مجتہدین مثلا ابن حزم ظاہری وغیرہ نے اس ایت مبارکہ کو بنیاد بناکر حدود اور قصاص میں بھی عورت کی گواہی مشروع قرار دی ہے۔قرآن حکیم میں مختلف معاشرتی معاملات: مثلاً یتیموں کو ان کا مال سپرد کرتے وقت، وصیت کرتے اور طلاق دیتے وقت گواہ مقرر، کرنے کی، ہدایت، دی، گئی ہے۔[514]

ان میں سے کسی مقام پر گواہوں کی جنس زیر بحث نہیں آئی جبکہ سورۃ بقرہ کی آیت 282 وہ واحد مقام ہے جہاں اس تفریق کو موضوع بنایا گیا ہے۔یہاں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ ادھار لین دین کے معاملات میں اول تو گواہ دو مرد ہونے چاہیئں اور اگر، دو مرد نہ ہو سکیں، تو ایک مرد اور دو عورتوں، کو گواہ، مقرر کر لیا جائے۔اس ہدایت سے واضح ہے کہ قرآن حکیم یہ چاہتا ہے کہ عورتیں گواہی کے معاملات سے اصلاً دور ہی رہیں اور اگر انہیں گواہ بنانا لابدی ہو تو ایک مرد کی جگہ دو عورتیں گواہ مقرر کی جائیں۔

جمہور فقہانے اس سے، یہ، نتیجہ، اخذ کیا ہے کہ شارع کا منشاء عورتوں کی گواہی سے حتی المقدور دور رکھنا ہے تاکہ غیر ضروری مشقت سے دور ہو کر بچوں کی تربیت و افزائش پر توجہ دے سکیں۔

---

[513]: البقرہ ایت: 282

[514]: النساء ایت: 6، المائدہ ایت: 106، الطلاق ایت: 2

چنانچہ ان کے نزدیک خواتین کی گواہی صرف مالی معاملات تک محدود کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جس میں اللہ نے، ان کی گواہی، قبول کرنے کی اجازت دی ہے۔ ان کے علاوہ باقی معاملات، مثلاً نکاح و طلاق، حدود اور قصاص وغیرہ میں عورتوں کی گواہی ناقابل قبول ہے۔ جب کہ احناف اس حکم کی تعبیر بالکل برعکس کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک جب ایک طرح کے معاملے میں عورتوں کی گواہی قبول کی گئی ہے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عورت اصلاً گواہی دینے کی اہلیت رکھتی ہے۔

اس لیے اصول، عقل اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ ہر طرح کے معاملے میں عورت کی گواہی قبول کی جائے، الّا یہ کہ کسی معاملے میں اس کے برعکس دلیل پائی جائے۔[515]

چونکہ خبر اور شہادت، دونوں کا مدار کسی امر کا مشاہدہ کرنے اور پھر اس کو حفظ وضبط کے ساتھ آگے بیان کرنے کی صلاحیت پر ہے اس لیے خبر کے دائرے میں عورت کو مرد کے مساوی تسلیم کرنے کا منطقی تقاضا یہ ہے کہ دیگر معاملات میں بھی خواتین کی بات کو اسی اعتماد کے ساتھ قبول کی جائے جس طرح مردوں کی قبول کی جاتی ہے۔

امام احمدؒ کے مسلک کے مطابق ایسے مقامات میں جہاں خواتین کے بغیر کوئی اور گواہ نہیں بن سکتا وہاں عورتوں کی گواہی کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے۔ مثلاً خواتین کی مخصوص حمام اور شادی وغیرہ کی تقریبات جہاں مردوں کی موجودگی اور ان کا کسی معاملے پر اطلاع پانا عادتاً مشکل ہو تو وہاں حدود کے معاملات میں بھی صرف عورتوں کی گواہی ہی پر فیصلہ صادر کیا جاسکتا ہے۔[516]

خلاصہ یہ ہوا کہ عورت کی گواہی بہت اہم ہے اور ہر معاملے میں قابل قبول ہے بالخصوص ان معاملات میں جن میں مرد گواہ نہیں بن سکتا۔

515: محمد بن، علی بن عبد اللہ، الشوکانی، **نیل الاوطار من اسرار منتقی الاخبار** (الدمام السعودیہ: دار، ابن الجوزی سن 1427ھ) ج6 ص279

516: ابن تیمیہ احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام الدمشقی، **مجموع الفتاویٰ**، (السعودیہ: وزارۃ الشون الاسلامیہ الدعوہ والارشاد مجمع الملک فھد لطباعۃ الصحف الشریف، سن 2004م) ج5 ص299

امام ابن تیمیہ کا پورا نام ابو العباس احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام الدمشقی ہے۔ آپ 1263م کو دمشق میں پیدا ہوئے اور 64 سال کی عمر میں 1328م کو دمشق ہی میں انتقال کر گئے۔ آپؒ فقہ حنبلی کے پیروکار تھے۔ آپؒ توسل بالموتی و تقرب بالموتی سے سختی کے ساتھ روکتے تھے۔ آپؒ کی مشہور کتابوں میں: مبسوط الفتاوی، الجوامع السیاسۃ الشرعیہ، الجمع بین العقل والنقل، الصارم المسلول علی شاتم الرسول، رفع الملام عن الائمۃ الاعلام، مجموعۃ الرسائل والمسائل وغیرہ

4.3: فصل سوم: دیوانی ومالی معاملات اور عورت کی گواہی

عدل وانصاف کو ہر معاشرہ کے قیام واستحکام میں بنیادی اہمیت حاصل ہے جبکہ عدل وانصاف کے قیام اور حقوق اللہ وحقوق العباد کے اثبات کے لیے شہادت یا گواہی کی ضرورت ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ان اللہ یا مرکم ان تؤدوا الامانات الی اھلہا و اذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل"[517]

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے، کہ پہنچادو امانتیں امانت والوں کو اور جب فیصلہ کرنے لگو لوگوں کے درمیان تو فیصلہ کرو انصاف سے۔

اجتماعی زندگی میں قیام عدل وانصاف اور امن عام کے لئے مقدمات میں گواہ کو بنیادی حثیت حاصل ہے۔ اس لئے شریعت، نے ، گواہ کے، اہلیت اور نصاب، پر خصوصی، توجہ دی، ہے۔ شہادت کے احکام قرآن مجید میں آٹھ مقامات پر آئے ہیں۔ ان میں سے سات مقامات میں عورت ومرد کی کوئی تخصیص نہیں اور ایک مقام پر حکم دیتا ہے کہ جب آپس میں کوئی مالی لین دین کرتے ہو تو اگر دو مرد نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں گواہ بنادیں۔

وہ سات مقامات جن میں گواہ بناتے ہوئے مرد وزن کا کوئی فرق نہیں ہے درجہ ذیل ہیں۔

1: پہلا مقام وہ ہے جب ولی کو رُشد معلوم ہونے کے بعد اپنے زیر کفالت یتیم بچے کو اس کے مال حوالہ کرتے ہیں تو فرمان الہیٰ ہے کہ اس پر گواہ بنالو۔ لقولہ تعالیٰ "فاذا دفعتم الیھم اموالھم فاشھدوا علیھم و کفی باللہ حسیبا"[518]

ترجمہ: پھر جب ان کو حوالہ کروان کے مال تو گواہ کرلو اس پر اور اللہ کافی ہے حساب لینے کو۔

2: دوسرا مقام وہ ہے جب زانیہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے حد مقرر نہیں فرمائی تھی۔ تو اس وقت اس کی ارتکاب جرم پر چار مرد گواہ مقرر کرنا تھا۔

لقولہ تعالیٰ: واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشھدوا علیھن اربعۃ منکم فان شھدوا فامسکوھن فی البیوت حتّٰی یتوفا ھن الموت او یجعل اللہ لھن سبیلا"[519]۔

---

[517]: النساء ایت: 58

[518]: ایضا: 6

ترجمہ: اور جو کوئی بدکاری کرے تمہاری عورتوں میں سے تو گواہ لاؤ ان پر چار مرد اپنوں میں سے پھر اگر وہ گواہی دیں تو بند رکھو ان عورتوں کو گھروں میں یہاں تک کہ اٹھالیوے ان کو موت یا مقرر کر دے اللہ ان کے لئے کوئی راہ۔

3: **تیسرا مقام** وہ ہے کہ جب حالت سفر میں وصیت پر گواہ مقرر کرنا ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔"یاایہاالذین امنوا شہادۃ ،بینکم ،اذا حضر ،احدکم الموت، حین الوصیۃ اثنان ذوٰ ، عدل منکم ،او آخران ،من غیر کم ،ان انتم ضربتم، فی الارض ،فاصابتکم ،مصیبۃ الموت ،تحبسونہما ،من بعد الصلاۃ ،فیقسمان باللہ ،ان ارتبتم لا نشتری ،بہ ثمنا، ولو کان ذا قربی، و لا نکتم شہادۃ ،اللہ، انا اذا لمن، الاثمین ۔[520]"

ترجمہ: اے ایمان والو گواہ درمیان تمہارے جبکہ پہنچے کسی کو تم میں سے موت، وصیت کے وقت دو شخص معتبر ہونے چاہئیے، تم میں سے یا دو شاہد اور ہوں تمہارے سوا اگر تم نے سفر کیا ہو ملک میں پھر پہنچے تم کو مصیبت موت کی تو کھڑا کرو ان دونوں کو بعد نماز کے وہ دونوں قسم کھاویں اللہ کی اگر تم کو شبہ پڑے کہیں کہ ہم نہیں لیتے قسم کے بدلے مال اگرچہ کسی کو ہم سے قرابت بھی ہو اور ہم نہیں چھپاتے اللہ کی گواہی تو ہم بیشک گنہگار ہیں

4: **چوتھا مقام** درجہ بالا ایت کی تسلسل میں آتا ہے۔ یعنی شہادۃ علی الشہادت۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے" فان عثر علی انہما استحقا اثما فاخران یقومان مقامہما من الذین استحق علیہم الاوٗلیان فیقسمان باللہ لشہادتنا احق من شہادتہما و ما ا عتدینا انا اذا لمن الظالمین"[521]

ترجمہ: پھر اگر خبر ہو جاوے کہ وہ دونوں حق بات دبا گئے تو دو گواہ اور کھڑے ہوں ان کی جگہ۔ ان میں سے کہ جن کا حق دبا ہے ۔جو سب سے زیادہ قریب ہوں میت کے۔ پھر قسم کھاویں اللہ کی کہ ہماری گواہی تحقیقی پہلوں کی گواہی سے سچّی ہے اور ہم نے زیادتی نہیں کی اور اگر کی ہے تو تو بیشک ہم ظالم ہیں۔

5: **پانچویں مقام** پر قذف کے بارے میں ارشاد ربانی ہے" والذین، یرمون المحصنات ،ثم لم یاتوا باربعۃ شہدآء ،فاجلدوھم ،ثمانین جلدۃ ،ولا تقبلوا لھم، شہادۃابدا،"[522]

ترجمہ: وہ لوگ جو عیب یا تہمت لگائیں پاکدامن بیویوں پر اور نہ لائیں چار مرد گواہوں کو تو ان کو اسی کوڑے مارو اور ان کی گواہی پھر کبھی بھی قبول نہ کرو۔

---

[519]: النسآء ایت:15

[520]: المائدہ ایت:106

[521]: المآئدہ ایت:107

[522]: النور ایت:4

Scanned with OKEN Scanner

6: چھٹا مقام بھی قذف کے بارے میں ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے" والذین یرمون ازواجھم ولم یکن لھم شہدآء الا انفسہھم فشہادۃ احدھم اربع شہادت باللہ انہ لمن الصادقین"[523]

ترجمہ: وہ لوگ جو عیب لگائیں اپنی بیویوں پر اور ان کے پاس اپنی جان کے علاوہ کوئی اور گواہ نہ ہو تو ایسے شخص کی گواہی کا طریقہ یہ ہے کہ چار بار گواہی دے اللہ کی قسم کھا کر کہ بیشک وہ سچا ہے۔

7: ساتواں مقام طلاق کے بارے میں ہے۔ ارشاد ہے" فاذا ،بلغن ،اجلہن ،فامسکوھن بمعروف، او فارقہن بمعروف، و اشہدوا ذوی عدل منکم ،و اقیموا الشہادۃ للہ، ذلکم یوعظ بہ من کان یومن باللہ ولیوم الاخر۔ و من یتق اللہ یجعل لہ مخر جا"[524]

ترجمہ: پھر جب پہنچے اپنے وعدہ کو تو رکھ لو ان کو رواج کے مطابق یا چھوڑ دو انہیں دستور کے موافق اور گواہ کر لو دو معتبر اپنوں میں سے اور سیدھی ادا کرو گواہی اللہ کے وسطے۔ یہ بات جو ہے اس سے سمجھ جائے گا جو کوئی یقین رکھتا ہو گا اللہ پر اور پچھلے دن پر اور جو کوئی ڈرتا ہے اللہ سے وہ کر دے اس کا گذارہ۔

مندرجہ بالا وہ معاملات ہیں جن میں مرد و عورت کے درمیان گواہی میں جنس کی کوئی تفریق نہیں کی گئی۔ یہ تمام انتہائی سنجیدہ معاملات ہیں جب کہ سورۃ بقرہ کے ایت نمبر 282 میں عورتوں کی گواہی علیحدہ طور پر ذکر، کیا، گیا ہے۔ اس سے ایک تو اس بات کا ثبوت مل جاتا ہے کہ مالی معاملات میں عورت کی گواہی جائز ہے۔ اور دوم یہ کہ ایسے معاملات جن کا تعلق مال و اسباب سے ہو ان معاملات میں دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی قابل قبول ہو گی۔

ویسی بھی گواہی کی معاملے میں عورت پر بہت زیادہ انحصار اور اعتماد کیا جاتا ہے اور اسلام نے عورت کو بہت اہمیت دی ہے۔ تقریبا ہر معاملے میں عورت کی گواہی مقبول ہے۔ مثلا نکاح، طلاق، میراث، وصیت اور حمل و نسب وغیرہ۔ حمل و نسب ایک انتہائی اہم معاملہ ہے لیکن شریعت اس معاملے میں عورت کی گواہی پر مکمل انحصار کرتی ہے ارشاد ربانی ہے

"ولا یحل لہن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ار حا مہن ان کن یؤ من با للہ و الیوم الاخر"[525]

ترجمہ: اگر وہ اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتی ہیں تو ان کے لیے جائز نہیں کہ اللہ نے ان کے رحموں میں جو کچھ تخلیق کیا ہے اسے چھپائیں۔

---

[523]: ایضا:6

[524]: الطلاق ایت:2

[525]: البقرہ ایت:282

گویا یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ وہ اپنی ارحام کے پوشیدہ حمل کے بارے میں بھی بتائے اور یہی عورتوں کی گواہی ہے۔ جو اکیلی ہی عورت دے گی اور اس پر اعتماد کیا جائیگا۔

8: اٹھواں مقام آیت الدّین میں بیان کیا گیا ہے۔ جو مالی معاملات سے **متعلق** ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے: "و استشہدو ا، شہدین ،من رجالکم ،فان لم یکونا رجلین ،فرجل وامراتان ،ممن تر ضون من الشہداء، ان تضل احداھما ،فتذکر احدا ھما الاخر.........الی الخ [526]"

ترجمہ: اور گواہ مقرر کر لیا کرو اپنے میں سے دو مردوں کو اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو خواتین جو تمہیں پسند ہو، گواہ بنا لو۔ تاکہ اگر ان میں کہیں ایک بھول جائے تو دوسری اُسے یاد دلادے۔

آگے اسی ہی ایت میں ارشاد ہوا" و اشھدوا اذا تبا یعتم و لا یضار کا تب ولا شھید"[527]

ترجمہ: اور گواہ مقرر کرو جب تم لین دین کرتے ہو اور نقصان نہ پہنچاوں لکھنے والے کو اور نہ گواہ کو"

مندرجہ بالا آیات قرآنیہ بلا تفریق کوئی جنسی قید گواہ مقرر کرنے کا حکم دیتا ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ معاملات میں بھی مردوں کے طرح عورتیں بغیر جنسی تفریق گواہ بن سکتی ہیں۔

اسی طرح آپ کا فرمان ہے" لا نکاح الاّ بولیّ و شاھدین"[528]

ترجمہ: ایک ولی اور دو گواہوں کے بغیر نکاح جائز نہیں ہے۔

حدود و قصاص کے بعد روزمرہ معاملات میں گواہی کا مسئلہ پیش آتا ہے۔ یہاں دو مردوں کی گواہی کافی ہوتی ہے لیکن اگر مرد دستیاب نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں سے گواہی مکمل ہو جاتی ہے۔ جس پر درجہ بالا ایت کریمہ اور حدیث مبارکہ دلیل ہیں۔ اس ایت کریمہ اور حدیث مبارکہ کی رو سے تمام م دیوانی مقدمات اور مالی معاملات مثلا: بیع، شرآء، اجارہ، اقرار، رہن، غصب، وغیرہ میں مندرجہ بالا نصاب شہادت ہے جبکہ احناف کے نزدیک تمام مالی امور بشمول نکاح، طلاق، رجوع، عدت، استبرا رحم، ولادت، حسب نسب، وقف، صلح، ہبہ، وکالت، عتق، میراث، وصیت، حمل وغیرہ جیسے اہم معاملات میں بھی مردوں کے

526: ایضا

527: ایضا

528: ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** کتاب النکاح باب لا نکاح الا بولی (لاہور: مکتبۃ محمودیہ، سن 1992م) ج2ص 796

Scanned with OKEN Scanner

ساتھ ساتھ مردوں کے طرح عورتوں کی شہادت قابل قبول ہے۔احناف کا استدلال قران مجید کی اس ایت کریمہ پر ہے "یا ایھا الذین امنوا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی "[529]

ترجمہ: اے ایمان والو جب تم ایک مقررہ وقت کے لئے قرض کا معاملہ کرو۔

یہ ایت اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ عورت کی گواہی صرف مالی معاملات تک محدود نہیں ہے کیونکہ قرآن نے ان الفاظ کے ذریعہ نہ صرف قرض کے سلسلہ میں اس کی (عورت) کی شہادت منظور کی ہے بلکہ ادائیگی قرض کے لئے جو مدت متعین کی جائے اس کے متعلق بھی اس کے بیان پر اعتماد کرنے کا حکم دیا ہے۔

اسی طرح ایمان والو میں مرد و زن دونوں شامل ہیں جبکہ مدت کا تعلق صرف مالیات سے نہیں ہوتا بلکہ کفالت نفس اور آزاد انسانوں سے غیر مالی قسم کے منافع کی مدت بھی مقرر ہو سکتی ہے۔اسی طرح دعوی قتل یا معافی قتل کے دعوی پر دلیل فراہم کرنے کے لئے ایک خاص وقت تک مہلت بھی وقت مقررہ کے زمرے میں آتا ہے۔

چونکہ ان تمام معاملات میں مالیات ملوث ہیں لہذا قرض کی نوعیت والے تمام معاملات میں مرد اور عورت کی مشترکہ شہادت قبول کی جاتی ہے۔چونکہ قرض میں ایک چیز دی جاتی ہے اور اس کا بدل بعد میں ادا کیا جاتا ہے۔

یہ صورت بہت سے معاملات میں پیدا ہو سکتی ہے مثلا ایک شخص نکاح کے ذریعہ کسی نامحرم عورت سے استمتاع کا حق حاصل کرے اور یہ طے کرے کہ اس کا عوض بعد میں دے گا۔ جیسے مہر مؤجل کہلاتا ہے یا قتل کے سلسلہ میں مال صلح قتل کا عوض بن جاتا ہے۔اسی طرح کرایوں میں بھی ایک چیز فی الفور دی جاتی ہے جبکہ جب عوض بعد میں مل جاتا ہے۔

گویا کہ قرض کا لفظ اپنے مفہوم میں بہت ہی وسیع ہے اس لئے قرآن کے حکم کے مطابق یہ مفہوم معاملات کے جن جن شکلوں پر حاوی ہو جاتا ہے ان سب میں عورت کی شہادت قبول کی جانی چاہئیے۔ حدیث مبارکہ بھی اس پر دلیل ہے۔
قران مجید و معاہداتی قانون کی رو سے جب مسلمانان آپس میں کوئی تجارتی معاہدہ کرتے ہیں یا قرض کا کوئی لین دین ہو تو ان پر لازم ہے کہ اس کو باقاعدہ ضبط تحریر میں لا کر اپنے معاہدوں پر دو مرد یا پھر ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالیں۔

معاہدات کو ضبط تحریر میں لانے کا حکم اللہ جل شانہ نے قران مجید میں دیا ہے۔"لقولہ تعالیٰ"یا ایھا لذین امنوا اذا تدا ینتم بدین الی اجل مسمی فا کتبوا ہ "[530]

---

[529]:البقرہ:282

ترجمہ: اے ایمان والوں جب تم آپس میں ادھار کا معاملہ کرتے ہو کسی وقت مقررہ تک تو اس کو لکھ لیا کرو۔

اس حکم کا مقصد یہ ہے کہ ان معاملات میں کسی بھی قسم کی بے ایمانی یا گواہی دینے سے عورت پر ممکنہ ہونے والی زور و زبردستی اور ذہنی الجھاؤ کا سدباب کیا جائے۔

لقولہ تعالی " اور مقرر کرو دو گواہوں اپنے مردوں میں سے۔ اگر مرد نہ ہو تو پھر ایک مرد اور دو عورتوں کو ان میں سے جو تمھیں پسند ہو کہ اگر بھول جائے ان میں سے ایک تو یاد دلا دے دوسری "[531]۔

انہی مالی و دیونی معاملات میں ایک عورت کی گواہی ایک مرد کے برابر تصور کی جائے گی۔ اور جب وہ گواہی دینے عدالت آجائیں تو ساتھ دوسری خاتون بھی ہوتی، تاکہ اگر وہ عورت بھول جاتی ہے تو دوسری عورت اس کا سہارا بن کر یاد دلائی گی۔ گویا کہ یہ دوسری خاتون گواہی دینے کے لئے نہیں بلکہ وہ گواہی دینے والی عورت کی معاون ہو گی۔

یہ عورتوں کو گواہی ریکارڈ کراتے وقت ایک غیر معمولی رعایت ہے ورنہ انصاف و قانون کا عام طریقہ یہ ہے کہ اگر ایک گواہ اپنے بیان میں الجھ جائے یا کچھ چیز بھول جائے تو اس کی گواہی نہایت کمزور تصور کی جاتی ہے۔ اور گواہی کے دوران اسے کسی اور گواہ سے مدد لینے کی اجازت نہیں ہوتی۔ لیکن خواتین کو اجازت ہے کہ وہ اگر عدالت کے سامنے مضطرب ہو جاتی ہے تو دوسری خاتون گواہ سے مشورہ کر سکتی ہے۔

اسلام گواہی میں مساوات کے علاوہ بعض معاملات میں بھی عورت کی گواہی کو مرد پر فوقیت دیتا ہے جیسا قذف کے الزام میں اگر مرد کے پاس گواہ نہ ہو تو عورت عدالت کے سامنے اپنا بیان ریکارڈ کراتی ہوئی پانچویں بار حلف اٹھائے گی کہ اس کا شوہر جھوٹا ہے اور اس پر اللہ تعالی کی لعنت ہو اگر وہ (شوہر) سچا ہو۔

لقولہ تعالی " و یدرا عنھا العذاب ان تشھد اربع شھادات باللہ انہ لمن الکاذبین۔ والخامسۃ ان غضب اللہ علیھا ان کان من الصا د قین۔"[532]

ترجمہ: اور عورت سے ٹل جائے سزا کہ وہ، گواہی دے۔ چار گواہی، کہ اللہ کی، قسم کھا کر کہہ کہ وہ آدمی جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہ اللہ کا غضب آئے اس خاتون پر اگر وہ آدمی سچا ہے۔

---

[530]: البقرہ:282

[531]: ایضا

[532]: النور ایت 8-9

Scanned with OKEN Scanner

یہاں مرد کے مقابلے میں عورت کی گواہی معتبر سمجھی جاتی ہے جس سے مرد کا بیان باطل اور عورت سے دفع عذاب یا سزا ہو جاتا ہے۔ جہاں تک ان احادیث کا تعلق ہے جس میں آپ ﷺ نے فرمایا تھا۔ "عن ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ قال علیہ الصلاوۃ والسلام "الیس شہادۃ المراۃ مثل نصف شہادۃ الرجل؟"[533]

ولقولہ علیہ السلام "الیس ،اذا حاضت، لم تصل، ولم تصم ،فذلک، من نقصان ،دینہا،"[534]

ترجمہ: ابو سعید خدری نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا "کہ کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی کی نصف نہیں ہے؟

یا یہ حدیث جس میں نبی مہربانؐ نے فرمایا "فشہادۃ امراتین تعدل شہادۃ رجل"[535]

ترجمہ: دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہے۔

تو اس ضمن میں یہ مسلمہ اصول ہے کہ ہر صحیح روایت کو بھی اپنے جیسی دوسری روایات اور عقل و فہم یعنی درایت کی روشنی میں دیکھا جاتا ہے۔ بخاری کا اس روایت کو مستند راویوں کے ساتھ مسند امام احمدؒ نے بھی بیان کیا ہے۔ جس کے مطابق یہ مکالمہ ایک عورت اور حضور ﷺ کے درمیان ہوا عام عورتوں کے ساتھ نہیں ہوا۔[536]

جبکہ سنن دارمی نے اس واقعہ کو نقل کرتے ہوئے یہ مکالمہ حضورؐ اور عورتوں کے درمیان نہیں ، دراصل حضرت عبداللہ بن مسعود ارضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے۔ کہ عبداللہ بن مسعود کی اہلیہ حضورؐ کے پاس گئیں اور حضورؐ نے ان سے اکیلی میں یہ گفتگو کی۔[537]

جبکہ درایتا یعنی عقل و فہم میں بھی یہ ممکن نہیں کہ حضور ﷺ عورتوں کے بارے ایسی فرماتے۔ بلکہ آپ ﷺ تو عورتوں کو بہت عزت دیتے تھے اور موقعہ کے مناسبت سے اکیلی عورت کی گواہی پر بھی فیصلے فرما چکے ہیں جیسا کہ عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ اور حضرت غنیہ رضی اللہ عنہا کی رضاعت تفریق نکاح میں کیا گیا ہے۔[538]

---

[533]: ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** کتاب الحیض باب ترک الحائض الصوم (لاہور: مکتبۃ محمودیہ، سن 1992م) ج 1 ص 267

[534]: ایضا کتاب الصوم باب الحائض ترک الصلواۃ ولا صوم ص 268

[535]: امام ابو الحسین مسلم بن مسلم بن حجاج **الصحیح المسلم**، کتاب الایمان، باب بیان نقصان الایمان (اردو بازار لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج 1 ص 86

[536]: ابو عبداللہ احمد بن محمد بن ہلال بن حنبل: **المسند کتاب الشہادت** (دمشق شام: الناشر موسسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج 24، ص 53

[537]: عبدالرحمان دارمی، **سنن دارمی یا مسند الدارمی** کتاب الحدود والشہادات (لاہور: انصار السنہ پبلکیشنز، سن 2011م) ج 14 ص 72-71

عبدالرحمان دارمی کا پورا نام امام الحافظ، عبداللہ بن عبدالرحمان بن، فضل بن بہرام، ابو محمد، الدارمی ہے۔ آپؒ 797م کو سمرقند میں پیدا ہوئے اور 72 سال کی عمر میں 869 م کو مسقط میں وفات ہوگئے۔ یہ فقہی ابواب کی ترتیب سے مرتب شدہ مجموعہ احادیث ہے جس کو مستند کتب احادیث میں بہت شہرت حاصل ہوئی۔ آپ کے مشہور تصانیف میں سنن دارمی، تفسیر دارمی اور الجامع شامل ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

جہاں تک ایام حیض میں عورت کی نماز و روزہ چھوٹ جانے کی بات ہے تو انہی ایام میں نماز نہ پڑھنے کا حکم اللہ جل شانہ کی جانب سے ہے۔ اس حالت میں نماز نہ پڑھنے سے خدا کا حکم پورا ہو کر اجر کما لیتی ہیں۔ کیونکہ نماز کے لئے طہارت کی شرط ہوتی ہے اور یہاں عدم طہارت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

دوم یہ کہ ماہواری کا دورانیہ تو ہر مہینے میں سات دن ہوتا ہے تو اگر حیض کی وجہ سے ناقص العقل ہو جاتی ہے تو باقی ایک چوتھائی دنوں میں تو وہ پاک ہوتی ہے۔

تیسری یہ کہ ایک خاص عمر کو پہنچنے کے بعد اس کی ماہواری نہیں آتی۔ تب تو وہ مردوں کے بالکل برابر نماز پڑھتی ہے۔ تب تو ذمہ داراياں بالکل پوری ہو گئیں۔

جہاں تک حیض کے دوران روزے چھوٹ جانے کا تعلق ہے تو عورتیں بعد میں ان روزوں کی قضا لاتی ہیں اور ایام حیض میں روزہ نہ رکھنا حکم خداوندی کو بجالانا ہے۔ حکم خداوندی کی بجا آوری اور بعد میں روزے رکھنا عورتوں کو مردوں کے بالکل برابر کر دیتی ہیں تو آدھا دین اور ناقص العقل کہاں ہو جاتا ہے۔ جس طرح عوتوں کے ساتھ عدالت میں گواہی کے دوران ایک غیر معمولی رعایت دی گئی ہے۔

اسی طرح دین کے بعض معاملات میں بھی ان کے لئے تخفیف دی گئی ہے۔ تو ان دونوں احادیث کی روشنی میں مالی معاملات و دیوانی مقدمات میں عورت کی گواہی مرد جیسے قابل قبول ہے۔ ہاں البتہ اسلامی معاشرہ میں عورت کی تخلیقی شرم و حیا اوّلین عناصر ہیں جن کے باعث مسلمان عورتیں مردوں کا سامنا کرتی ہیں تو وہ جھجک اور ہچکچاہٹ محسوس کرتی ہیں۔ جس کا اثر نتیجتاً اس کی گواہی کی ریکارڈنگ اور مقدمے کی کاروائی پر پڑ سکتی ہے۔

اسلئے اسلام یہ سہولت مہیاں کرتا ہے کہ گواہ بناتے وقت اسے ایک معاون عورت بھی فراہم کی جائے تاکہ دوران مقدمہ ان سے اگر بھول جائے تو وہ دوسری یاد دلا دے۔ اور مزید یہ کہ ویسی بھی دوسری عورت کی موجودگی سے آپس میں خود اعتمادی بڑھ جاتی ہیں۔ ورنہ فی الاصل ایک عورت کی گواہی کافی ہوتی ہے اور گواہی بھی ایک ہی عورت نے دینی ہوتی ہے دوسری بطور معاون بھول کی صورت میں کام آجاتی ہے۔

یہ اسلام کی ایک خصوصیت اور عورت کے ساتھ بے مثال رعایت ہے کہ عین گواہی دیتے وقت بھی بھول یا غلطی کی صورت میں دوسری معاون عورت سے تصحیح کرا سکتی ہے۔ جبکہ دنیا کی دیگر نظامہائے قوانین عورت کو ایسی کوئی سہولت فراہم نہیں کرتے۔ وہ

---

[538]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** کتاب الشہادات باب شہادۃ النساء (لاہور: مکتبۃ محمودیہ، سن 1992م) ج 1 ص 363

عورت کو بس عدالت میں لا کھڑے کرتے ہیں پھر سوال وجواب، وکیلوں کے تند و تیز سوالات کے سامنے کرنے میں قانون ان کی کوئی مدد نہیں کرتا یہ تو صرف اسلام ہی ہے کہ جس نے عورت کو یہ ایک بہت بڑی سہولت فراہم کی ہے۔[539]

اس کے علاوہ مرد و عورت میں دین کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں۔ جس کی واضح مثالیں سورۃ الاحزاب کی ایت نمبر 35، سورت آل عمران ایت نمبر 195 اور سورت التوبہ ایت 71 ہیں۔ جس میں مرد و عورت کو احکام الہیٰ میں یکساں مخاطب کیا گیا ہیں اور یکساں اجر و ثواب کا حقدار ٹھرایا گیا ہیں۔ اسی طرح مرد اور عورت کی بلا تخصیص یکساں حثیت کے بارے میں سورت النساء کی آیت 135 میں ارشاد ربانی ہے

"یا ایھا الذین امنوا کو نو ا قوامین بالقسط شہداء للہ و لو علی انفسکم او لوالدین وا لاقر بین "[540]

ترجمہ: اے ایمان والو، انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے لئے سچی گواہی دو خواہ اس میں تمہارے، تمہارے والدین یا رشتہ داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ یہاں سچی گواہی کا حکم اہل ایمان کو دیا جا رہا ہے جس میں بغیر کوئی جنسی تخصیص اہل ایمان مرد و عورت دونوں شامل ہیں۔

سورہ مائدہ کی آیت 106 میں گواہی کے لئے، دو معتبر لوگوں کا، تذکرہ کیا گیا ہے۔ یہاں، یہ پابندی نہیں لگائی گئ، کہ ایک معتبر مرد اور دو، معتبر عورتیں،۔ یہ دو معتبر لوگ، دو مرد یا، ایک مرد اور ایک عورت، یا دو عورتیں ہو سکتے ہیں۔[541]

سورۃ النسآء کی ایت 35 میں میاں بیوی کے درمیان اختلاف کی صورت میں دونوں خاندانوں سے ایک ایک منصف مقرر کرنے کا حکم ہے۔ جس میں مرد و عورت کی کوئی تخصیص نہیں ہے۔ یہ تمام ایاتیں اس بات پر واضح دلیل ہیں کہ دیوانی مقدمات یا معاملات میں گواہوں کا تعین کرنے کے لئے مرد و عورت میں اللہ تعالی نے کوئی فرق نہیں رکھا۔

لقولہ تعالی"وان خفتم ،شقاق ،بینھا، فابعثوا ،حکما من اھلہ، و حکما من اھلہا ، "[542]

ترجمہ: اگر تم ان دونوں کی آپس میں ضد سے ڈرتے ہو تو مقرر کرو ایک ثالث، مرد کی طرف سے اور ایک عورت کی طرف سے۔

طلاق، نکاح اور رضاعت کی معاملے میں ایک عورت کی گواہی پر فیصلہ صادر کیا گیا ہے۔ جیسا واقعہ صحابی رسول ﷺ، حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ اور ان کے منکوحہ خاتون غنیہ بنت ابی اہاب کا اسی باب میں ذکر گزر چکا ہے۔

---

[539]: شہزاد اقبال شام ڈاکٹر، **اسلامی قانون ایک تعارف (اسلام آباد:** مطبع ادارہ تحقیقات اسلامی، سن 2010م) ج2 ص99-198

[540]: النساء:135

[541]: المائدہ:106

[542]: النساء:35

Scanned with OKEN Scanner

جس میں دودھ پلانے والی عورت تن تنہا یہ یہ اقرار کر رہی تھی کہ انہوں نے دونوں میاں بیوی کو دودھ پلایا ہے ساتھ کوئی دوسرا کوئی گواہ نہیں تھا لیکن پھر بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رضاعت کے بارے میں اس عورت کا کہا تسلیم فرمایا۔ غنیہ کو عقبہ کی رضاعی بہن قرار دیا۔ عقبہ نے غنیہ کو طلاق دے کر دوسری جگہ نکاح کر لیا۔

اسی طرح قران مجید میں بھی اللہ تعالی نے طلاق کے معاملے میں دو عادل اشخاص کو گواہ بنانے کا حکم دیا ہے لیکن مرد و زن کا کوئی جنسی تخصیص نہیں کیا۔ ارشاد ہے۔

" و اشہدوا ذوی عدل منکم و اقیموا الشہادۃ للہ "[543]

ترجمہ: اور تم اپنے میں سے دو اشخاص کو گواہ بنالو جو عادل ہوں اور اللہ کے لیئے گواہی دو۔

ان احادیث اور آیات قرآنیہ کی روشنی میں یہ صحیح نہیں کہ ہمیشہ دو خواتین، کی، گواہی ایک، مرد، کے برابر ہو گی۔ اور یہی تمام جمہور علماء احناف، شوافع، حنابلہ اور مالکیہ کا بھی فتویٰ ہے کہ مالی معاملات میں عورت کی گواہی مردوں کے ساتھ جائز برابر اور قابل قبول ہے۔[544]

جب کہ سورۃ البقرہ کی ایت 282 مالی معاملات کے دوران نصاب شہادت اور دو خواتین گواہ مقرر کرنے کی حکمت بیان کی گئی ہے۔ بڑی حیرانگی کی بات ہے کہ جب اسلام نے عزت اور احترام کی رفعتیں عطا فرمائیں جبکہ بعض لوگ اور طبقات ان کو مرد کے مقابلے میں ہر مقام پر نصف قرار دینے کی کوشش کرتے ہیں اور مورود الزام اسلام کو ٹھہراتے ہیں۔

یہ روش تعلیمات اسلامیہ کی اصلی روح، اور احکامات، سے کسی بھی طرح موافقت نہیں رکھتی ہے۔ قرآن کریم میں کہیں بھی یہ حکم نہیں ہے کہ ایک عورت، کی گواہی، آدھی، سمجھی جائے گی۔ اگر، قرآن کی ایک، ایک، آیت، نہایت غور سے پڑھی جائے، تو کہیں پر بھی، اس ہدایت پر مبنی، کوئی آیت، پورے قرآن پاک، میں کہیں بھی نہیں ملے گی۔

---

[543]: الطلاق: 2

[544]: الکاسانی علاء الدین ابو بکر بن مسعود الحنفی، البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003م) ج6، ص279

Scanned with OKEN Scanner

4.4: فصل چہارم: فوجدار معاملات اور عورت کی گواہی

فوج داری معاملات یا مقدمات وہ ہوتے ہیں جن میں ریاست فریق ہوتی ہے۔ شریعت کی اصطلاح میں ان کو حدود و قصاص بھی کہا جاتا ہے۔ ان معاملات میں گواہ بنائے نہیں جاتے بلکہ گواہ بن جاتے ہیں۔ فقہاء نے شہادت کے سلسلے میں حدود کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے

1: شہادۃ حد الزنا۔ 2: حد القذف، الشرب، السرقہ والحرابۃ والقصاص۔

شہادۃ فی حد الزنا: جمہور علماء کے نزدیک کرمینل معاملات جیسے زنا کی شہادت چار مردوں کے متفقہ بیان سے مکمل ہو جاتی ہے۔ لقولہ تعالیٰ: "والّلاتی یا تین الفاحشۃ من نسآئکم فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم"[545]

ترجمہ: اور جو کوئی بدکاری کرے تمہاری عورتوں میں سے تو گواہ لاؤ ان پر چار مرد اپنوں میں سے۔

اسی طرح سورۃ النور میں ارشاد ہے۔ "واللذین ،یر مون المحصنات ،ثم لم یاتوا باربعۃ شہدآء ، فاجلدوھم ثمانین ،جلدۃ ،و لا تقبلوا لہم شہادۃ ابدا"[546]

ترجمہ: اور جو لوگ عیب لگاتے ہیں، پاک دامن، عورتوں پر، پھر نہ لائے، چار مرد گواہ،۔ تو مارو ان کو اسی کوڑے اور ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو۔

آگے اسی سورت میں ارشاد ہے" لولا جاءوا علیہ باربعۃ شہداء فاذ لم یاتوا بالشہداء فاولئک عند اللہ ھم الکاذبون"[547]

ترجمہ: کیوں، نہ لائے، وہ اس بات، پر چار گواہ؟ اگر گواہ نہ لا سکے، تو وہ لوگ اللہ کے ہاں، جھوٹے ہیں۔

یہاں اللہ تعالی نے مردوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا "اپنے میں سے چار" کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اب اگر تین مرد، اور دو عورتوں، کی گواہی، قبول، کی جائے، تو قران کے بتائے ہوئے عدد اور معدود دونوں کے خلاف پڑتا ہے۔ چونکہ شارع کا منشاء حدود میں رفع کرنے کا ہے تو اگر زنا کی اثبات کے لئے یہ ضروری قرار دیا جائے کہ اس کے گواہوں میں صرف مرد ہی ہوں اور

545: النساء: 15

546: النور: 4

547: ایضا: 13

Scanned with OKEN Scanner

عورت نہ ہو تو اس شرط کی وجہ سے زنا کے اثبات میں اتنی آسانی نہیں رہے گی جتنی آسانی کہ اس شرط کے نہ ہونے کی صورت میں ہو سکتی ہے۔ اسی طرح منشائے شریعت کی تکمیل میں آسانی ہو گی۔ تمام جمہور مکتبہ فکر علماء اس امر پر متفق ہیں کہ زنا کے مقدمات میں عورت کی شہادت کی بنیاد پر حد جاری نہیں ہو گی۔ یعنی زنا کی اثبات چار گواہوں سے ہو گی اور سب کے سب مرد ہونگے۔ عام حالات میں تمام معاملات، دو عادل گواہوں، کی گواہی ثابت ہوتی ہیں۔ لیکن یہاں اس فعل بد کو ثابت کرنے کے لئے چار گواہوں کی ضرورت پیش آتی ہے۔ چار گواہوں کا بیک وقت اس فعل بد کو واضح طور پر دیکھنا، ناممکن ہے۔

لہذا اس جرم میں چار گواہوں کا التزام در حقیقت اس کو مزید چھپانے کا اہتمام ہے۔ اور عورتوں کو اس فعل قبیح کی گواہی کی سرے سے زحمت ہی نہیں دی گئی تاکہ معاشرے میں برے افعال کا سرے سے ذکر ہی نہ ہو۔ چونکہ گواہی درالاصل ایک طوق ہے۔ کوئی شخص عام حالات میں بھی اس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

تو چہ جائیکہ مسلمانوں کی گھریلو خواتین ان افعال قبیحہ کی جزئیات عدالتوں میں تفصیل بیان کریں۔ جیسا کہ عائلی مقدمات کی عدالتوں میں اگر کیسی عورت کو پیش ہونا پڑے تو اسے وہاں کن کن سوالات، تیز و طرار طنز اور وکیلوں کی جرح کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ فطری حیا کے باعث عورت کو ایسے سوالات کے جوابات دینا مشکل ہوتا ہے۔

عورت کے پردہ کا بھی مسئلہ ہوتا ہے اس لئے شریعت نے عورت کو استثناء دے کر اس بار و بوجھ سے آزاد فرما کر مشکل سے نکالا۔ جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اسلام میں عورت کے حقوق مردوں سے کم ہیں۔ بظاہر تو ان کی یہ گفتگو دلائل سے مزئین لگتی ہے۔ لیکن اگر عملاً دیکھا جائے تو نہ کوئی عورت اور نہ اس کے گھر والے اس کے لئے تیار ہونگے کہ وہ عدالتوں اور پولیس تھانوں کے چکر کاٹتے رہیں۔

دوم یہ کہ دنیا کی کوئی بھی عورت جنسی جرائم کو دیکھتے ہی حیا کے مارے اپنا منہ پھیر لیتی ہے۔ اور جب جرم کے واقع ہونے پر اس کی تمام جزئیات کا مشاہدہ نہ کیا جائے تو اس جرم میں گواہی نہیں دی جا سکتی۔ اور یہ عورت کے لئے فطرتاً ممکن نہیں۔ اور اگر جبری زنا کی دوران عورت اس کو دیکھ بھی لے تو اسلام خواتین کو اس فعل قبیح کے بیان کرنے کا زحمت دینا گوارہ نہیں کرتا کہ وہ پھر عدالتوں میں ماری ماری پھریں۔

رہا اسی جرم کی مجرم کو سزا دینے کا عمل تو اس کے لئے اسلام کا فوجداری نظام دوسرے ذرائع اختیار کرتا ہے۔ بلکہ اس میں قرائن کو دیکھ کر اسی مفعولہ کی بیان پر بھی زنا بالجبر کے مجرم کو سزا دی جاتی ہے۔ اسی مصلحت کو مدنظر رکھتے ہوئے چاروں فقہی مسالک نے زنا کے مقدمات میں صرف مردوں کی گواہی کو قبول کر کے حد جاری کرتے ہیں۔

عورت کی شہادت اگرچہ جامع ہے لیکن مندرجہ بالا مصلحت کے بنا پر حد زنا میں اس پر حد جاری نہیں کیا جا سکتا۔ اسلئے عورت کو گواہی کی زحمت نہیں دی جاتی۔ یہی جمہور فقہاء کا متفقہ موقف ہے۔ جبکہ بقیہ حدود و قصاص کے معاملے میں گواہوں کی تعداد دو مقرر کی گئی ہے اور یہ دونوں بھی مرد ہونگے۔

کیونکہ زنا کے علاوہ دوسری حدود اور قصاص میں بھی شہادت کی نازک ذمہ داری عورت کے ناتواں کندھوں پر نہیں ڈالی گئی۔ یہ بھی جمہور علماء مثلاً: امام ابی حنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل کا متفقہ رائے ہے کہ عورت کی گواہی حدود و قصاص میں ناقابل قبول ہے[548]۔

اور اس کے اسباب بھی وہی بتائیں جن کی بنا پر زنا کے معاملے میں عورت کی شہادت معتبر نہیں ہے۔ اگرچہ بعض فقہاء نے اس کے برعکس رائے دی ہے۔ جیسا کہ ابن حزم ظاہری اور علامہ ابن قیم وغیرہ نے دو عورتوں کو ایک مرد کی حیثیت دے کر ہر حال اور تمام اقسام کے حقوق و معاملات میں ان کی گواہی کو معتبر سمجھا ہے۔ خواہ حدود ہو یا قصاص، نکاح ہو یا طلاق۔ ان کے رائے ہے کہ فوجداری مقدمات میں بھی عورت کی گواہی کو پورا تسلیم کیا جائے گا۔ کیونکہ ان معاملات میں گواہ خواہ مرد ہو یا عورت، گواہ بنائے نہیں جاتے بلکہ بن جاتے ہیں۔[549]

اسی طرح عطا ابن ابی ارباح زنا اور دوسرے معاملات کی گواہی میں کوئی جنسی تفریق نہیں کرتا۔ ان کے ہاں زنا میں بھی اگر تین مرد اور دو عورتیں گواہی دیں تو وہ قبول کی جائے گی۔ یا اگر آٹھ خواتین کسی عورت کے زانیہ ہونے کی شہادت دیں تو وہ اس پر رجم کا حکم صادر کرتا ہے۔[550]

ان کے یعنی قائلین شہادۃ المراۃ کے استدلال بھی ایت قرآنیہ اور حدیث مبارکہ سے ہیں۔ لقولہ تعالیٰ: "فرجل وامراتان"[551]۔ ترجمہ: گواہ بنالو ایک مرد یا دو عورتوں کو۔

---

[548]: الکاسانی علاء الدین ابو بکر بن مسعود الحنفی، **البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003م) ج6، ص802

[549]: سید جلال الدین مولانا، **عورت اسلامی معاشرہ میں** (لاہو پاکستان ر: اسلامک پبلیکیشرز 1998م) ص181

[550]: سید جلال الدین مولانا، **عورت اسلامی معاشرہ میں** (لاہو پاکستان ر: اسلامک پبلیکیشرز 1998م) ص181

[551]: البقرہ: 282

Scanned with OKEN Scanner

حدیث سے ان کا دلیل صحیحین کی وہ روایت ہے جس میں آپ ﷺ کا فرمان ہے " الیس شهاده المراة نصف شهادة الرجل؟ قلنا بلى يا رسول الله "[552]۔

ترجمہ: کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی کی نصف نہیں ہے؟۔ ہم نے کہا، کیوں نہ؟۔ چونکہ یہ حکم عام ہے اور اس سے حدود یا قصاص یا دیگر جرائم کی اثبات میں استثناثابت نہیں ہوتا۔ لہذا عورت ہر ایک معاملے میں گواہ بن سکتی ہے۔

اس کے علاوہ عصر حاضر میں بعض مستشرقین علماء مثلاً غلام احمد پرویز، جاوید احمد غامدی اور محمد اکبر حنیف کا خیال ہے کہ "عورت کی آدھی گواہی صرف معاملات میں ہے جبکہ حدود کے معاملے میں ایسا نہیں کیونکہ مقدمات زنا میں قرآن کریم نے صرف چار گواہوں کا ذکر کیا ہے۔

قطع نظر، اس کے، کہ وہ مرد ہوں یا عورت۔ کیونکہ " اربعة شهداء " کے مفہوم میں مرد یا عورت دونوں گواہ بن سکتے ہیں۔ بشرطیہ کہ ان کی تعداد چار ہو۔ "[553]

جب ان دونوں فریقین کی دلائل کو غور سے پڑھا جائے تو اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہو جاتا ہے کہ حدود و قصاص کے معاملات میں عورت کو عام حالت میں گواہ نہ بنایا جائے اور اگر استثنائی یا اضطراری حالت ہو تو پھر عورت گواہ بن سکتی ہے۔

---

[552]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** کتاب الشہادات باب شہادۃ النساء (لاہور: مکتبۃ محمودیہ، سن 1992م) ج 1 ص 365

[553]: غلام احمد پرویزی، **ماہنامہ طلوع اسلام**، (لاہور: ادراہ طلوع اسلام، 984م) ماہنامہ اپریل 1984۔ اشاعت اک چھیالیسواں سال شمارہ نمبر 4 ص 33-31

ماہنامہ طلوع اسلام مذہبی سکالر غلام احمد پرویزی کا رسالہ اور بعد میں ادارہ طلوع اسلام ہے۔ غلام احمد پرویزی جولائی 1903م کو بٹالا انڈیا میں پیدا ہوئے اور فروری 1985م کو 82 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انہوں نے اپنی فکر کی اساس قران کریم پر رکھی تھی۔ وہ فرق واریت کی سخت مخالف تھے۔ ان کے علامہ اقبال سے خصوصی مراسم تھیں۔ علام اقبال کی یہ ایک دیرینہ خواہش تھی کہ مسلم لیگ کی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ایک، رسالہ، ہونا ضروری ہے۔ اس حوالے سے نے آپ نے اپنے دوست نذیر نیازی سے بات کی جنہوں نے علامہ اقبال کے کہنے پر طلوع اسلام رسالہ نکالا۔ اور علامہ اقبال کی نظم طلوع اسلام پر اس کا نام رکھ لیا گیا اور اس اکا پہلا ایڈیشن بھی اقبال ہی کے نام کیا گیا۔ اس کے بعد اس جریدے کی نگرانی، غلام احمد پرویزی نے سنبھال لی۔ پرویزی نے پہلے ہی سے اس کے لئے بہت سے مضامین لکھ چکے تھے۔ بعد ازاں انہوں نے طلوع اسلام کے نام سے ایک تحریک شروع کیا اور اب یہ رسالہ ادارہ طلوع اسلام کی طرف سے شائع ہوتا ہے۔ غلام احمد پرویزی بہت سے کتابوں کی مصنف ہے۔

4.5: فصل پنجم: خواتین سے متعلق معاملات میں عورت کی گواہی کی حیثیت

تمام فقہاء امت سلامیہ اس بات پر متفق ہیں کہ عورتوں کی گواہی ان معاملات میں بلا چون وچرا قبول ہو گی جن پر ان کے علاوہ کسی اور کو اطلاع نہیں ہو سکتی۔ احناف کے نزدیک یہ عام طور پر وہ امور ہوتے ہیں جو مردوں سے پوشیدہ رہتے ہیں۔ جن کی طرف مردوں کا دیکھنا جائز نہیں ہوتا۔ لہذا اس میں مرد کی گواہی قبول نہیں ہو گی۔

احناف اور حنابلہ دونوں کے نزدیک ان میں دو عورتوں کی شہادت اگرچہ بہتر ہے لیکن ایک آزاد مسلمان عورت کی گواہی بھی کافی ہوتی ہے۔ یہ عورتوں کی پوشیدہ امور ہوتے ہیں جیسے: بکارت، حمل، ولادت، استہلال، حیض، نفاس وغیرہ۔

مثلا: کسی عورت کے حاملہ ہونے نہ ہونے کی گواہی عورت ہی دے سکتی ہے۔ وضع حمل کے وقت بچہ زندہ پیدا ہوا اور پیدا ہوتے ہی مر گیا یا مردہ ہی پیدا ہوا تھا۔ یہ سبھی عورت کی ایک گواہی کے ذریعے معلوم ہو سکتا ہے۔ اسی طرح عورتوں کے جسمانی پوشیدہ عیوب کے بارے میں ایک عورت کی گواہی کافی ہوتی ہے۔

حضور کا فرمان ہے" شہادة النسآء جائزة فيما لا يستطيع الرجا ل النظر فيه"[554]

ترجمہ: عورتوں کی شہادت جائز ہے ان چیزوں میں جن کی طرف مرد نگاہ نہیں کر سکتے۔

ایک اور مقام پر روایت ہے "عن ابی خذیفة رضی اللہ عنہ " اجاز رسول الله شهادة القابلة ۔[555]

ترجمہ: حضرت خذیفہ سے روایت ہے کہ آپ نے دائی کی گواہی کو ولادت کے سلسلہ میں جائز قرار دیا۔

مذکورہ بالا امور میں خواتین بخوبی مشاہدہ کر سکتی ہیں۔ اس لئے ان معاملات میں ان کی شہادت قبول کی جاتی ہیں اور خواتین کو ان معاملات میں شبہات نہیں ہوتے اور جس گواہی میں شبہ نہ ہو وہ مدعی کے حق میں بلا چون وچرا تسلیم کی جاتی ہیں۔

---

[554]: حافظ ابو بکر ابن ابی شیبہ، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار، کتاب البیوع والاقضیہ، باب ما تجوز فیہ شہادة النساء** (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2017م) ج6، ص186، کتاب مجلة الاحکام العدلیہ دفعہ 2160، 2162 ص 665

[555]: عبد اللہ بن احمد، ابو محمد ابن قدامہ، الحنبلی، **المغنی**، (طبع مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج10 ص 29 ۔ وایضا صحیح البخاری ج1 ج10 ص 263

Scanned with OKEN Scanner

حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے " قال لا تجوز شہادۃ النسآء وحدھن الا علی مالا یطلع علیہ الا ھن من عورات النساء وما یشبہن ذلک من حملہن و حیضہن"[556]

ترجمہ: آپ نے فرمایا۔ کہ تنہا عورتوں کی شہادت صرف ان امور میں جائز ہیں جن پر صرف وہی مطلع ہوتی ہیں۔ مثلاً عورتوں کے خفیہ مقامات، حمل، حیض وغیرہ۔

امام مالکؒ کے نزدیک عورتوں کے جن امور پر مرد مطلع نہیں ہو سکتے جیسے ولادت، بکارت وغیرہ تو ان میں دو عورتوں کی گواہی کافی ہے اور بعض دیگر معاملات مثلاً رضاعت میں ایک عورت کی گواہی بھی قابل قبول ہے۔[557]

امام شافعیؒ ولادت اور عورتوں کے قابل ستر مقامات کے عیوب کے سلسلے میں عورتوں کی شہادت مرد کے بغیر جائز مانتے ہیں۔[558]

حنابلہؒ کے نزدیک اول الذکر فقہاء کی طرح عورتوں کے جسمانی پوشیدہ عیوب میں دو عورتوں کی شہادت اگرچہ بہتر ہے لیکن ایک آزاد مسلمان عورت کی گواہی بھی کافی ہوتی ہے۔

فقہ حنابلہ کی مشہور کتاب "الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ" نے ولادت، عدت اور نکاح وغیرہ میں ایک عورت کی گواہی بھی کافی قرار دی ہے۔[559]

---

[556]: ابن قیم الجوزیہ ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب الجوزیہ، اعلام الموقعین عن رب العالمین، (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج4 ص 1

[557]: مالک بن انس بن عامر الاصبحی، المدونۃ الکبریٰ، (مصر: دار الکتب النوادرہ، سن 1323ھ) ج5 ص 158

[558]: محمد بن ادریس االشافعی امام، کتاب الام، (اسکندریہ مصر: مکتبۃ دار الوفاء، سن 2001م) ج7 ص 92

امام شافعی کا پورا نام ابو عبد اللہ محمد بن ادریس الشافعی تھا۔ آپؒ 767م کو غزہ فلسطین میں پیدا ہوئے اور 53 سال کی عمر میں 820م کو وفات پا گئے۔ تمام علماء آپؒ کو امام مانتے تھے۔ آپؒ کے زہد و تقویٰ، علمی گہرائیت اور جامعیت اہل علم کے نزدیک فقید المثال تھا۔ کتاب الام آپؒ کے مختصر فقہی رسائل کی مجموعہ نویں صدی عیسویں مرتب کردہ کتاب ہے۔ یہ تصنیف آپؒ کے شاگرد ربیع بن سلیمان مرادی کے زریعے ہم تک پہنچی ہے۔ یہ کتاب مکتبہ دار لوفا نے گیارہ جلدوں چھپی ہے۔

[559]: حافظ شمش الدین، محمد بن ابو بکر ابو عبد اللہ، الزرعی، ابن القیم جوزیہ، الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ (دمشق شام: دار العلم، سن 2003م) ص 142

آپؒ کا پورا نام حافظ شمش الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابو بکر بن ایوب بن سعد حریز الزرعی الدمشقی المعروف با بن جوزی (ابن القیم جوزیہ) ہے۔ آپؒ 691ھ بمطابق 1292ء کو دمشق میں پیدا ہوئے اور 1350م بعمر 58 سال انتقال کر گئے۔ آپؒ امام ابن تیمیہ کی شاگرد خاص تھے۔ آپؒ نے ابن تیمیہ کے ساتھ چھبیس سال گزارے اور آپؒ فقہ حنبلی کے پیروکار تھے۔ آپ ساٹھ سے زیادہ کتابوں کی مصنف تھے جن میں مشہور اعلام الموقعین، تہذیب سنن ابی داؤد، الطب نبوی اور تلبیس ابلیس، الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ وغیرہ ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

اسلام نے عورت کے ساتھ تقریبا ہر معاملے میں نرمی اور سہولت کا معاملہ کیا ہے کہیں بھی ایسا نہیں کہ عورت کو کم تر درجہ کی مخلوق تصور کیا گیا ہے۔ جبکہ بعض امور میں اسلام نے عورت کو چند استثنائی حثیت دی ہے مثلا گواہی میں سہولت، کفالت سے برات، حق وراثت، عبادات میں چھوٹ، سفر میں محرم کی سہولت، نکاح کے وقت ولی کی سہولت وغیرہ۔ اگر عورت کی گواہی پر چند استثنائی احکام وارد ہوئے ہیں تو بالکل وہی صورت حال ایک دوسرے دائرے میں مرد کے بارے میں بھی موجود ہے۔

جہاں صرف عورت کی گواہی پر فیصلہ ہوتا ہے اور مرد کی گواہی کا سرے سے امکان ہی نہیں ہوتا وہ مقامات بہت زیادہ ہیں با لخصوص وہ امور جن میں عورت ہی گواہ بن سکتی ہے۔ یہ امور روز مرہ زندگی کا حصہ بھی ہیں۔ خلاصۃ الکلام یہ ہوا کہ عورتوں سے متعلق امور میں عورت کی گواہی بالاتفاق قابل قبول ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

4.5: فصل ششم: عورت کی گواہی پر پائے جانے والے شبہات کا جائزہ

بعض محققین اور مستشرقین عورت کی گواہی پر سب سے بڑا یہی اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام نے مردوں کے مقابلے میں عورت کی گواہی آدھی قرار دے کر ان کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔ اسی آدھی شہادت نے اس کی قد کاٹھ اور شخصیت مردوں کے مقابلے میں کم کی ہے۔

یہ لوگ استدلال میں قران مجید کی سورۃ بقرۃ ایت نمبر 282 پیش کرتے ہیں۔ جس میں ارشاد باری تعالی ہے۔" واستشہدوا شہدین من رجالکم فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتان ممن ترضون "[560]

ترجمہ: اور اپنوں میں سے دو مردوں کو گواہ کر لو۔ اگر دو مرد نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں جو تمہیں پسند ہو گواہ بنالو

لیکن اگر اسلامی تعلیمات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو نہ تو عورت کی گواہی آدھی ہے اور نہ اس کی شخصیت آدھی ہے ,،نہ یہ آیت عورت کی گواہی آدھا ہونے پر استدلال ہے اور نہ اسلامی تعلیمات میں عورت کی گواہی کبھی مسئلہ رہا ہے۔ مزید یہ کہ گواہی در اصل حق نہیں طوق ہے۔ جس کے نبھانے میں مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جہاں تک اس ایت کریمہ کا تعلق ہے تو اس میں قرآن کریم نے دو عورتوں کے گواہی کے سلسلہ میں یہ نہیں کہا کہ ان دونوں کی شہادت یکے بعد دیگرے لی جائے تاکہ وہ دو شہادات مل کر ایک مرد کی شہادت کے برابر ہو جائیں" بلکہ یہ کہا ہے کہ " ان تضل احدھما فتذکر احد ھما الاخری '"[561]۔

یعنی اگر ان میں سے ایک بھول جائے تو دوسری یاد دلاوے۔ اس کی تشریح یہ ہے اگر ایسا ہو کہ ان میں سے ایک گواہی دینے والی عورت کو گھبراہٹ کی وجہ سے کہیں الجھاؤ پیدا ہو جائے تو اس کے ساتھ کھڑی اس کی دوسری بہن اسے یاد دلادے۔ قرآن مجید نے یہاں ایک مرد کی جگہ دو خواتین، کو، گواہ مقرر، کرنے کی، حکمت، یہ بیان کی ہے کہ 'ان تضل احداہما فتذکر احداہما الاخری" یعنی گواہی دیتے ہوئے اگر دونوں میں سے ایک ضلال کا شکار ہو گی تو دوسری اس کو یاد کرادے گی۔ ان کے نزدیک تضلّ سے یہاں الجھنے اور چوک جانے کے مراد ہے۔

---

[560]: البقرہ:282

[561]: البقرۃ:282

جیسا کہ قرآن مجید سورۃ طہ میں ارشاد ہے "لا یضل ربی ولا ینسی" ۔[562]

ترجمہ: میرا رب نہ غفلت برتا ہے اور نہ بھولتا ہے۔

یہاں لفظ یضل سے مراد اور مفہوم یہی ہے کہ بیان کے دوران الجھ جانا اور اپنے مدعا کو ٹھیک بیان نہ کر پانا ہے۔ ان علماء کا موقف ہے کہ خواتین کے بارے میں یہ خیال رکھنا کہ ان میں نسیان کا مادہ غالب ہوتا ہے اور بات جلد بھول جاتی ہیں۔ مشاہدہ اور تجربہ کے خلاف ہے۔ کیونکہ علماء علم الحدیث خبر اور روایت کے دائرے میں خواتین کی بات بھی اسی اعتماد کے ساتھ قبول کرتی ہیں جس طرح مردوں کی قبول کی جاتی ہے۔

خبر اور شہادت، دونوں کا مدار کسی امر کا مشاہدہ کرنے اور پھر اس کو حفظ وضبط کے ساتھ آگے بیان کرنے کی صلاحیت پر ہے۔ اور جب خبر کے معاملے میں عورت کی روایت مرد کے مساوی تسلیم کی جاتی ہے، تو پھر منطقی تقاضا یہ ہے، کہ اس کی گواہی کا حکم بھی یہی ہو اور اگر عورت کی یادداشت کے خلقی طور پر ناقص ہونے کی بات کو درست تسلیم کیا جائے تو پھر ضروری ہو گا کہ صرف گواہی میں نہیں، بلکہ خبر اور روایت میں بھی خواتین کی یادداشت پر بھروسہ نہ کیا جائے اور اس دائرے میں بھی دو عورتوں کو ایک مرد کے مساوی قرار دیا جائے۔

چنانچہ جلیل القدر حنفی فقیہ کمال ابن الہمامؒ نے یہ تسلیم کیا ہے کہ عورت کی گواہی کے مرد سے نصف ہونے کی بنیاد ان کے مشاہدہ اور ضبط کی کمی کو قرار نہیں دیا جا سکتا، کیونکہ مشاہدہ اس کے برعکس یہ بتاتا ہے کہ خواتین میں جزئیات امور کو یاد رکھنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔[563]

امام ابن قیمؒ کا مسلک ہے کہ بغیر علت دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے مساوی قرار نہیں دیا جا سکتی، بلکہ ایک عورت کی گواہی مکمل گواہی ہوتی ہے اور اس کی گواہی دوسری عورت سے موکد کرنے کا اہتمام انہیں معاملات میں کیا جاتا ہے جن میں تجربہ اور ممارست کی کمی کے باعث خواتین کی بھول وغفلت یا عدم ضبط کا شکار ہو جانے کا خدشہ ہو۔[564]

---

[562]: طہ:52

[563]: کمال الدین، محمد بن عبد الواحد، السیواسی المعروف ابن الہمام، **فتح القدیر شرح کتاب الہدایہ**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003) ج7 ص 371
کمال ابن ہمام کا پورا نام علامہ کمال الدین محمد بن عبد الواحد السیواسی المعروف ابن الہمام الحنفی ہے۔ آپؒ 790ھ بمطابق 1388م پیدا ہوئے 861ھ بمطابق 1457م کو وفات ہو گئے۔ فتح القدیر کتاب ہدایہ کی سب سے مفصل، جامع اور مبسوط شرح ہے۔ یہ کتاب دس جلدوں پر محیط ہے۔

[564]: ابن قیم جوزیہ ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب جوزیہ، **اعلام الموقعین عن رب العالمین**، (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج4 ص 83

Scanned with OKEN Scanner

ان کے علاوہ اگر باقی امور میں جہاں وہ اپنے مشاہدے اور تجربے کی بنیاد پر پورے اعتماد سے گواہی دے سکتی ہیں تو ان کی گواہی مردوں کے برابر ہی سمجھی جائے گی۔[565]

اس سے ظاہر ہے کہ اگر شہادت دینے والی عورت کو گھبراہٹ لاحق نہ ہو تو دوسری عورت کو دخل اندازی کا موقع ہی نہیں آئے گا تو اس صورت میں اکیلی شہادت کافی قرار پائے گی۔[566]

اسی طرح ابن حزم ظاہریؒ بھی تمام معاملات میں بلا روک ٹوک عورتوں کی گواہی کا قائل ہے۔[567]

ابن حزم کے طرح امام جعفر صادق بھی ہر معاملے بشمولؒ زنا کی مقدمات میں عورتوں کی گواہی پر سزا دینے کا قائل ہے[568]

جب کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے بھی قتل کے ایک مقدمے میں خواتین کی گواہی قبول کرنا ثابت ہے[569]۔

واقعہ کچھ یوں ہے کہ ہندہ بنت طلق بیان کرتی ہیں کہ ہم چند عورتیں ایک جگہ تھیں، وہیں ایک بچہ کپڑے سے ڈھکا پڑا تھا۔ ایک عورت نے ادھر سے گزرتے ہوئے اس کو روند ڈالا۔ بچہ کی ماں نے دعویٰ کیا کہ اس نے میرے بچہ کو ہلاک کر دیا۔ اسی کی گواہی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے چار خواتین نے اور ایک اور روایت میں دس خواتین نے دی جن میں، میں بھی شامل تھی تو علی رضؓ نے شہادت قبول کر کے اس عورت پر دیت لازم کر دی"[570]

جبکہ حدود کے مقدمات میں خواتین کی گواہی قبول کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں بھی تابعین کے ہاں اختلاف موجود ہے۔ عطاء بن ابی رباحؒ اور حماد بن ابی سلیمانؒ تین مردوں کے ساتھ دو عورتوں کی گواہی پر حد نافذ کرنے کے قائل ہیں[571]

---

[565]: حافظ شمس الدین احمد بن ابو بکر، بوعبد اللہ، الدمشقی ابن القیم جوزیہ، **الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ** (دمشق شام: دار العلم، سن 2003م) ص 177

[566]: پرویز، غلام احمد، **مفہوم القرآن**، ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ، (لاہور: بیت القران، سن 1961م) ج2 ص 14-213

[567]: ابو محمد علی بن سعید ابن حزم الظاہری **المحلی بالاثار**، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2015م) ج10 ص 175

[568]: ابو جعفر محمد بن حسن الطوسی، **تہذیب الاحکام** (بیروت لبنان: مکتبہ دار المعارف للمطبوعات العربیہ سن 2004م) ج10 ص 26

تہذیب الاخلاق ابو جعفر محمد بن حسن الطوسی المعروف بہ شیخ طوسی کی کتاب ہے۔ طوسی 460ھ بمطابق 1068م کو وفات ہو گئے۔ یہ کتاب اہل بیت کی معتبر روایات سے مجتہد کے استفادہ اور احکام و شرعی مسائل میں فتوی دینے کے لئے تالیف کی ہے۔ اس کتاب میں ساڑھے تیرہ ہزار پانچ سو نوے مستند حدیثوں کو تین سو نوے باب کے ذیل میں بیان کی ہیں۔ یہ کتاب شیعوں کی حدیثوں کی تیسری معتبر کتاب ہے۔ اس کی بہت سی شروح لکھی گئی ہیں۔

[569]: حافظ ابو بکر ابن ابی شیبہ، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار**، کتاب البیوع باب ما تجوز فیہ شہادۃ النساء (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2017م) ج6، ص 63-61

[570]: سید جلال الدین مولانا، **عورت اسلامی معاشرہ میں** (لاہو پاکستان ر: اسلامک پبلیکیشرز 1992م) ص 179

[571]: ابو محمد، عبد اللہ بن، احمد بن، قدامہ، الحنبلی، **المغنی**، (طبع مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج10 ص 175

لیکن طاؤسؒ کے نزدیک صرف زنا کے علاوہ ہر معاملے میں عورتوں کی گواہی قابل قبول ہے۔[572]

حضرت امام احمدؒ بن حنبل کے نزدیک بھی ایسے مقامات جو خواتین کے لیے مخصوص ہو مثلاً حمام اور شادی وغیرہ کی تقریبات جہاں مردوں کی موجودگی اور ان کا کسی معاملے پر اطلاع پانا مشکل ہو۔ وہاں حدود کے معاملات میں صرف عورتوں کی گواہی بھی قابل قبول ہو گی۔[573]

القائلین لشہادۃ النسآء فی جمیع الامور: کا استدلال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مرد و عورت دونوں کو اپنے بندگی کے لیے پیدا کیا ہے۔ دونوں سے یکساں یہ تقاضا ہے کہ وہ انسانیت کے معیار پر پورے اتریں۔ دونوں پر برابر کی اخلاقی ذمہ داریاں ڈالی گئی ہیں یعنی دونوں ہی سارے اخلاقی احکام کے مکلف ہیں۔ دونوں نیکی و بدی کی آزمائش میں ڈالے گئے ہیں،۔ دونوں کا اعمال نامہ مرتب ہو رہا ہے،۔ دونوں سے برابر کی سطح پر ان کے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔ دونوں کے لیے دنیا میں ایک جیسی سزائیں اور ایک جیسا انعام ہے اور آخرت میں بھی برابر کی سزائیں ہوں گی اور برابر کا انعام ہو گا۔

اور اس پر بہت ساری آیات دلالت کرتی ہیں، مثلاً چوری، زنا اور قتل جیسے سنگین جرائم میں جو سزا مرد کے لئے تجویز کی گئی ہے۔ وہی سزا عورت کے لئے تجویز ہے۔ اگر یہ دونوں برابر نہ ہوتے تو ایسا ہرگز نہ کیا جاتا۔ تولہذا مقدمات میں بھی اگر عورت بحیثیت گواہ پیش ہو تو مرد جیسے اس کی گواہی بھی قابل قبول و ثقاہت ہو گی۔ اسی طرح نیکیوں پر ان کے اخروی انعام کا ذکر کرتے ہوئے یکسانگی کا حکم فرمایا ہے۔ لقولہ تعالیٰ" ومن ،یعمل، من الصلحٰت، من ذکر، او انثی، و ھو مؤمن، فاولئک، یدخلون الجنۃ، و لا یظلمون نقیرا"۔[574]

ترجمہ: اور جو ایمان والا مرد ہو یا عورت نیک عمل کرے۔ یقیناً ایسے لوگ جنت میں جائیں گے اور کھجور کی گھٹلی کے شگاف کے برابر ان کا حق نہیں مارا جائیگا۔

ایک اور جگہ ارشاد باری تعالی ہے۔" من عمل سیئۃ فلا یجزی الاّ مثلھا و من عمل صالحا من ذکر او انثی و ھو مئومن فاولئک ید خلون الجنۃ یرزقون فیھا بغیر حساب"[575]

---

[572]: امام عبد الرزاق الصنعانی، **مصنف لعبد الرزاق، کتاب الشہادت**،(المدینۃ المنورۃ: دار التاصیل سن 2015م) ج7ص 331رقم حدیث13372

[573]: ابن تیمیہ احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام الدمشقی، **مجموع الفتاویٰ**،(السعودیہ: وزارۃ الشون الاسلامیہ والدعوہ والارشاد مجمع الملک فھد لطباعۃ المصحف الشریف، سن 2004م) ج15ص304

[574]: النساء:124

[575]: الغافر:40

Scanned with OKEN Scanner

ترجمہ: جو شخص بھی کوئی برائی کرے گا تو اُس کو اُس کے برابر ہی بدلہ دیا جائے گا اور جو کوئی نیک کام کرے گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو یہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے اور اُس میں اِن کو بے حساب رزق دیا جائے گا۔

ایک اور جگہ ارشاد ربانی ہے۔" من عمل صالحا فلنفسہ ومن اساء فعلیہا وما ربک بظلام للعبید"[576]

ترجمہ: جس نے نیک عمل کیا تو اپنے واسطے اور جس نے کی برائی کی تو اس کا وبال اُسی ہی پر ہو گا اور تیرا رب ایسا نہیں کہ ظلم کرے بندوں پر۔

دوم یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری کائنات کے لئے رحمت بنا کر مبعوث فرمایا۔ یہ رحمت مردوں کے ساتھ ساتھ طبقہ نسواں پر بھی سایہ فگن ہوئی۔ قرآن کی رو سے، مرد و زن، دونوں آدمؑ کی اولاد ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہتری کا معیار، مرد یا عورت ہونا نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہتر وہ ہے، جو زیادہ متقی اور زیادہ پرہیز گار ہو۔[577]

احترام زن اسلام میں صرف تذکرہ نہیں ہے بلکہ اسلام نے تبلیغ اور ریاست کے معاملات میں عورت کی عملی شمولیت بنی نوع انسان کے لئے عملی نمونہ ہے۔ اسلام نے عورت کو عزت اور احترام کی رفعتیں عطا فرمائیں۔ لہذا عورت ہر معاملے بشمول گواہی مرد کے نصف نہیں بلکہ مرد کے برابر ہے۔

شریعت اسلامیہ مالی معاملات میں بھی دو مردوں کی گواہی کو ترجیح دیتی ہے۔ اسلام مرد سے خاندان کی کفالت کی توقع کرتا ہے۔ چونکہ اقتصادی ذمہ داری مردوں پر ہے۔ اس لیے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ لین دین میں عورتوں کی نسبت زیادہ علم و آگہی رکھتے ہیں اور انہی معاملات یعنی صرف مالی معاملات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر رکھی گئی ہے کہ اگر ایک بھول جائے یا غلطی پر ہو تو دوسری اُسے یاد دِلا دے۔

اس سے معلوم ہوا کہ بنیادی طور پر گواہی ایک عورت نے دینی ہوتی ہے اور دوسری نے اسے بھول جانے کی صورت میں یاد دہانی کرانی ہے جس پر پھر عدالت فیصلہ دے گی اگر گواہی دینے والی عورتیں غلطی نہ کرے تو دوسری عورت کی ضرورت نہیں پڑ جاتی۔

جبکہ جمہور علماء نے جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے عورت کی گواہی کو چار درجوں میں تقسیم کیا ہے۔

---

[576]: السجدہ:46

[577]: الحجرات:13

Scanned with OKEN Scanner

1: پہلا درجہ: زنا اور بدکاری کے مقدمات، جہاں چار مردوں کی شہادت معتبر ہوگی جبکہ اس مقدمے میں جمہور علماء کے نزدیک عورت کی شہادت غیر معتبر ہوگی۔ اور اس بات پر قران مجید کی مندرجہ ذیل آیات دلیل ہیں۔

لقولہ تعالیٰ: "والذین ،یرمون ،المحصنات ثم لم یا توا باربعۃ شہداء ،فاجلدوھم ثمانین جلدۃ ،ولا تقبلوا لھم شہادۃ ابدا و اولئک ھم الفاسقون"۔[578]

ترجمہ: اور وہ لوگ جو پاک دامن خواتین پر عیب لگاتے ہیں اور چار مرد گواہوں کو نہ لائیں تو مار ان کو اسی 80 درے اور مستقبل میں ان کی گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہی لوگ ہیں نافرمان۔

سورۃ النساء میں ارشاد ہے۔ واللاّتی یاتین الفاحسۃ من نساءکم فاستشہدوا علیھن اربعۃ منکم [579]

ترجمہ: اور جو کوئی بدکاری کرے تمہاری عورتوں میں سے تو ان پر مردوں میں سے چار گواہ لاؤ۔

2: دوسرا درجہ: دوسرے درجے میں زنا کے علاوہ دیگر حدود یعنی حد قذف، حد شرب، حد الحرابہ اور حد سرقہ کے علاوہ قصاص کے مقدمات میں بھی جمہور علماء کے نزدیک عورتوں کی شہادت قبول نہیں کی جاتی۔ جبکہ انہی مقدمات کی اثبات دو گواہوں کی گواہی سے ہو جاتی ہے۔

لقولہ تعالیٰ: "واستشھدوا شھدین من رجالکم"[580]

ترجمہ: اور گواہ کر لو دو مرد اپنوں میں سے"

ایک اور جگہ اللہ تعالی فرماتا ہے۔ " واشھدوا ذوی عدل منکم"[581]

ترجمہ: اور گواہ کر لو تم میں سے دو معتبر اور صاحب عدل۔

حدیث: رسول اکرم ﷺ نے عبداللہ ابن سہل رضی اللہ عنہ کے قتل کے مقدمہ میں حویصہ بن مسعود اور محیصہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے دو گواہان طلب کئے۔ تھے۔ قصاص کے مقدمے میں چونکہ مال دیت کی شکل میں متبادل ہو سکتا ہے۔ اسلئے فقہاء نے اس کو، مالی معاملات، پر محمول کیا ہے اور اس کے اثبات کے لئے دو گواہ کافی قرار دئے ہیں۔[582]

---

[578]: النور: 4

[579]: النساء: 15

[580]: البقرہ: 282

[581]: الطلاق: 2

Scanned with OKEN Scanner

3: تیسرا درجہ: اس میں دیگر حقوق و معاملات یعنی نکاح، طلاق اور مالی لین دین وغیرہ شامل ہیں۔ یہ مرد کے ساتھ دو عورتیں ہوں، بشرطیہ کہ دو مرد گواہ میسر نہ ہوں

لقولہ تعالیٰ "فاذا بلغن، اجلہن فامسکوھن، بمعروف ،او فارقہن بمعروف، و اشہدوا ذوی عدل منکم ،و اقیموا اشہادۃ للہ، "[583]

ترجمہ: پھر جب پہنچے اپنے وعدہ کو تو رکھ لو ان کو رواج کے مطابق یا چھوڑ دو ان کو رواج کے موافق اور گواہ کر لو دو معتبر اپنے میں سے اور سیدھی ادا کرو گواہی اللہ کے واسطے۔

اس بارے میں رسول پاک کا فرمان ہے۔"لا نکاح الاّبولیّ و شاھدی عدل۔ فان تشاجروا فا لسطان ولی من لا ولیہ"[584]

ترجمہ: ولی اور دو گواہوں کی موجودگی کے بغیر نکاح جائز نہیں ہوتا۔ اگر اس امر میں نزاع پیدا ہو جائے تو حاکم ایسے شخص کا نگران ہوگا جس کا کوئی نگران نہ ہو۔

4: چوتھا درجہ: عورتوں کے مخصوص معاملات کے متعلق کوئی امر ہو تو اس میں تنہا عورتوں کی شہادت قبول کی جاتی ہے کیونکہ عورتوں کے مخصوص امور عام زندگی سے قدرے مختلف ہوتے ہیں۔ اسلیئے ان میں ایک عورت کی گواہی سے نصاب مکمل ہوتا ہے۔ مثلاً بچے کی ولادت خواتین کے بعض پوشیدہ عیوب اور بکارت، مباشرت وغیرہ۔ جس کی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے لقولہ تعالیٰ "و استشہدوا شہدین من رجالکم فرجل و امراتان ممن ترضون من الشہداء"[585]

ترجمہ: گواہ بنالو، اگر دو آدمی نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتوں کو ان میں سے جو تمہیں پسند ہو بحیثیت گواہ۔

اس ایت کریمہ سے مندرجہ ذیل باتیں واضح ہو جاتی ہیں۔

---

[582]: محمد، بن علی بن عبد اللہ، الشوکانی، **نیل الاوطار من اسرار منتقی الاخبار** (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج6 ص 311

[583]: الطلاق:2

[584]: دار قطنی علی ابن عمر بن احمد بن مہدی، **سنن دار القطنی ب**اب النکاح (بیروت لبنان: دار المعرفہ، سن 2001م) ج2 ص165، حدیث نمبر 3569

شیخ الاسلام امام ابو الحسن دار القطنی کا پورا نام ابو حسن علی بن عمر احمد بن مہدی بن مسعود بن نعمان بن دینار بن عبد اللہ بغدادی دار القطنی ہے۔ آپؒ بہت بڑے مصنف ارو محدث تھے۔ آپؒ 918م کو بغداد میں پیدا ہوئے اور 77 سال کی عمر میں 995م ہی کو بغداد میں انتقال کر گئے۔ آپؒ کے مشہور کتابوں میں سنن دار القطنی، الافراد والغرائب، الضعفاء والمتروکون، المتلف والمختلف فی اسمائ الرجال وغیرہ ہیں۔

[585]: البقرہ:282

اولاً: یہ کہ قرآن نے مردوں میں سے دو گواہوں کا ہونا ضروری، قرار، دیا ہے، یہ بات بالکل واضح ہے کہ عدالتوں میں گواہی کا فریضہ ادا کرنا، امور حیات کی فطری تقسیم کے مطابق مرد کے ذمے ہے اور ویسے بھی لین دین کا یہ مالی مسئلہ، مردوں ہی کے شعبہ تصرف ہے۔ اسلئے مردوں کا اس معاملے میں گواہ قرار پانا مرد کے لئے آسان اور فطری امر ہے کیونکہ مرد عورت کی نسبت سخت جان ہوتا ہے۔

ثانیاً: قرآن کے الفاظ "فان لم یکونا رجلین "یعنی اگر دو مرد نہ ہوں سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب اللہ کے نزدیک اول و آخر مطلوب گواہ صرف مرد ہی ہیں۔ لیکن اگر وہ بوجوہ میسر نہ آسکیں تو" فرجل و امراتان "یعنی ایک مرد اور دو عورتیں" آخری چارہ کار کے طور پر گواہ بنائے جائیں۔

قرآن پاک کی اس ایت سے صاف طور پر واضح ہو تا ہے۔ کہ "ایک مرد اور دو عورتوں " کی شہادت، دو مردوں "کی عدم موجودگی ہی میں اختیار کی جائے ورنہ شہادت کا پہلا نصاب دو مرد ہیں اور دوسرا نصاب ایک مرد اور دو خواتین ہیں۔ اور یہ ایک دوسرے کا دوطرفہ قائم مقام نہیں بن سکتے کہ جب چاہا کسی ایک نصاب کی جگہ دوسرے کو اختیار کیا جائے

ایسا بالکل ممکن نہیں کہ پہلے نصاب کو دوسرے نصاب کا قائم مقام قرار دیا جائے۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ پہلے نصاب کی عدم موجودگی میں دوسرا نصاب اس کا متبادل قرار پایا جائے۔ یہ ایسا ہی ہے کہ جیسا وضوء تیمم کا متبادل نہیں ہو سکتا۔ البتہ تیمم بصورت عدم موجودگی پانی، بامر مجبوری وضوء کا متبادل اور قائم مقام بن سکتا ہے۔

لقولہ تعالیٰ:" فان لم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا"[586] ترجمہ: اگر تمہیں پانی نہیں ملتی تو پاک مٹی سے تیمم کرے۔

ثالثاً: یہ کہ پہلے نصاب کی جگہ دوسرا نصاب شہادت بیان کرتے ہوئے قرآن نے فرمایا اگر دو مرد نہ ہوں تو اپنے پسندیدہ گواہوں میں سے ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ مقرر کرلو

رابعاً: چونکہ معاشی ذمہ داریاں سراسر مرد کے دائرہ عمل میں سے ہیں۔ لہذا قرآن نے یہ قطعاً گوارا نہیں کیا کہ پہلے یا دوسرے نصاب کے طور پر تنہا عورتوں کو گواہ بنالیا جائے۔ اگر اللہ چاہتا تو یوں بھی فرما سکتا تھا کہ "واستشہدوا شہیدین من نساء کم "یعنی اپنی خواتین میں سے دو عورتوں کو گواہ بنالو"۔

پھر قران نے متبادل نصاب کے طور پر مردوں کی جگہ عورتوں کو ہی گواہ بنانا پسند نہ کیا، بلکہ حکم دیا کہ "ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالو۔" یہ طرز بیان واضح کرتا ہے کہ مردوں کے دائرہ کار میں تنہا عورتوں کی گواہی کو مقرر کرنا اسلامی معاشرت میں قطعی

---

[586]: النساء: 43

ناپسندیدہ امر ہے۔

خامسا: اگر ایک عورت، بھول جائے تو، دوسری عورت، اس کو یاد دلا دے۔ لقولہ تعالیٰ "ان تضل احد هما فتذكر احدهما لاخرٰ "

دوم یہ کہ چونکہ رعب و دبدبے کے مقام و دوران عورتوں کی گفتگو مبہم، غیر واضح اور غیر مدلل ہوتی ہیں۔ لقولہ تعالیٰ "او من ينشوا في لاحيلة و هو في الخصام غير مبين"[587]

ترجمہ: کیا ایسا شخص جس کی پرورش زیورات میں ہوتی ہے اور جو نزاعی امور میں اپنے اظہار مدعا میں بھی غیر واضح رہتی ہے۔ یا جھگڑے میں بات نہیں کہہ سکتی"۔ اس آیت کریمہ میں عورتوں کے متعلق دو حقیقتوں کو بیان فرمایا گیا ہے۔

اول: یہ کہ وہ زیورات میں پرورش پاتی ہے۔ جس میں اس کے ذوق آرائش کی طرف اشارہ ہے۔

دوم: یہ کہ وہ نزاعی امور (فی الخصام) جھگڑے میں اپنے مافی الضمیر کے اظہار میں غیر واضح اور مبہم رہ جاتی ہے۔

یہ دونوں باتیں عورت کی طبعی ساخت اور نفسیات میں داخل ہیں۔

یہاں یہ امر قابل توجہ ہے کہ عورت کے متعلق یہ نہیں کہا گیا کہ وہ عام روز مرہ گفتگو میں "غیر مبین" رہ جاتی ہے بلکہ اس کی یہ خصوصیت صرف نزاعی امور اور مخاصمانہ صورتحال تک محدود ہے۔ جس میں عورتیں اپنے بیان اور اظہار مدعا میں غیر واضح رہ جاتی ہے۔ اور یہ عورتوں کی ایک عام کمزوری ہے۔ چونکہ اس کمزوری کو خود قرآن نے بھی بیان کیا ہے۔ لہذا یہ کمزوری عورت کی کوئی توہین یا تذلیل نہیں ہے۔ بلکہ ایک امر واقعی کا اظہار ہے۔

لہذا گواہ مقرر کرتے ہوئے ایک کی بجائے دو عورتوں کو بنایا جائے۔ علاوہ ازیں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ چونکہ خواتین کا دائرہ کار گھر کی دنیا تک محدود ہے۔ اس لئے اسے بیرون خانہ کے مشاغل میں مصروف کرنا اور عدالتی سرگرمیوں میں ملوث کرنا اس کے فطری مستقر سے ہم آہنگی نہیں رکھتی۔ اور گھر سے باہر کے امور نبھانا چونکہ مرد کے دائرہ کار میں شامل ہے۔ اس لئے وہی اس کا قابل ہے کہ ایسے مقدمات و معاملات میں بطور گواہ اپنا کردار ادا کرے۔

بعض استثنائی صورتوں میں جبکہ جائے وقوع پر فقط خواتین ہی موجود ہوں، گواہ قرار پا سکتی ہے لیکن یہ بہر حال مجبوری کا نتیجہ ہے۔ اسلام کا عام قانون نہیں ہے، اسلامی قانون شہادت یہی ہے کہ زنا و قذف کی حدود میں مرد ہی گواہ بن کر عدالتوں میں گواہی ریکارڈ کرائیں اور خواتین اندرون خانہ اہل و عیال کی پرورش و خدمت کریں۔

---

[587]: الزخرف: 18

قران حکیم نے بھی خدمت کی اسی موقع کو جاری رکھنے کے لئے سورت بقرہ ایت نمبر 282 میں ہدایت کی ہے۔ کہ ادھار لین دین میں اول تو گواہ دو مرد ہونے چاہییں، اور اگر دو مرد نہ ہو سکیں، تو پھر ایک مرد اور دو عورتوں، کو گواہ، مقرر کیا جائے۔ جس سے منشاء شارع واضح ہے کہ عورتیں گواہی کے معاملات سے اصلاً دور ہی رہیں اور اگر انھیں گواہ بنایا جائے تو ایک مرد کی جگہ دو عورتیں گواہ مقرر کی جائیں۔

جمہور فقہانے اس بحث سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ شارع کا منشاء عورتوں کی گواہی کو ناقص قرار دینا ہے۔ چنانچہ ان کے نزدیک خواتین کی گواہی صرف مالی معاملات میں قابل قبول ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے ان کی گواہی قبول کرنے کی اجازت دی ہے۔ ان کے علاوہ باقی معاملات، مثلاً نکاح وطلاق، حدود اور قصاص وغیرہ میں عورتوں کی گواہی قابل قبول نہیں۔

جمہور فقہا کی طرف سے اپنے نقطۂ نظر کے حق میں بنیادی طور پر حسب ذیل دلیلیں پیش کی گئی ہیں۔ ایک یہ کہ قرآن مجید نے زنا کے اثبات کے لیے "**اَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ**" کی گواہی کو ضروری قرار دیا ہے جس سے مراد چار مرد گواہ ہیں[588]

استدلال اس نحوی قاعدے پر مبنی ہے کہ عربی زبان میں تین سے دس تک معدود اگر مذکر ہو تو اس کے لیے عدد مونث استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ "اربعۃ" کا مونث لایا جانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ 'شہداء' سے مراد مرد گواہ ہیں۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خواتین کے بدکاری کا مرتکب ہونے کی صورت میں فرمایا ہے کہ "**فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم**"، یعنی ان پر اپنے میں سے چار گواہ طلب کرو۔ چونکہ یہاں مشہود علیہ خواتین ہیں اور مشہود علیہ، خود شاہد نہیں ہو سکتا، اس لیے 'منکم' سے مراد بھی خواتین نہیں، بلکہ مرد ہی ہو سکتے ہیں۔[589]

تیسری دلیل امام زہری کا قول ہے اُنے فرمایا "مضت السنة من رسول الله صلى الله عليه وسلم والخليفتين من بعده ان لا تجوز شهادة النساء فى الحدود "[590]

ترجمہ: رسول اللہ، اور آپ کے، بعد دونوں خلفاء (ابو بکر اور عمر رضوان اللہ علیہما) کے زمانے سے سنت یہ دستور جاری ہے کہ حدود و قصاص میں عورتوں کی گواہی قبول نہ کی جائے۔

---

[588]: عسقلانی ابن حجرؒ احمد بن علی الکنانی، **فتح الباری** (قاہرہ مصر: مکتبۃ السلفیہ، سن 2015م) ج5 ص 266

[589]: محی الدین ابو بکر ابن العربی **احکام القران** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 1427ھ) ص 460

[590]: حافظ ابو بکر ابن ابی شیبہ، **الکتاب المصنف فی الاحادیث والاثار**، کتاب الاقضیہ، باب ماتجوز فیہ شہادۃ النساء (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 2017م) ج6 ص 596

احناف نے اس حکم کی تعبیر اس کے بالکل برعکس کی ہے اور ان کا کہنا ہے کہ جب ایک طرح کے معاملے میں عورتوں کی گواہی قبول کی گئی ہے۔ یہ اس کی دلیل ہے کہ عورت اصلاً گواہی دینے کی اہلیت رکھتی ہے، اس لیے اصول اور عقل و قیاس کا منشاء یہ ہے کہ ہر طرح کے معاملے میں عورت کی گواہی قبول کی جائے، الّا یہ کہ کسی معاملے میں اس کے برعکس دلیل پائی جائے۔[591]

البتہ احناف حدود ق و قصاص کے معاملے میں جمہور کے ہم خیال ہیں اور ان مقدمات میں خواتین کی گواہی قبول نہیں کرلیتے ہیں۔ اور ایسے معاملات جن میں مردوں کا اطلاع پانا عادتاً ممکن نہیں ان میں بلا چون وچرا عورتوں کی گواہی جائز ہے۔ امام شوکانیؒ نے اپنے شہرہ آفاق کتاب فتح القدیر میں لکھا ہے کہ وہ معاملات جن میں عورت کے علاوہ کوئی اور مطلع نہیں ہو سکتا۔ ان میں عورتوں کی گواہی بغیر کسی اختلاف مقبول ہے[592]

جبکہ باقی تمام معاملات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر سمجھی جائے گی"[593]

اس ضمن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد صحیح بخاری کی کتاب الحیض کی روایت میں یوں نقل ہوا ہے کہ ایک موقع پر آپؐ نے فرمایا کہ خواتین عقل اور دین کے اعتبار سے ناقص ہیں اس پر خواتین نے پوچھا کہ یارسول اللہ، ہمیں کس بنیاد پر دین اور عقل کے اعتبار سے ناقص کہا جارہا ہے؟ آپ نے فرمایا۔

" قال الیس شہادۃ المرأۃ مثل نصف شہادۃ الرجل؟ قلن بلی، قال فذلک من نقصان عقلہا. الیس اذا حاضت لم تصل ولم تصم؟ قلن بلی، قال فذلک من نقصان دینہا ".[594]

ترجمہ: آپؐ نے فرمایا۔ کیا عورت کی گواہی مرد کی گواہی سے آدھی نہیں ہے؟ عورتوں نے کہا: ہاں ایسا ہی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ یہ اس کی عقل میں نقص کی دلیل ہے۔ کیا ایسا نہیں ہے کہ حیض کی حالت میں عورتوں کو نماز اور روزہ چھوڑنا ہوتا ہے۔؟ انھوں نے کہا: ہاں۔ آپ نے فرمایا یہ ان کے دین کا ناقص ہونا ہے۔

اس روایت کے الفاظ سے یہ واضح ہے کہ اس میں مستقل کوئی حکم بیان نہیں کیا جارہا، بلکہ سورۂ بقر کی آیت 282 کے تائید کی جا رہی ہے۔ چونکہ سماجی، تجارتی اور کاروباری معاملات میں عورتوں کے تجربہ اور ممارست کم ہوتی ہیں اسلئے احتیاطاً دو عورتوں کو

---

[591]: الکاسانی علاء الدین، ابو بکر بن مسعود، الحنفی، **البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع** (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003م) ج6، ص279

[592]: التفسیر ڈاٹ کام، البقرہ ایت:282

[593]: علامہ، کمال الدین محمد بن عبد الواحد، المعروف ابن الہمام، **فتح القدیر** شرح کتاب الہدایہ، (بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ، سن 2003) ج7 ص 371

[594]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری کتاب الحیض** (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 1992م) ج2 ص293

گواہ بنالینے کی ہدایت کی گئی ہے کیونکہ اگر ان میں سے ایک بھول جائے یا الجھاؤ کا شکار ہو جائے تو دوسری عورت اس کا سہارا بن کر یاد دلائے

امام ابن تیمیہؒ اور ان کے شاگرد امام ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرد کے مقابلے میں، دو خواتین کو گواہ بنانے کی، حکمت، خود قرآن حکیم نے یہ بیان کیا ہے، کہ اگر ان میں سے ایک بھول جائے تو دوسری اس کو یاد دلا دے، جو اس بات کی نشانی ہے کہ یہ معاملے کے فریقین کے لیے محض ایک تدبیری نوعیت کی ہدایت ہے۔ اس کا عدالت اور قضا سے کوئی تعلق نہیں اور قاضی کے سامنے اگر ایک عورت بھی قابل اعتماد طریقے سے گواہی دے تو قاضی اس کی بنیاد پر فیصلہ کر سکتا ہے۔[595]

امام ابن قیمؒ فرماتے ہیں یہاں ایک عورت کی گواہی کو دوسری عورت کی گواہی سے موکد کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے اور یہ بھی ان معاملات میں مطلوب ہوتا ہے جن میں تجربہ اور عملی مظاہرہ کی کے باعث خواتین کے بھول جانے یا عدم ضبط کا شکار ہو جانے کا قوی اندیشہ ہو۔ ان کے علاوہ باقی امور میں جہاں وہ اپنے مشاہدے اور تجربے کی بنیاد پر پورے اعتماد سے گواہی دے سکتی ہیں، ان کی گواہی مردوں کے برابر ہی سمجھی جائے گی۔[596]

مندرجہ بالا حدیث کا امام جصاصؒ نے کوئی سند پیش نہیں کی ہے۔ البتہ ابن ہمامؒ نے اس کو ابن ابی شیبہؒ کے حوالے سے سنداً، روایت کیا ہے۔ ابن ابی شیبہؒ نے یہ روایت حفص بن غیاث سے لی ہے جس کو محدثین اس کو مدلس سمجھتے ہیں۔[597]

لیکن اگر غور کیا جائے تو یہاں ایک کاروباری لین دین کی بات ہو رہی ہے اور چونکہ عورت پر معاش کی فکر لاگو نہیں کی گئی لہٰذا یہ معاملہ یقیناً عورت کی دلچسپی سے باہر ہے۔ دو عورتوں کو مقرر کرنے کی اصل وجہ یہ ہے کہ چونکہ عورتیں عام حالات میں عموماً اور عہد رسول اللہ میں خصوصاً قرض اور معاشی لین دین سے دور رہتی ہیں اور جو انسان جس معاملے سے جتنا لاتعلق ہو، اس خاص معاملے میں اس کے بھولنے کے امکانات اتنے ہی زیادہ ہوتے ہیں۔

---

[595]: ابن قیم جوزیہ ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب جوزیہ، اعلام الموقعین عن رب العالمین، (الدمام السعودیہ: دار ابن الجوزی سن 1427ھ) ج4 ص 83

[596]: ا: حافظ شمش الدین، محمد بن ابو بکر، ابو عبد اللہ ابن القیم جوزیہ، الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ (دمشق شام: دار العلم، سن 2003م) ص 177

[597]: شہاب الدین احمد بن علی ابو الفضل ابن حجر عسقلانی، **تہذیب التہذیب** (لاہور پاکستان: مکتبہ رحمانیہ سن 2018م) ج2 ص 18-415
تہذیب التہذیب شیخ الاسلام امام ابن حجر عسقلانی کی کتاب ہے یہ کتاب بارہ جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ مصنف نے خود اس کو مختصر کر کے تقریب التہذیب کے نام مشہور ہوئی۔ ابن حجر کا پورا نام شہاب الدین احمد بن علی بن محمد ابو الفضل ابن حجر عسقلانیتھا۔ آپؒ 1372م کو مصر میں پیدا ہوئے اور 1449م کو بعد از نماز عشاء مصر ہی میں انتقال کر گئے۔ آپؒ کی دیگر تصانیف میں الاصابۃ فی تمیز الصحابہ، بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام اور التقریب التہذیب مشہور ہیں۔

جیسا کہ ہمارے معاشرے میں باورچی خانے کا کام عام طور پر خواتین کر دیتی ہیں اور مرد اس سے لاتعلق ہوتے ہیں تو مرد کو اگر اشد ضرورت کی وقت ان ذمہ داریوں کو نبھانا ہوتا ہے تو وہ معاون و سہارے کا محتاج ہوتا ہے۔ تو بالکل اس طرح عورت کو بھی کاروباری گواہی میں بوجھ ہلکا کرنے کے لئے معاون درکار ہوتا ہے۔ آیت میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اگر ایک عورت بھول جائے گی تو دوسری اسے یاد دلا دے گی۔ چونکہ کاروباری معاہدات عورت کی دلچسپی کے موضوعات نہیں ہیں۔ لہٰذا یہاں دو عورتوں کی قید لگائی گئی ہے اول یہ کہ مرد گواہ بنایا جائے۔

دوم یہ کہ اگر مرد نہ ہو تو پھر دو عورتوں کو مقرر کیا جائے۔ مزید یہ کہ گواہی ایک ذمہ داری ہوتی ہے جس میں سو فیصد اعتماد چاہیئے ہوتا ہے۔ اگر غلط گواہی دے دی اور پکڑے گئے تو اس پر سزا ہے اور اگر بچ گئے تو ساری عمر ضمیر چین سے رہنے نہیں دے گا۔ آج کل اور بھی بڑے جھنجٹ ہیں، بار بار تھانے کچہریوں کے چکر لگانے پڑتے ہیں،۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ گواہیاں دینے سے بھاگتے ہیں، جرم ہوتا دیکھ کے کہتے ہیں ہمیں نہیں پتا کہ کس نے کیا۔

اسی لئے ایسے سنجیدہ کیسز جن میں یہ ذمہ داری زیادہ بڑی اور بوجھ دار ہوتی ہے وہاں اللہ تعالی نے اکیلی عورت سے اس ذمہ داری کو ہٹا دیا ہے مثلا: قتل، زنا کے کیسز۔ جبکہ دیگر معاملات کی گواہی میں دو عورتوں کو اکٹھا کر دیا ہے کہ وہ آپس میں مشورے کرنے کے بعد تسلی سے حقیقت بیان کر دیں اور بوجھ بھی آپس میں بانٹ کر ہلکا ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ نے چونکہ عورت کو نرم دل بنایا ہے۔ ایک عورت ممتا، ترس، رحم اور خُدا خوفی کی وجہ سے، بڑی سے بڑی، غلطی کو بھی، نظر انداز، کر دیتی ہے، اکثر اوقات اس پر اس کی عاطفت و نرمی و رحمدلی غالب آ جاتی ہے۔

جہاں سزائے موت کا معاملہ ہو وہاں اکیلی عورت اپنے احساسات، جذبات پر کیسے قابو رکھے؟۔ مرد غصہ اور فرحت کی حالت میں اپنے احساسات اور عواطف کا مالک ہوتا ہے اور اس پر کنٹرول رکھتا ہے، لیکن عورت معمولی سی سبب سے بھی متاثر ہو جاتی ہے اور اس کے آنسو کسی چھوٹے سے حادثہ پر بھی اُمڈ آتے ہیں۔ گواہی چونکہ ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے یہ سخت دلی، مضبوط اعصابی قوت، احساسات اور جذبات پر کنٹرول کا تقاضا کرتی ہے اس لیے عورت کے ذمے کو کم رکھا گیا لیکن اس کا اطلاق سارے معاملات پر نہیں ہوتا۔ مثلا رضاعت کی مسئلہ میں عورت کی گواہی کئی مردوں پر بھاری ہو گی۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر عورت عدالت میں کسی بچے کے متعلق یہ کہے کے یہ میرا رضائی بیٹا ہے اور اس کی مخالفت میں کتنے ہی مرد کھڑے ہو جائیں۔ اس اکیلی عورت کی ہی گواہی قبول کی جائے گی۔ اسلام کی نظر میں گواہی دینا اور قاضی تک خبر پہنچانا کوئی امتیاز نہیں بلکہ ایک فریضہ اور ذمہ داری ہے۔ یعنی دوسروں کے حقوق پائمال نہ ہونے کی خاطر اسلام نے اس فریضہ کو ان

Scanned with OKEN Scanner

انسانوں کے ذمہ قرار دیا ہے جو لوگوں کے اختلاف کی صورت میں دقیق خبر رکھتے ہیں تاکہ قاضی کے حضور میں حقیقت بیان کیا جاسکے۔ اور گواہی دیں اور اسی لیئے قرآن مجید نے کتمان شھادت (گواہی نہ دینے یا چھپانے) کو بہت بڑا گناہ قرار دیا ہے۔[598]

پس اگر عدالت میں کسی کی گواہی قبول نہیں کی جاتی یا بہت کم قبول کی جاتی ہے تو گویا اس کی ذمہ داری اور مسئولیت آسان اور سبک ہے نہ کہ اس کا حق ضائع کیا جارہا ہے۔ لیکن لا محال صورتوں میں اللہ تعالی نے عورتوں کے ساتھ مہربانی کرتے ہوئے ان کا بوجھ ہلکا کر دیا اور ان کے ساتھ دوسری عورت کی ذمہ داری لگائی تاکہ اگر کوئی تمہارے ساتھ دشمنی کرے گا تو ایک خاندان کے ساتھ نہیں بلکہ دو خاندانوں کے ساتھ دشمنی لے رہا ہو گا اور دونوں کے لئے ادھا ادھا ہو کر تحفظ ملے گا۔

جہاں تک، اس، دلیل کا، تعلق ہے کہ عورتوں کی گواہی اسلئے آدھی ہے کہ وہ ناقص العقل ہیں تو یہ دلیل عام نہیں ہے بلکہ بروایت مسند احمد بن حنبلؒ، اہلیہ حضرت عبد اللہ بن مسعود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیئں اور وہ مکالمہ ان دونوں کے درمیان اکیلے میں ہوئی۔ اسی واقعہ کو سنن دارمی نے بھی نقل کیا ہے ان کے مطابق بھی یہ مکالمہ حضورؐ اور عورتوں کے درمیان نہیں ہوا بلکہ یہ دراصل حضرت عبد اللہ ابن مسعود کا قول ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ علم اور یاداشت کے معاملے میں مرد اور عورت میں عام طور پر کوئی خاص فرق نہیں ہوتا بلکہ بعض اوقات میں عورت مردوں سے زیادہ ذہین اور ضابط ہوتی ہیں۔ اگر عورت کو ناقص العقل کہا جاتا ہے تو اُسی ماں کا ایک ایک قطرہ لہو لیکر مرد پیدا ہوتا ہے۔ اور وہی خون چوس کر ایک لڑکی پیدا ہوتی ہے۔ اگر عورت ناقص العقل ہے تو پھر مرد بھی ناقص العقل ہو گا کیونکہ جنیاتی طور پر وہ اس نالائق عورت کا خون چوس کر پیدا ہوا ہے۔ عورت کی ذمہ داریاں کسی بھی مرحلے میں مرد کی آدھی نہیں ہیں۔ کیونکہ ان دونوں کی مذہبی ذمہ داریاں مثلاً، نماز، زکوۃ، روزہ، حج اور اس طرح دونوں اللہ تعالی کے ہاں جواب دہ ہونگے۔ تو پھر عورت کو ناقص العقل کہنا بعید از قیاس ہے۔

چونکہ اسلوب سلف و آثار میں ایسے کئی واقعات موجود ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور نے اکیلی عورت کی شہادت پر حدود میں بھی فیصلہ سنادیا ہے۔ جیسا کہ بروایت صحیح بخاری، ایک لڑکی کو ایک یہودی نے زیورارت چھیننے کے لئے پتھر مار کر قتل کر دیا۔ اس لڑکی کو حالت نزع میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لایا گیا۔ اس نے حالت نزع میں اس قاتل یہودی کا نام اور وجہ قتل بتائی۔ اس کے اقرار / گواہی کی نشاندہی پر قاتل کو پکڑ کر قتل کیا گیا۔[599]

---

[598]: البقرہ 283:2

[599]: حافظ شمش الدین، محمد بن ابو بکر، ابو عبد اللہ، الدمشقی ابن القیم جوزیہ، **الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ** (دمشق شام: دار العلم، سن 2003م) ص 135

اسی طرح رضاعت میں حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کے تنسیخ نکاح، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت حدیث، واقعہ معراج کی اولین گواہ حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا اور خلیفہ ثالث حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی واحد عینی گواہ ان کی اہلیہ حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا تھیں اور اسی بنیاد پر حضرت عائشہ اور دیگر کبار صحابہ قصاص عثمان رضی اللہ عنہ کا مطالبہ کررہے تھے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام ہر معاملے میں شہادت نسواں جائز سمجھتا ہے اور حتی کہ روایت حدیث میں بھی عورتوں پر کلی اعتماد کیا گیا ہے۔ جبکہ عدت کے بارے میں مشہور صحابی حضرت ابو سعید خدری کی بہن فریعہ رضی اللہ عنہا نے حضورﷺ کو اپنے شوہر کے انتقال اور اہل وعیال کے لئے کوئی نان ونفقہ یا گھر نہ چھوڑنے کی شکایت پر آپ ﷺ نے فرمایا" تمہیں عدت کے دن اسی مکان میں گزارنے ہوں گے جس میں تمہیں اپنے شوہر کے انتقال کی خبر ملی ہے"۔

بعد میں جب حضرت عثمان کے زمانہ خلافت میں اسی قسم کا، مسئلہ پیش، آیا، تو انہوں نے حضرت فریعہ رضی اللہ عنہا کو بلا کر ان سے متعلق حضور کا فیصلہ پوچھا۔ بتانے پر اس کی نظیر پر عورت کو شوہر کے مکان میں عدت گزارنے کا حکم دیا۔ اور روایت فریعہ کو نظیر بنا کر درپیش مسئلہ کی حل میں مددلی اگرچہ اس کی بیان کنندہ اکیلی عورت فریعہ تھی۔[600]

خلاصہ یہ ہے کہ عورت کی گواہی اسلام نے آدھی قرار نہیں دی ہے بلکہ بعض معاملات میں ان پر بوجھ کم کرنے کے لئے اور مرد کے مقابلے میں ان کو گواہی میں ثانوی حثیت دی گئی ہے اور جن امور کا تعلق عورتوں سے ہو ان میں عورت کو گواہی کی مکمل ذمہ داری دی گئی ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا کہ اسلام کے مطابق مرد وعورت عقل ودین کے اعتبار سے اصلاً کوئی فرق نہیں۔ دونوں کے حقوق وفرائض آپس میں ہم پلہ و مرتبہ ہیں۔

خلاصہ باب: باب چہارم اسلام میں عورت کا مقام اور گواہی کے قضیہ سے متعلق ہے۔ یہ باب کل چھ فصول پر مشتمل ہے۔ جن میں سے فصل اول اسلام عورت کا مقام اور تاریخی پس منظر جبکہ فصل دوم میں عورت کی گواہی کی مشروعیت، حیثیت اور اہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کی گئی ہے۔ فصل سوم دیوانی معاملات جبکہ چہارم فوجداری معاملات میں عورت کی گواہی کی وضاحت کرتا ہے۔ فصل پنجم خواتین سے متعلق معاملات میں عورت کی گواہی اور فصل ششم میں عورت کی گواہی پر ہائے جانے والے شبہات اور ان کا ازالہ پیش کیا جاتا ہے۔

---

[600]: محمد ابن سعد بغدادی، **طبقات ابن سعد المعروف الطبقات الکبیر** (قاہرہ مصر: مکتبہ الخانجی، سن 2006م) ج8 ص367
ابن سعد کا پورا نام محمد، ابن سعد بن منیع، ابو عبد اللہ، ہاشمی جو کاتب واقدی کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ کتاب ابن سعد بغدادی کی تصنیف ہے جو سیرت صحابہ کرام اور تابعین کے حالات پر مشتمل ہے اور ضخیم ہونے کی وجہ سے اس کے نام ساتھ الکبیر کی صفت لگائی گئی ہے۔ یہ کتاب اسلام کی پہلی دو صدیوں کے مشاہیر کے حالات پر ایک بے مثال تالیف ہے اور سیرت نبی ﷺ کا نہایت قدیم اور قیمتی مصادر وماخذ میں شمار ہوتی ہے۔ یہ کتاب پنج جلدوں پر مشتمل ہیں۔ ابن سعد 168ھ کو بصرہ میں پیدا ہوئے اور 230ھ کو 62 سال کی عمر میں وفات ہوگئے۔

Scanned with OKEN Scanner

5.0: باب پنجم: مذاہب ثلاثہ میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کا تقابلی جائزہ

تینوں مذہب سامی ہونے کی وجہ سے بہت سے احکام و مسائل میں باہمی موافقت جبکہ چند ایک میں افتراق رکھتے ہیں۔ مذاہب ثلاثہ اس بات پر متفق ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مرد و زن، حضرت آدمؑ اور پھر ان سے حضرت حواؑ پیدا کیں۔ یہودیت اور عیسائیت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدمؑ و حوا کو ایک قسم کے پھل کھانے سے منع فرمایا، لیکن سانپ نے حوا کو وسوسہ ڈالا کہ اس پھل کو کھا لیں اور پھر حوا نے حضرت آدم کو اس پھل کھانے کا وسوسہ کیا۔ اور جب اللہ نے آدم کو اس پھل کھانے پر ملامت کیا تو انھوں نے تمام غلطیوں کی بنیاد حوا کو قرار دیا کہ انھوں نے مجھے پھل کھانے پر اکسایا ہے۔ کتاب پیدائش میں ہے۔ "آدمؑ نے کہا کہ جس عورت کو تو نے میرے ساتھ کیا ہے اس نے مجھے اس درخت کا پھل دیا اور میں نے کھالیا"[601]

آگے ارشاد ہے۔ "پر جو درخت، باغ، کے، بیچ میں ہے، اس کے، پھل، کی بابت خدا نے کہا ہے، کہ تم نہ تو اسے، کھانا، اور نہ چھونا، ورنہ، مر جاؤ گے۔ تب سانپ نے عورت سے بولا، کہ تم ہر گز نہ مرو گے، بلکہ خدا جانتا ہے، کہ جس دن تم اسے کھاؤ گے، تمھاری، آنکھیں کھل جائینگی، اور تم خداوند کی طرح، نیک و بد، کے جاننے والے، بن جاؤ گے[602]

آگے لکھتا ہے کہ "تب خداوند نے عورت سے کہا کہ تو نے یہ کیا؟ عورت نے کہا کہ سانپ نے مجھ کو بہکایا تو میں نے کھایا اور خداوند نے سانپ سے کہا اسلئے کہ تو نے یہ کیا تو سب چوپایوں اور وحشی جانوروں میں ملعون ٹھرا- تو اپنے پیٹ کے بل چلے گا اور اپنی عمر بھر خاک چاٹیگا اور تیرے اور عورت کے درمیان اور تیری نسل اور عورت کی نسل کے درمیان عداوت ڈالوں نگا۔ وہ تیرے سر کو کچلے گا اور تو اس کی ایڑی پر کاٹے گا- پھر اس نے عورت سے کہا میں تیرے درد حمل کو بہت بڑھاؤنگا تو درد کے ساتھ بچے جنی گی اور تیری رغبت اپنی شوہر کی طرف ہو گی اور وہ تجھ پر حکومت کریگا۔[603]

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مرد و زن پیدا کیے اور ممنوعہ درخت سے پھل کھانے پر جنت سے نکال لیے، تینوں مذاہب میں اتفاق ہے لیکن پھر یہاں سے اسلام، یہودیت اور عسایئت میں عورت کی حثیت کے حوالے سے اختلاف پیدا ہو جاتا ہے۔ درجہ بالا کہانی کے حوالے قرآن اور بائیبل میں بنیادی جوہری فرق پایا جاتا ہے۔ انجیل نے اخراج جنت کا گناہ و ذمہ داری صرف حوا پر ڈالی ہے جبکہ قران مجید میں کہیں بھی یہ نہیں ہے کہ آدمؑ نے حوا کو یا حوا نے آدم کو پھل یا درخت سے کھانے پر اکسایا۔ ارشاد قرانیہ کے

---

[601]: سفر تکوین/پیدائش 12:3

[602]: سفر تکوین/پیدائش 3-5:3

[603]: سفر تکوین/پیدائش 3:16-17

مطابق حوا نے آدم کو نہ گمراہ کیا ہے اور نہ پھسلایا ہے۔ بلکہ دونوں سے غلطی ہو گئی اور دونوں نے معافی مانگ کر اللہ تعالیٰ نے معاف فرمایا ہے-ارشاد باری تعالی ہے"و لقد، عھد نا ،الی ادم من قبل، فنسی ،و لم نجد لہ عزما"[604]

ترجمہ: اور ہم نے تاکید کر دی تھی آدم کو اس سے پہلے، پھر بھول گیا اور نہ پایا ہم نے اس میں کچھ ارادہ۔

یہی سے تینوں مذاہب کے درمیان عورت کے حوالے سے اختلاف شروع ہو جاتا ہے۔ اسلام نے عورت کو مرد کے برابر اہمیت دی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ بیشک مسلمان مرد و عورتیں، ایماندار مرد و عورتیں، تابعدار مرد و عورتیں، سچ بولنے والے مرد و عورتیں، صبر کرنے والا مرد و عورتیں، اللہ سے ڈرنے والا مرد و عورتیں، روزہ دار مرد و عورتیں، اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھنے والے مرد و عورتیں اور اللہ تعالیٰ کو بہت زیادہ یاد کرنے والے مرد و عورتیں۔ ان کے لئے بخشش اور بہت زیادہ اجر ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک "[605]

اس طرح برابر کی ذمہ داریوں کی طرف ایک دوسری جگہ پر قران نے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔"مؤمن مرد و خواتین بعض، بعض دیگر کی دوست ہیں۔ وہ ایک دوسرے کو بھلائی کی تلقین کرتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسولؐ کے بات مانتے ہیں انھیں لوگوں پر اللہ تعالیٰ رحم فرماتے ہیں۔ بیشک اللہ جل شانہ طاقت، اور حکمت، والا ہے۔"[606]

ارشاد ربانیؔ ہے۔" ان کے رب نے ان کو قبولیت عطا فرمائی کہ بیشک میں محنت ضائع نہیں کرتا کسی بھی محنت کرنے والے مرد یا عورت کی تم بعض بعض دیگر سے ہیں "[607]

آگے سورت غافر میں ارشاد ہے "جس نے برائی کی تو اس کا بدلہ اس کے برابر دیا جائیگا اور مرد و عورت میں سے اگر کسی نے حالت ایمان میں نیک عمل کیا تو ان کو جنت میں داخل کیا جائیگا اور ان کو فراخ رزق دیا جائیگا"[608]

---

[604]:طٰہٰ ایت:115

[605] :الاحزاب ایت:35

[606] : التوبۃ ایت:71

[607] : آل عمران ایت:195

[608]:غافر ایت:40

اسی طرح سورۃ نحل میں ارشاد ربانی ہے۔ "مرد وزن سے کسی نے بھی اگر ایمان کی حالت میں نیک عمل کیا، تو ہم اس کو پاگیزہ ،زندگی عطا کرینگے اور ان کو اعمال کے اچھے بدلے عنایت فرمائیں گے۔[609]

درجہ بالا آیاتیں اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ اسلامی تعلیمات کی رو سے مرد وزن مساوی اہلیت الوجوب واہلیت الاداء رکھتے ہیں اسلام نے مرد وزن کو یکساں حقوق دیئے ہیں۔ اور دونوں کو یکساں ذمہ دار بنایا ہے اور نیکی کا حکم دیا ہے دونوں قابل اعتماد ہیں۔

جبکہ یہودیت اسلام کے برعکس عورت کو ناپاک سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً وہ زمانہ جس میں عورت نجس رہتی ہے وہ بچی کی پیدائش پر دو ہفتے اور بچے کے پیدائش پر ایک ہفتہ ہوتا ہے۔ یعنی بچی کی پیدائش پر ماں زیادہ ناپاک ہوتی ہے تو نجاست کا دورانیہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ جیسا کہ لاویین میں ہے۔

"اور خداوند نے موسیٰؑ سے کہا۔ بنی اسرائیل سے کہہ کہ اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور اس کا لڑکا ہو تو وہ سات دن ناپاک رہے گی جیسے حیض کے ایام میں ہو، اور اٹھویں دن لڑکے کا ختنہ کیا جائے۔ اس کے بعد تنتیس دن تک وہ طہارت کے خون میں رہے اور جب تک اس کی طہارت کے ایام پورے نہ ہوں تب تک نہ کسی مقدس چیز کو چھوئے اور نہ مقدس میں داخل ہو اور اگر اس کے لڑکی ہو تو دو ہفتے ناپاک رہنگی جیسے حیض کے ایام میں ہو، اس کے بعد وہ چھیاسٹھ دنوں، تک، طہارت، کے خون میں رہے۔"[610]

اسلام نے عورت کو بہت عزت دی ہے اور تخلیق مرد وزن بمطابق منشا ایزدی ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے "للہ ملک السموٰات والارض یخلق مایشاء یھب لمن یشآء اناثا و یھب لمن یشآء الذکور۔"[611]

ترجمہ: اللہ کا راج ہے آسمانوں اور زمین میں، پیدا کرتا ہے جو چاہے بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹے۔

رسول اکرمؐ نے فرمایا ہے۔"من ا بتلیی من البنات بشیءِ فاحسن الیھن، کن لہ سترا من النار"[612]

ترجمہ: جس کو دو بیٹیاں عطا کی گئیں تو اس نے ان کے ساتھ بھلائی کی تو وہ اس کے لیے آگ سے ڈھال ہوگا۔

---

[609]: النحل،آیت:97

[610]: لاویین (احبار) 12-5-2

[611]: الشوریٰ ایت:49

[612]: امام ابوالحسین مسلم بن مسلم بن حجاج القشیری الصحیح المسلم، باب فضل الاحسان الی البنات (اردو بازار لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 1437ھ) ج 2 ص 230

Scanned with OKEN Scanner

وقال علیہ السلام،"من عال جا ریتین حتیٰ تبلغ جآء یوم القیامۃ انا و ھو(ضمّ اصابعہ)"[613]

ترجمہ: جس نے دو لڑکیوں کی کفالت کی۔ یہاں تک کہ دونوں بالغ ہو گئیں تو قیامت کے دن میرے ساتھ پیوست آئیگا۔

اسلام نے عورت کو بہت اونچا مقام دیا ہے یہاں تک کہ اپنے شوہر کے خلاف شکایت رسول اکرم ﷺ کے پاس بھی لے جا سکتی ہے۔ جیسا کہ حضرت خولہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر کے خلاف نبی مہربان ﷺ کے پاس شکایت لے کر گئی۔ اور اس شکایت پر وہ مجرم بھی نہ ٹھہری۔ بلکہ اس کی شکایت اللہ تعالی نے آسمان پر سن کر فیصلہ فرمایا اور ارشاد ہوا" قد سمع، اللہ قول التی ،تجادلک، فی زوجھا و تشتکی الی اللہ ،واللہ یسمع، تحاورکما، ان اللہ، سمیع ،بصیر"[614]۔

ترجمہ: بے شک سن لی اللہ تعالی نے بات اس عورت کی جو جھگڑا کرتی تھی تجھ سے اپنے خاوند کے بارے میں اور شکایت کرتی تھی اللہ تعالی کو اور اللہ تعالی سنتا تھا سوال و جواب تمہارے۔ بے شک اللہ سنتا ہے اور دیکھتا ہے۔

---

[613]: ایضا، کتاب البر والصلۃ، والادب، باب الاحسان الی البنات ج2 ص237

[614]: المجادلہ ایت:1

5.1: فصل اوّل: یہودیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ

مذاہب ثلاثہ میں یہودیت سب سے قدیم مذہب ہے۔ یہودیت کے اپنے شریعت اور اپنے انبیاء ہو کر گزرے ہیں۔ اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے ہر قوم کو نبی بھیجے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے "و ان من امۃ الا خلا فیہا نذیر"[615]۔ ترجمہ: اور بے شک ہم نے ہر امت میں کوئی نہ کوئی ڈرانے والا ہو گزرا ہے۔

ایک اور جگہ ارشاد ہے "و لکل قوم ھاد" [616]۔ یعنی ہر قوم کے لئے روحانی رہنماء ہوئے ہیں۔

ان دونوں مذاہب میں بالعموم گواہی اور بالخصوص عورت کی گواہی کے متعلق احکامات، موافقات اور متفرقات موجود ہیں جن کا تقابلی جائزہ مندرجہ ذیل سطور میں پیش کیا گیا ہے

موافقات

1: درجہ بالا دونوں آیاتیں اس امر پر دلیل ہیں کہ اسلامی تعلیم کی رو سے ہر قوم کی طرف اللہ تعالی نے انبیاء علیہم السلام بھیجے ہیں۔ تو جس طرح یہود اپنے انبیاء کرام مثلاً حضرت موسیٰؑ، حضرت ہارونؑ، حضرت داودؑ، حضرت سلیمانؑ وغیرہ کے نبی ہونے کی گواہی دیتے ہیں اسی طرح مسلمان بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث شدہ تمام انبیاء پر ایمان رکھنے کی شہادت دیتے ہیں۔

لقولہ تعالیٰ۔" قولوا امنا باللہ و ما انزل الینا و ما انزل الی ابرا ہیم واسماعیل و اسحاق و یعقوب والاسباط و ما اوتی موسیٰ و عیسیٰ و ما اوتی النبیون من ربہم لا نفرق بین احد منہم و نحن لہ مسلمون"۔[617]

ترجمہ: تم کہہ دواے پیغمبر کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو اترا ہم پر اور جو اترا ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ اور اس کی اولاد پر اور جو ملا موسیٰؑ کو اور عیسیٰؑ کو اور جو ملا دوسرے پیغمبروں کو ان کے رب کی طرف سے ہم فرق نہیں کرتے ان سب میں سے ایک میں بھی اور ہم اسی پروردگار کے فرمانبردار ہیں۔

---

[615]: فاطر ایت:24

[616]: الرعد ایت:7

[617]: البقرہ ایت:136

Scanned with OKEN Scanner

2: قرآن حکیم نے یہ بھی بتایاہے کہ ہر نبی نے اپنی قوم کو عقیدہ توحید کا پیغام دیا ہے۔ تو یہاں بھی ان دونوں مذاہب کی تعلیمات ایک جیسی ہیں۔ دونوں مذاہب عقیدہ توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔ لیکن یہود کا عقیدہ توحید حضرت عزیر علیہ السلام کے انتقال تک رہا۔ ان کے انتقال کے بعد یہود میں نظریہ ثنویت نے تیزی سے اپنی جڑیں مضبوط کر دی۔ یہود انہیں ابن اللہ قرار دینے لگے۔ جو کہ اسلامی تعلیمات کی رو سے شرک ہے۔ ہر دو مذہب خدا کی وحدانیت، ربوبیت، اور رحمانیت پر ایمان رکھنے کے گواہ تھے۔ لیکن یہود بعد میں ملحد ہو گئے۔

3: دونوں مذاہب حیات بعد الممات، برائی اچھائی کی جزا و سزا، جنت اور جہنم کی گواہی دیتے ہیں۔

4: ہر دو کا یہ اقرار ہے کہ انسان اعمال صالحہ اور خلوص نیت سے دل کی پاکیزگی سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر سکتا ہے۔

5: دونوں مذاہب کی اپنی اپنی شریعتیں ہیں۔ دونوں الہامی مذاہب ہیں لیکن بعد میں یہودیوں نے اپنی شریعت اور دین میں تحریف کر کے اس کا اصلی حلیہ بگاڑ دیا۔ دونوں مذاہب میں اپنے اپنے طریقوں سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کا تصور موجود ہیں۔

6: ان دونوں مذاہب کے درمیان، خصوصی، ربط اور رشتہ ہے۔ یعنی، دونوں مذاہب ایک ہی جد امجد، حضرت ابراہیم علیہ السلام سے، شروع ہوتے ہیں۔ لہذا یہ دونوں مذاہب ابراہیمی شمار ہوتے ہیں۔ قرآن مجید نے یہودیوں کو اہل کتاب کا خطاب دیا ہے۔ یہود اسی خطاب کے وجہ سے اپنا رشتہ دیگر کتب سماویہ سے بھی گڑتے ہیں۔

7: یہودیوں کا مسلمانوں کے ساتھ ساتویں صدی عیسوی سے جزیرہ نمائے عرب میں، ابتدائے اسلام سے، واسطہ ہے، اور اسلام اور یہودیت کے، بہت سے بنیادی عقائد، اور قوانین مشترک ہیں۔ مسلم ثقافت، اور فلسفے، نے مسلمان علاقوں میں رہنے والے، یہودیوں پر بہت، گہرے، اثرات، چھوڑے ہیں۔

8: بر خلاف غیر مسلم ممالک مسلمان ملکوں میں یہودیوں کو بہت کم ہی قتل، وغارت، جبری، تبدیلی مذہب یا جبری، بید خلی کا سامنا، کرنا پڑا ہے۔ یعنی، دونوں مذاہب، اکراہ فی العقیدہ کے قائل نہیں ہے۔ انہیں مسلمان ملکوں میں عام طور پر مکمل مذہبی، رہائشی، اور کاروباری آزادی حاصل تھی جن کی وہ خود گواہی دیتے ہیں۔

9: یہودیوں کے لیے ایسے، مقدمات، میں گواہی دینا ممنوع ہے جس میں کوئی مسلمان فریق ہو۔

Scanned with OKEN Scanner

10: دونوں مذاہب زنا کرنے والا اور زنا کرنے والی کو مار ڈالنے کے قائل ہیں۔ بائیبل کی کتاب احبار و امثال میں ہے، "پر زنا کار عورت قیمتی جان کا شکار کرتی ہے اور زنا کرنے والا عقل سے محروم ہے۔ یوں کرنے والا اپنے آپ کو ہلاک کرتا ہے۔ [618]

جبکہ اسلام بھی" الزانیۃ و الزانیۃ فاجلدوکل منھما مائۃ جلدۃ" [619]

ترجمہ: زناکار مرد وزناکار عورت، دونوں کو، سو کوڑے مارو۔ اور شادی شدہ کو رجم کرنے کا حکم دیتا ہے۔

حدیث مبارکہ میں حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "چند یہود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بتایا کہ ان کے ہاں ایک، مرد، و عورت، نے زنا کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا "رجم کے بارے میں تورات م کا کیا حکم ہے"۔ وہ بولے یہ کہ ہم انہیں رسوا کریں اور انہیں کوڑے لگائے جائیں۔

اس پر عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ جھوٹ بولتے ہو تورات میں رجم کا حکم موجود ہے۔ تورات لاؤ۔ پھر یہودی تورات لائے اور اسے کھولا۔ لیکن رجم سے متعلق جو آیت تھی اسے ایک یہودی نے اپنے ہاتھ سے چھپایا اور اس سے پہلے و بعد کی عبارت پڑھنے لگا۔

حضرت عبد اللہ ابن سلام نے کہا ذرا اپنا ہاتھ تو ہٹاؤ۔ جب اس نے اپنے ہاتھ اٹھایا تو وہاں ایت رجم موجود تھی۔ تو سب کہنے لگے کہ اے محمد ﷺ، عبد اللہ ابن سلام رضی اللہ عنہ نے سچ فرمایا ہے کہ تورات میں رجم کی ایت موجود ہیں۔ چنانچہ رسول اللہؐ کے حکم سے ان دونوں کو رجم کیا گیا۔ [620]

11: یہودیت اور اسلام دونوں میں نکاح کے بعد شوہر کو ذمہ دار بنایا جاتا ہے کہ وہ اپنی بیوی کو روٹی کپڑا مکان اور جسمانی اطمینان دے گا۔ اس کے باقاعدہ نکاح نامہ میں اندراج کیا جاتا ہے۔ یہی نکاح نامہ زور سے پڑھایا جاتا ہے تاکہ لوگ اس کو سن سکے اور گواہ بن سکیں۔

12: اسلام کی طرح یہودیت میں بھی جھوٹی گواہی دینا گناہ ہے۔ خروج میں ذکر ہے کہ "تو جھوٹی خبر مت اڑا اور جھوٹی گواہی کے لئے شریر کا ساتھی مت ہو" [621]

---

[618]: احبار 10:20، امثال 6:26، 32

[619] النور ایت: 2

[620]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری**، کتاب العقوبات (لاہور پاکستان: مرکز جمیعت اہل حدیث 2004م) ج 2 ص 1009

جھوٹی گواہی نہ دی جائے "تو اپنے ہمسایہ پر، جھوٹی گواہی نہ دے "[622]۔ "تو جھوٹی خبر مت اڑا اور جھوٹی گواہی کے لئے شریر کا ساتھی مت بنو "[623]

13: اسلام کی طرح یہودیت اور عسائیت دونوں میں جھوٹی گواہی قابل تعزیر جرم ہے۔ جیسا کہ استثناء میں ہے کہ "اگر وہ گواہ جھوٹا نکلے اور اس نے اپنے بھائی کے خلاف جھوٹی گواہی دی ہو۔ تو تم اس سے وہی کرنا، یعنی وہی سزا دینا جو اس نے اپنے بھائی سے کرنا چاہا "[624]

14: اسلام اور یہودیت دونوں میں کتمان شہادت یا گواہی کو چھپانا قابل تعزیر جرم ہے۔ احبار میں ہے۔ "اور اگر کوئی یہ خطاء کرے کہ وہ گواہ ہو، اور اسے قسم دی جائے، کہ کیا تو نے کچھ دیکھا یا سنا اور وہ نہ بتائے تو گناہ اس کے سر پر ہوگا۔ "[625]

قرآن مجید میں بھی ارشاد ہے " و لا تکتموا الشہادۃ ومن یکتمہا فانہ آثم قلبہ "[626]۔ ترجمہ: اور مت چھپاو گواہی کو اور جس شخص نے گواہی چھپائی تو بیشک گنہگار ہے اس کا دل۔

15: دونوں مذاہب عام حالت میں کسی بھی مقدمہ میں چارج لگانے کے لئے یا اثبات دعوی کے لئے دو گواہ درکار ہوتے ہیں "اگر کوئی، کسی کو قتل کرے، تو گواہوں کی گواہی سے، قاتل مار ڈالا جائے۔ پر اگر ایک ہی گواہ ہو تو اس کی گواہی سے کوئی مارا نہ جائے "[627]

کتاب عدد میں بھی ہے "اگر کوئی، کسی کو مار ڈالے، تو گواہوں کی گواہی سے، قاتل مار ڈالا جائے۔ پر اگر ایک ہی گواہ ہو تو اس کی گواہی سے کوئی نہ مارا جائے۔ [628]

---

[621]: خروج 1:23

[622]: خروج 16:20

[623]: ایضا 1:23

[624] استثناء 19:19-18

[625]: احبار 1:5

[626]: البقرہ ایت: 283

[627]: عدد 30:35

[628]: عدد 30:35

Scanned with OKEN Scanner

16: یہودیت اور اسلام دونوں میں تزکیۃ الشہود لازمی قرار دیا گیا ہے۔

17: دونوں ادیان میں گواہ اگر خود رجم کے مقدمے میں پہل نہ کرے تو اس کی گواہی لاگو نہیں کی جائیگی۔ فوجداری مقدمات میں بھی دو گواہوں کا اہتمام لازمی ہے۔ کتاب استثنا میں ارشاد ہے "جو کوئی قتل کیا جائے وہ دو یا تین گواہوں کے بیان سے قتل کیا جائے۔ ایک گواہ کے بیان سے وہ قتل نہ کیا جائے۔ اسکے قتل کے لئے پہلے گواہوں کے ہاتھ اس پر پڑیں اور ان کے بعد دیگر لوگوں کے ہاتھ۔ تاکہ تو اپنے درمیان سے اس شرارت کو دفع کرے"[629]

اسلام کا بھی یہی حکم ہے کہ دوران تنفیذ حد رجم گواہ، سب سے پہلے پتھر مارے گا۔

18: گواہوں کو صرف وہی گواہی دینی چاہیئے جو انہیں معلوم ہو۔ خواہ مخواہ کنفیوز کرنے کے لئے ان سے ادھر ادھر کے سوالات کرنے سے احتراز کرنا چاہیئے جیسا کہ زبور میں ہے "ظالم گواہ میرے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے ہیں وہ مجھ سے ایسی باتیں پوچھتے ہیں جو میں نہیں جانتا"[630]

اسلام میں بھی یہی حکم ہے کہ وہ گواہی دے جو آپ کو اظہر من الشمس ہو۔ آپ ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جب بات سورج کی طرح واضح ہو جائے تو گواہی دو۔[631]

19: دونوں مذاہب میں بہتری انسان ہونے کی بنا پر ہے جنسی تفریق پر نہیں۔ مرد و عورت، کو خداوند نے، اپنی شکل میں، پیدا کیا ہے۔ بائبل کتاب پیدائش میں ہے "اور خداوند، نے کہا کہ ہم نے، انسان کو اپنی شکل، و صورت پر اپنی مانند، بنایا"[632]

یعنی مرد و زن دونوں بلا تفریق برابر ہیں اور دونوں میں جنسی تفریق انسانی مساوات پر اثر انداز نہیں ہونی چاہیئے۔ لہذا عورت مرد کی طرح علمی لیول حاصل کر سکتی ہے"[633]۔

---

[629]: استثناء 17:7-6

[630]: زبور (مزامیر) 11:35

[631]: ابو محمد، عبد اللہ بن احمد، بن قدامہ ا، الحنبلی، المغنی، (طبع مصر: دار الکتب العلمیہ، سن 1334ھ)، ج 12 ص 7

[632]: پیدائش 27:1

[633]: پیدائش 13:49

Scanned with OKEN Scanner

اسی طرح اسلام میں تقویٰ و برتری کا سبب پرہیز گاری ہے اور اس کے حصول میں مردانگی یا نسوانیت کوئی روکاوٹ نہیں ہے۔
لقولہ تعالیٰ" ان اکرمکم عنداللہ اتقکم"یعنی تم میں سے بہتر وہ ہے جو زیادہ متقی ہے۔[634]

20: دونوں ادیان میں گواہان نے دیکھنے والا معاملہ دیکھا اور سننے والا سنا ہو گا۔ گواہ اپنی گواہی سے واپس نہ ہوا ہو۔

یہودی قانون کے مطابق دونوں گواہوں کا چشم دید ہونا لازمی ہے خواہ مرد ہو یا عورت کیونکہ قانون میں محض گواہ کا لفظ لکھا ہوا ہے۔ جس کا اطلاق مرد و زن دونوں پر ہوتا ہے اور دونوں بلا جنسی تفریق گواہ بن سکتے ہیں لیکن یہ معاصر یہودیت کا تصور ہے ورنہ قدیم یہودیت میں عورت گواہی دینے کی اہل تصور نہیں کی جاتی۔

21: دونوں مذاہب میں گواہ کا عاقل بالغ ہونا لازمی ہے۔ بالغ وہ شخص تصور ہو گا جو احکام الٰہی کا پابند ہو گا۔

تالمود نے مزید وضاحت کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ قابل انتقال جائیداد یا بڑے مقدمات میں گواہ بننے کے لئے عمر کی حد بیس سال ہے لیکن نا قابل انتقال جائیداد کے صورت میں گواہ کی عمر اگر تیرہ سال بھی ہو تو ضرورت کے تحت قبول کیجائیگی[635]

کیونکہ کوئی بھی شخص بیس سال سے پہلے حقیقی بلوغت کو نہیں پہنچتا۔ جبکہ بیس سال ہی کی عمر میں خدا خوفی پیدا ہو جاتی ہے جو کہ گواہی کا بنیادی عنصر ہے۔ جیسا کہ بائیبل کتاب خروج میں ہے۔" ہر ایک جو شمار میں آجائے۔ بیس برس یا اس سے زیادہ کا تو وہ خداوند کے لئے نذر لائے۔"[636]

22: ربیوں کے مطابق کوئی بھی شخص ہوش و عقل کو بیس سال سے پہلے نہیں پہنچ سکتا۔ یہودیت میں جس شخص کی عمر بیس سال تک پہنچ جائے، وہ احکام الٰہی کا پابند ہو گا۔ جیسا کہ خروج میں ہے "ہر ایک جو شمار میں آجائے، بیس برس یا اس سے زیادہ کا ہو تو خدا وند کے سامنے نذر لائیں"[637]

اس ضمن میں مزید ارشاد ہے۔" اور ہر مرد کا حصہ ایک 'بیکا' یعنی مقدس کے حساب کے مطابق آدھا مثقال تھا۔ یعنی ہر ایک آدمی کا جو مرد شماری میں گنا گیا بیس برس اور اس سے زیادہ کا ہو" پس معلوم ہوا، کہ عقل، خرد و نذر و نیاز کی عمر بیس سال ہے۔[638]

---

[634]: الحجرات ایت:13

[635]: تالمود BB 15b & Yad, Edut 9:8

[636]: خروج 14:30

[637]: خروج 14:30

Scanned with OKEN Scanner

جبکہ اسلام میں بالغ ہونے کی اعتبار عمر کو نہیں بلکہ صحت پر منحصر ہے اور اگر ایک خاص عمر کے بعد بلوغت کے علامات ظاہر نہ ہوں تو پھر لڑکی تیرہ سال اور لڑکا پندرہ سال کے بعد عمر میں بالغ تصور کیا جائیگا[639]

23: تالمود کے باب نمبر تین میں ہے کہ بہرہ، پاگل، بہت کم عمر، لالچی، بے ایمان اور غلام شخص گواہ نہیں بن سکتا۔[640]

24: مشناء کے باب نمبر 24 میں ہے کہ جوار گر، سود خور، کبوتر باز اور ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی گواہی نا قابل قبول ہے۔ کیونکہ یہ چوری کی وسیع تعریف میں آتا ہے۔[641]۔

لیکن اگر وہ اپنے اعمال کی اصلاح کرتا ہے تو پھر ان کی گواہی قابل قبول ہوگی۔[642]

25: تالمود کے باب 40 میں ہے کہ گلیوں کوچوں میں کھانے والے کی گواہی بھی نا قابل قبول ہے کیونکہ اس کے مشابہت کتے سی ہے کتا گلیوں میں کھاتا ہے۔[643]۔

دغاباز، چور، ڈاکو، قمارباز، آورہ گرد اور جس کا ذریعہ معاش معلوم نہ ہو اس کی گواہی قبول نہیں کی جائیگی"[644]

قرآن کریم بھی مرتکب گناہ کبیرہ کو فاسق قرار دیتا ہے اور اسلام فاجر، فاسق اور مقذوف فی القذف کی گواہی قبول نہیں کرتا۔ لقولہ تعالیٰ" **ولاتقبل لهم شهاده ابدا**"[645]۔ ترجمہ: ان کی گواہی بالکل قبول نہ کریں آئندہ بھی۔

---

[638]: ایضا 26:38

[639]:: محمد بن احمد بن محمد بن رشد، **بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد**، (بیروت لبنان: دار التذکیر، سن 2012) ج 1 ص 105-102

ابن رشد کا پورا نام ابوالولید محمد بن احمد بن محمد ابن ررشد الاندلسی تھا۔ آپؒ 1126ء کو پیدا ہوئے اور 1198ء کو بعمر 72 سال انتقال کر گئے۔ آپ عظیم فلسفی، ریاضی دان، ماہر فلکیات، ماہر فن طب اور مقنن تھے۔

[640] تالمود 5:40

[641]: مشناء 3:24

[642] : http:// www. Google.com.wikipedia.testimony mirror project. Last visited 22-12-19

[643]: تالمود 1:40

[644] : ایضا yad, Sh, Ar, Hm 34: 14, 16

[645] النور ایت:4

26: بائیبل کے مطابق فاسق وہ شخص ہے جو گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوا ہو۔ جیسا کہ عدد میں ہے "اور جس قاتل پر قتل کا فتویٰ دیا گیا ہے تم اس سے دیت مت لو وہ قتل کیا جائے۔"[646]

ایک دفعہ اگر ایک گواہ پر دروغ گوئی ثابت ہوئی تو پھر اس کی گواہی نا قابل قبول ہے اگر چہ وہ اس نقصان کو بھر لے جو اس کی گواہی سے پہنچا ہو۔[647]

27: دونوں مذاہب کی رو سے میاں بیوی کا آپس میں باہمی گواہ بننا جائز نہیں ہے۔[648]

28: اسلام اور یہودیت دونوں میں قاضی کو گواہ پر کھنے اور بوجوہ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے

29 اگر گواہ اپنی گواہی سے رجوع کرے تو مقدمہ دوبارہ کھول دیا جائیگا۔[649]

30: سول مقدمات میں اگر گواہ پر قدغن آجاتا ہے تو وہ نااہل بن جاتا ہے لیکن فوجداری مقدمات میں جب ایک دفعہ سزا سنائی گئی تو پھر گواہ کے نااہل ہونے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔[650]

31: یہودیت میں بھی اسلام کی طرح اگر گواہ کی یادداشت ماند پڑ گئی ہو تو وہ تحریر یا اپنی ساتھی سے پوچھ سکتا ہے۔[651]

32: دستاویزی شہادت پر گواہان کا دستخط لازمی ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ بیت الدین میں شہادت کی تصدیق ہو جائے۔[652]

---

[646]: عدد 35:31-30

[647] ایضا Sanh 27a, yad Edut 11:1

[648]: تالمود Yad, Edut 13:6

[649] ایضا: Yad 11: 6

[650]: ایضا: Yad, Edut 12: 4

[651]: ایضا Ket 20b, Yad Edut 8:2

[652]: ایضا Kiddushin 569-570

33: یہودیت میں بھی اسلام کی طرح گواہی کی اثبات پر جان کے بدلے جان، انکھ کے بدلے انکھ، دانت کے بدلے دانت، ہاتھ کے بدلے ہاتھ اور پاؤں کے بدلے پاؤں ہو گا۔[653]

33: معاصر یہودیت میں عورت اپنی عزت وحیا کا خیال رکھتی ہوئی ہر معاملہ میں گواہ بن سکتی ہے

34: عورت مرد کے برابر ہے جیسا کہ پیدائش میں ہے۔ جب آدمؑ سے حوا پیدا ہوئی اور ان کے سامنے لایا گیا تو وہ اپنے ساتھی اور مددگار کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے۔ "یہ میری ہڈیوں میں سے ہڈی اور میرے گوشت میں سے گوشت ہے۔ اور وہ دونوں ایک، تن ہوں گے "[654]

35: یہاں ان ایاتوں میں قدامت پرستوں اور جدت پسندوں کے درمیان عورت کی گواہی پر اختلاف اور اپنے اپنے استدلالات ہیں۔ قدامت پسندوں کے نزدیک شخص سے مراد صرف آدمی ہے جبکہ جدت پسندوں کے مطابق شخص ایک اجتماعی نام ہے جس میں مرد وزن دونوں شامل ہیں۔ جدت پسندوں کا خیال ہے۔ کہ عورت بہت سے معاملات میں بغیر کسی روک ٹوک کے گواہ بن سکتی ہے اور بنتی جارہی ہے جیسا کہ بچے کے پیدائش اور دایا کی کسی بچے کی نسبت کسی ماں کی طرف کرنا، ناقابل تردید گواہی ہے۔

36: اسلام اور یہودیت دونوں میں مرد کا ختنہ کیا جاتا ہے۔ جبکہ یہودی عقیدہ کے مطابق عورت کا ختنہ پیدائشی ہوتا ہے۔

37: اسلام اور یہودیت دونوں میں مہر کے بغیر عورت کا نکاح صحیح نہیں ہوتا۔[655]

38: چونکہ قدیم یہودیت میں عورت کے پردہ کا بہت اہتمام کیا جاتا ہے اور گواہی دینے میں عورت کو عدالت جانا پڑتا ہے جس میں بے پردگی کا احتمال ہو سکتا ہے اور یہی یہودی شریعت میں سخت ممنوع ہے جیسا کہ "" المرآۃ الیہودیۃ فی العلوم الخاخامیۃ" میں ڈاکٹر مینا خیم آم برایر سے منقول ہے کہ یہودی عورت کی یہ عادت بنی چاہئے کہ وہ بغیر پردہ کے کبھی بھی گھر سے نہ نکلے بلکہ مکمل پردہ میں ہوتے ہوئے صرف ایک انکھ کھلی رکھنی چاہئے۔[656]

---

[653]: استثناء 19:21-15

[654]: پیدائش 2:24-23

[655]: تثنیہ شرع 24:4-1

[656] Abdur Rahman Doi, Women in shariah p.No.76 (London Ta- Ha Publishers 1994):

جبکہ اسلام نے پردہ کا خیال رکھتے ہوئے عورت کو بوقت ضرورت تمام داخلی وخارجی امور نمٹانے کا حکم دیا ہے

39: اور مرد عورت کے لئے نہیں بلکہ عورت مرد کے لئے پیدا ہوئی۔پس فرشتوں کے سبب سے عورت کو چاہیئے کہ اپنے سر پر محکوم ہونے کی علامت رکھے۔تو بھی خداوند،میں نہ عورت مرد کے بغیر ہے نہ مرد عورت کے بغیر۔[657]

40: قدیم یہودیت میں عورت کی معاشرتی زندگی سرے سے ہی نہیں پبلک مقامات میں عورت کا جانا اور پروگرامز میں شرکت کو قبیح سمجھا جاتا ہے لہذا عورت کی گواہی معیوب سمجھی جاتی ہے اور ان کو گواہی کی اجازت نہیں۔

جبکہ معاصر یہودیت اس کے برعکس عورت کو حق معاشرت اور معاملات زندگی میں حصہ لینے کی اجازت دیتا ہے۔ان کا استدلال ہے،اگرچہ ابتدا میں عورت کو مرد سے پیدا کیا گیا لیکن بعد میں تمام انسان عورت ہی سے پیدا ہو جاتے ہیں عہد نامہ قدیم میں اس حوالہ سے ارشاد ہے۔"انسان عورت سے پیدا ہو کر چند روزہ ہے اور تردد سے بھرا ہوا ہے۔[658]

41: طلاق ونکاح کا معاملہ اسلام ویہودیت دونوں میں یا تو روایتی طور پر دیوانی عدالتوں میں اور یا عائلی عدالتوں میں جنہیں ربیونی یعنی یہودی شرعی عدالت "بت دین "(Beth Din) کہتے ہیں میں انجام پاتے ہیں۔موجودہ معاصر یہودیت میں یہ عمل بیت دین سے باہر بھی انجام پاتا ہے۔سوائے اسرائیل کے جہاں یہ معاملات ابھی تک ربیوں کے اختیار میں ہی ہیں۔دونوں قوانین میں طلاق کی ڈگری عطا کی جاتی ہے

عائلی عدالت / بت دین میں میاں بیوی پر جرح کرتی ہے تاکہ دونوں کی رضامندی معلوم کی جاسکے۔مالی معاملات،ازدواجی وسماجی حالات اور واقعات کو بھی دیکھنا پڑتا ہے۔اور اگر طلاق وقوع پذیر ہوتی ہے،تو بت دین کی جانب سے ہاتھ سے عبرانی زبان میں لکھی ہوئی،دستخط شدہ "طلاق نامہ "کی دستاویز جاری کردی جاتی ہے۔

42: دونوں مذاہب،میں مطلقہ کی عدت،نوے دن ہوگی۔اس دوران وہ دوسری شادی نہیں کرسکتی،تاکہ ان نوے دنوں کے دوران،میں وہ حاملہ پائی جائے،تو نومولود کے نسب کی درستی ہوسکے۔[659]

---

[657] :کرنتھیوں کے نام پہلا خط اول:3:11-11

[658] :ایوب1:14

[659] :البقرہ ایت:228

43: یہودیت اور اسلام دونوں میں اگر گواہ نہ ہو تو مدعی سے قسم / حلف اٹھوا کر فیصلہ کر کے جھگڑوں کو ختم کیا جا سکتا ہے لیکن یہ اصول یہودیت میں، کفار (یعنی غیر یہودیوں) کے لیے نہیں ہے کیونکہ وہ انسان نہیں ہیں۔ جبکہ اسلام میں عالمگیریت ہے جھگڑا خواہ کیسی کا ہو، اصول وہی ہو گا کہ " البینۃ علی المدعی و الیمن علی من انکر "[660]

ترجمہ: گواہ پیش کرنا مدعی کا کام اور حلف اٹھانا منکر پر ہو گا۔

44: اسلام نے مردوں کو یہ باور کروایا، کہ عورت اور مرد دونوں، آدم کی اولاد ہیں۔ اللہ تعالی کے نزدیک بہتری کا معیار مرد یا عورت ہونا نہیں ہے بلکہ اللہ تعالی کے نزدیک بہتر وہ ہے جو زیادہ متقی و پرہیز گار ہے۔[661]

45: اسلام نے عورتوں کو تبلیغ اسلام اور معاملات سلطنت میں عملی حصہ دے کر بنی نوع انسان کے لئے عملی نمونہ پیش کیا ہے۔ اسلام نے عورت کو حق گواہی دیتے ہوئے اس کی گواہی کو اکثر مقامات پر مرد کے برابر قرار دیا ہے۔ کیونکہ عورت شریعت اسلامی کی رو سے وجوب و آداء، دونوں کی اہلیت رکھتی ہے۔

46: قدیم یہودیت میں عورت معاشی طور پر مرد پر انحصار کرتی تھی۔ وہ معاشی طور پر آزاد نہیں تھی۔ عورت کا کام خاندان کی خدمت کرنا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ خدا اور حضرت ابراہیم کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا اس میں مرد کو عورت پر بلاواسطہ فوقیت حاصل ہو گئی تھی۔ لہذا اس کو آزادی نہیں تھی۔ قرون وسطی یعنی 1450ء کے بعد یہود دو فرقے ہو گئے ایک سفاروی جو قدامت پسند تھے اور دوسرا اشکنازی جو رجعت پسند تھے۔

اشکنازی فرقے میں عورت مردوں کی طرح رہتی تھی۔ ان کے دور میں عورت کو یہ اجازت مل گئی تھی کہ وہ مذہبی تعلیم حاصل کر سکتی تھی اور یہودی عبادت گاہوں میں جا کر مذہبی رسومات کی ادائیگی اور عبادت میں حصہ لے سکتی تھی۔ بائیبل نے عورت کو بہت اونچا مقام دیا ہے بائیبل میں کئی خواتین پیغمبر و اولیاء ہو گزرے ہیں مثلا مادر سارہ، ریبکا راچل، مریم مجدلی پیغمبرہ، دبورہ جج، حلدہ پیغمبرہ ابا جیل جس نے پیغمبر داود سے شادی کر لی اور استر۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عورت کا اہم کردار ہے جو کہ مرد کے کردار پر بھی اثر انداز ہو سکتی ہے۔ جج کا لفظ مردانہ ہے لیکن مرد و زن دونوں شامل ہیں[662]

---

[660]: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، **الجامع الصحیح البخاری** (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، سن 1992م) ج 3 ص 28

[661]: الحجرات ایت: 13

[662]: Susanne Scholz, **Introduction to the women's Hebrew Bible,** (London: T & T Clark publishers, 20017), 2nd Edition pp.889-893.

47: یہودیت میں اگر عورت پر شوہر کو بدگمانی ہو جائے اور اس کے پاس گواہ نہ ہو تو عورت کی اپنے میں بارے گواہی قبول نہیں کی جاتی ہے بلکہ اس کو کڑوا پانی پلایا جائیگا[663]۔

جبکہ اسلام نے اسی حالت میں عورت کو بہت وسیع رعایت دی ہے اور اسی صورت میں عورت کو نہ صرف مرد کے برابر حیثیت دی ہے بلکہ عورت کی گواہی سے مرد کی گواہی کو باطل قرار دیا جاتا ہے۔[664]

48: یہودی قوانین اور اسرائیلی پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے تحت یہودی کے خلاف یہودی ہی کی گواہی قبول کی جاتی ہے۔ جس طرح اسلامی تعلیمات میں مسلمان پر مسلمان ہی گواہ بننا لازمی ہے اسی طرح یہود بھی یہودیوں کے معاملے میں یہودی ہی کی گواہی تسلیم کرتا ہے۔[665]

49: پاک کلام ایسی بیوی کی بہت تعریف کرتا ہے جو یہوداہ کی مرضی کے مطابق عمل کرتی ہے۔ بائبل کی کتاب امثال میں ایک "نیکوکار بیوی" کی تعریف اِن خوبصورت الفاظ میں کی گئی ہے: "اُس کی قدر مرجان سے بھی بہت زیادہ ہے۔ اُس کے شوہر کے دل کو اُس پر اعتماد ہے اور اُسے منافع کی کمی نہ ہوگی۔ وہ اپنی عمر کے تمام ایّام میں اُس سے نیکی ہی کرے گی۔ بدی نہ کرے گی۔ اُس کے مُنہ سے حکمت کی باتیں نکلتی ہیں۔ اُس کی زبان پر شفقت کی تعلیم ہے۔
وہ اپنے گھرانے پر بخوبی نگاہ رکھتی ہے اور کاہلی کی روٹی نہیں کھاتی۔ اُس کے بیٹے اُٹھتے ہیں اور اُسے مبارک کہتے ہیں۔ اُس کا شوہر بھی اُس کی تعریف کرتا ہے"۔[666]
اسلام نے عورت کو اتنا اونچا مقام دیا ہے کہ اس کی فریاد و شکایت اللہ تعالیٰ نے ساتوں آسمانوں کے اوپر سن لیا اور ارشاد ہوا۔ "قد, سمع اللہ ,قول التی تجادلک, فی زوجھا و تشتکی, الی اللہ , واللہ یسمع تحاورکما , ان اللہ, سمیع, بصیر "[667]۔
ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے سن لیا بات اس عورت کی جو جھگڑتی تھی تم سے اپنے خاوند کے بارے میں اللہ کے آگے شکایت کرتی تھی جبکہ اللہ تعالیٰ تم دونوں کے سوال وجواب سن رہا تھا۔ بیشک اللہ تعالیٰ سننے اور دیکھنے والا ہے۔

---

[663]: عدد 11:5
[664]: النور: 3
[665]: ایضا BK 1:3,15a
[666]: امثال 31:31-10
[667]: المجادلہ: ایت: 1

اس آیت مبارکہ سے صاف واضح ہے کہ اسلام میں عورت اپنی شوہر سے ناراضگی بھی براہ راست حاکم وقت کو پیش کر سکتی ہے۔ اور اس کی شکایت پر اللہ تعالیٰ خود ہی احکامات جاری فرماتے ہیں۔

50: اسلام نے عورت کو اتنا بلند مقام دیا ہے کہ اسلام مرد کو نہ نماز چھوڑنے اور نہ روزے مؤخر کرنے کی اجازت دیتا ہے لیکن عورت کو ان دونوں میں اجازت دی گئی ہے جس سے اس کی فضلیت معلوم ہوتی ہے۔

جبکہ معاصر یہودیت بھی حقوق نسواں کے حق میں ہے اور آج کل یہودی خواتین کو جتنے حقوق ملے ہیں سب کے سب معاصر یہودیت نے دیے ہیں۔ ورنہ قدیم یہودیت میں عورت کو مجبور محض صنف سمجھا جاتا تھا۔

معاصر یہودیت نے عورت کو معاشی، سماجی، عدالتی اور معاشرتی میدانوں میں آزادی دیگر مردوں کے شانہ بشانہ قرار دیا ہے۔ جس کی وجہ سے خواتین سے احساس کمتری ختم ہو کر ترقی کے ہر عمل میں حصہ لیتی رہی ہیں۔

متفرقات

دونوں مذاہب کے متفرقات مندرجہ ذیل ہیں:

1: یہودیت کے مطابق غیر شادی شدہ عورت کے ناجائز جنسی تعلقات زنا میں شمار نہیں ہونگے۔ زنا صرف شادی شدہ عورت کے ناجائز جنسی تعلق کو کہتے ہیں جبکہ مرد کے لئے شادی اور غیر شادی کی کوئی قید نہیں لگایا گیا ہے۔ یعنی شادی شدہ مرد کے جنسی تعلقات زنا نہیں ہے جبکہ عورت کے لئے زنا ہے۔

جبکہ اسلام عورت اور مرد دونوں کے یکساں سزا کا قائل ہے۔ لقولہ تعالیٰ "الزانیۃ و الزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ"[668]۔ ترجمہ: بدکاری کرنے والی عورت اور بدکاری کرنے والے مرد کو سو کوڑے مارو۔

2: یہودیت عورت کو مرد کی ملکیت سمجھتا ہے اور اسلام عورت کو مرد کی شریک حیات اور برابر کا حق دیتا ہے۔

3: دونوں مذاہب میں کے زنا کی تعریفات میں بہت بڑا فرق ہے۔ یہودیت کے مطابق زنا وہ ہو گا جب شادی شدہ عورت ناجائز جنسی تعلقات قائم رکھے یعنی یہودیت میں زنا صرف عورت کی طرف سے ہوتا ہے۔ مثلاً "اگر کوئی مرد کسی بیاہی ہوئی عورت سے صحبت کرتا ہوا پکڑا جائے تو دونوں قتل کیے جائیں"[669]

---

[668]: النور آیت نمبر 2

جبکہ اسلام میں ناجائز تعلقات مرد و عورت دونوں کے طرف سے ہوتے ہیں۔ اور دونوں مجرم تصور ہونگے، صرف عورت مجرم نہیں ہو گی۔

4: یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نہیں مانتے جبکہ اسلام یسوع مسیح کو اللہ تعالی کا سچا نبی مانتا ہے۔

5: یہود نبی مہربان حضرت محمد ﷺ کے منکر ہیں کیونکہ آپ ﷺ یہودی النسل نہیں تھے بلکہ بنو اسماعیل میں سے ہیں۔ جبکہ اسلام تمام انبیاء کو اللہ تعالی کے برگزیدہ بندے مانتے ہیں۔

6: یہود کا عقیدہ ہے کہ چھ دن میں تخلیق عالم سے فراغت پا کر خداوند تھک گیا تھا۔ اس لئے تازہ دم ہونے کی نیت سے ہفتہ کے دن آرام فرمایا۔ جبکہ اسلام میں خدا کا تصور اور عقیدہ یہ ہے کہ " لا تاخذہ سنۃ و لا نوم "یعنی نیند اور تھکاوٹ اس کے قریب بھی نہیں گزرتی۔ کیونکہ جو تھک جاتا ہے اسے خدا ہونے کا کوئی حق حاصل نہیں۔

7: قدیم یہودیت میں عورت کو میراث نہیں ملتی بلکہ وہ خود مال منقولہ تصور کی جاتی ہے جبکہ اسلام نے عورت کو وراثت میں حق دیا اور خود کمانے کی بھی اجازت دی۔ یہودی عالم حاخام ایستاین کہتے ہیں کہ عورت کو حق میراث حاصل نہیں ہے بلکہ وہ خود میراث متروکہ ہے۔[670]

8: اسلام میں شوہر کی وفات پر بیوہ کو عدت گزارنے کے بعد اپنی مرضی سے شادی کی اجازت ہے جبکہ یہودیت میں بیوہ ہونے پر اس کو شادی کے لئے مجبور کیا جاتا تھا۔ "پر اگر وہ بے اولاد ہو تو وہ اپنے شوہر کے بھائی سے لازمی شادی کر یگی۔ تا کہ بچے جنے۔ اور اپنے مرحوم شوہر کے لئے نسل پیدا کرے۔ اور جو پہلا بیٹا اس سے پیدا ہو وہ اس کے مرحوم بھائی کے نام کو قائم رکھے گا۔ تا کہ اسرائیل میں سے اس کا نام مٹ نہ جائے۔"[671]

9: یہودی شریعت نے تعدد الزواج کی بھی کوئی حد مقرر نہیں کی بلکہ ان کے خیال میں ایک مرد جتنی چاہتا شادیاں کر سکتا ہے[672]

---

[669]: استثنیہ شرع 22:22

[670]: (تالمود) 121Epstein. Op cit

[671]: استثناء 5-7:25

[672]: روح اسلام ص 359

دلیل کے طور پر وہ حضرت سلیمانؑ اور حضرت داؤدؑ کو پیش کرتے ہیں کہ ان کی بیویاں بہت زیادہ تھیں۔ مثلاً "حضرت سلیمانؑ کی سات سو بیویاں اور تین سو لونڈیاں تھیں"[673]

جبکہ اسلام میں بحالت حیات چار سے زیادہ عورتوں کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں ہے[674]

10: یہود کے ہاں عورت ماہواری کے ایام میں سات دن تک ناپاک رہے گی اور جو شخص اس کو چھوئے گا تو وہ بھی شام تک ناپاک رہیگا۔ اور وہ عورت جو بھی چیز چھوئے گی تو وہ ناپاک رہے گی شام تک حتی وہ بستر جس پر وہ بیٹھی تھی وہ بھی شام تک ناپاک رہیگا۔[675]

جبکہ اسلام میں عورت کی اس طرح ناپاکی کا کوئی تصور نہیں ہے

11: یہودیت میں عورت پر بدکاری کی شک پر کاہنوں کے پاس لے جا کر لعن طعن کیا جائیگا اور اسے کڑوا پانی پلا جائیگا اور ساتھ قسم دیا جائیگا کہ اگر اس نے بدکاری کی ہے تو اس کی ران سڑ جائے اور پیٹ سوج جائے اور اگر اس نے بدکاری نہیں کی ہو تو اس کڑوے پانی کی لعنت سے بچی رہے گی"[676]۔

جب کہ اسلام کا طریقہ قذف ورجم اس سے مکمل مختلف ہیں۔ جس میں احترام انسانیت بھی ہے اور آسانی بھی۔

12: یہودیت نے عورتوں کو سماجی زندگی سے نکالا ہوا ہے۔ جبکہ اسلام نے عورت کو سماج میں ایک اعلیٰ مقام دیا ہے۔

13: قدیم یہودی تعلیمات کے مطابق عورت کو اپنی ذاتی اور عوامی زندگی آزادانہ گزارنے کا حق حاصل نہیں تھا حتیٰ کہ وہ گواہی بھی نہیں دے سکتی تھی۔ جبکہ اسلام نے عورت کو گواہی میں مرد کے برابر حیثیت دی ہے اور بعض معاملات میں اکیلی عورت کی گواہی بھی فیصلہ دینے کے لئے کافی قرار دی ہے۔ اور جب عورت کی گواہی مرد کی گواہی سے متصادم ہو تو عورت کی قابل ترجیح ہوتی ہے۔ جیسا کہ سورۃ النور آیت نمبر 8 میں ہے۔

---

[673]: سلاطین / ملوک اول 4:11

[674]: النساء آیت: 3

[675]: احبار: 15:23-19

[676]: عدد: 5:25-16

Scanned with OKEN Scanner

14: یہودیت میں طلاق کا اختیار شوہر کے پاس ہوتا ہے شوہر بغیر کسی عذر عورت کو طلاق دے سکتا ہے۔عہد نامہ قدیم کے مطابق اگر شوہر کو اپنا بیوی پسند نہ ہو تو اسے طلاق دے سکتا ہے۔

"اگر کوئی مرد، کسی عورت سے بیاہ کرے، اور پیچھے اس میں کوئی ایسی بیہودہ بات پائے، جس سے، اس عورت کی طرف، اس کا میلان نہ رہے، تو وہ اس کا طلاق نامہ لکھ کر اس کے حوالہ کرے اور اسے اپنے گھر سے نکال دے۔ اور جب اس کے گھر سے نکل جائے تو وہ دوسرے مرد کی ہو سکتی ہے۔ پر اگر دوسرا خاوند بھی اس سے ناخوش رہے اور اس کا طلاق نامہ لکھ کر اس کے حوالہ کرے اور اسے اپنے گھر سے نکال دے یا وہ دوسرا خاوند جس نے اسے بیاہ کیا ہو مر جائے تو اس کا پہلا خاوند جس نے اسے نکال دیا ، ہو بیاہ نہ کرنے پائے کیونکہ ایسا کام، خداوند کے نزدیک مکروہ ہے سو، تو اس ملک، کو جسے خداوند، تیرا خدا میراث کے طور پر تجھ کو دیتا ہے گنہگار نہ بنانا"[677]

تالمود میں یہاں تک لکھا گیا ہے کہ "اگر شوہر کو اپنی بیوی سے کہیں زیادہ اور جگہ خوبصورت عورت مل جائے تو وہ اپنی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے۔[678]

حتیٰ کہ اگر عورت راستے میں کھانا پینا کرے تو اس کو طلاق دی جائے، یا اگر کوئی عورت دس سال تک بچہ نہ جنے تو بھی شوہر کو طلاق کا حق حاصل ہے""[679]

یہاں اسلام یہودیت کے بالعکس پہلے شوہر کو دوسری طلاق کے بعد اس عورت سے شادی کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ لقولہ تعالیٰ:

" فان طلقها فلا جناح عليهما ان يتراجعا ان ظنا ان يقيما حدود الله "[680]

ترجمہ: اگر طلاق دیدے دوسرا خاوند، تو کچھ گناہ نہیں ان دونوں پر کہ پھر باہم مل جائیں۔ اگر ان کو یقین ہو وہ اللہ کا حکم قائم رکھیں گے۔

---

[677]: استثناء ایت:4-1

[678]: تالمود Gittin 90 a-b,Epstein. Op cit 196

[679]: (تلمود) 26: Gittin 89a

[680]: البقرۃ ایت:230

15: یہودیت میں عورت کسی خاص معقول عذر کے علاوہ طلاق نہیں لے سکتی۔ مثلاً شوہر کسی خاص جلدی یا عضلاتی بیماری میں مبتلا ہو جائے اور حق زوجیّت ادا نہیں کر سکتا۔ پھر بھی اگر شوہر راضی نہ ہو تو کوئی عدالت بھی ان سے بیوی کو طلاق نہیں دلوا سکتا بلکہ وہ پوری زندگی معلقہ (آگونا) ہو گی جب تک شوہر اس کو آزاد نہ کرے"۔[681]

لیکن معاصر یہودیت نے حقوق نسواں کو کچھ تحفظ دیا ہے اور یہ لازم کر دیا گیا ہے کہ بیوی کو اس کی مرضی کے بغیر طلاق نہیں دی جا سکتی۔

جبکہ اسلام نے بھی شوہر کو حق طلاق دیا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلال چیزوں میں سب سے مبغوض قرار دیا گیا ہے۔ ارشاد نبوی ہے" ابغض الحلال الی اللہ عز و جل الطلاق"[682]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ عز و جلّ کے نزدیک حلال چیزوں میں مبغوض ترین طلاق ہے۔

اسی طرح عورت کو حق خلع بھی دیا ہے تاکہ وہ یہودیت کے طرح معلقہ نہ ہو، ارشاد باری تعالیٰ ہے "الا ان یخافا حدود اللہ فان خفتم الا یقیما حدود اللہ فلا جناح علیھما فیما افتدت بہ"[683]

ترجمہ: مگر جب دونوں (میاں بیوی) کو اندیشہ ہو کہ اللہ کی حدیں قائم نہ رکھیں گے تو ان پر کچھ گناہ نہیں اس میں کہ وہ (عورت) بدلہ دے کر چھٹی لے۔ فقہی اصطلاح میں مال کے بدلے نکاح زائل کرنے کو خلع کہتے ہیں۔ حدیث میں خلع کے حوالے سے حضرت عبد اللہ ابن عباس نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی زوجہ کی شکایت اور آپ گا وہ مہر والا باغ قیس بن ثابت کو واپس کر نے اور قیس بن ثابت سے طلاق دلوانا مروی ہے۔[684]

16: یہودیت کے ازدواجی نظام پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہاں عورت کا مقام نہایت پست ہے اور اس کی وجہ ان کا یہ نظریہ ہے کہ حوا ؑ نے آدم ؑ کو ممنوعہ پھل کھانے پر اکسایا، جس کی وجہ سے وہ جنت سے نکالے گئے۔ اور اسی بنا پر عورت

681: (تالمود) Yeb 64 a

682: سلیمان، بن اشعث، ابو داؤد، السجستانی، سنن ابی داؤد، کتاب الطلاق (لاہور: مکتبۃ یاد گار شیخ، سن 1437ھ) ج 1 ص 314

683: البقرہ 2:229

684: ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ البخار، الجامع الصحیح البخاری کتاب الطلاق، باب الخلع (لاہور: مکتبۃ رحمانیہ، سن 1992م) ج 2 ص 73

Scanned with OKEN Scanner

کو مرد کی غلامی، حیض جیسی ناپاکی اور حمل کے درد کی سزا ملی۔ بائبل میں ہے "پھر اس نے عورت سے کہا میں تیرے درد حمل کو بہت بڑھاؤں گا۔ تو درد ہی کے ساتھ اولاد جنے گی۔ تو اپنے شوہر کے اختیار میں رہے گی۔ وہ تجھ پر حکومت کرے گا"[685]

17: یہودیت میں شادی کے لیے ایک لازمی امر یہ بھی ہے کہ اس تقریب میں کم از کم دس بالغ لوگ ضرور موجود ہوں جن کے موجودگی میں نکاح کی یہ تقریب مکمل کی جاسکے۔ یہ دس لوگ اس شادی کے گواہ ہوں گے کہ اگر کوئی عدالتی مسئلہ پیش آجائے تو ان گواہوں سے شہادت لی جائے گی۔ اور ان گواہوں پر لازم ہے کہ انہوں نے دلہا، دلہن دونوں کو "خوپا" یعنی شادی کی خیمے میں دیکھے ہونگے۔ جبکہ اسلام میں نکاح کی شہادت کے لئے نہ "خوپا" کا کوئی تصور ہے اور نہ دس لوگوں یا گواہوں کا بلکہ اثبات نکاح کے لئے دو ہی گواہ کافی ہوتے ہیں۔[686]

18: یہودت میں تین بڑے گروہ ہیں جن میں سے قدامت پرست مذہبی فرقہ، عورت کو سماجی اور معاشی تگ ودو میں حصہ لینے کے سخت مخالف ہیں اور ان کو مردوں سے علیحدہ رکھنے کی تعلیم دیتے ہیں جبکہ معاصر یہودیت عورت کو زندگی کے ہر شعبے میں مردوں کے شانہ بشانہ کردار کے قائل ہیں اور رجعت پسند ان دونوں کے درمیان ہیں۔

اس مد میں اسلام نے معتدل راستہ اپنایا ہے نہ عورتوں کو مکمل طور پر شعبہائے زندگی سے باہر کر دیتے ہیں اور نہ شانہ بشانہ کام کرتے ہوئے بے پردگی کے قائل ہیں۔

19: یہودیت مختلف فرقوں میں بٹی ہوئی ہے جس میں اکثر فرقے عورت کی گواہی کے محدود انداز میں قائل ہیں جبکہ جدید یہودیت ہر معاملے میں مرد کی طرح عورت کو گواہ بننے کی قائل ہیں۔ اسرائیل نے ایک ایکٹ (Equality of women Rights Act 1951) پاس کیا جس میں مرد و عورت گواہی کے میدان میں مرد کے برابر حثیت دی گئی ہے۔ اسی طرح 1974ء میں عورت کا کھلم کھلا ہر معاملے میں گواہ بننے کا حق تسلیم کیا گیا۔[687]

جبکہ اسلام بھی حد زنا کے علاوہ ہر معاملے میں عورت کی گواہی کا قائل ہے۔

[685]: پیدائش 16:3

[686]: www: http/. Jewish views of marriage.org. Judaism. Last visited 5-03-2020

[687]: The Status of Women in Jews Law, Published by Conservative Judaism 1977, vole:31 /3 PP: 24- 40.

Scanned with OKEN Scanner

20: یہودی قانون کے مطابق کسی بھی معاملہ مثلاً وصیت، نکاح وغیرہ کی قانونی حیثیت کو ثابت کرنے کے لئے گواہوں کی تعداد کم از کم دو ہونی چاہئیے۔[688] اور دو گواہوں کی عدم موجودگی میں نکاح فاسد ہو جاتا ہے۔[689]

جیسا کہ استثناء میں ہے۔ "کسی شخص کے خلاف اسکے کسی گناہ یا خطا کے بارے میں جو اس سے سرزد ہوئی فقط ایک ہی گواہ کھڑا نہ ہوگا۔ لیکن دو یا تین گواہوں کے بیان سے بات ثابت ہوگی"۔[690]

جبکہ اسلام میں اگر دو گواہ نکاح، وصیت کے دوران موجود نہ ہوں تو ایک گواہ بھی کافی ہوتا ہے اور حتیٰ کہ ایک عورت بھی حلف کے ساتھ ان معاملات میں قبول کی جاتی ہے۔

21: یہودیت کے مطابق عورت مرد کے طرح نبیہ بن سکتی ہے۔ جیسا کہ دبورہ کتاب القضاۃ میں ہے "اور اس وقت لفیدوت کی بیوی دبورہ نبیہ بنی اسرائیل پر قاضیہ تھی۔"[691]

جب کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق اللہ تعالی نے عورتوں میں نبیہ نہیں بھیجی ہے۔

22: دونوں مذاہب میں بلوغت کی عمر کے بارے میں اختلاف ہیں۔ ربیوں کے مطابق کوئی بھی شخص ہوش و عقل کو بیس سال سے پہلے نہیں پہنچ سکتا۔ یہودیت میں جس شخص کی عمر بیس سال تک پہنچ جائے تو وہ احکام الٰہی کا پابند ہوگا۔ جیسا کہ خروج میں ہے "ہر ایک جو شمار میں آجائے، بیس برس یا اس سے زیادہ کا تو خداوند کے سامنے نذر لائیں"۔[692]

جبکہ اسلامی تعلیمات میں بیس سال کی عمر کو پہنچنا لازم نہیں بلکہ بلوغت کی علامات ہیں جو تیرہ سال بعد یا پندرہ سال بعد بھی سن بلوغت کو پہنچ سکتی ہے۔

23: یہودیت میں خونی رشتہ دار گواہ نہیں ہو سکتا۔ جبکہ اسلام میں میاں بیوی، باپ بیٹا باہمی گواہ نہیں ہو سکتے اور دیگر رشتہ دار گواہ بن سکتے ہیں۔

688: Words and Phrases legally defined, vol. 1, p. 374.

690 استثناء 15:19

691: قضات 5:4

692: خروج 14:30

24: قرآن اور بائیبل کی نظر میں عورت کے ساتھ متعصبانہ سلوک بہت واضح ہے۔

مثلاً کتاب احبار میں ہے کہ جب عورت بیٹے کو جنم دیتی ہے تو اس کی پاکی ساتویں روز آتی ہے اور آٹھویں دن لڑکے کا ختنہ کیا جائے اور اگر لڑکی جنم دیتی ہے تو دو ہفتوں تک ناپاک رہتی ہے۔[693]

جبکہ اسلام اور قران اس امتیاز کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ارشاد ربانی ہے" واذا بشر احدھم الانثی ظل وجھہ مسودا و ھو کظیم یتواری من القوم من سوئ ما بشر بہ ایمسکہ علی ھون ام یدسہ فی التراب الا سآء ما یحکمون"[694]

ترجمہ: اور جب ان کو خوش خبری ملے ان میں کسی کو بیٹی کی تو سارا دن اس کا منہ سیاہ رہے اور سخت غصہ رہتا ہے۔چھپتا پھرے لوگوں سے۔مارے برائی اس خوشخبری کے جو سنی اس کو رہنے دے ذلت قبول کر کے یا اس کو داب دے مٹی میں سنتا ہے برا فیصلہ کرتے ہیں۔

25: برخلاف یہودیت وعیسائیت واسلام نے عورت کو اپنے حق اور مدعا ظاہر کرنے کے لئے پیغمبر اسلام کے ساتھ بھی مجادلہ کی اجازت دی ہوئی ہے۔لقولہ تعالی" قد سمع اللہ قول التی تجادلک فی زوجھا و تشتکی الی اللہ واللہ یسمع تحاورکما ان اللہ سمع بصیر" [695]

ترجمہ: بیشک سن لیا اللہ تعالی نے اس عورت کی بات جو جھگڑتی تھی تجھ سے اپنے خاوند کے حق میں اور شکایت کرتی تھی اللہ کے آگے۔اور اللہ سنتا تھا سوال وجواب تم دونوں کے بیشک اللہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

26: یہودیت میں حیض کے ایام میں عورت کو ناپاک تصور کیا جاتا ہے اور ان سے ہاتھ ملانا یا چھونا بھی گناہ سمجھا جاتا ہے۔احبار میں ہے" جب ماہواری وقت پر عورت کے جسم سے خون بہے تو سات دن تک اپنے حیض میں جدا کی جائے اور جو کوئی اسے چھوئے شام تک ناپاک رہے"[696]

---

[693]: احبار12:3-2،5

[694]: النحل ایت:59

[695]: سورۃ المجادلہ ایت نمبر1

[696]: احبار15:19

برخلاف اسلام، یہودیت میں حیض کو ایک لعنت سمجھا جاتا ہے اور جس عورت کو حیض آئے اور شوہر اس کے جسم کے کو کسی حصہ کو چھو لیتا ہے یا جس پادری کی بیوی کو حیض آجاتی تو ان کو کلیساں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں تھی۔ جبکہ اسلام میں جماع کے علاوہ عورت کے جسم ہر حصہ کو مسح کیا جاسکتا ہے اور وہ ناپاک نہیں ہوتا۔

"جیسا کہ بروایت بخاری امّ المؤمنین حضرت ام سلمی رضی اللہ تعالی عنہا نے بتلایا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک چادر میں لیٹی ہوئی تھی کہ مجھے حیض آگیا۔ میں چپکے سے چلی گئی اور حیض کے کپڑے بدل لئے۔ آپ ﷺ نے پوچھا کیا تجھے حیض آگیا ہے؟ میں نے کہا جی ہاں۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے بلایا اور میں آپ ﷺ کے ساتھ چادر میں لیٹ گئی"[697]

27: قرآن اور بائیبل میں عورت کی گواہی پر بھی اختلاف ہے۔ قران مالی معاملات میں دو مرد گواہ یا ایک مرد گواہ اور دو عورتوں کو گواہ بنانے کی ہدایت دیتا ہے لیکن درحقیقت گواہی ایک عورت نے دینی ہوتی ہے جو مرد کے برابر ہوتی ہے۔ بلکہ اسلام نے عورت کی گواہی کو اتنی اہمیت دی ہے کہ مرد سے بھی زیادہ ہے اور عورت ہی کی گواہی سے مرد کی گواہی مردود و باطل ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ قران مجید میں ہے۔" و یدرا عنها العذاب ان تشهد اربع شهادت بالله انہ لمن الکاذبین والخامسۃ ان غضبالله علیها ان کا من الصادقین "[698]

ترجمہ: اور دفع کرتی ہیں ان سے سزا کہ وہ (عورت) چار گواہی اللہ کی قسم کھا کر دے کہ وہ شخص (شوہر) جھوٹا ہے۔ اور پانچویں یہ کہ اس پر اللہ کا غضب آئے (اس عورت پر) اگر وہ شخص سچا ہے۔

جبکہ قدیم یہودیت میں عورت کو گواہی دینے کی اجازت نہیں تھی۔ حاخام اور ربیوں نے ان نو لعنتوں کی وجہ سے عورت کو گواہی دینے سے منع کیا تھا۔ یعنی عورت فطرتا جھوٹ بولتی ہے اور غلطی کرتی ہے جیسا کہ حوا نے کیا تو پھر ابرہیم کی بیوی سارہ رضی اللہ عنہا نے بھی جھوٹ بولا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ عورت گواہی نہیں دے سکتی کیونکہ گواہی میں جھوٹ کی گنجائش نہیں ہو تی۔

[697]: بخاری کتاب الحیض 24

[698]: النور ایت 9-8

Scanned with OKEN Scanner

پیدائش میں ہے "' حضرت ابراہیم کو بیٹے کی خوشخبری دی گئی تو سارہ دراوزہ کی پچھے بیٹھی ہوئی تھی اور بیٹے کی خبر سن کر وہ ہنس گئی اور جب ان سے پوچھا گیا تو نے کیوں ہنسی تو" سارہ نے انکار کر کے کہا کہ میں نہیں ہنسی ۔ کیونکہ وہ ڈری تو اس نے کہا۔ بلکہ تو ہنسی "[699]

یہ اس بات پر استدلال ہے کہ سارہ نے جھوٹ بولا۔لہذا ہر عورت جھوٹ بولتی ہے اور دباؤ آنے پر اپنے بیان سے مکر جاتی ہے جبکہ گواہی میں اس چیز کی گنجائش نہیں ہے۔

اسی کہانی کو قران مجید نے بھی دو مرتبہ ذکر کیا ہے جس میں سارہ کی جھوٹ کا اشارہ نہیں ملتا۔ لقولہ تعالیٰ: " وامرآته قآئمة فضحکت فبشرناها باسحاق و من وراء اسحق یعقوب.قلت یا ویلتی آالد و انا عجوز و هذا بعلی شیخا ان هذا لشیء عجیب"[700]

ترجمہ: اور اس کی عورت پاس کھڑی تھی تب وہ ہنس پڑی اور ہم نے خوشخبری دی اس کو اسحاق کے پیچھے یعقوب کی۔ تو وہ بولی ،اے خرابی کیا میں بچہ جنوگی اور میں بوڑھی ہوئی ہو اور یہ خاوند میرا ابھی بوڑھا ہے۔ (اسی عمر اور حالت میں بچہ جننا) ایک عجیب بات ہے۔

اسی طرح سورۃ الذاریات ایت 29-25 میں بھی اسی کہانی کا ذکر ہے جس مین جھوٹ بولنے کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

27: اسلامی قوانین کی رو سے مرد وزن اپنے افعال کے لئے یکساں جواب دہ ہیں۔ اور قذف کے معاملے میں قاذف خواہ مرد ہو یا عورت ایک جیسی سزا کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

28: بائیبل کے مطابق اگر شوہر اپنی بیوی پر عیب جوئی کرے یا الزام لگائے تو یا تو عورت پر جرم ثابت کیا جائیگا جس پر ان کو سزا ئے موت ہوگی اور اگر جرم ثابت نہیں ہو جاتا تو شوہر پر کچھ نہیں ہے۔ "کہ اگر کسی آدمی کی عورت گمراہ ہو جائے اور وہ اپنے شوہر سے بے وفائی کرے اور کوئی اور مرد اس کے ساتھ ہم بستر ہو جائے۔ یہ بات اس کی خاوند سے چھپی رہے اور اس پر کوئی گواہ نہ ہو۔ تو اس کو کاہن کے پاس لے کر عدالتی کاروائی پورا کی جائیگی۔ یہ غیرت کی شریعت ہے جب کوئی عورت اپنے خاوند کے ہو تے ہوئے گمراہ ہو اور ناپاک ہو جائے۔ یا جب مرد کو غیرت کا جوش ہو اور وہ اپنی بیوی سے بد گمانی کرے اور اسے خداوند کے

---

[699]: پیدائیش 18:9-15

[700]: ہود ایت: 72-71

سامنے کھڑا کرے اور اس سب شریعت کے مطابق کاہن اس کے ساتھ عمل کرے تو مرد اپنے گناہ سے پاک ہو گا اور گناہ اس عورت کے سر پر ہو گا"۔[701]

اگر شوہر کسی بیوی پر الزام لگائے کہ وہ کنواری نہیں ہے یا اس کے والدین اس کے کنوار پن شہر کے بزرگوں کے سامنے دیکھ لا کر ثابت کرے۔ تو اس صورت میں بزرگ اس شخص کو گرفتار کر کے چالیس کوڑے لگائے اور سو مثقال چاندی لیکر لڑکی کے والدین کو دیدیں اور اگر لڑکی پر جرم ثابت ہو جاتا ہے تو پھر اس کو اس کے والد کے گھر کے سامنے سنگسار کریں۔

یہاں بھی عورت کی سزا میں سختی اور مرد کی سزا میں نرمی ہے۔ جبکہ اسلام میں ایسی کوئی تفریق نہیں ہے۔

29: بائیبل کے مطابق مرد ہر حال میں اپنا عہد نذر وغیرہ کا وعدہ پورا کریگا جبکہ عورت اپنا وعدہ پوار کرنے کی پابند نہیں ہے اس کی طرف سے اگر شادی شدہ ہو تو شوہر اور بن شادی کی صورت میں باپ پورا کریں گے۔ بائبل کی کتاب عدد میں ہے "اگر کوئی آدمی خداوند کی منت مانے یا قسم کھا کر کوئی بات اپنی جان پر لازم ٹھہرائے تو وہ اپنے قول کے خلاف نہ کرے۔ بلکہ جو کچھ اس کے منہ سے نکلا ہے اس پر عمل کرے۔ اور اگر کوئی عورت خداوند کے لئے منت مانے اور اپنے لڑکپن میں اپنے باپ کے گھر ہوتے ہوئے تو اس کے باپ اس کی منت کو اور اگر وہ شوہر والی ہو جائے تو اس کی شوہر اس کی طرف سے پورا کریگا۔[702]

جب کہ اسلام میں ہر دو مرد و عورت کو اپنی وعدہ پورا کرنے اور نبھانے کا حق حاصل ہے۔ ارشاد خداوندی ہے" واوفوا بالعهد ان العهد كان مسئولا"[703]

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔"ولكن يواخذكم بما عقدتم الايمان"[704]۔ ترجمہ: لیکن پکڑتا ہے اس پر جس قسم کو تم نے مضبوط باندھا ہو۔

جبکہ اسلام نے ابتدا ہی سے شادی شدہ عورت کو آزاد حثیت دی ہے۔ اسلام میں عورت اپنی مرضی کے مطابق تحفے تحائف دے سکتی ہے۔ اور شادی کے موقع پر شوہر اپنی بیوی کو اور بیوی کا اپنے شوہر کو تحائف دینا قابل ستائش ہے۔ ارشاد ربانی ہے" وا تو النساء صدقاتهن نحلة فان طبن لكم عن شيء منه نفسا فكلوه هنيئا مريئا"[705]۔ ترجمہ: اور دے

---

[701]: عدد 5:31-11

[702]: عدد 30:17-3

[703]: الاسراء ایت 34

[704]: المائدہ ایت 89

[705]: النساء ایت:4

Scanned with OKEN Scanner

ڈالو عورتوں کو مہر ان کی خوشی سے، پھر اگر وہ اس میں سے کچھ چھوڑ دیں تم کو اپنی خوشی سے تو اس کو کھاؤ شوق اور خوش ہو کر ذوق سے۔

30: یہودی شریعت کے مطابق اگر کسی عورت پر بدکاری کی تہمت لگا کر ثابت نہ کیا جا سکے تو وہ تہمت لگانے والا شخص اس کے ساتھ شادی کر کے زندگی بھر طلاق نہ دے۔ استثناء میں ہے۔ "اور وہ اس کے رسوا ہونے کے بدلے میں اس کی بیوی ہو گی۔ اور وہ زندگی بھر طلاق نہ دے سکے۔"[706]

تالمود میں ہے کہ ایک مرد اس بنیاد پر بھی اپنی عورت کو طلاق دے سکتا ہے کہ اس نے شوہر کے لئے اچھا کھانا نہیں بنایا۔ ربی اکیبیا کہتے ہیں کہ اگر شوہر کو اپنے بیوی سے کوئی خوبصورت عورت مل جاتی ہے تو بھی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے۔[707] اس کا مطلب یہ کہ مرد بغیر کسی عذر کے اپنے بیوی کو طلاق دے سکتا ہے۔ جیسا کہ ربی میئر نے کہا ہے کہ اگر بیوی گلی میں کھاتی پیتی ہو تو اسے طلاق دیا جائے۔[708]

اسلام نے درمیانی راستہ نکالا ہے یہودیت کے برخلاف بوقت ضرورت بیوی کو طلاق دی جا سکتی ہے اور اسلام طلاق کی حوصلہ شکنی کرتا ہے لیکن یہودیت جیسے کھلا اختیار بھی نہیں ہے اور نہ طلاق دیتے وقت شوہر کے پاس میرج گفٹس واپس لینے کا اختیار دیتا ہے۔

لقولہ تعالیٰ"و ان اردتم استبدال روج مکان زوج و اتیتم احداهن قنطارا فلا تا خذوا منہ شیئا اتا خذونہ بهتانا و اثما مبینا"[709]

ترجمہ: اگر تم بدلنا چاہو ایک عورت کی جگہ دوسری عورت کو اور دے چکے ہو ایک کو بہت سا مال تو اس میں کچھ مت لیا کرو کیونکہ یہ صریح گناہ ہے۔

31: جب کہ اسلام نے عورت کو فوقیت دیتے ہوئے اگر عورت بوقت ضرورت شوہر سے خلع لینا چاہتی ہے تو لے سکتی ہے اور خلع لینے کے لئے عورت شوہر کو میرج گفٹس واپس کر سکتی ہے۔ **لقولہ تعالی"** ولا یحل لکم ان تاخذوا مما اتیتموھن شیئا الا ان یخافا الا یقیما حدود اللہ"[710]

---

[706]: استثناء 30:22

[707]: گیٹن: 90a & 90b

[708]: تالمود ارڈر نمبر دوم گیٹن 89a

[709]: النساء ایت: 20

ترجمہ: اور جائز نہیں تمہارے لئے کہ تم واپس لے لو جو کچھ تم نے دیا ہوا ہے اپنے عورتوں کو مگر جہاں تم دونوں (میاں بیوی) کو ڈر ہو اس بات سے کہ نہ رکھ سکیں گے اللہ کے احکامات۔

32: برخلاف یہودیت ایک مسلمان شوہر اپنی بیوی کو صرف اس وجہ سے طلاق نہیں دے گا کہ وہ ان کو پسند نہیں ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔ " و عاشر وھن بالمعروف فان کرھتموھن فعسی انتکرھوا شیئا و یجعل اللہ فیہ خیرا کثیرا "[711]۔ ترجمہ: اور زندگی گزاروان عورتوں کے ساتھ اچھی طریقے سے۔ اگر وہ تم کو نہ بھاویں تو شاید تم کو پسند نہ آوے ایک چیز اور اللہ نے اس میں بہت خیر رکھی ہو۔

آپ ﷺ نے فرمایا ہے "تم میں بہتر وہ شخص ہے جو اپنے اہل و اعیال کے ساتھ اچھا ہو"۔

33: معاصر یہودت میں ریاست اسرئیل نے ایکٹ پاس کر کے عورت کو بحثیت گواہ مرد جیسے حق قانونی طور پر دے کر رائج کر دیا۔ " The disqualification of women as witnesses was abolished by the Equality of Woman Rights Act 1951"۔

34: قدیم یہودیت میں عورت کو انتہائی گھٹیاں سمجھا جاتا تھا۔ جیسا کہ بیان کیا گیا ہے "تب میں نے اپنے دل سے توجہ کی تا کہ جانوں اور دریافت کروں اور حکمت اور خرد کی تلاش کروں اور جاہلوں کی شرارت اور احمق کی دیوانگی کو سمجھوں۔ تو میں نے معلوم کیا کہ موت کیا؟ کہ موت سے تلخ تر وہ عورت ہے جس کا دل پھندے اور دجال ہے اور جس کے زنجیر ہیں۔ جو خدا کے حضور نیک ہے وہ اس سے بچے گا لیکن جو خطاکار ہے وہ اس کا گرفتار ہو جائے گا"۔[712]

جبکہ اسلام و معاصر یہودیت عورت کو احترام و عزت دیتا ہے

35: یہودیوں کی مذہبی اور مقدس کتاب توریت اور مسلمانوں کی قران مجید ہے۔ یہ دونوں الہامی آسمانی کتب ہیں۔ موجودہ تورات میں تحریف اور تغیر کی گئی ہے جس کا اعتراف خود یہود بھی کرتے ہیں جبکہ قرآن مجید اپنی ہی حالت اصلیہ میں تا قیامت موجود رہیگا۔

---

[710]: البقرہ ایت ایت: 229

[711]: سورۃ النساء ایت 19

[712]: جامع 7:28-26

36: اسلام میں دیوانی معاملہ ہو یا مالی معاملات ہو، جائیداد کی خرید و فروخت ہو، طلاق ہو یا نکاح جیسے مقدمات میں، دو گواہوں کی گواہی پر سزا دی جا سکتی ہے۔ لقولہ تعالیٰ: واستشھدوا شھدین من رجالکم فان لم یکن رجلین فرجل و امراتان"[713]۔ ترجمہ: اپنے مردوں میں سے دو گواہ کو مقرر کرو اور اگر دو مرد نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں گواہ بنالو

البتہ بعض اضطراری حالات میں ایک گواہ کے گواہی پر بھی اثبات دعویٰ ہو سکتا ہے جبکہ یہودیت میں ایک گواہ کی گواہی سے عام جرائم ثابت نہیں ہو سکتے۔ جیسا کہ تثنیہ شرع میں ہے۔ "کسی شخص، کے خلاف اس کے کسی گناہ یا خطا کے بارے میں جو اس سے سرزد ہوئی، فقط ایک ہی گواہ کھڑا نہ ہو گا۔ بلکہ دو یا تین گواہوں کے بیان سے بات ثابت ہو گی"[714]

37: اسلام عام حالات میں فوجداری مقدمات کی اثبات کے لئے دو مرد گواہوں کا مطالبہ کرتا ہے۔ جبکہ یہودیت بہ ہر حال اثبات جریمہ کے لئے دو گواہ چاہتے ہیں خواہ مرد ہو یا عورت۔

38: یہود اپنے آپ کو مقدس سمجھتے ہیں۔ ان کے نزدیک دیگر اقوام کو دھوکہ دینا، لوٹنا اور قتل کرنا جائز ہے۔ وہ دیگر اقوام کی عورتوں کی گواہی تسلیم نہ کرکے کمال ہے اور یہاں تک کہ ان سے شادیاں بھی نہیں کرتے۔ ان کے نزدیک اگر غیر یہود دریا میں ڈوب رہا ہو تو اس کو نجات نہ دو کیونکہ یہ یہود کا دشمن ہے۔ یہودیت میں غیر یہود کے خلاف جھوٹی گواہی بھی دینا جائز ہے (باجودیکہ اسے معلوم ہو کہ حق یہودی کے ساتھ ہے مگر جھوٹی گواہی دے سکتا ہے)۔"[715]

جب کہ اسلام میں ایسا کوئی تصور نہیں۔ اسلام نے شہادت حق کا حکم دیا ہے اگرچہ اپنی ذات، والدین یا رشتہ داروں کے خلاف کیوں نہ ہو۔"لقولہ تعالیٰ: یا ایھاالذین امنوا کونوا قوامین بالقسط شھدآء للہ و لو علی انفسکم او الولدین و الاقربین"[716]

ترجمہ: اے ایمان والوں قائم رہو انصاف پر گواہی دو اللہ کی طرف کی اگرچہ نقصان ہو تمہارا یا ماں باپ کا یا قرابت والوں کا ان تمام اقتباسات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودیت ایک ایسی خطرناک قوم ہے جو عوام کو دھوکا دے کر دنیا پر حکومت کرنے کا خواب دیکھ رہی ہے، جو خود کو آج ایک مذہبی قوم کی صورت میں دنیا کے سامنے پیش کرتی ہے۔

---

[713]: البقرہ ایت: 282

[714]: تثنیہ شرع 15:19

[715] : http://ur. Wikipedia.org/wiki, last visited 20 April 2019.

[716] النسآء ایت: 135

5.2: فصل دوم: عیسائیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ

عیسائیت حضرت عیسیٰؑ کی شخصیت کی طرف منسوب ایک مذہب کا نام ہے۔ جس کا تبلیغی دائرہ صرف عیسائیوں تک محدود ہے ۔عیسائیت، مسیحیت اور کرسچنیٹی تمام الفاظ اس مذہب کی محدودیت کو ظاہر کرتا ہے۔ انجیل متی کے مطابق حضرت عیسیٰؑ نے جب اپنے بارہ حواریوں کو تبلیغ کے لئے بھیجا تو یہ ہدایت فرمائی کہ "غیر قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا۔ بلکہ اسرئیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے پاس جانا"[717]

انجیل کے اس بیان سے اس مذہب کی محدودئیت ظاہر ہو جاتی ہے ۔ قرآن نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے "واذ قال، عیسی ابن مریم، یا بنی اسرائیل، انی، رسول الله، الیکم"[718]

ترجمہ "اور جب عیسیٰؑ نے فرمایا اے بنی اسرئیل میں صرف تمہارے لئے، اللہ، کا رسول، بن کر آیا ہوں۔

اس کے بر عکس اسلام میں وسعت اور عالمگیرئیت ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔ "قل یا یہالناس انی رسول الله الیکم جمیعا"[719]

ترجمہ: اے رسول فرمادے ان لوگوں کو، میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔

عیسائیت اور اسلام دونوں سامی مذاہب ہیں۔ عیسی علیہ السلام پر وحی نازل ہوتی تھی۔ جیسا کہ انجیل مقدس یوحنا میں ہے "اب میری جان گھبراتی ہے اور میں کیا کہوں یہ کہ اے باپ مجھے اس گھڑی سے بچا۔ لیکن میں اسی سبب سے اس گھڑی تک پہنچا ہوں۔ اے باپ اپنے نام کو جلال دے۔ تب آسمان سے آواز آئی کہ میں نے جلال دیا ہے اور میں پھر جلال دونگا۔ پس جو ہجوم کھڑا سن رہا تھا وہ کہنے لگا کہ بادل گرجا۔ مگر اور کہتے تھے کہ کوئی فرشتہ اس سے بولا ہے"۔[720]

انجیل مقدس کے اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام پر وحی نازل ہوتی تھی۔

---

[717]: مقدس متی 5-6:10

[718]: الصف ایت:6

[719]: الاعراف ایت:158

[720]: مقدس یوحنا 27-29:12

Scanned with OKEN Scanner

اسی طرح آپؐ پر وحی نازل ہونے کے بارے میں کئی آیات موجود ہیں جیسا کہ ارشاد ہے "وماکان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من ورآء حجاب او یر سل رسولا فیوحی باذنہ ما یشآء"[721]

ترجمہ: اور کسی بشر کا یہ مقام نہیں کہ اللہ اس سے روبرو بات کرے۔ اس کی بات یا تو وحی کے طور پر ہوتی ہے یا پردے کے پیچھے سے یا وہ کسی قاصد کو بھیجتا ہے اور وہ اس کے حکم سے جو کچھ وہ چاہتا ہے وحی کرتا ہے۔

اسی طرح سورت نجم میں ارشاد ہے۔"و ما ینطق عن الھوی ۔ ان ھو الا و حی یو حی "۔[722]

ترجمہ: اور وہ نہیں بولتا اپنے نفس کی خواہش سے۔ یہ تو وحی ہے بھیجا ہوا۔

عیسائی حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا سمجھتے ہیں جبکہ مسلمان اس کو اللہ تعالی کا پیغمبر مانتے ہیں۔

عیسائیت میں شریعت کا کوئی وجود نہیں ہے۔ ویسے تو انجیل متی کے باب نمبر 5 ایات نمبر 17 میں یسوع مسیح سے روایت ہے کہ آپؑ یعنی یسوع مسیح اکمال شریعت کے لئے تشریف لائے تھے۔

جیسا کہ کتاب متی میں ہے "یہ خیال مت کرو کہ میں تورات یا 17 صحائف انبیاء کو منسوخ کرنے آیا ہوں۔ منسوخ کرنے کو نہیں بلکہ پورا کرنے کو آیا ہوں"[723]

قرآن مجید نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے ۔ ارشاد باری تعالی ہے " و یعلمہ الکتاب، والحکمۃ والتوراۃ والانجیل"[724]۔ ترجمہ: اور سکھائے گا اس کو کتاب اور دین کی پکی باتیں اور توریت وانجیل کی تعلیم۔

ولقولہ تعالی" و مصدقا لما بین یدی من التوارۃ"[725]۔ ترجمہ اور تصدیق کرتا ہوں مجھ سے پہلی جو کچھ تو توریت میں ہے

لیکن ایک عرصہ تک عیسائیت نے شریعت موسوی کو اپنائے رکھا پھر مختلف ممالک میں شریعت موسوی کی پیروکاروں نے اپنے مرضی، عقل اور سہولت کے مطابق قوانین وضع کئے۔

---

[721]: الشوری ایت: 51

[722]: النجم ایت: 4-3

[723]: مقدس متی 17:5

[724]: آل عمران ایت: 48

[725]: ایضا 50

موافقات: ان دونوں مذاہب کے موافقات مندرجہ ذیل ہیں۔

1: دونوں ادیان میں اثبات دعوٰی کے لئے دو گواہ کا ہونا شرط ہے۔ مثلاً عدد باب 35: آیت 30، یا استثنا باب 17:6 اور 15:19 اور قضات ملوک 1، 10:21 اور 14 اور قرآن مجید کی سورت البقرہ 282 "و استشہدو اشہدین۔۔۔۔۔الی الخ کا حکم ہے۔

2: دونوں مذاہب میں کتمان شہادت بڑی گناہ ہے۔ احبار 5:1، امثال 29:24 اور قضات 17:2 اور قرآن مجید: "و لا تکتموا الشہادۃومن یکتمہا فانہ آثم قلبہ[726]

3: اسلام کی طرح عیسائیت میں بھی جھوٹی گواہی قابل تعزیر جرم ہے۔ استثناء میں ہے کہ "اگر وہ گواہ جھوٹا نکلے اور اس نے اپنے بھائی کے خلاف جھوٹی گواہی دی ہو۔ تو تم اس سے وہی کرنا جو اس نے اپنے بھائی سے کرنا چاہا"[727]

قران مجید نے بھی ارشاد فرمایا "و اجتنبو ا قول الزور "[728]

4: یہ دونوں مذاہب الہامی ہے اور دونوں پیروکاروں کی تعداد دنیا کی کل آبادی کے بہت بڑے حصے پر مشتمل ہے۔

5: حضرت عیسی علیہ السلام نے آسمانی بادشاہت کا اعلان کیا تو محمد الرسول اللہؐ نے اس آسمانی بادشاہت کو عملی جامہ پہنا کر مکمل اور عملی شکل میں دنیا میں رائج کیا۔

6: عیسائیت میں مرد و عورت تمام ذمہ داریوں بشمول گواہی میں یکساں اور برابر ہیں۔ عہد نامہ جدید گلیتیوں (غلاطیوں) میں ہے "نہ کوئی یہودی رہا نہ یونانی۔ نہ کوئی غلام نہ آزاد نہ مرد نہ زن۔ کیونکہ تم سب مسیح یسوع میں ایک ہو اور جب تم مسیح کے ہو تو ابراہیم کی نسل اور وعدے کے مطابق وارث بھی ہو"۔[729]

جبکہ اسلام نے بھی عورت کو گواہی و دیگر معاملات میں مرد جیسے یکساں حقوق دیئے ہیں۔ اس آیت میں مرد و زن، آقا و غلام کو معاشرتی ذمہ داریوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جب عیسائیت میں داخل ہو جائے تو پھر مرد و زن کا کوئی فرق نہیں ہے

---

[726]: البقرۃ:283

[727] استثناء 19:19-18

[728]: الحج:30

[729]: گلیتیوں 28:3

بلکہ دونوں یکساں حیثیت کے مالک ہیں۔یعنی عورت ہر اس کام کے لئے اہل ہو گی جس کے لئے ایک مرد اہل ہو گا اور ان دونوں کے درمیان کوئی جنسی تفریق نہیں ہو گی۔اس خیال کا خاتمہ ہو جاتا ہے کہ عورتیں مرد سے کم تر حیثیت کے ہوتے ہوئے معاشرتی ذمہ داریاں نہیں نبھا سکتی ہیں یا جج و گواہ بننے کی اہل نہیں ہونگیں۔

7: یہ کہ خدائی مقصد شراکت کا تھا اور زمین پر مشترکہ حکومت و مشترکہ حیثیت کا تھا۔لہذا مرد وزن کو ایک قرار دیا۔اسی طرح کرنتھیوں اوّل میں ہے "نہ مرد عورت کے بغیر خود کفیل ہے نہ عورت مرد کے بغیر، خود کفیل، کیونکہ جیسے عورت مرد، سے آئی ہے، ویسے ہی مرد بھی عورت سے پیدا ہوا ہے۔"[730]

خلاصہ یہ ہوا کہ خدا نے مرد وزن کو پیدا کیا ہے۔نہ کہ مرد کو، لیکن اس کا، مطلب یہ نہیں ہوا، کہ مرد افضل، رہنما اور فیصلہ ساز ہو گا۔مرد کا اپنا مخصوص کردار ہے اور عورت اپنے شوہر کی مددگار ہو گی۔مرد و عورت کو شریک بننے کے لئے بنایا گیا تھا جو خدا کی بادشاہت کے لئے یکساں طور پر ذمہ دار ہوں۔کتاب پیدائش میں ہے۔" اور ہم نے انسان کو اپنی شکل پر اپنے جیسا بنایا اور وہ سمندر کی، مچھلیوں اور آسمان کے پرندوں، اور چوپائیوں اور کل روئے زمین، اور سب کیڑے مکوڑوں پر، جو زمین پر رینگتے ہیں، حکومت کرے"[731]

ان آیاتوں سے اختیار کے دو واضح ڈھانچے معلوم ہوتے ہیں۔یعنی تمام مخلوق پر خدا کا اختیار اور زمین اور مخلوقات پر مرد و عورت کا مشترکہ اختیار۔اس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ شروع ہی سے عورتوں پر مردوں کے اختیار کا کوئی منشاء نہیں تھی۔یہ دونوں ساتھ مل کر بچے پیدا کرانا، ان کی پرورش کرنا اور زمین پر تسلط قائم کرنا مشترکہ ذمہ داری ہے۔اس سے یہ بھی عیاں ہے کہ بائیبل تمام پیروکاروں کو مساوات کی تعلیم دیتا ہے جو گھر، کلیسا اور معاشرے میں اپنی اپنی خدداد نعمتوں اور صلاحیتوں کے استعمال کرنے میں آزاد ہیں۔یہ آیت یہ بھی اعلان کرتی ہے کہ عیسائیت میں نسل طبقہ اور جنس غیر متعلق ہیں اور تمام لوگ برابر ہیں۔[732]

8: عہد نامہ جدید کی مزید کئی آیات یہ تصدیق کرتی ہیں کہ تمام ایمان والے وجود اور کام میں برابر ہیں۔مثلاً "انجیل یوحنا میں ہے کہ میں صرف انہی کے لئے نہیں بلکہ ان کے لئے بھی عرض کرتا ہوں جو ان کے کلام کے وسیلے سے، مجھ پر ایمان لائیں گے۔تا

---

[730]: 1 کرنتھیوں 11:11

[731]: پیدائش 1:28-26

[732]: ولیم میکڈونلڈ، تفسیر الکتاب، فیروزپور روڈ لاہور: مسیحی اشاعت، سن 2016م) ص 13-112

Scanned with OKEN Scanner

کہ وہ سب ایک ہوں، جس طرح کہ تو اے باپ، مجھ میں ہے اور میں تجھ میں ہوں وہ بھی ہم میں ایک ہوں، تا کہ دنیا ایمان لائے ، کہ تو نے مجھے بھیجا ہے اور جلال جو تو نے مجھے دیا ہے، میں نے انہیں دیا ہے، تا کہ وہ ایک ہو۔ جس طرح کہ ہم ایک ہیں۔[733]

کتاب رومیوں میں ہے "کیونکہ جیسا کہ ہمارے ایک جسم میں بہت سے اندام ہوتے ہیں اور سب اندامو ں کا کام ایک جیسا نہیں ۔ایسے ہی ہم جو بہت سے ہیں۔ مل کر مسیح میں ایک بدن اور آپس میں ایک دوسرے کے اعضا ہیں،[734]

کرنتھیوں اوّل میں بھی اسی طرح کا مضمون ہے"کیونکہ جس طرح بدن ایک ہے اور اس کے اندام بہت سے ہیں اور بدن کے سب اندام اگرچہ بہت سے ہیں تو بھی آپس میں مل کر ایک ہی بدن ہیں۔ اسی طرح مسیح بھی ہے۔ ہم کیا یہودی کیا غیر قوم کیا غلام کیا آزاد۔ سب نے ایک ہی روح، کے وسیلے سے، ایک بدن ہونے کے لئے بپتسمہ پایا اور ہم سب کو ایک ہی روح پلایا گیا۔ کیونکہ بدن میں ایک عضو نہیں، بلکہ بہت سے اعضا ہیں"۔[735]

کتاب افسیوں میں بھی یہ مضمون آیا ہے "ایک ہی بدن ہے اور ایک ہی روح۔ جس طرح تم اپنے بلاوے کی ایک ہی امید کے لئے بلائے گئے ہو۔ ایک ہی خداوند ہے۔ ایک ہی ایمان۔ ایک ہی بپتسمہ۔ سب کا خدا، اور باپ ایک ہی ہے۔ جو سب کے اوپر، اور سب کے ساتھ، اور سب کے اندر ہے۔ اور ہم سے ہر ایک کو مسیح کے انعام کے اندازے کے موافق فضل دیا گیا ہے اور جب تک ہم سب کے سب ایمان اور ابن خدا کی پہچان میں ایک ہو کر مکمل انسان نہ بن جائیں"[736]

درجہ بالا آیاتوں سے یہ بات خوب عیاں ہے کہ عیسائیت نے ہر معاملے میں عورت کو وقعت اور حثیت دی ہے اور ہر معاملہ میں مرد کے شانہ بشانہ اور برابر کردار کی مالک بنائی ہے

مشہور عیسائی پادری جان پھیلان کہتے ہیں " شوالہ کا پردہ بیچ سے پھاڑ دیا گیا ہے اور اب تمام لوگوں کو خدا تک رسائی حاصل ہے خدا کے تمام لوگ پیشوا ہیں۔ خدا کے تمام لوگ مقدس ہیں۔ خدا کے تمام لوگوں کے پاس روح ہیں۔[737]

---

[733]: یوحنا17:23-20

[734]: رومیوں512-4

[735]: 1کرنتھیوں12:14-12

[736] افسیوں4:8-4،13

[737]: John Phelan, All God's People, Covenant Publications, 2005, Chicago. P. 51

یسوع مسیح نے یہی مرد وزن کی یکسانگی کو مد نظر رکھتے ہوئے بارہ خواتیں کو بھی مردوں جیسا شاگرد بنایا اور ان سے تعلیم بھی کرائی۔ مقدس مرقس میں ارشاد ہے "اور اس نے، بارہ کو مقرر کیا، جو اس کے ساتھ رہیں اور جنہیں وہ منادی کے لئے بھیجے اور جو بیماروں کو اچھا کرنے اور بدروحوں کو نکالنے کا اختیار رکھیں۔[738]

اعمال میں ہے کہ "خداوند فرماتا ہے کہ میں اپنی روح سے ہر بشر پر انڈیلوں گا۔ اور تمہارے بیٹے اور تمہاری بٹیاں نبوت کریں گی۔ بلکہ ان دِنوں میں اپنے بندوں مرد و خواتین، دونوں پر اپنی روح نازل کروں گا، ورہ نبوت کریں گے۔[739]

9: یسوع مسیح نے عورت کی گواہی عدالت میں قبول کرنے کی سب سے بڑی دلیل یہ دی کہ انہوں نے اپنے مردوں میں سے جی اٹھنے پر سب سے پہلے عورتوں کو گواہ مقرر کیا۔ اور پھر وہ عورتیں جا کر جابر حاکم پیلاطوس پیلنطوس کے عدالت میں بیان دیا کہ وہ مردوں میں سے جی اُٹھے ہیں۔ جیسا کہ مقدس متی میں ارشاد ہے۔" اور دیکھو یسوع انہیں (خواتین شاگردوں مریم مجدلی اور دوسری مریم) ملا، اور کہا سلام۔ انہوں نے قریب آکر، اس کے قدم پکڑے، اور اسے سجدہ کیا۔ تب یسوع نے ان سے کہا، ڈرو نہیں۔ جاؤ۔ میرے بھائیوں کو خبر دو کہ جلیل کو جائیں وہاں مجھے دیکھیں گے "[740]

انجیل مقدس کی مندرجہ بالا ایت کی مطابق اس سب سے اہم خبر کی سب سے پہلی گواہ کو عورت مقرر ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یسوع مسیح کے نظر میں عورتوں کی حثیت کسی بھی معاملہ میں مرد سے کم تر حثیت کی نہیں ہے۔ بلکہ عورتوں پر اعتماد کرتے ہو ئے یسو مسیح نے اپنی قبر سے جی اٹھنے کی گواہی کے لئے دو خواتین کا انتخاب کیا۔۔

10: عہد نامہ جدید میں جس جگہ بھی نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے تو اس میں جنسی تفریق مرد وزن کا کوئی فرق نہیں ہے۔ جو اس پر دلالت کرتا ہے، کہ مرد وزن میں گواہی کے نسبت کوئی جنسی تفریق نہیں ہے دونوں یکساں اور قابل اعتماد ہے۔

---

[738] : مرقس 3:15-14

[739] رسولوں کے اعمال 2:18-17

[740] مقدس متی 27:10-9

انجیل مقدس متی میں ہے "تب اس نے اپنے شاگردوں سے کہا، کہ فصل تو بہت زیادہ ہے، اور مزدور کم ہیں۔ اس لئے فصل کے خدا سے دعا کرو، کہ وہ فصل کاٹنے کے لئے اپنی کھیت میں زیادہ مزدور بھیج دے۔ خدا کی قوم کو کوئی کیوں کام کرنے سے باز رکھے گا"۔[741]

یہاں بھی لفظ مزدور اور خدا کی قوم میں مرد وزن کی کوئی جنسی تفریق نہیں کی گئی۔ دونوں کام کر سکتے ہیں اور دونوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

11: عہد نامہ جدید کے مطابق اگر ایک عورت نبی بن سکتی ہے تو گواہ کیوں نہیں بن سکتی۔ جیسا کہ لوقا میں ہے۔ "اور آشیر کے قبیلے میں سے حنّہ (حنا) بنت فنوایل نامی ایک نبیّہ تھی۔ وہ بہت عمر رسیدہ تھی۔"[742]

اور فلپ (فیلبوس) کی چار کنواری بیٹیاں تھیں جو نبوّت کیا کرتی تھیں۔[743]

مقدس یوحنا میں ہے کہ ایک سامری عورت کی گواہی سے پورے شہر والے جمع ہو کر ایمان لائے۔ جیسا کہ ارشاد ہے۔ "اور اس شہر کے بہت سے سامری اس عورت کے کہنے سے جس نے گواہی دی کہ اس نے میرے سب کام مجھے بتا دیئے ہیں۔ اس پر ایمان لائے"۔[744]

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عیسائیت میں عورت تمام حقوق وواجبات میں مرد کے برابر ہے۔ عورت و مرد دونوں انسان ہونے کی حیثیت قابل عزت ہے۔ مرد و عورت، نوع انسانی، کے، دو جزء ہیں اور دونوں ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔ انسانی معاشرے کو اگر گاڑی سے تشبیہ دی جائے تو مرد اور عورت اس گاڑی کے دو پہیے ہیں۔

ربی مائرن گیلر کا قول ہے کہ ہر اس معاملے میں عورت کی گواہی تسلیم جائیگی جس میں مرد گواہ بن سکتا ہے۔ اسی طرح ربی کیمپبل نے کہا ہے۔ ہر آدمی کا منبع مسیح ہے۔ پر ہر عورت کا منبع مرد ہے اور ہر مرد کا منبع خدا ہے۔ لہذا مرد وزن دونوں برابر ہیں۔[745]

---

[741] مقدس متی 9:38-37

[742]: مقدس لوقا 36:2

[743]: رسولوں کے اعمال 9:21

[744]: مقدس یوحنا 39:4

12: دونوں مذاہب کی رو سے اللہ نے انسان کو مٹی سے پیدا کیا ہے۔ لقولہ تعالیٰ" واذ قال ربک للملائکۃ انی جاعل بشرا من صلصال من حماٍ مسنون"[746]

ترجمہ: اور جب کہا تیرے رب نے فرشتوں سے کہ میں بناؤنگا ایک بشر بجنے والی (کھنکھناتے سنے ہوئے) گارہ (مٹی) سے۔

بائبل مقدس نے ذکر کیا ہے "اور خداوند نے زمین کی مٹی سے انسان کو پیدا کیا"

13: دونوں مذاہب بالاتفاق یہ اعلان کرتے ہیں کہ انسان میں روح اللہ تعالی نے پھونکی ہے۔

القرآن:" فاذا سوّ یتہ و نفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین"[747]

ترجمہ: پھر جب ٹھیک کروں اور اس میں روح پھونکوں تو گر پڑوں اس کے آگے سجدہ کرتے ہوئے۔

پیدائش:" اور اس کے، نتھنوں میں، زندگی کا دم پھونکا، اور انسان جیتی جان ہوا"[748]

14: دونوں مذاہب میں اپنے اصول و فروع اور مصاھرت میں شادیاں کرنا حرام ہیں۔[749]

15: اسلام کی آساس قرآن مجید ہے جبکہ عیسائیت کی بنیاد مقدس بائبل عہد نامہ جدید پر ہے۔

یہودیت کی ان اشکالات سے کہ حوا نے آدم کو بہکایا تھا، عیسائیت عدم اتفاق کرتے ہوئے موقف اپناتا ہے کہ اگر فرض کریں آدم کو بہکایا گیا تھا تو پھر بھی عورت کی غلطی اس کی درد زہ یعنی بچے پیدا کرنے کے درد سے پورا ہو کر نجات پائے گی۔ بشرط یہ کہ وہ ایمان اور پاکیزگی میں ہوشیاری اور درستگی کے ساتھ قائم رہے۔[750]

---

[745]: جینٹ جارج "**پھر بھی شانہ بشانہ**" (ریاستہائے متحدہ امریکہ: مکتبہ جان جورج، سن 2009م) ج1 ص32

[746]: الحجرایت:28

[747]: الحجرایت:29

[748]: پیدائش 7:2

[749]: النساء ایت 4:24-22، اور لاوین (احبار) 18:18-6

[750]: 1۔ تیمتھیس 2:15-11

عہد نامہ جدید کی کتاب تیمتھس دوم میں ہے کہ ہر معاملہ میں مرد وزن کی یکسانگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد ہے کہ "اگر ساتھ دکھ اٹھائیں تو ساتھ ہی بادشاہی کریں گے۔ اگر ہم اس کا، انکار کریں، تو وہ بھی ہمارا، انکار کرے گا"[751]

مختصراً دونوں مذاہب کی مجموعی تعلیم یہ ہے کہ مرد و عورت دونوں اہلیت اور ذمہ داریوں میں یکساں ہیں۔ اور خدمات کے تمام درجات میں شرکت پر ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اسی طرح شارحین عہد نامہ جدید کے مطابق چونکہ آدمؑ کی تخلیق حواؑ سے پہلی کی گئی تھی اس لئے شجرہ ممنوعہ کے بارے میں ان کو بتایا گیا تھا اور عورت کو نہیں بتایا گیا تھا تو چونکہ عورت بے خبر تھی اس لئے اس پر اس معاملے میں فرد جرم عائد نہیں کی جا سکتی ہے کہ وہ گواہی دینے یا دیگر ذمہ داریوں کو نبھانے سے قاصر قرار دی جائے۔[752]

16: اناجیل اربعہ عورت کی گواہی کی قائل ہیں اور مردوں میں سے سب سے پہلے جی اٹھنے کی گواہی عورتوں نے دی تھی۔ جس وقت یہودیت عورت کو گواہی کے لئے اہل نا اہل کی باتیں کر رہے تھیں اس وقت عیسائیت نے سب سے اہم مسئلہ میں عورت کی گواہی قبول کر کے ابہام کا خاتمہ کر دیا۔

اسلام نے یہودیت اور عیسائیت دونوں سے زیادہ حقوق اور حیثیت خواتین کو دیئے ہیں۔ عورت اگر ماں ہو تو ارشاد ہوا۔ "الجنۃ تحت اقدام امھاتکم"[753] اگر بیوی ہو تو مرد کے معاون اور ذریعہ تکمیل ایمان ٹھہرا۔ یہ بھی ارشاد ہو "خیر کم خیر کم لاھلہ۔[754] مزید یہ فرمایا" ولزوجک علیک حق[755]

17: عیسائیت میں عورتوں کے آراء کی وقعت بیان کرتے ہوئے ارشاد ہوا۔ "اور یہ کہ خداوند خدا نے عورتوں کو اپنی خدمت کرنے کا شرف دیا ہے۔ اِس بات کے پیشِ نظر اچھا ہو گا کہ ایک شوہر کوئی بڑا فیصلہ کرنے سے پہلے اپنی بیوی کی رائے لے۔ خدا کے کلام میں کئی ایسے واقعات درج ہیں جن میں بیویوں نے کچھ معاملات حل کرنے میں پہل کی۔ جیسا کہ ابرہام نے اپنی بیوی سارہ کی لونڈی ہاجرہ سے شادی کی، جس سے، اُس کا ایک بیٹا، پیدا ہوا۔ ہاجرہ کا بیٹا سارہ کے بیٹے اضحاق کو ستاتا تھا۔ اِس لئے سارہ

---

[751]: 2۔ تیمتھس 12:2

[752]: Groothuis, *Good News for Women*, 215.

[753]: امام ابو عیسی محمد ترمذی، **سنن ترمذی کتاب البر بالوالدین**، (لاہور: مکتبہ محمودیہ، سن 2009م) ج2 ص 13

[754]: ایضاً، کتاب النکاح، ج1 ص 211

[755]: عسقلانی ابن حجرؒ احمد بن علی الکنانی، **فتح الباری شرح صحیح البخاری باب ولزوجک علیک حق** (قاہرہ مصر: مکتبۃ السلفیہ، سن 2015م) ج5 ص 234

Scanned with OKEN Scanner

،نے ابرہام سے کہا، کہ وہ اِس لونڈی، اور اُس کے بیٹے کو نکال دے۔ ابرہام کو "یہ بات نہایت بُری معلوم ہوئی۔" مگر یہوواہ خدا نے ابرہام سے کہا: "تجھے اِس لڑکے اور اپنی لونڈی کے باعث بُرا نہ لگے۔ جو کچھ سارہ تجھ سے کہتی ہے تُو اُس کی بات مان اور ابرہام نے یہوواہ خدا کے کہنے پر سارہ کی بات مانی۔[756]

پاک کلام ایسی بیوی کی بہت تعریف کرتا ہے جو یہوواہ کی مرضی کے مطابق عمل کرتی ہے۔ بائیبل کی کتاب امثال میں ایک اچھی عورت اور اچھی بیوی کی تعریف یوں بیان کرتی ہے۔ نیکوکار بیوی کس کو ملتی ہے؟ کیونکہ اُسکی قدر مرجان سے بھی بہت زیادہ ہے۔ اُسکے شوہر کے دِل کو اُس پر اعتماد ہے اور اُسے منافع کی کمی نہ ہو گی۔

وہ اپنی عمر کے تمام ایام میں اُس سے نیکی ہی کریگی۔ بدی نہ کریگی۔ وہ اُون اور کتان ڈھونڈتی ہے اور خوشی کے ساتھ اپنے ہاتھوں سے کام کرتی ہے۔ وہ سوداگروں کے جہازوں کی مانند ہے۔ وہ اپنی خورش دور سے لے آتی ہے۔ وہ رات ہی کو اُٹھ بیٹھتی ہے اور اپنے گھرانے کو کھلاتی ہے اور اپنی لونڈیوں کو کام دیتی ہے. اور کاہلی کی روٹی نہیں کھاتی. وہ مفلسوں کی طرف اپنا ہاتھ بڑھاتی ہے، ہاں وہ اپنے ہاتھ محتاجوں کی طرف، بڑھاتی ہے۔ اُسکے منہ سے، حکمت کی باتیں نکلتی ہیں۔ اُسکی زبان پر شفقت کی تعلیم ہے اور اس کے اعمال پھاٹک میں اس کی تعریف کریں گے۔[757]

18: خدا نے خاندانی نظام قائم کیا، ماں اور باپ دونوں کی ایک جیسی عزت مقرر کی۔ جیسا کہ زبور میں ہے۔ "دیکھو! اولاد خُداوند ،کی طرف سے، عطیہ ہے۔ اور پیٹ کا پھل اُس کی، طرف سے، اجر ہے"[758]۔

بائبل بیٹے اور بیٹی دونوں کی برابر اچھی تربیت اور دونوں کو وارث مقرر کرتی ہے۔ ہم پڑھتے ہیں کہ ایوب نبیؑ نے اپنی میراث بیٹے اور بیٹیوں دونوں کے درمیان تقسیم کیا۔ بائبل کتاب ایوب میں ہے "اور اس کے باپ نے انہیں ان کے بھائیوں کے درمیان میراث بانٹی"[759]

19: عیسائیت طلاق کے بھی خلاف ہے اور ایک بیوی کے ہوتے ہوئے دوسری بیوی رکھنے کے یا طلاق دینے کے مخالف ہے۔ جسے ہم ملاکی نبی کی کتاب میں پڑھتے ہیں۔

---

[756]: پیدائش 21:12-8

[757]: امثال 31:31-10

[758]: زبور 127:3

[759]: ایوب 42:15

"سبب یہ ہے کہ خداوند خدا تیرے اور تیری جوانی کی بیوی کے درمیان گواہ ہے۔ تو نے ان سے بے وفائی کی حالانکہ وہ تیری رفیقہ اور منکوحہ بیوی تھی۔ اور کوئی اپنی جوانی کی بیوی سے بے وفائی نہ کرے۔ کیونکہ مجھے طلاق سے نفرت ہے۔ [760]

20: پرانے عہد نامے سے لے کر نئے عہد نامے تک بہت سی خواتین نبیوں اور رسولوں کے شانہ بشانہ رسالت اور منادی کا کام کرتی نظر آتی ہیں۔ جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔ مسیحیت میں عورت کو اپنے خاوند کی موت پر اسکے ساتھ "ستی" نہیں ہونا پڑتا، اور نہ ہی اسکے سر پر ہر وقت سوکن کی تلوار لہراتی ہے۔ نہ تو اس کو سدھارنے کے لیے شوہر کو ہلکی پھلکی پٹائی کی اجازت ہے، اور نہ اسے کم عقل جان کر اسکی گواہی کو آدھا سمجھا جاتا ہے۔ بلکہ عورت کو ہر مقام پر عزت احترام اور تحفظ دیا جاتا ہے عہد نامہ جدید کی رو سے مرد و زن، آقا و غلام، یہود و غیر یہود ایک جیسے برابر ہیں۔

جیسا کہ ارشاد ہے۔ "کیونکہ جس طرح جسم ایک ہے اور اس کے اندام بہت سے ہیں اور جسم کے سب اندام اگرچہ بہت سے ہیں تو بھی باہم مل کر ایک ہی بدن ہیں۔ اسی طرح مسیح بھی ایک ہے کہ ہم کیا یہودی، کیا غیر قوم، کیا غلام، کیا آزاد، سب نے ایک ہی روح کے وسیلے سے، ایک بدن ہونے کے لئے، بپتسمہ، پایا، اور ہم سب کو ایک ہی روح پلائی گئی، کیونکہ بدن میں ایک عضو نہیں، بلکہ بہت سے اعضاء ہیں۔ [761]

کتاب غلاطیوں میں مساوات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے وضاحت سے فرمایا" اور تم سب نے مسیح میں اصطباغ پا کر مسیح کو پہن لیا۔ نہ کوئی یہودی رہا، نہ یونانی۔ نہ کوئی غلام، نہ آزاد۔ نہ کوئی مرد، نہ کوئی زن۔ کیونکہ تم سب مسیح یسوع میں ایک ہو" [762]

بائیبل کی کتاب طیطس میں ہے" خدا کا فضل ظاہر ہوا، جو سب کے لئے، نجات کا باعث ہے"۔ [763]

افسیوں میں ہے جو بھی اچھا کام کرے گا۔ کیا غلام کیا آزاد، کیا مرد کیا زن، خداوند سے ویسا ہی پائے گا۔ [764]

21: انجیل متی میں مرد و عورت کے مساوات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا" اور میرے نام کے باعث، سب لوگ تم سے کینہ رکھیں گے۔ مگر جو آخر تک، ثابت قدم رہے گا، وہی نجات پائے گا۔ لیکن جب لوگ تمہیں کسی شہر میں ستائیں، تو کسی اور میں بھاگ جاؤ۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں، کہ تم اسرائیل کے شہروں میں نہ پھر چکو گے، کہ ابن انسان آجائیگا" [765]

---

[760]: ملاکی 14:2

[761]: 1-کرنتھیوں 12:14-13

[762]: غلاطیوں 3:28-27

[763]: طیطس 2:11

[764]: افسیوں 6:8

[765]: مقدس متی 10:33-32

مندرجہ بالا آیاتوں میں لفظ "سب لوگ "لوگ" اور "ابن انسان" مرد وزن، آقا و غلام سب کو شامل ہیں۔ تو چونکہ ہر معاملہ میں یہ برابر ہیں لہذا گواہی دینے اور بننے میں بھی کوئی قدغن نہیں ہے۔ اور جو لوگ عورت کی گواہی کے منکر ہیں وہ بھی انجیل سے استدلال نہیں کرتے بلکہ اپنے توضیحات و تشریحات کرتے رہتے ہیں۔

اسی طرح اسلام بھی ثواب اخروی، جزا و سزا میں مرد و عورت یکساں قرار دیتے ہیں۔[766]

بیعت عقبۂ اولی میں عفرا بنت عبد اللہ بنت ثعلبہ اور بیعت عقبۂ ثانی میں عمارہ و امّ منیع نے شرکت کر کے دنیا کو یہ پیغام ملا کہ اسلام عورت کو مرد کے برابر حیثیت دیتا ہے۔ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر آپ ﷺ نے اپنے بیوی ام المؤمین حضرت امّ سلمیٰ رضی اللہ عنہا کے مشورہ پر عمل کر کے ثابت کر دیا کہ عورت معاشرتی اور سماجی میدان کے ساتھ ساتھ سیاسی و عسکری میدانوں میں بھی مرد کے شانہ بشانہ کردار کی حامل ہوتی ہے۔

حضرت عمر نے جب خواتین کی مہریں کم کرنے کا خطبہ دیا تو ایک عورت نے قرآنی آیت پڑھ کر تصحیح کی۔ جس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ یہ عورت مجھ سے زیادہ فقیہ ہے اور اپنا فیصلہ واپس لیا۔ اس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ قضایا اسلامیہ میں مرد و عورت کے درمیان کوئی فرق گوارہ نہیں کیا جاتا۔[767]

نبی کریمؐ نے یوم الفتح (یعنی فتح مکہ) کے دن، حضرت ام حکیم بنت حارثہ کی امان حضرت عکرمہ بن ابی جہل کے لئے اور حضرت ام ہانی کی امان بن ھبیرۃ کے حق میں قبول فرمایا تھا۔

حضرت زینب بنت محمد رسول اللہؐ، کی امان اس کے شوہر ابو العاص بن ربیع کے حق میں آپؐ نے قبول فرمایا۔ داماد رسولؐ ابو العاص کا قصہ کچھ یوں ہے کہ ابو العاص تجارت کیا کرتے تھے۔ ہجرت کے چھٹے برس یعنی صلح حدیبیہ سے پانچ مہینے پہلے وہ تجارتی سامان لیکر مکہ مکرمہ سے شام گئے تھے وہاں سے خوب نفع کما کر واپس آرہے تھے کہ مسلمانوں کی ایک فوجی ٹولی نے ان کے قافلہ پر حملہ کر کے گرفتار کر لیا۔ اور ان کے منافع تجارت کو مال غنیمت بنا کر مسلمانوں نے آپس میں تقسیم کر لیا۔

ایک دن فجر کی نماز میں رسول اللہؐ نے سلام پھیرا ہی تھا کہ پچھلی صف سے آواز آئی۔ "میں زینب ہوں اور میں نے ابو العاص کو پناہ دی ہے۔ اے مسلمانوں آپ بھی انہیں پناہ دیں۔ آپؐ نے فرمایا" یہ میں کیا سن رہا ہوں؟ مجھے کچھ نہیں معلوم کہ ابو العاص کب آیا۔ لیکن مسلمانوں میں سے کوئی بھی، چاہے مرد ہو یا عورت کسی کو پناہ دے تو تمام لوگوں کو اسے قبول کرنا چاہیئے۔

---

[766]: سورۃ ال عمران: 195، سورۃ النسآء 32، 124

[767]: محمد ابن سعد بغدادی، **طبقات ابن سعد المعروف الطبقات الکبیر** (قاہرہ مصر: مکتبہ الخانجی، سن 2006م) ج 8 ص 369

"تمام صحابہ کرام بول پڑے "اے اللہ کے رسول ہم نے بھی پناہ دی" آپ ﷺ کا روئے انور مسرت سے کھل اُٹھا۔ آپؐ نے بیٹی سے فرمایا" ابو العاص کی خاطر تواضع کرو۔ وہ تمہارا خالہ زاد بھائی ہے۔ تمھاری بچوں کا باپ ہے۔ بس یاد رہے کہ اس سے اب تمہارا رشتہ باقی نہیں رہا"[768]

یہ تمام واقعات اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اہم عسکری و سیاسی معاملات میں بھی عورت کی رائے اور معاہدات کو اہمیت دی جاتی ہے[769]

22: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو اپنی منشاء کے، مطابق بنایا اور ان کے اولاد مرد و عورت دونوں کو اپنے منشاء کے مطابق بنایا کیونکہ وہ دونوں آدمؑ کی اولاد ہیں۔ بائیل کی کتاب کرنتیوں میں اس طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا" خداوند خدا، میں نہ مرد عورت کے بغیر، اور نہ عورت، مرد کے بغیر ہے۔ کیونکہ جیسے عورت مرد سے ہے، ویساہی مرد بھی، عورت کے وسیلے سے ہے، مگر سب کچھ خدا سے ہے۔[770]

اسلام نے بھی عورت کو مرد کی معاون اور سہارا قرار دیا ہے۔ لقول علیہ السلام "إنما النساء شقائق الرجال"[771]

درجہ بالا تمام آیات قرآنیہ اور فقرات کتب ساویہ اس بات کی دلیل ہیں کہ دونوں مذاہب میں عورتوں کو بہت اہم مقام حاصل ہے۔ ان پر کوئی پابندی یا قدغن نہیں ہے کہ کسی سیاسی، سماجی، معاشی، عدالتی اور معاشرتی عمل میں حصہ لیں بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے کہ بلا روک ٹوک زندگی کے ہر میدان میں اپنا کردار ادا کریں۔

متفرقات: ان دونوں مذاہب میں گواہی سے متعلق متفرقات مندرجہ ذیل ہیں

1: عیسائی حضرت عیسیٰؑ کو مصلوب سمجھتے ہیں جبکہ اسلام ان کے اس زعم کو اشتباہ قرار دے کر فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ نے آسمان پر اٹھایا۔

---

[768]: محمد رضی السلام ندوی، **سریت نبوی کے دریچوں سے**، (لاہور: مکتبہ قاسم العلوم، سن 2017م) ص 241

ڈاکٹر محمد رضی السلام ندوی بھارت کے ایک معروف مصنف اور محقق ہے۔ آپ مئی 1964 کو صوبہ اترپردیش کے ضلع بہرائچ میں محمد شفیع خان کے ہاں پیدا ہوئے۔ آپ بہت سے کتابوں مصنف ہیں۔ اور تاحال بقید حیات ہے۔

[769] : https//: www.maktabh alukah.net/ shariah. Last visited 10-12-2019

[770] 1 کرنتیوں 11:11

[771]: ابو عبداللہ احمد بن محمد بن ھلال بن حنبل: **المسند کتاب الطہارۃ** (دمشق شام: الناشر موسسۃ الرسالہ، سن 2009م) ج 6، ص 256

Scanned with OKEN Scanner

2: عیسائیت ترک دنیا، رہبانیت پر مبنی ہے جبکہ اسلام نے رہبانیت پر یکسر قلم کھینچ کر اسے کلیہ ممنوع قرار دیا اور معاشرہ کے اندر رہ کر حقوق العباد و حقوق اللہ کی آدائیگی کا حکم دیا ہے۔ اسلام نے ترک دینا نہیں بلکہ دنیا میں رہ کر، حقوق کی آدائیگی کی تعلیم دے کر، ایک باعمل اور مفید معاشرہ پیدا کیا۔ تنازعہ کی دوران حقوق العباد کے اثبات کے لئے گواہی کی ضرورت پیش آتی ہے۔ جس کے لئے مرد و زن دونوں اہلیت رکھتے ہیں۔

3: عیسائیت نے سیاست کو دین سے جدا کیا تھا جبکہ اسلام نے سیاست اور دین کو ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم قرار دیا۔

4: عیسائی حضرت مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا سمجھتے ہیں جبکہ مسلمان اس کو اللہ تعالی کا پیغمبر مانتے ہیں۔

5: عیسائیت میں عورت کو ازدواجی زندگی میں ازروئے قانون کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے جبکہ اسلام نے ہر لحاظ سے، عورت کی، ازدواجی زندگی کو قانونی تحفظ دیا ہے۔

6: عیسایوں کا عقیدہ ہے، کہ حضرت عیسیٰؑ کو پھانسی پر لٹکایا گیا ہے۔ اور وفات کے تیسرے دن، وہ مردوں میں سے جی اٹھا، اور حواریوں سے ضروری گفتگوں کے بعد آسمان پر اٹھایا گیا۔ اور مردوں میں سے جی اُٹھنے کی اولین گواہ خواتین شاگرد تھیں۔ جبکہ قرآن مجید فرماتا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کو پھانسی نہیں دی گئی بلکہ غلط فہمی میں کسی اور کو عیسیٰ سمجھ کر پھانسی پر لٹکا دیا گیا اور یسوع مسیحؑ کو اللہ جل شانہ نے واقعہ صلیب سے پہلے آسمان پر اٹھالیا تھا۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے۔" و ما قتلوه ،وما صلبوه، ولكن شبه لهم، .وما قتلوه يقينا"" بل، رفعه الله اليه، وكان الله ،عزيز، حكيما"[772]

ترجمہ: اور انہوں نے نہ اس کو مارا اور نہ سولی پر چڑھایا۔ لیکن ان پر صورت مشتبہ ہوگئی۔ اور اس کو بالکل قتل نہیں کیا۔ بلکہ اس کو اٹھایا اللہ نے اپنی طرف اور اللہ ہے زبردست وحکمت والا۔

7: عیسائی حضرت عیسی علیہ السلام، حضرت مریم علیہا السلام اور دوسرے راہبوں اور درویشوں کے بت و تصاویر بنا کر پرتش کرتے ہیں جبکہ اسلام بت شکنی کا حکم دیتے ہوئے، بت پرستی کو کفر و شرک قرار دیتا ہے

عیسائی تثلیث کے قائل ہیں جبکہ اسلام توحید کی گواہی دیتا ہے [773]

[772]: النساء آیت: 58-157

8: عیسائیت شادی سے فرار کے قائل ہیں جبکہ اسلام شادی کو تکمیل ایمان قرار دیتا ہے۔

9: عیسائیت حق طلاق کھینچ دیتا ہے جبکہ زبردستی کی یہی شادی نہ میاں بیوی کے لئے اور نہ معاشرہ کے لئے نیک شگون ہے۔ اگر میاں بیوی دونوں کا اختلاف ہو تو دونوں زندگی بھر آپس میں وبال جان ہونگے۔ تو اس صورت میں طلاق کا واقع ہونا بہتر ہے اس کے برعکس اسلام انتہائی غیر معمولی حالات میں حق طلاق و خلع دونوں دیتا ہے۔

10: عیسائیت میں بھی بعض مذہبی رہنماء عورت کو بدی کی جڑ قرار دیتے ہیں۔ اور آدم کو جنت سے نکلوانے کی ذمہ دار عورت ٹھہرائی جاتی ہے۔ جبکہ اسلام نے عورت کو ذریعہ ہر خیر قرار دیا ہے بیٹی کی شکل میں رحمت، بہن کی شکل رفاقت رسول ﷺ، بیوی کی شکل میں تکملہ ایمان اور ماں کی شکل میں قدموں کے نیچے جنت قرار دیا۔

11: عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت آدمؑ کا گناہ تمام انسانوں میں سرائیت کر گیا تھا۔ اللہ جل شانہ نے، اپنے اکلوتے، بیٹے کو صلیب، پر قربان کر کے اس گناہ کا کفارہ دلوایا اور انسانیت کو نجات دی۔ اگر گناہ آدم تمام انسانوں پر اثر انداز ہو سکتا ہے تو کفارہ مسیح بھی تمام انسانوں کو نجات دلا سکتا ہے۔ جبکہ اسلامی تعلیمات کی رو سے کوئی شخص کسی دوسرے کے گناہ کا کفارہ نہیں بن سکتا۔

12: اسلام دونوں ادیان کے پیغمبروں کو برحق سمجھتا ہے اور ایمان لانے کا کہتا ہے جبکہ یہ دونوں مذاہب پیغمبر اسلام پر ایمان نہیں رکھتے۔

13: عیسائیت ترک الدنیا کی وجہ سے تمام لوگوں کے لئے نا قابل عمل تھا لیکن اسلام نے ایک ایسا نظام پیش کیا کہ نہ تو انسان تارک الدنیا بن جائے اور نہ عبد الدنیا ہو جائے بلکہ انسانوں کو ایک معتدل نظام حیات دیا گیا۔ جس پر عمل کر کے انسان فلاح دارین حاصل کر سکتا ہے۔

---

[773]: غلام رسول قاسمی "عیسائیت سے اسلام تک۔ (سرگودھا: رحمۃ للعالمین پبلیکیشرز، س ن) ص 33-30

5.3: فصل سوم: یہودیت اور عیسائیت میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کا تقابلی جائزہ

ان دونوں مذاہب کے موافقات اور متفرقات مندرجہ ذیل ہیں۔

موافقات

ان دونوں مذاہب میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات تقریباوہی ہیں جو اسی باب کی فصل اول ودوم میں ذکر کیا گیا ہے

1: دونوں مذہب میں اثبات دعویٰ کے لئے کم از کم دو گواہوں کا ہونا لازمی ہے۔

2: یہ دونوں مذاہب مقدمات میں جھوٹی گواہی کے خلاف ہیں۔ اگر جھوٹی گواہی دی جائے تو وہ قابل تعزیر جرم ہے۔ جیسا کہ کتاب استثناء میں ہے کہ "اگر وہ گواہ جھوٹا نکلے اور اس نے اپنے بھائی کے خلاف جھوٹی گواہی دی ہو۔ تو تم اس سے وہی کرنا جو اس نے اپنے بھائی سے کرنا چاہا"[774]

3: دونوں مذاہب میں فوجداری مقدمات کی اثبات کے لئے بھی دو گواہوں کا اطلاع پانا لازمی ہے۔ جیسا کہ استثنا میں ہے "جو کوئی قتل کیا جائے وہ دو یا تین گواہوں کے بیان سے قتل کیا جائے۔ اس کے قتل کے لئے پہلے گواہوں کے ہاتھ اس پر پڑیں اور ان کے بعد باقی لوگوں کے ہاتھ "[775]

4: دونوں مذاہب کے جدت پسند مردوزن کے مساوات کے قائل ہیں۔ بائیبل جدید کی کتاب تیمتھس دوم نے ہر معاملہ میں مردوزن کی یکسانگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "اگر ساتھ دکھ اٹھائیں تو ساتھ ہی بادشاہی کریں گے۔ اگر ہم، اس کا انکار کریں، تو وہ بھی ہمارا انکار کرے گا"[776]

5: یہودیت اور عیسائیت دونوں سامی قدیم مذاہب ہیں اور دونوں کی اپنی اپنی آسمانی کتابیں ہیں۔ اسلیئے دونوں اہل کتاب کہلاتے ہیں۔ لیکن یہودیت کی اپنی مفصل شریعت ہے جبکہ عیسائیت کی اپنی کوئی شریعت نہیں بلکہ انہوں نے یہودیت ہی کی شریعت کو اپنایا ہے۔[777]

---

[774] استثناء 19:19-18

[775]: استثناء 6:17

[776]: 2۔ تمیتھس 12:2

6: قدیم یہودیت کے طرح بعض عیسائی راہب بھی عورت کو گناہوں کی جڑ سمجھتے ہیں۔۔ تیموتاؤس میں ہے کہ عورت کو چاہیئے کہ وہ چپ چاپ کمال فرمانبرداری سے تعلیم پائے اور میں اجازت نہیں دیتا، کہ عورت تعلیم دے، یا مرد پر حکم چلائے، بلکہ خاموشی کے ساتھ رہے۔ کیونکہ پہلے آدم بنایا گیا، اس کے بعد حوا، اور آدم نے فریب نہیں کھایا، مگر عورت فریب کھا کر گناہ میں پھنس گئی"[778]

7: دونوں ادیان والدین کی نافرمانی کو ناجائز سمجھتے ہیں اور کتاب خروج کے باب نمبر 21 آیت نمبر 15 اور 17 میں قابل سزا جرم قرار دیا گیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ "اور جو کوئی اپنے باپ یا اپنی ماں کو مارے وہ قطعی جان سے مارا جائے"[779]۔

اسی طرح آگے ارشاد ہے "اور جو اپنے باپ یا اپنی ماں پر لعنت کرے وہ قطعی طور پر مار اڈالا جائے"[780]۔

ان آیاتوں سے یہ مدعاعیاں ہو جاتا ہے کہ یہودی و عیسائی قوانین نے عورت کو تحفظ اور حقوق دیئے ہیں۔ اور یہ کہ عورت کو مرد سے کم تر حیثیت کا نہیں بلکہ برابر مقام دیا ہے اور یہ جو عورت کو کم تر اور ذلیل سمجھی جاتی ہیں یہ یہودی کاہنوں، راہبوں اور عیسائی درویشوں کا خود ساختہ اختراع ہے نہ کہ بائیبل کا منشاء۔

8: بعض قدیم مسیحی علماء نے بھی قدیم یہودیت کی پیروی کرتے ہوئے نظریہ قائم کیا ہے کہ سو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر ہو گی۔ لیکن یہ ان کی اپنی سوچ اور عورت کو بطور کھیلونا اور نشانہ ہوس بنانے کا حربہ ہے ورنہ بنیادی مذہبی نصوص میں اس قسم کی نظریات کا کوئی وجود نہیں ہے۔[781]

متفرقات

1: عیسائیت میں عورت اتنی کم ترلیول کی نہیں سمجھی جاتی جتنا کہ قدیم یہودیت میں ہے۔ عیسائیت کا خیال ہے کہ عورت لعنتی نہیں ہے بلکہ عورت کی بجائے لعنت "پرانے سانپ "یعنی ابلیس شیطان پر کی گئی ہے۔ ان کا استدلال بائیبل کی کتابیں "مکاشفہ"

---

[777]: مقدس متی 17:5

[778]: تیموتاؤس 2:14-11

[779]: خروج 15:21

[780]: خروج 17:21

[781] https: //: www. Google.com. the status of women in Christianity and judaism. Last visited on: 24-06-2020

اور "پیدائش" کی مندرجہ ذیل آیاتوں میں ہے۔ پیدائش میں ملعون سانپ کو ٹھرایا گیا ہے۔ جیسا کہ بائیبل کتاب پیدائش میں ہے "اور خداوند نے سانپ سے کہا اسلئے کہ تو نے یہ کیا، تو سب چوپایوں اور دشتی جانورں میں ملعون ٹھہرا۔ تو اپنے پیٹ کے بل چلے گا اور اپنی عمر بھر خاک چاٹیگا"[782]

عہد نامہ جدید کی کتاب مکاشفہ میں ہے، "اور بڑا اژدہا گرادیا گیا یعنی وہ پرانا سانپ جس کا نام ابلیس اور شیطان ہے اور جو ساری دنیا کو دغا دیتا ہے زمین پر گرادیا گیا اور اس کے فرشتے بھی اس کے ساتھ گرادیئے گئے"[783]

2: **عیسائیوں کا ایک استدلال یہ بھی ہے کہ خدا نے یہ ضرور کہا تھا کہ آدم اپنی بیوی پر حکومت کریں گے۔ لیکن اس کا مطلب ہر گز** یہ نہیں کہ خدا نے مرد کو کھلم کھلا چھوٹ دی ہے کہ جو چاہے عورت پر رُعب جمائے۔

بلکہ خدا نے تو یہ ارشاد فرمایا تھا کہ آدم سے حوا نے جو گناہ کروایا ہے اس کے بدلے (آدم) مرد (حوّا) عورت پر اپنی حکومت جتائے گا۔ استدلال پیدائش کی اس آیت سے کرتے ہیں۔ "پھر اس نے عورت سے کہا کہ میں تیرے درد حمل کو بہت بڑھاؤنگا تو درد کے ساتھ بچے جنے گی اور اور تیری رغبت اپنے شوہر کی طرف ہو گی اور وہ تجھ پر حکومت کریگا"[784]

3: **عیسائیت کا مدعا ہے کہ آج کل عورتوں پر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں وہ نہ حوا کے گناہ کا نتیجہ ہے اور نہ اس میں خدا کی منشاء** شامل ہے اور نہ بائیبل اس بات کی حمایت کرتی ہے کہ باغ عدن میں ہونے والے گناہ کا کفارہ اسی صورت میں ادا ہو سکتا ہے کہ مرد عورتوں پر مظالم ڈھالیں اور اپنے دبدبے میں رکھیں۔ یا اس کی ذمہ دار صرف عورت ہے۔ بلکہ عورت درد زہ برداشت کر کے اس کا گناہ اتر جاتا ہے۔

4: **عہد نامہ جدید کی کتاب رومیوں کے نام خط میں ہے،** "پس جس طرح ایک آدمی کے سبب سے گناہ دنیا میں آیا اور گناہ کے سبب سے موت آئی اور یوں موت سب آدمیوں میں پھیل گئی اس لئے کہ سب نے گناہ کیا"[785]

---

[782]: پیدائش 14:3

[783]: مکاشفہ 9:12

[784]: پیدائش 16:3

[785]: رومیوں کے نام کا خط 12:5

یہاں یہ بات واضح ہے کہ گناہ ایک آدمی یعنی مرد کے سبب آیا ہے نہ کہ عورت سے تو اس کی سزا عورت کو نہیں ملنی چاہیئے بلکہ اگر سزا ملنا ضروری ہے تو ان کو ملے جس نے جرم کیا ہے۔ ذہن میں یہ سوال اُٹھ جاتا ہے کہ کیا خدا نے عورت کو مرد سے کم تر بنایا ہے۔ جیسا کہ قدیم یہودیوں کا خیال و استدلال ہے اور جس طرح وہ عورت کے ساتھ معاملہ کرتے ہیں۔

5: عیسائیت کا عقیدہ ہے کہ خدا نے عورت کو مرد سے کم تر نہیں بنایا بلکہ ہدایات دونوں کو یکساں ہیں۔ بائیبل کی کتاب پیدائش میں ہے۔ "اور خدا نے انسان کو اپنی مانند پیدا کیا خدا کی صورت اور نر و ناری ان کو پیدا کیا"[786]

انسانوں کو اپنی صورت پر پیدا کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خدا نے ان میں یہ صلاحیت رکھی تھی کہ وہ اس کی صفات کو ظاہر کریں۔ غور کریں کہ یہ صلاحیت اس نے مرد اور عورت دونوں کو عطا کی تھی اگرچہ آدم اور حوا جسمانی اور جذباتی لحاظ سے باہمی مختلف تھے پھر بھی خدا نے انہیں ایک جیسی ہدایات دی تھیں اور اس کی نظر میں دونوں کے حقوق برابر تھے۔ یہاں مرد کی عورت پر کوئی فوقیت نہیں۔

6: حضرت حوا کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کے لئے مددگار بنایا تھا اور مددگار ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں، نہ کہ مقابلہ بازی۔ اور یہ کہ مددگار میں مخالف فریق کے مدد کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ تورات کے حصہ" پیدائش میں ہے کہ حوّا کو پیدا کرنے سے پہلے خدا نے کہا تھا۔ "خداوند نے کہا کہ آدم کا تنہا رہنا اچھا نہیں میں اس کے لئے ایک مددگار اس کی مانند بناؤنگا"[787]**۔**

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ خدا نے مرد اور عورت کو آپس میں مل جل کر کام کرنے کے لئے بنایا ہے ایک دوسرے پر تفوق یا مقابلہ کرنے کے لئے نہیں۔

7: عہد نامہ قدیم نے ماں باپ کی ایک جیسی عزت و احترام کا حکم دیا ہے بحیثیت مرد باپ کو کوئی تفوق حاصل نہیں خروج میں ارشاد ہے "تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر دراز ہو"[788]

8: عیسائیت اُس وقت عورت کو ہر قسم کی حقوق دیتی تھیں جس وقت یہودیت میں عورت کو کلیسا میں بولنا باعث شرم و جرم تصور کیا جاتا تھا۔

---

[786]: پیدائش 27:1

[787]: پیدائش 18:2

[788]: خروج 12:20

9: یہودیت شوہر کو حق طلاق دیتی ہے جبکہ عیسائیت عورت کو حق طلاق نہیں دیتی۔

10: قدامت پسند یہود کسی بھی معاملے میں عورت کی گواہی قبول نہیں کرتے جبکہ رجعت پسند یہود بعض معاملات جو خواتین سے متعلقہ ہو عورت کی گواہی کے قائل ہیں اور ہر معاملے میں قائل نہیں لیکن معاصر یا جدت پسند یہود ہر معاملے میں مرد کے شانہ بشانہ عورت کی گواہی کے قائل ہیں۔ جبکہ عیسائیت آغاز ہی سے عورت کی شانہ بشانہ کردار کے قائل تھے۔

11: یہودیت میں یہودیوں کے خاطر جھوٹ بولنا جائز ہے (باجودیکہ جانتا ہو کہ حق یہودی کے ساتھ ہے)۔ جبکہ عیسائی اس کے قائل نہیں ہیں۔

12: برخلاف عیسائیت، یہودیت نے عورت کی حیثیت کو گرا کر اُس کی کنوارا پن جانچنے کا اختیار اس کی شوہر کو دیا گیا ہے اور اگر شوہر اس کے کنواری پن سے انکار کرے تو عدم اثبات پر عورت کو سزا ہوگی اور شوہر کو کسی قسم کی سزا کا نہیں ہو[789]

البتہ اگر مرد عورت کی ساتھ زبردستی کرے تو پھر مرد سزاوار ہوگا" جیسا کہ ارشاد ہے " پر، اگر آدمی کو وہی لڑکی، جس کی نسبت ہو چکی ہو، کسی میدان یا کھیت میں مل جائے، اور وہ آدمی جبراً اس سے صحبت کرے، تو فقط وہ آدمی ہی جس نے صحبت کی، قتل کیا جائے۔ پر اس لڑکی سے کچھ نہ کہنا کیونکہ لڑکی کا ایسا گناہ نہیں جس سے وہ قتل کے لائق ٹھہرے"[790]

جبکہ عیسائیت میں ثبوت بکارت کا اس طرح کو تصور نہیں ہے۔ عیسائیت میں مرد و عورت تمام ذمہ داریوں بشمول گواہی میں یکساں اور برابر ہے۔ عہد نامہ جدید گلیتیوں (غلاطیوں) میں ہے۔ "نہ کوئی یہودی رہا، نہ یونانی۔ نہ کوئی غلام، نہ آزاد، نہ مرد، نہ زن۔ کیونکہ تم سب، مسیح یسوع میں ایک، ہو اور جب تم مسیح کے ہو، تو ابراہیم کی نسل اور وعدے کے مطابق وارث بھی ہو"۔[791]

---

[789]: استثناء 22:20-13

[790]: ایضاً 29-25

[791]: گلیتیوں 3:28

13: یہودیت میں عورت کو اس کے شوہر کے مال میں وراثت نہیں ملتی۔ صرف اس صورت میں کہ اس کا شوہر وفات پا جائے تو اس حالت میں بھی اس کو اپنا مہر ملے گا۔ اور شوہر کے مال میں اس کا کوئی حصہ سرے سے ہے ہی نہیں۔ حتیٰ کہ ہدیۃ العروس بھی شوہر کی ملکیت بن جاتی ہے۔[792]

14: یہودی مذہب میں وقت کے ساتھ ساتھ تبدیلیاں آتی رہی ہیں۔ ایک جانب قدامت پرست ہیں جو مذہب کی قدیم تعلیمات کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں جس میں عورت کو بھی اسی نقطۂ نظر سے ایک مقام دیا گیا جبکہ دوسری جانب جدت پسند جنہوں نے معاشرے میں عورت کو قدیم رسم ورواج سے آزادی دلا کر اس کی ذات کو اہمیت کا حامل بنا دیا ہے۔ عیسائی انہیں معاصر جدت پسندوں کے پیروکار ہیں۔

15: موجودہ زمانے میں معاصر یہودیوں نے یورپ اور امریکہ میں اپنی عورتوں کو مذہبی پابندیوں سے آزادی دے کر دنیاوی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کی اجازت دی ہے۔ وہ عدالتوں میں گواہی دے سکتی ہیں۔ جبکہ عیسائیت نے بھی کنن لاز کو متعارف کر کے جنسی تفریق کی بنیاد پر پاک ناپاک یا پسند ناپسند کا خاتمہ کر کے عورت کو من حیث الانسان مرد کے مساوی قرار دیا ہے۔

خلاصہ باب: باب پنجم کل تین فصول پر مشتمل ہے۔ یہ باب اس بحث کا خلاصہ ہے۔ اس میں قضیہ تحقیق کا جواب موجود ہے۔ یہ باب مذاہب ثلاثہ میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کے بارے میں ہے۔ فصل اول باب ہذا یہودیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابلی جائزہ، فصل دوم عیسائیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات اور فصل سوم یہودیت اور عیسائیت میں عورت کی گواہی کے موافقات اور متفرقات کے بارے میں ہے۔

[792] James A Brundage, **Law sex and Charistan Society in Medieval Europe**, (Chicago USA: University Of Chicago Press 1987). P. 88

Scanned with OKEN Scanner

مقالے کا خلاصہ

ہ مقالہ ایک مقدمہ پانچ ابواب اور بتیس ذیلی فصول پر مشتمل ہے جن کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

بابِ اول یہودیت سے متعلق سات فصول پر مشتمل ہے۔ جس میں فصلِ اوّل یہودیت کے تعارف، عقائد اور مختلف فرقوں کا جائزہ پیش کرتا ہے۔ فصلِ دوم یہودیت کی مقدس کتابیں جبکہ فصل سوئم یہودیت کی مختلف مذہبی رسومات اور تہواروں پر روشنی ڈالتا ہے۔ فصل چہارم یہودیت میں عورت کے مقام، فصل پنجم گواہی کی مشروعیت و توضیح، ششم عبادات، معاملات اور حدود میں عورت کی گواہی کا قضیہ یہودی تعلیمات کی روشنی میں جبکہ فصل ہفتم قدامت پسند، رجعت پسند اور معاصر یہودیت کا تعارف اور عورت کی گواہی کا تحقیقی و تقابلی جائزہ پیش کرتا ہے۔

باب دوم عیسائیت کا تعارف اور ارتقاء سے متعلق نو فصول پر مشتمل ہے۔ جس میں سے فصل اول عیسائیت کی توضیح اور مختلف شاخوں، فصل دوم عیسائیت کی مقدس کتابیں، فصل سوئم حوارین کا تصور جبکہ چہارم عیسائیوں کے طریقہ عبادت اور اہم رسومات کی وضاحت کرتا ہے۔ فصل پنجم عیسائیوں کے مختلف عقائد، فصل ششم عیسائیت میں عورت کا مقام، فصل ہفتم عیسائیت میں گواہی کی مشروعیت، ہشتم عورت کی گواہی کا قضیہ اور فصل نہم رومن کیتھولک چرچ اور پرٹسنٹ مکتبہ فکر کی تعلیمات کی روشنی میں عورت کی گواہی کا تجزیہ پیش کرتا ہے۔

باب سوئم قرآن و حدیث کی روشنی میں شہادت سے متعلق سات فصول پر مشتمل ہے۔ فصل اول میں نصاب شہادت و شہادت کے بنیادی اصول کا ذکر ہے۔ فصل دوم گواہ کی اہلیت اور طریقہ کار، سوئم اقسام و اظہار شہادت جبکہ چہارم میں شہادت کے مواقع و شرائط کی تفصیل ہے۔ فصل پنجم شہادت علی شہادت کا اصول و ڈگری کے نفاذ میں شہادت کا کردار تفصیل سے بیان کرتا ہے اور فصل ششم جھوٹی شہادت کی اثبات و سزا جبکہ فصل ہفتم گواہوں کے ساتھ برتاؤں و ضروری آداب کی وضاحت پیش کرتا ہے۔

مقالہ ہذا کا باب چہارم اسلام میں عورت کا مقام اور گواہی سے متعلق چھ فصول پر مشتمل ہے۔ جن میں فصل اول اسلام میں عورت کا مقام اور تاریخی پس منظر، فصل دوم قرآن و حدیث کی روشنی میں گواہی کی اہمیت اور مشروعیت پر روشنی ڈالتا ہے۔ فصل سوئم میں دیوانی و مالی معاملات، جبکہ چہارم فوجداری معاملات میں عورت کی گواہی پر بحث کرتا ہے۔ فصل پنجم خواتین سے متعلق معاملات میں عورت کی گواہی اور فصل ششم عورت کی گواہی پر پائے جانے والے شبہات اور ان کا جائزہ پیش کرتا ہے۔

اس مقالے کا **باب پنجم** کل تین فصول پر مشتمل ہے۔ جس میں سے فصل اول یہودیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کے موافقات و متفرقات کا تقابل، فصل دوم عیسائیت اور اسلام میں عورت کی گواہی کا تقابل اور فصل سوئم یہودیت اور عیسائیت کا عورت کی گواہی سے متعلق موافقات و متفرقات کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتا ہے۔ آخر میں تجاویز و سفارشات، تفصیلی فنی فہارس اور فہرس مصادر و مراجع کا ذکر ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

چونکہ مقالہ ہذا میں تقابلی مطالعہ ہے لہذا کوشش کی گئی ہے کہ جانبین کے اقوال، آراء، دلائل اور اشکالات کو تفصیل سے ذکر کرتے ہوئے ہر قول واقتباس کا حوالہ اصل ماخذ سے پیش کیا گیا ہے۔

جہاں مناسب اور ضروری تھا وہاں مزید دلائل ومثالوں سے سہل انداز میں وضاحت کی گئی ہے۔ میں نے اس مقالے میں قدیم و جدید یہودیت کا تقابلی مطالعہ پیش کیا ہے جس سے بہت ساری غلط فہمیوں کا ازالہ ہو جاتا ہے اور خواتین کو سماج میں اپنا کردار ادا کرنے کا حوصلہ ملتا ہے اور مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنے اور ذمہ داریاں نبھانے کی ترغیب بھی ملتی ہے۔

مقدمہ میں گواہی کی اہمیت، ضرورت اور لوازمات کا ذکر کیا گیا ہے پھر تینوں مذاہب کا باہمی ربط وضبط کا ذکر کیا گیا ہے۔ تینوں مذاہب کی مصادر اصلیہ سے استدلال پیش کیا گیا ہے۔ چونکہ موجودہ عیسائی دنیا میں باوجود اختلافات کے چار اناجیل کو ایک استنادی حیثیت اور اتفاقِ رائے حاصل ہے یہ اناجیل جو کہ متّی، مرقس، لوقا اور یوحنّا کے نام سے موسوم ہے، ان میں سے جابجا استفادہ کیا گیا ہے دوران تحقیق یہ معلوم ہوا کہ یہودیت کے پاس شریعت کا کافی ذخیرہ موجود ہے، خصوصاً عدد اور استثناء میں بہت زیادہ وواضح شرعی احکام ہیں۔

اسی طرح متّی کے باب پنجم سے ہفتم جو کہ 109 آیتوں پر مشتمل آپ علیہ السلام کا وہ نایاب اور بے مثال پہاڑی خطبہ جو ابتداء سے انتہاء تک سراسر اخلاق کے زریں اصولوں پر مزّین ہے، جس کو عیسائی سکالرز "المسیح کی بادشاہت کی اخلاقی شریعت" کہتے ہیں

مذاہب ثلاثہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مرد وعورت کو اللہ تعالی نے تخلیق کیا ہے۔ لیکن تخلیق آدم و حوا کے فورا بعد اختلاف شروع ہو جاتا ہے۔ یہودیت اور عیسائیت نے تخلیق آدم و حوا کو پیدائش میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ یہودیت وعیسایت کہتا ہے کہ خدا وند نے زمین کی مٹی سے انسان کو بنایا اور اس کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکا اور انسان جیتی جان ہو اور پھر خدا نے اس کو باغ عدن میں رکھا۔

آدم کا اکیلا ہونے پر اللہ تعالی نے اس کی پسلی سے حضرت حوا بنائی یہودی تعلیمات کی رو سے جب انسان نے ممنوعہ درخت کا پھل کھا کر پہلا گناہ سرزد ہوا تو اس کی ذمہ دار عورت ٹھہرائی گئی

جبکہ اسلامی تعلیمات کے مطابق حوا نے غلطی نہیں کی اور نہ آدم کو غلطی پر اکسایا ہے۔ نہ درد زہ کی ذمہ دار حوا ہے اور نہ کوئی ایک شخص دوسرے کے اعمال کے لئے جواب دہ ہے۔ اسلام نے زندگی کے ہر شعبے میں عورت کو اعلیٰ اور باعزت مقام دیا ہے۔ عورت کو مرد کے معاون قرار دیتے ہوئی حق معاش دیا۔ مکمل گواہ کی حثیت دیتے ہوئے معاملات میں گواہی کا مسئلہ آسان بنایا۔

Scanned with OKEN Scanner

عدالت میں ان کو ہم جنس معاون مہیا کر کے اس کی ذہنی الجھن کا خاتمہ کرتے ہوئے یہ ثابت کر دیا کہ اسلام دین فطرت ہے۔ عورت کو بیوی کی صورت میں ذریعہ تکمیل ایمان، ماں کی صورت میں جنت کا ضامن، بہن کی صورت میں جنت میں قرابت رسول ﷺ اور بیٹی کی صورت میں ذریعہ رحمت قرار دیا گیا ہے۔

مختصر یہ کہ اسلام نے عورت کو مرد کے طرح اعلیٰ مقام دیا ہے دونوں میں کوئی معاشرتی جنسی تفریق روا نہیں رکھی گئی، بلکہ عورت بھی مرد جیسی قابل اعتماد و حاملۃ الشہادت ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

نتائج بحث

مقالہ ہذا سے درجہ ذیل نتائج اخذ کئے جاتے ہیں

1: تمام قضایائے عالم میں گواہ اور گواہی کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔

2: عورت کی گواہی تینوں مذاہب کے ماخذ اصلیہ سے ثابت ہے۔

3: اصلا عورت گواہی دینے کی اہلیت رکھتی ہے اور گواہ بن سکتی ہے۔

4: عورت کی گواہی سے متعلق وارد نصوص کو ایک جگہ جمع کر کے محققین و قانون سے وابستہ افراد کا کام آسان و فعال بنایا گیا ہے۔

5: دیوانی، فوجداری، مدنی، عائلی نیز ہر معاملے میں عورت کی گواہی قابل قبول ہے۔

6: مالی معاملات میں عورت کی گواہی مرد کے برابر ہے۔

7: ابن حزم ظاہری کے نزدیک لعان کے معاملے میں عورت کی گواہی کو مرد پر ترجیح دی جاتی ہے۔

8: خواتین سے متعلق امور میں عورت کی بغیر کوئی اور گواہ نہیں بن سکتا۔

9: عورتوں کے پوشیدہ مسائل میں ایک عورت کی گواہی بھی تصفیہ کے لئے کافی اور قابل قبول ہوتی ہے۔

10: نصوص عن الشہادۃ النسآء فی المذہب الثلاثہ کی روشنی میں عورت صرف مرد کی تابع محض نہیں۔ بلکہ وہ ہر لحاظ سے اپنا علیحدہ وجود، حیثیت اور شخصیت رکھتی ہے۔

11: عورت ہر معاملے میں گواہ بن سکتی ہے اور یہی عقل و قیاس کا بھی تقاضا ہے کہ ہر وہ معاملہ جس میں مرد گواہ بن سکتا ہے اس میں عورت کی گواہی بھی قبول کی جائے۔

12: عصر نبوی ﷺ میں خواتین مختلف امور میں اپنے ارآ بحیثیت گواہ دیتی تھیں۔

13: موضوع کے مطالعہ سے ہر مذہب کا علیحدہ علیحدہ نقطہ نظر واضح ہو جاتا ہے۔

14: اسلام نے عورت کو گواہی ریکارڈ کراتے وقت ایک غیر معمولی رعایت دی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

15: گواہی دیتے وقت اگر عورت بھول جاتی ہے تو دوسری یاد دہانی کراتی ہوئی اس کی اعانت کریگی۔ گویا کہ یہ یاد دہانی کرنے والی خاتون گواہی دینے کے لئے نہیں بلکہ گواہی ریکارڈ کرانے والی عورت کی معاون ہے جو اسلام کی طرف سے خواتین کے ساتھ گواہی دیتے وقت ایک انتہائی غیر معمولی رعایت ہے۔

16: گواہی دیتے وقت اگر عورت نہ بھولے اور یاد دہانی و معاونت کی ضرورت نہ پڑے تو ایک ہی عورت کی گواہی پر اکتفا کیا جائے گا۔

17: جمہور علمآء کے نزدیک حدود میں مردوں کی گواہی قابل ترجیح ہے جبکہ زنا کے مقدمات میں عورت کی گواہی قبول نہیں کی جا ئیگی کیونکہ دنیا کی کوئی بھی عورت جنسی جرائم کو فطری حیا کی وجہ سے دیکھتے ہی منہ پھیر لیتی ہے جبکہ کسی جرم میں گواہ بننے کے لئے لازم ہے کہ اس کے تمام جزئیات کا مشاہدہ کیا جائے اور جزئیات کا علم تفصیلی مشاہدہ کیئے بغیر حاصل نہیں ہو سکتا۔ دوم یہ کہ اسلام اپنی خواتین کو نہ تو اس فعل قبیح کے بیان کرنے کی زحمت دیتا ہے اور نہ اس کو عدالتوں میں وکلاء کے تند و تیز سوالات کے رحم و کرم پر چھوڑتا ہے اسلئے خواتین کو زنا کے مقدمات میں گواہی سے استثناء دے دیا گیا ہے۔

18: امام ابن حزم ظاہریؒ اور ابن قیمؒ کے نزدیک دو عورتیں ایک مرد کے برابر ہر قسم کے حقوق و معاملات میں بطور گواہ پیش ہو سکتی ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ اسلام نے مردوں کے مقابلے میں عورت کی گواہی آدھی قرار نہیں دی ہے اور نہ اس کی حیثیت اور شخصیت مردوں کے مقابلے میں کم کر دی ہے بلکہ بعض امور میں ان کو تخفیف اور رعایت دی ہے۔

19: اسلام نے عورت کی گواہی کو بعض مواقع پر مرد سے بھی زیادہ تفوق و اولیت دی ہے جیسا کہ اثبات قذف میں۔

20: تینوں مذاہب میں موضوع سے متعلق تقابلی مطالعہ کرنے سے اسلام کا فضلیت اور خواتین کا تقدس معلوم جاتا ہے۔

21: مذاہب ثلاثہ میں عورت کی گواہی کا تقابل اور اس کی گواہی پر پائے جانے شبہات کو جانچنے اور سمجھنے میں آسانی ہو گی۔

22: تینوں مذاہب میں موضوع سے متعلق اقوال، آراء، موافقات و متفرقات سامنے آگئے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

23: مطالعہ کے دوران معلوم ہوا کہ یہودیت اور اسلام کے اپنی جامع شرعی قوانین موجود ہیں جبکہ عیسائیت کے پاس اپنی شریعت نہیں بلکہ یہ لوگ اپنے آپ کو موسوی شریعت کے پیروکار کہتے ہیں لیکن در حقیقت صحیح معنوں میں یہودی شریعت کے پیروکار بھی نہیں ہیں صرف اپنی خواہشات اور پیروں، راہبوں اور درویشوں کے بے دلیل حکایات کی پیروی کرتے ہیں۔

24: قدیم یہودیت پیرو راہب عورت کو بہت کمزور و کمتر سمجھتے تھے۔ یہ حال صرف یہودیوں کا نہیں تھا بلکہ دیگر معاصر دنیا مثلاً مصر، یونان، چین، روم وغیرہ کا بھی تھا۔ جبکہ اسلام نے آغاز ہی سے عورت کو بلند وارفع مقام عطا کیا ہے۔

25: اسلام میں عورت کی گواہی آدھی نہیں ہے بلکہ بعض امور میں ان پر بوجھ ہلکا کرنے کے لئے مرد کے مقابلے میں عورت کی گواہی کو ثانوی حیثیت دی گئی ہے۔

البتہ جن امور کا تعلق عورتوں سے ہے ان میں صرف عورتوں کو ہی گواہی کی مکمل ذمہ داری دی گئی ہے۔ جیسا کہ پہلے اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ دراصل مرد وزن میں اسلامی تعلیمات کی رو سے باعتبار دین کوئی فرق نہیں ہے بلکہ دونوں کے حقوق و فرائض آپس میں برابر ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

تجاویز وسفارشات

دورانِ تحقیق جن امور کو علوم اسلامیہ کے محققین کی مزید تحقیق کے لیے مناسب سمجھا گیا وہ درج ذیل ہیں

دورانِ تحقیق جن امور کو علوم اسلامیہ کے محققین کی مزید تحقیق کے لیے مناسب سمجھا گیا وہ درج ذیل ہیں۔

1: مذاہب ثلاثہ کے علاوہ دیگر مذاہب میں بھی دو دو کا آپس میں عورت کی گواہی کا تقابلی و تحقیقی مطالعہ کرایا جائے تاکہ مباحثین اور طلاب قانون کو ڈھونڈنے اور استفادہ کرنے میں آسانی ہو: مثلاً ہندومت، بدھ مت، کنفوشزم تاؤمت وغیرہ

2: دنیا کے تمام بڑے بڑے مذاہب میں موضوع مقالہ ہذا کے حوالہ سے ایک باقاعدہ تحقیقی و تقابلی پروجیکٹ کرا کر ایک مجموعہ تیار کیا جائے اور اس کی باقاعدہ ابواب بندی کی جائے۔

3: ادیان سماویہ کو آغاز میں اور دیگر مذاہب کے بعد میں بالترتیب موافقات و متفرقات کا موازنہ کیا جائے تاکہ تلاش میں آسانی ہو۔

4: تمام بڑے مذہبی قوانین کی شہادت سے متعلق دفعات کا اسلامی قانون کے ساتھ تقابل کیا جائے اور جہاں جہاں اختلاف ہو وہاں اسلامی قانون کی فوقیت کو ظاہر کیا جائے۔

5: مذاہب ثلاثہ میں بالخصوص اور دیگر کا بالعموم شہادت سے متعلقہ اصطلاحات و اقوال کا موجودہ عرف کے مطابق علاقائی زبان میں بیان و وضاحت کیا جائے۔

6: جرائم کی اثبات میں گواہی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے عصر حاضر میں دستیاب تمام سہولیات اور وسائل کو استعمال میں لانے کے لئے عورت کی گواہی کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا جائے۔

7: عورت کی گواہی پر پائے جانے والی شبہات کا فقہ اسلامی سے مدلل انداز میں جائزہ لے کر دفاع کیا جائے۔

8: طلباء کو تقابل ادیان مثلاً: بدھ مت، ہندومت، جین مت اور کنفوشیزم تاؤمت وغیرہ بڑے مذاہب میں موضوع مقالہ ہذا کا تحقیقی و تقابل کرایا جائے۔ تاکہ اہل علم اس سے استفادہ کر سکیں۔

9: طلباء کو بین المذاہب و مسالک ہم آہنگی موضوعات پر تحقیق و تقابلی کام دینا چاہیئے تاکہ طلباء کے درمیان ہم آہنگی اور رواداری کی فضاء قائم ہوسکے اور وسعت نظری و کثیر المطالعاتی رجحان پیدا ہوسکے۔

10: مذہبی رواداری پیدا کرنے کے لئے تمام طلباء کے لئے بالعموم اور طلاب شعبہ علوم اسلامیہ کے لئے بالخصوص بین المذاہبی موضوعات پر سمسٹر میں کم از کم ایک سیمینار، ورکشاپ یا کانفرنس منعقد کرنی چاہئیے۔

11: اگر ممکن ہو تو نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز میں عبرانی، سریانی و دیگر لغات مندرسہ پڑھانے کا اہتمام کیا جائے تاکہ اہل علم و محققین حضرات کو مذاہب سماویہ کے اصلی ماخذ سے براہ راست استفادہ کرنا آسان و ممکن ہو جائے۔

Scanned with OKEN Scanner

علمی وفنی فہارس

- ✓ فہرس آیات قرآنیہ:
- ✓ فہرس آحادیث:
- ✓ فہرس اعلام:
- ✓ فہرس بلادواماکن:
- ✓ فہرس فرق وقبائل:
- ✓ فہرس مصادرومراجع:

Scanned with OKEN Scanner

فہرس آیات قرآنیہ

نمبر شمار	آیات مبارکہ	سورۃ وآیت نمبر	صفحہ
.1	و یقتلون النبین بغیر الحق	2: 62	2
.2	واذاوحیت الی احوارین ان اٰمنوا بی ورسولی----	5: 111	68
.3	واذ قال الحواریون یعیسی ابن مریم------	5: 112	68
.4	واستشہدوا شہیدین من رجالکم فاءن لم یکونا رجلین فرجل وامرءاتان ممن ترضون من الشہداء	2: 282	116
.5	واشہدوا ذوی عدل منکم	65: 2	116
.6	ولا تکتمواالشہادۃ و من یکتمہا فانہ آثم قلبہ	2: 283	117
.7	و من اظلم ممن کتم شہادۃ عندہ من اللہ و ما اللہ بغافل عما تعملون	140:2	118
.8	یآیہاالذین امنوا کونوا قوامین للہ شہدآءبالقسط و لا یجر منکم شنان قوم علی الا تعدلوا	5: 8	118
.9	وا ذاقلتم فاعدلوا ولو کان ذالقربی	6: 152	118
.10	ولا یاب الشہدآء اذا ما دعوا	2:282	118
.11	والا تلبسوا الحق بالباطل و تکتمواالحق و انتم تعلمون	2:42	119
.12	والذین ہم بشہدتہم قائمون	70: 23	119
.13	والتی یاتین الفاحشۃ من نساءکم فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم	4: 15	124
.14	ولو لا جآءوا علیہ باربعۃ شہدآء فاذ لم یاتواباالشہدآء فاولٰئک عنداللہ ہم الکذبون	24: 13	124
.15	واشہدوا ذوی عدل منکم	65: 2	131
.16	فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم	4: 15	131
.17	یآیہاالذین ءامنوا شہٰدۃ بینکم اذاحضر احد کم الموت حین الوصیۃ اثنا ذوا عدل منکم او آخران من غیر	5: 106	131

Scanned with OKEN Scanner

		كم ان انتم ضربتم فی الارض	
145	282 :2	واستشہدوا شہیدین من رجالکم	.18
147	108 :5	یآیہا الذین آمنوا شہٰدۃ بینکم اذا حضر احد کم الموت حین الوصیۃ اثنان ذوا عدل منکم او آخران من غیرکم ان انتم ضربتم فی الارض	.19
154	32 :22	واجتنبوا قول الزور	.20
154	72 :25	والذین لا یشہدون الزّور	.21
174	9-8 :81	و ذا لمؤدۃ سئلت بای ذنب قتلت	.22
174	58 :59	واذا بشر احدھم بالانثی ظل وجہہ مسودا و ھو کظیم۔ یتوار یٰ من القوم من سوء ما بشر بہ ان یمسکہ علی ھون ام یدسہ فی التراب الا سآء ما یحکمون	.23
175	139 :6	وقالوا ما فی بطون ھذہ الانعام خالصۃ لذکورناو محرّم علی ازواجنا وان یکن میتۃ فہم فیہ شرکاء سیجزیہم وصفہم انہ حکیم علیم	.24
178	19 :4	و عاشروھن، بالمعروف، فان کر ھتمو ھن ،فعسیٰ، ان تکرھوا شئیا و یجعل اللہ فیہ، خیرا، کثیرا	.25
179	187 :2	ھّن لباس لکم وانتم لباس لہن	.26
180	14 :31	وو صینا الا نسان بوالدیہ حملتہ امہ وھنا علی وھن و فصٰلہ فی عامین ان اشکر لی ولوالدیک الیّ المصیر	.27
180	15 :46	ووصینا الانسان بوالدیہ احسانا حملتہ امۃ کرھا ووضعتہ کرھا و حملہ و فصالہ ثلاثون شہرا	.28
181	21 :30	و من آیا تہ ان خلق لکم من انفسکم ازواجا لتسکنوا الیہا و جعل بینکم مودۃ و رحمۃ	.29
183	11 :4	یوصیکم اللہ فی او لا دکم للذکر مثل حظ الانثین فان کنّ نسآء فو ق اثنتین فلہن ثلثا ما ترک و ان کا نت وا حدۃ فلہا النصف	.30

183	12 :4	وان کان رجل، یو رث کلالۃ ،او امراۃ ،و لہ اخ، او ،اخت ،فلکل واحد منهما السدس، فان کانوا اکثر من ذلک، فهم شر کاء فی الثلث، من بعد و صیۃ یو صی بها او دین، غیر مضار، وصیہ من الله، وا لله علیم حلیم	.31
185	1 :4	یا ایها الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و خلق منها زوجها و بث منهما رجا لا کثیرا و نسآء	.32
186	70 :17	و لقد کرمنا بنی آدم و حملنهم فی البر و البحر و رزقنهم من الطیبٰت و فضلنهم علی کثیر ممن خلقنا تفضیلا	.33
186	4 :95	لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم	.34
187	97 :16	من عمل صلحا، من ذکر او انثی، و هو مؤ من فلنحیینہ، حیاۃ طیبۃ و لنجزینهم، اجرهم باحسن ما کانوا یعملون	.35
187	40 :40	من عمل سیئۃ ،فلا یجزی الا مثلها، و من عمل صالحا ،من ذکر او انثی ،و هو مؤ من فاو لئک ید خلون ، الجنۃ، یر زقون فیها ، بغیر حساب	.36
187	195 :3	فا ستجاب لهم ربهم انی لا اضیع عمل عا مل منکم من ذکر او انثی	.37
188	11 :4	یو صیکم الله، فی اولادکم، لذکر مثل حظ الانثین - فان کنّ نسآء فوق اثنتین ،فلهن ثلثا ما ترک، و ان کانت واحدۃ فلها النصف، ولابویہ لکل واحدمنهما السدس ، مما ترک ان کان لہ ولد، فان لم یکن لہ ولد ،وورثہ ابواہ، فلامہ الثلث ، فان کان، لہ اخوۃ ،فلامہ السدس ،من بعد ،وصیہ ،یوصی بہا او دین آباءوکم ،و ابناؤکم لا تذرونایهم، اقربلکم نفعا فریجۃ من الله، انالله کان ،علیما ،حکیما	.38
189	236 :2	علی المو سع قدرہ و علی المقتر قدرہ	.39
190	4 :4	و اتوا النسآء صدق تہن نحلۃ فان طبن لکم عن شیئ منہ نفسا فکلوہ هنیئا مر یئا	.40

Scanned with OKEN Scanner

.41	وعاشروہن بالمعروف	4: 19	192
.42	و عا شروھن بالمعروف فان کر ہتمو ھن فعسی ان تکرھوا شیئا و یجعل اللہ فیہ خیر کثیرا	4: 1	193
.43	ولا تمسکو ھن ضرار لتعتدوا	4: 231	194
.44	و اتیتم احدا ھن قنطارا فلا تا خذوا منہ شیئا"	4: 20	195
.45	واستشہدوا شہیدین من رجالکم، فان لم یکونا رجلین فرجل وامراتین ممن ترضون من الشہدآء ان تضل احدٰھما فتذکر احداھما الاخری"	2: 282	196
.46	"ان اللہ یا مرکم ان تؤدوا الامانات الی اھلہا و اذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل	4: 58	204
.47	فاذا دفعتم الیھم اموالھم فاشہدوا علیھم و کفی باللہ حسیبا"	4: 6	204
.48	فان عثر علی انہما استحقا اثما فاخران یقومان مقامہما من الذین استحق علیھم الاؤلیان فیقسمان باللہ لشہادتنا احق من شہادتہما و ما ا عتدینا انا اذا لمن الظالمین	5: 107	205
.49	والذین، یرمون المحصنات ،ثم لم یاتوا باربعۃ شہدآء ،فاجلدوھم ،ثمانین جلدۃ ،ولا تقبلوا لھم، شہادۃابدا۔	24: 4	206
.50	والذین یرمون ازواجھم ولم یکن لھم شہدآء الا انفسہم فشہادۃ احدھم اربع شہادت باللہ انہ لمن الصادقین	24: 6	206
.51	فاذا ،بلغن ،اجلہن ،فامسکوھن بمعروف، او فارقہن بمعروف، و اشہدوا ذوی عدل منکم ،و اقیموا الشہادۃ للہ، ذلکم یوعظ بہ من کان یومن باللہ ولیوم الاخر۔ و من یتق اللہ یجعل لہ مخر جا	65: 2	206
.52	ولا یحل لہن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ار حا مہن ان کن یؤ من با للہ و الیوم الاخر	2: 228	207
.53	و اشہدوا اذا تبا یعتم و لا یضار کا تب ولا شہید"	2: 282	207

Scanned with OKEN Scanner

.54	یا ایها الذین امنوا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبواہ	2: 282	209
.55	و یدرا عنہا العذاب ان تشهد اربعشهادات باللہ انہ لمن الکاذبین۔ ولخامسۃ ان غضب اللہ علیہا ان کان من الصا د قین۔	24: 8-9	210
.56	یا ایها الذین امنوا کو نو ا قوامین بالقسط شہداء للہ و لو علی انفسکم او لوالدین وا لاقر بین	4: 135	213
.57	وان خفتم ،شقاق ،بینہا، فابعثوا ،حکما من اهلہ، و حکما من اهلہا	4: 35	213
.58	لولا جاءوا علیہ باربعۃ شہداء فاذ لم یاتوا بالشہداء فاولئک عند اللہ هم الکاذبون	24: 13	215
.59	ان تضل احدهما فتذکر احد هما الاخری '	2: 282	222
.60	لا یضل ربی ولا ینسیٰ	20: 52	223
.61	ومن یعمل، من الصلحٰت من ذکر او انثی و هو مؤمن فاولئک یدخلون الجنۃ و لا یظلمون نقیرا	4: 124	226
.62	من عمل سیئۃ فلا یجزی الّا مثلها و من عمل صالحا من ذکر او انثی و هو مئومن فاولئک ید خلون الجنۃ یرزقون فیہا بغیر حساب	40: 40	226
.63	من عمل صالحا فلنفسہ ومن اساء فعلیہا وما ربک بظلام للعبید	41: 46	226
.64	ولا یحل لکم ان تاخذوا مما اتیتموهن شیئا الا ان یخافا الا یقیما حدود اللہ	ابقرہ:279	229
.65	فان لم تجدوا ماء فتیمموا صعیدا	4: 43	230
.66	اومن ینشوا فی لاحیلۃ و هو فی الخصام غیر مبین	43: 18	231
.67	و لقد عهد نا الی ادم من قبل فنسی و لم نجد لہ عزما	20: 115	240
.68	للہ ملک السمٰوٰت والارض یخلق مایشآء یهب لمن یشآء اناثا و یهب لمن یشآء الذکور	42: 49	242
.69	قد سمع اللہ قول التی تجادلک فی زوجها و تشتکی	58: 1	242

Scanned with OKEN Scanner

	الی الله ،والله یسمع تحاورکما ان الله سمیع بصیر		
.70	و انّ من امۃ الا خلا فیہا نذیر	35: 24	243
.71	و لکل قومٍ ھاد	13: 7	243
.72	قولوا امنا باللہ و ما انزل الینا و ما انزل الی ابرا ہیم واسماعیل و اسحاق و یعقوب والاسباط و ما اوتی موسیٰ و عیسیٰ و ما اوتی النبیون من ربہم لا نفرق بین احد منہم و نحن لہ مسلمون	2: 136	243
.73	الزانیۃ و الزانیۃ فاجلدوکل منہما مائۃ جلدۃ	24: 2	245
.74	و لا تکتموا الشہادۃ ومن یکتمہا فانہ آثم قلبہ	2: 283	247
.75	ان اکرمکم عند اللہ اتقکم	49: 13	248
.76	فان طلقہا فلا جناح علیہما ان یتراجعا ان ظنا ان یقیما حدود اللہ	2:230	260
.77	قآئمۃ فضحکت فبشرناھا باسحاق و من وراء اسحق یعقوب۔قلت یا ویلتی آالد و انا عجوز و ھذا بعلی شیخا ان ھذا لشیء عجیب۔	71:72	266
.78	واوفوا بالعھد ان العھد کان مسئولا	34اسرا:	267
.79	ولکن یواخذکم بما عقدتم الایمان	89: المائدہ	267
.80	و ا توالنساء صدقاتھن نحلۃ فان طبن لکم عن شیء منہ نفسا فکلوہ ھنیئا مریئا	4: النسآء	268
.81	و ان اردتم استبدال روج مکان زوج و اتیتم احداھن قنطارا فلا تا خذوا منہ شیئا اتا خذونہ بھتانا و اثما مبینا	20: النسآء	269
.82	و عاشر وھن بالمعروف فان کرھتموھن فعسی انتکرھوا شیئا و یجعل اللہ فیہ خیرا کثیرا	19: النسآء	269
.83	واذ قال عیسی ابن مریم یا بنی اسرائیل انی رسول اللہ، الیکم	61: 6	272
.84	قل یا یہاالناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا	7: 158	274
.85	وماکان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من ورآء	42: 51	273

Scanned with OKEN Scanner

		حجاب او یر سل رسولا فیوحی باذنہ ما یشآء	
273	53: 3-4	و ما ینطق عن الہوی ان ھو الا و حی یو حی	.86
273	3: 48	و یعلمہ الکتاب والحکمۃ والتوراۃ والانجیل	.87
274	3: 50	و مصدقا لما بین یدی من التوارۃ	.88
274	30 : 22	واجتنبو ا قول الزور	.89
279	15: 28	واذ قال ربک للملائکۃ انی جاعل بشرا من صلصال من حماٍ مسنون	.90
280	15: 29	فاذا سوّیتہ و نفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین	.91
287	4: 157-158	و ما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم وما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ، وکان اللہ عزیزحکیما	.92

فہرس احادیث

صفحہ نمبر	حدیث	نمبر شمار
116	ولکن الیمین علی المدعی علیہ	.1
116	البّینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر	.2
121	لن تزول قد ما شاھد الزور حتی یوجب اللہ لہ النار	.3
122	من شہد علی مسلم شہادۃ لیس لہا باھل فلیتبوا مقعدہ من النار	.4
122	ھل تریٰ الشمس ؟ قال نعم" قال علی مثلھا فاشھد	.5
123	یا ابن عباس الا تشہد الا علی ما یضی لک کضیاء ھذا الشمس و او ما رسول اللہ ﷺ بیدہ الی الشمس	.6
131	لا نکاح الّا بولیّ و شاھدی عدل	.7
131	شاھداک او یمینہ	.8

Scanned with OKEN Scanner

.9	اليس شهادة المراة مثل نصف شهادة الرجل"؟ قلنا بلى،قال "فذلک من نقصان عقلها	132
.10	ظن المئو من على المئو من خيرا مالم يراه شرا	144
.11	اذارايتم الرجل يعتاد المسجد فاشهدوا لہ بالايمان	144
.12	الكبائر الا شراک بالله وعقوق الوالدين وقتل النفس واليمين الغموس و فی روايۃ وشہادۃ الزّور	154
.13	الكبائر وسئل عن الكبائر 'فقال الشرک بالله، وقتل النفس و عقوق الوالدين و قال الا انبئكم باكبر الكبائر، قال قول الزور او قال شہادۃ الزور، قال شعبۃ اكبر ظنى، انہ شہادۃ الزور	155
.14	عن خريم بن فا تک قال صلیّ رسول اللهﷺ صلوٰۃ الصبح فلمّا انصرف قام قائما فقال عدلت شہادۃ الزور بالاشراک بالله ثلاث مرات۔ ثم قرآ فاجتنبوا الرجس من الاوثان وجتنبوا قول الزور۔ حنفآء لله غير مشركين بہ	155
.15	شاهد الزور لا تزول قد ماه حتى تجب لہ النار"	155
.16	إني وأدت ثمانی بنات فی الجاهليۃ، قال، فـأعتيق عن كل واحدةٍ بدنۃ	174
.17	فقال النبی اختر منهن اربع	175
.18	ان اكمل المو منين ايمانا احسنهم خلقا خياركم خياركم لنسآئهم	178
.19	حُبّب الى من الدنيا النسآء و الطيّب و جعلت قرة عينى فی الصلوٰۃ	178
.20	النكاحُ من سنتى فمن رغب عن سنتى فليس منى	179
.21	من احق الناس بحسن صحا بتی؟ قال امک، قال ثم من؟ قال امک قال، ثم من ؟ قال، امک قال، ثم من قال ابو ک	180
.22	سالت رسول الله فقلت يا رسول الله ای الاعمال افضل ؟ قال "الصلاۃ لميقا تها قلت ثم ما ذا يا رسول الله ؟ قال " بر الوالدين" ثم قلت ماذا يا رسول الله قال "الجهاد فی سبيل الله " ثم سكت عنی رسول الله ﷺو لو استز دتہ لزادنی	181

.23	زملونی زملونی فزملوه حتی ذهب عنہ الروع قال لخدیجۃ ای خدیجہ مالی اخشیت علی نفسی فاخبرها اخبر فقالت خدیجۃ کلاّ " ابشر فواللہ لا یخزیک اللہ ابدا۔ انک لتصل الرحم وتصدق الحدیث و تحمل الکل و تکسب المعدوم و تقری الضیف و تعین علی نوا ئب الحق	182
.24	قال رجل یا رسول اللہ امراتی خرجت حا جۃ و اکتتبت، فی ،غزوۃ ،کذا ،و کذا " قال ارجع ،فحج ،مع امر اتک	182
.25	انما النسآء شقائق الرجال	184
.26	اذ صلت المراۃ خمسہا و صامت شہر ها و حفظت فرجهاواطاعت زوجها، قیل لها " ادخلی الجنۃ من ای ابواب الجنۃ شئت	184
.27	اکمل المؤمنین ایمانا، احسنهم، خلقا، و خیارکم خیارکم لنسائهم خلقا	185
.28	من عال ثلاث ،بنات فادبہن وزوجہن و احسن الیهن ،فلہ الجنۃ	188
.29	الرجل تکون لہ الامۃ فیعلمہا فیحسن تعلیمہا و یو دبہا فیحسن ادبہا ثم یعتقہا فیزوجہا فلہ اجران	189
.30	لا تنکح الایم حتی تستا مر ولا تنکح البکر حتی تستاذن	191
.31	خیرُکم خیرُکم لاہلہ	193
.32	"خیر کم خیر کم لا هلہ و انا خیرکم لا هلی	193
.33	انَّ أکْمَلَ المؤمنینَ ایماناً أحسنُہم خُلقاً وألطفُہم لاہلہ	194
.34	الیس شہادۃ المراۃ مثل نصف شہادۃ الرجل	196
.35	کیف و قد قیل ففارقها و نکحت زوجا غیره	199
.36	لا نکاح الاّ بولیّ و شاهدین	208
.37	الیس اذا حاضت لم تصل ولم تصم فذلک من نقصان دینها	210

Scanned with OKEN Scanner

.38	"فشہادة امراتین تعدل شہادة رجل	210
.39	اجاز رسول اللہ شہادة القابلۃ	219
.40	لا نکاح الاّبولیّ و شاھدی عدل فان تشاجروا فا لسطان ولی من لا ولیہ	229
.41	من ا بتلیی من البنات بشیءٍ فاحسن الیھن، کن لہ سترا من النار	242
.42	من عال جا ریتین حتیٰ تبلغ جآء یوم القیامۃ انا و ھو(ضمّ اصابعہ)	242
.43	ابغض الحلال الی اللہ عز و جل الطلاق	261
.44	الجنۃ تحت اقدام امہاتکم۔	281
.45	خیر کم خیر کم لاھلہ	281
.46	ولزوجک علیک حق	281
.47	اِنما النساء شقائق الرجال	286

فہرس اعلام

نمبر شمار	نام	صفحہ نمبر
.1	اللہ جلّ شانہ	1
.2	حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام	1
.3	حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام	1
.4	حضرت اسحاق علیہ الصلاۃ والسلام	1
.5	حضرت یعقوب علیہ الصلاۃ والسلام	1

6.	حضرت یوسف علیہ السلام	1
7.	عہد نامہ قدیم	1
8.	عبرانی	1
9.	یہودا	1
10.	مسیح	1
11.	بائبل	1
12.	فرعون	1
13.	خروج	1
14.	لاوی	1
15.	انبیاء	2
16.	حضرت سلیمان علیہ السلام	2
17.	حنانی نبی	2
18.	آسا	2
19.	میکایاہ علیہ السلام	2
20.	اخی اب	2
21.	یواس شہزادہ	2
22.	تواریخ	2
23.	سلاطین	3

Scanned with OKEN Scanner

.24	حضرت زکریا علیہ السلام	3
.25	عاموسؑ	3
.26	امصیاہ	3
.27	یاربعام	3
.28	آشوری	3
.29	یرمیاہؑ	3
.30	یونین منشی	4
.31	داروغہ	4
.32	ڈاکٹر ہون،ہنسکر	4
.33	تھیورڈپرزل	4
.34	ڈیوڈبن گوریان	5
.35	تورت وتالمود	5
.36	حضرت آدم علیہ السلام	5
.37	ہٹلر	5
.38	حضر داؤد علیہ السلام	6
.39	رہوبام	6
.40	اسفار خمسہ	8
.41	پیدائش	8

Scanned with OKEN Scanner

.42	احبار	8
.43	لاویین	9
.44	گنتی	10
.45	استثنا	11
.46	زبور	12
.47	بخت نصر	12
.48	انٹرنیس	12
.49	حضرت ہارون علیہ السلام	13
.50	حضرت یوشع علیہ السلام	13
.51	عزراؑ	13
.52	شمعونؑ	13
.53	مشناہ	13
.54	گیمارا	13
.55	ہلاخاہ	14
.56	آگادہ	14
.57	چاند	15
.58	یوم سبت یا ہفتہ کا دن	16
.59	عید فصح	16

.60	یہود مکابیں	16
.61	شاخاریت	18
.62	منخا	18
.63	معاریب	18
.64	شیطان	20
.65	حوّا	21
.66	امثال	22
.67	حنّہ	23
.68	حضرت الیشعؑ	23
.69	حجیزی	23
.70	شونمیّہ	23
.71	سمویل	23
.72	قضاۃ	23
.73	لفیدوت	23
.74	دبورہ	23
.75	رامہ	23
.76	قادش نفتالی	24
.77	ابی نوعم	24

Scanned with OKEN Scanner

24	برق	.78
24	سسیرا	.79
24	خلدہ نبیہؓ	.80
24	خلقیاہ کاہن	.81
24	اخی قام	.82
24	عکبورا	.83
24	شافان	.84
24	عسایاہ	.85
24	سلوم بن بقوہ بن خرخس	.86
25	نحمیاہ	.87
25	ہیمان	.88
25	لموایل	.89
27	الیشع	.90
28	صلافحاد	.91
29	طرطلیان	.92
30	لابن	.93
31	یوحنان	.94
31	ایلیاہ	.95

.96	رفقہ	37
.97	موسیٰ بن میمون	38
.98	مدراش	39
.99	سمسن رافیل	39
100	زکریا فرینکل	42
101	ماصورتی	44
102	جاناتھن رومین	44
103	ابراہام گیگر	44
104	ایرون برنسٹین	45
105	اسرائیل جکب سن	45
106	ربیؒ اسحاق مئیر	46
107	ریک جیکب	47
108	میڈم ڈائرل مسینجر	47
109	برنباس (حواری)	54
110	قسطنطین اعظم اول	55
111	ابطریک (پٹریاک)	55
112	شارلیمان	55
113	گریگوری اول	55

Scanned with OKEN Scanner

114	حضرت عمر رضی اللہ عنہ	55
115	پوپ اربن روم	56
116	سلطان صلاح الدین ایوبی	56
117	پوپ ایونن	56
118	پوپ ویکلف	56
119	مارٹن لوتھر	56
120	ہنری ہشتم	56
121	ایڈورڈ چہارم	56
122	ویلم شیلنگ ورتھ	57
123	الیگزینڈر ناکس	58
124	یوسف	58
125	مریم	58
126	روح القدس	58
127	مرقس	62
128	پطرس	63
129	متی	64
130	لوقا	65
131	یوحنا	66

Scanned with OKEN Scanner

66	فیلو	132
69	مکاشفہ	133
70	حواری	134
70	اندریاس	135
70	فلپس	136
70	برتلمائی	137
70	توما	138
70	یعقوب بن حلفی	139
70	تدی	140
70	شمعون قنانی	141
70	یہوداسکروتی	142
71	اخیاس	143
72	ساؤل(پولس)	144
77	کرسمس	145
77	ایسٹر	146
78	سینٹ آگسٹائن	147
80	پنطیس پیلاطیس	148
102	مریم مجدلی	149

Scanned with OKEN Scanner

150	سلوی	102
151	شمعون	102
152	غلاطیوں	102
153	حضرت سارہ	103
154	سینٹ جوہن کرئی سسٹم	107
155	جولینا	107
156	سینٹ گرتروڈ	107
157	سنیٹ میچلڈ	107
158	سینٹ تھریسا	107
159	سینٹ کتھرائن	109
160	پیٹر والڈ	110
161	جان ٹولر	110
162	جان وائی کلف	110
163	مارٹن لوتھر	110
164	وٹن برگ	111
165	جان زونگلی	112
166	جان کالون	112
167	جان ناکس	112

168	الیزبتھ ہوٹن	112
169	ماری ڈائر	112
170	الیزبتھ فرائز	112
171	ماری بیکر ایڈی	112
172	امام راغب الاصفاہانیؒ	113
173	علامہ ابن نجیمؒ	114
174	فتاویٰ علمگیری	114
175	مجلۃ الاحکام العدلیہ	115
176	کنزالد قائق	125
177	امام اوزاعیؒ	125
178	امام زہریؒ	125
179	امام شوکانیؒ	125
180	مصنف عبدالرزاقؒ	129
181	عطاء بن ابی ارباحؒ	129
182	ابی لبیدؒ	130
183	امام زفرؒ	130
184	ابن حزم ظاہریؒ	130
185	امام ابن قیم الجوزیؒ	130

186	ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ	131
187	عبد اللہ ابن عمرؓ و ر	134
188	سعید ابن مسیبؒ	134
189	امام شعبیؒ	134
190	عامرؒ	134
191	زید	136
192	امام شافعیؒ	136
193	امام محمدؒ	137
194	امام ابو یوسفؒ	137
195	امام احمد بن حنبلؒ	137
196	امام ابو حنیفہؒ	137
197	وہبۃ الزحیلی	139
198	علامہ ابن عابدینؒ	140
199	حضرت ماعز رضی اللہ عنہ	141
200	مصنف ابن ابی شیبہ	145
201	امام مالکؒ	147
202	قاضی شریحؒ	149
203	عبد الرزاقؒ	150

204	سعید بن المسیبؒ	150
205	علاوالدین طرابلسیؒ	150
206	ولید بن ابی مالک	157
207	مولانا سید جلال الدین عمری	166
208	مولانا عبدالقیوم ندوی	166
209	مولانا عبدالرشید حدوثی	167
210	سیاح ہیون	167
211	بنجامن والکر	169
212	ڈاکٹر آمنہ تحسین	170
213	شاہ معین الدین ندوی	172
214	ڈاکٹر خالد علوی	172
215	رابرٹ بریفالٹ	173
216	قیس بن عاصم	175
217	پروفیسر آگیسٹ بل	176
218	حافظ ابن کثیر	182
219	ام المؤمنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا	182
220	حضرت جبرئیلؑ	182
221	حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ	183

Scanned with OKEN Scanner

222	حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ	184
223	حضرت ابو ھریرۃ رضی اللہ	185
224	حضرت عائشہ	190
225	حضرت ام سلمہؓ	190
226	حضرت ام عطیہؓ	190
227	حضرت صفیہ	190
228	حضرت ام حبیبہؓ	190
229	حضرت اسماء بنت ابو بکرؓ	190
230	حضرت ام شریکؓ	190
231	حضرت فاطمہ بنت قیس	190
232	حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ	193
233	حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ	193
234	عبداللہ ابن سہل رضی اللہ عنہ	198
235	حویصہ بن مسعود اور محیصہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ	198
236	حماد بن ابی سلمانؒ	198
237	امام جعفر صادقؒ	198
238	سیّدنا علی رضی اللہ عنہ	198
239	عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ	199

Scanned with OKEN Scanner

240	غنیہ ام یحیٰ بنت ابی اھاب	200
241	حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ	201
242	حضرت ام سلمی رضی اللہ عنہا	200
243	عبداللہ بن مسعود	214
244	ابی خذیفہ رضی اللہ عنہ	222
245	کمال ابن الھامؒ	225
246	امام جعر صادقؒ	227
247	امام ابن تیمیہ	236
248	حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا	240
249	حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ	240
250	حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا	240
251	فریعہ بنت خدری رضی اللہ عنہا	240
252	حاخام صموئیل	266
253	پادری جان پھیلان	274
254	ہاجرہ	280
255	اضحاق	280
256	عفرا بنت عبداللہ بنت ثعلبہ	284
257	عمارہ امِّ منیع	284

258	حضرت ام حکیم بنت حارثہ	284
259	حضرتؓ عکرمہ بن ابی جہل	284
260	حضرتؓ ام ہانی	284
261	حضرتؓ زنیبؓ بنت محمد رسول اللہ ﷺ	284
262	ابو العاص بن ربیع	284

فہرس بلادواماکن

نمبر شمار	نام بلادواماکن	نمبر شمار
.1	فلسطین	1
.2	عراق	1
.3	شام	1
.4	مصر	1
.5	وادی سینا	2
.6	یروشلم	2
.7	سامریہ	2
.8	بحیرہ احمر	2
.9	دمشق	2
.10	روم	4

Scanned with OKEN Scanner

11.	یورپ		4
12.	ایشیاء		4
13.	روس		4
14.	پولینڈ		4
15.	برطانیہ		5
16.	بیت ایل		3
17.	عرب		5
18.	ترکیہ		5
19.	جرمنی		5
20.	اقوام متحدہ		5
21.	امریکہ		5
22.	فرانس		5
23.	مسجد اقصی		5
24.	ہیکل سلیمانی		5
25.	شونیم		23
26.	تابور پہاڑی		24
27.	نہر قیسون		24
28.	جنت		25

.29	کوہ کرمل	27
.30	کلیسا	32
.31	خوپا	36
.32	ہنگری	39
.33	نیویارک	44
.34	فرینکفرٹ	44
.35	برلن	45
.36	شمالی امریکہ	45
.37	پیٹس برگ	45
.38	سیسن برگ برن سیوگ	46
.39	قسطنطنیہ	55
.40	بلقان	55
.41	حبشہ	55
.42	یونان	55
.43	سپین	56
.44	اٹلی	56
.45	انگلستان	56
.46	انطاکیہ	64

Scanned with OKEN Scanner

47.	اسکندریہ	66
48.	لدہ	71
49.	یافا	71
50.	جلیل (گلیلیہ)	99
51.	بیجنگ	108
52.	ہند	164
53.	چین	164
54.	غار حرا	183
55.	بیت دین (عائلی عدالت)	264

فہرس فرق وقبائل

نمبر شمار	نام فرق وقبائل	صفحہ نمبر
1.	یہود	1
2.	بنی اسرائیل	1
3.	ارامی	2
4.	صیہونی تحریک	4
5.	عبرانی	5
6.	سامی	5
7.	ایسینی	6

.8	فریسی	7
.9	سمارٹنی	7
.10	صدوقی	7
.11	کاراتی	7
.12	کاہنی	7
.13	ناسٹک	7
.14	یونانی	9
.15	بنی زبولون	24
.16	رومن کیتھولک چرچ	56
.17	ابیونی	58
.18	نصرانی	58
.19	نسطوری فرقہ	58
.20	دوسٹس فرقہ	58
.21	آریوسس فرقہ	59
.22	اپولی نیرن	59
.23	یعقوبی فرقہ	59
.24	کرنتھیوں	59
.25	پولسی فرقہ	59

26.	سورمن فرقہ	60
27.	پاسیلیدی فرقہ	60
28.	ارجن فرقہ	60
29.	سیوس فرقہ	61
30.	سریانی	62
31.	افلاطونی	66
32.	فلیپیوں	66

Scanned with OKEN Scanner

فہرس مصادر و مراجع

نمبر شمار	نام کتب، نام مصنف، نام مقام و مکتبہ و سن اشاعت
.1	القرآن الکریم
.2	آسان ترجمہ از تفسیر عثمانی، مولانا شبیر احمد عثمانیؒ
.3	کلام مقدس: عہد نامہ قدیم و جدید، کاتھولک بائیبل کمیشن پاکستان لاہور، سن اشاعت، 2011ء & "**THE HOLY BIBLE, KING JAMES VERSION" New York USA: Random Publishing Group 1991.**
	حرف الالف
.4	**امام البخاری**، ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن مغیرہ (المتوفی: 870م)، **الجامع الصحیح البخاری**، لاہور: مکتبۃ رحمانیہ سن 1992
.5	**امام مسلم**، ابو الحسین مسلم بن مسلم بن حجاج النشاپوری (المتوفی: 261ھ)، **الصحیح المسلم**، اردو بازار لاہور: مکتبہ محمودیہ سن 1437ھ
.6	**اینڈریو بل، انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا**، عیسائیت، نیویارک امریکہ: بریطانیکا ان کارپوریشن سن 2010ء
.7	**امام اللغوی**، ابی طاہر محمد بن یعقوب، **القاموس المحیط والقابوس الوسیط الجامع لما ذھب من کلام العرب شماطیط**، بیروت لبنان: مطبع مؤسسۃ الرسالۃ سن 2010ء
.8	**امام حنبل**، ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن ہلال بن حنبل، (المتوفی: 855ء)، **المسند**، دمشق شام: الناشر موسسۃ الرسالہ سن 2009ء
.9	**الحاکم النیشاپوری**، ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ، (المتوفی: 1014ء)، **المستدرک علی الصحیحین**، بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ سن 1991م
.10	**ابن حزم الظاہری**، ابو محمد علی بن سعید (المتوفی: 1064ء)، **المحلی بالاثار**، بیروت لبنان: دار الکتب العلمیہ سن 2015م
.11	**ابن قدامہ**، ابو محمد عبد اللہ بن احمد الحنبلی (المتوفی 1223م)، **المغنی**، مصر: طبع دار الکتب العلمیہ سن 1334ھ
.12	**المرغینانی**، ابو الحسن علی بن ابی بکر برہان الدین (المتوفی: 1197)، **الہدایہ**، یوپی انڈیا: اشرفی بک ڈپو دیوبند سن 1975

	ء
.13	**امام الکاسانی**، علاء الدین ابو بکر بن مسعود بن احمد الحنفی (المتوفی: 1191)، **البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع**، لبنان: دار الکتب العلمیہ بیروت سن 2003ء
.14	**البیہقی**، ابو بکر احمد بن حسین بن علی (المتوفی: 1066م) **السنن الکبریٰ**، لبنان: دار الکتب العلمیہ بیروت سن 2003ء
.15	**ابن نجیم**، زین الدین بن ابراہیم بن محمد المعروف بابن نجیم المصری الحنفی (المتوفی: 970ھ)، **البحر الرائق شرح کنز الد قائق**، مصر: قاہرہ دار الکتب العلمیہ، سن 1997ء
.16	**ابن قیم الجوزی**، ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر بن ایوب (المتوفی: 1350ء)، **اعلام الموقعین عن رب العالمین**، مملکتہ العربیۃ السعودیہ: دار ابن الجوزی الدمام سن 1427ھ
.17	**ابن ابی شیبہ**، ابو بکر عبد اللہ بن محمد ابی شیبہ (المتوفی: 235ھ)، **الکتاب المصنف فی الاحادیث الاثار**، مصر: الفاروق الحدیثۃ للطاعبتہ والنشر قاہرہ سن 2008ء
.18	**اسرار الرحمان بخاری**، **اسلام اور مذاہب عالم**، لاہور: نیو بک پیلس اردو بازار لاہور سن 1983ء
.19	**السرخسی**، ابو بکر شمس الدین محمد بن احمد السرخسی، (المتوفی: 1090)، **المبسوط فی الفقہ**، لبنان: دار المعرفہ بیروت سن 1409ھ
.20	**امام مالکؒ**، ابو عبد اللہ مالک بن انس بن ابی عامر الاصبحی (المتوفی: 179ھ)، **المدونۃ الکبریٰ**، مصر: ادار الکتب النوادرہ سن 1323ھ
.21	**الطریفی**، ناصر بن عقیل بن جابر ڈاکٹر، **المرافعات الشرعیہ**، اسلام اباد: یونیورسٹی بک شاب اسلامی یونیورسٹی سن 2010ء
.22	**الطبرانی**، ابو قاسم سلیمان ابن احمد بن ایوب، (المتوفی: 971ء)، **المعجم الوسیط**، مصر: الناشر مکتبہ ابن تیمیہ قاہرہ سن 2007ء
.23	**ابن العربی**، ابو بکر محمد بن عبد اللہ بن محمد المالکی الاشبیلی (المتوفی: 1148ء) **احکام القران**، لبنان: دار الکتب العلمیہ بیروت سن 1427ھ
.24	**ابن القیم الجوزیہ**، حافظ شمش الدین ابو عبد اللہ بن محمد بن ابو بکر بن ایوب الزرعی الدمشقی (المتوفی: 1350ء)، **الطرق الحکمیہ فی السیاسۃ الشرعیہ**، شام: دار العلم دمشق سن 2003ء
.25	**ڈاکٹر شہزاد اقبال شام**، **اسلامی قانون ایک تعارف**، اسلام آباد: مطبع ادارہ تحقیقات اسلامی سن 2010ء

Scanned with OKEN Scanner

الاصفہانی، ابو القاسم حسن بن محمد بن مفضل بن محمد،(التوفی:1108ء) **المفردات فی غریب القرآن**، لبنان: دار الکتب العلمیہ بیروت سن 2009ء	26.
الماوردی, ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب البصری الماوردی (التوفی:1058ء)، **آداب القاضی**، لبنان, مکتبہ دار الکتب العلمیہ بیروت، سن 2009ء.	27.
الموسوعۃ الفقھیۃ الکویتیہ، وزارۃ الاوقاف والشئون الاسلامیہ، دار السلاسل الکویت: سن 1427ھ	28.
ابن حجر عسقلانی، ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی بن محمد بن محمد بن احمد المعروف(التوفی:1449ء) **بلوغ المرام من آدلتہ الاحکام**، الریاض: دار الفلق مملکۃ السعودیۃ العربیہ سن 2003ء	29.
الثعلبي، ابو الحسن سید الدین علي بن أبي علي بن محمد بن سالم(التوفی:631ھ)، **الاحکام فی اصول الاحکام**، لبنان: المکتب الإسلامي، بیروت سن 2004ء	30.
ایس۔ایم۔دانی۔ایل، **تفسیر استثناء تا سموئیل**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2014ء	31.
الحسینی، ابو الفیض محمد بن محمد بن عبد الرزاق،(التوفی:1205ھ)، **تاج العروس من جواھر القاموس**، مصر: دار لہدایہ قاہرہ 2005ء	32.
ایس۔ایم۔دانی۔ایل، **تفسیر متی تا مرقس**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2018ء	33.
الرازی، ابو عبد اللہ فخر الدین،(التوفی:606ھ) **تفسیر کبیر (مفاتیح الغیب)**، لبنان: دار احیاء التراث العربی، بیروت سن 2007ء	34.
ابن کثیر، ابو الفداء حافظ عماد لدین بن عمر دمشقی(التوفی:774ھ)، **تفسیر ابن کثیر**، سعودی عرب، مکتبہ قرطبہ اولاد الشیخ للتراث الجیزہ العربیہ: سن 200ء	35.
الحصکفی، محمد علاء الدین ابن الشیخ علی الحنفی(التوفی:1088)، **در المختار (تنویر الابصار)**، انڈیا: مکتبہ الھدریہ بمبئی سن 1309ھ	36.
ایچ پولانو، **تالمود**، گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان سادھوکے سن 2003ء	37.
ابن حجر عسقلانی، ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی(التوفی:1449ء) **تہذیب التھذیب**، پاکستان: مکتبہ رحمانیہ لاہور سن 2018ء	38.
ابن جریر طبری، ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید الطبری المعروف(التوفی:923ء)، **جامع، البیان، عن، تاویل، القرآن**، لبنان: داراحیاء، التراث، العربی بیروت، سن 2001ء	39.

.40	امتاالمسکین فادر، خواتین کی حیثیت، گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان سادھوکے سن 2011ء
.41	ابن عابدین، محمد امین بن عمر بن عبد العزیز الدمشقی الحنفی (التوفی:1252ھ)، رد المختار علی در المختار المعروف بالشامی، شام: الناشر دمشق دار الکتب العلمیہ، سن 2003ء
.42	الترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ (التوفی:892ء) سنن ترمذی، لاہور: مکتبہ بیت السلام سن 2017ء
.43	النسائی، ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب بن علی ابن سنان ابن دینار (التوفی:915ء)، سنن نسائی، لبنان: مکتبہ معارف للنشر والتوزیع بیروت سن 2001ء
.44	الدارمی ، امام الحافظ ابو محمد عبد اللہ بن عبد الرحمان بن فضل بن بہرام (التوفی:869ء) سنن دارمی یا مسند الدار می، پاکستان: انصار السنہ پبلکیشنز لاہور: سن 2011ء
.45	ابی داؤد، سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر السجستانی، (التوفی:888ء) سنن ابی داؤد، پاکستان: مکتبہ یادگار شیخ لاہور: سن 1437
.46	الطحاوی، ابو جعفر احمد بن محمد بن عبد الملک الازدی المصری (التوفی:321ھ)، شرح معانی الاثار اصل نام مختصر الطحاوی ،لاہور: مکتبہ یادگار شیخ الحمد مارکیٹ اردو بازار 1437ھ
.47	ابن الہمام کمال الدین، محمد بن عبد الواحد بن عبد الحمید ابن مسعود المعروف (التوفی:1457ء)، شرح فتح القدیر، لبنان: دار الکتب العلمیہ بیروت سن 2009ء
.48	اسرار احمد ڈاکٹر، (التوفی:2010ء)، عائلی زندگی کے بنیادی اصول، "سورہ تحریم کی روشنی میں" پاکستان: مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور، سن 1999ء
.49	البزازی، محمد بن محمد بن شہاب حافظ الدین (التوفی:827ھ)، فتاوی البزازیہ، اصل نام الجامع الوجیز المشہور فتاوی البزازیہ، لبنان: دار احیاء تراث العربیہ بیروت سن 1994ء
.50	ابن حجر عسقلانی، ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی (التوفی:1449ء) فتح الباری شرح صحیح البخاری، مصر: مکتبۃ السلفیہ قاہرہ مصر سن 2015ء
.51	الشافعی، ابو عبد اللہ محمد بن ادریس (التوفی:820ء) کتاب الام، مصر: مکتبۃ دار الوفاء اسکندریہ، سن 2001ء
.52	آفندی، عابدین الشیخ محمد علاء الدین، قرۃ عیون الاخیار، پاکستان: مکتبہ رحیمیہ لاہور سن 2009ء
.53	ابن منظور الافریقی، ابو الفضل جمال الدین محمد بن مکتوم بن علی (التوفی:1312ء) لسان العرب، لبنان: دار احیاء التراث العربی بیروت سن 1955ء

Scanned with OKEN Scanner

ابن تیمیہؒ، ابو العباس احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام الدمشقی (المتوفی: 1328ء) **مجموع الفتاویٰ**، وزارۃ الشون الاسلامیہ الدعوہ والارشاد مجمع الملک فہد لطباعۃ المصحف الشریفمملکتہ العربیہ السعودیہ: سن 2004ء	.54
امام مالک، مالک بن انس بن بن عامر الاصبحی (المتوفی: 179ھ)، **موطاء امام مالک**، لبنان: دار احیاء التراث العربی بیروت 1985ھ	.55
آرگرین فیلڈ اور آر ایچ ویسٹرن، **مضامین کتاب مقدس**، پاکستان: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ لاہور: سن 2015ء	.56
آمنہ تحسین، ڈاکٹر مطالعاتِ نسواں انڈیا: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس نیو دہلی سن 2013ء	.57
الھیثمی، علی بن ابی بکر (المتوفی: 807ھ)، **مجمع الزوائد و منبع الفوائد**، مصر: مکتبہ القدسی قاہرہ سن 1994ء	.58
الطرابلسی، ابو الحسن علاء الدین بن علی بن خلیل الحنفی (المتوفی: 1440ء)، **معین الاحکام فیما یتردد بین الخصمین من الاحکام**، قطر: مکتبہ القطر الوطنیہ دوحہ سن 2007ء	.59
الشوکانی، ابو علی محمد بن عبد اللہ بن علی بن محمد (المتوفی: 1834ء)، **نیل الاوطار من اسرار منتقی الاخبار**، دمام: دار ابن الجوزی الدمام مملکۃ العربیۃ السعودیہ سن 1427ھ	.60
التبریزی، ولی الدین ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ (المتوفی: 740ھ)، **مشکوٰۃ المصابیح**، پاکستان: مکتبہ قاسمیہ لاہور سن 2003ء	.61
احمد دیدات، یہودیت، عیسائیت اور اسلام، مترجم مصباح اکرم، عبد اللہ اکیڈمی، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور، 2010ء۔	.62
ایس ایم شاہد، تعارف مذاہب عالم، نیو بک پیلس لاہور	.63
اصلاحی، ظفر اسلام، عہد اسلامی کے ہندوستان میں ماشرت، معیشیت اور حکومت کے مسائل، اسلامی بکی فاونڈیشین، نئی دہلی 2015۔	.64
حرف الباء	
بدر الدین العینی، **البنایہ شرح الہدایہ**، ابو محمد محمود بن احمد بن موسی بن احمد بن حسین الحنفی (المتوفی: 855ھ) لبنان: دار الکتب العلمیہ، بیروت، سن 2000ء	.65
باؤمین، رے۔ ای۔ **تاریخ بائیبل پر ایک نظر**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2015ء	.66
بین کارسن، **خواتین کے ساتھ مسیح کا رویہ**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ لاہور فیروز پور روڈ: سن 2018ء	.67
بشپ۔ ولیم۔ جی ینگ، **رسولوں کے نقش قدم پر**، پاکستان: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ لاہور: سن 2018	

.68	**بخاری**، تنویر، **شریعت موسوی**، گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سادھوکے سن 2008ء
.69	**بھٹہ**، میاں مسعود ایڈوکیٹ، **قوانین الحدود و تعزیرات**، پاکستان: آہن ادارہ اشاعت و تحقیق لاہور سن 2005ء
	حرف الپاء
.70	**پروفیسر ثریا بتول علوی، اسلام میں عورت کا مقام و مرتبہ**، نئی دہلی: اسلامک بک فاؤنڈیشن سن 1993م
.71	**پرویز**، غلام احمد (المتوفی: 1985)، **مفہوم القرآن**، پاکستان: ادارہ طلوع اسلام ٹرسٹ، بیت القران لاہور سن 1961ء
72	**پیکر**، جے۔ آئی، **مسیحی ایمان کی بنیادیں**، پاکستان: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ لاہور: سن 2017ء
	حرف التاء
73	**تقی**، مفتی محمد تقی عثمانی، (المولود: 1943ء) **عیسائیت کیا ہے؟** پاکستان: دار الاشاعت در العلوم کراچی سن 2006ء
	حرف الجیم
74	**جاوید اقبال ڈاکٹر**، **آزادی نسواں و زوال نسواں**، لاہور: علم و عرفان پبلشرز اردو بازار 1995ء
75	**جینٹ جارج**، **پھر بھی شانہ بشانہ**، امریکہ: مکتبہ جان جورج ریاستہائے متحدہ امریکہ: سن 2009ء
76	**جان اینکر برگ اور جان ویلڈن**، **خالی قبر**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2017ء
	حرف الخاء
77	**خورشید احمد پروفیسر**، **اسلامی نظریہ حیات**، کراچی: شعبہ تصنیف و تالیف یونیورسٹی آف کراچی، سن 2002ء
78	**خواجہ عبد المنعم**، **ہم ہمارے پیغمبر اور ہمارے مسائل**، انڈیا: ایم آر پبلیکیشنز نئی دہلی سن 2014ء
79	**خسرو اسفندیار**، دبستان مذاہب، ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ لاہور 1962ء۔
80	**خورشید احمد**، اسلامی نظریہ حیات، شعبہ تصنیف و تالیف و ترجمہ کراچی یونیورسٹی، کراچی 1988
	حرف الدال
81	**دار القطنی**، ابو حسن علی بن عمر احمد بن مہدی (المتوفی: 995ء)، **سنن دار القطنی**، لبنان، دار المعرفہ بیروت: سن 2001ء
	حرف الذال

Scanned with OKEN Scanner

ذاکر نائیک، ڈاکٹر، مسلمان عورت مظلوم نہیں خوش قسمت، پاکستان: بیکن بکس غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور: 1997ء	82
ذاکر نائیک ڈاکٹر، اسلام میں خواتین کے حقوق جدید یا فرسودہ، لاہور: دار النوادر اردو بازار 2001	83
حرف الراء	
رشدی، محمد رشدی محمد اسماعیل ڈاکٹر، الجنایات فی الشریعۃ الاسلامیہ، لبنان: دار الانصار بیروت سن 1983ء	84
حرف السین	
سیراج الحسن مفتی، تفتیش جرائم اور اسلام، پشاور: مکتبۃ عمر فاروق محلہ جنگی سن 2017ء	85
سعود بن عبد العزیز الخلف ڈاکٹر، دراسات فی الادیان الیہودیہ والنصرانیہ، مملکۃ السعودیۃ العربیۃ: دار ضوء السلف للنشر والتوزیع 1439ھ	86
سونگی، سجاد احمد، عورت اور سماج، انڈیا: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس نیو دہلی: سن، 2017ء	87
سید زوار حسین شاہ، مولانا (المتوفی: 1980ء)، عمدۃ الفقہ، پاکستان: مکتبۃ علم الدین شہید لاہور، سن 2006ء	88
حرف الشین	
شام، ڈاکٹر شہزاد اقبال، اسلام میں عورت کی استثنائی حیثیت اور اس کی وجوہ، اسلام آباد: شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد: سن 2018ء۔	89
شیروانی، افتخار، عورتوں کی محکومیت، لاہور: فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ سن 1993ء	90
شام، ڈاکٹر شہزاد اقبال، اسلامی نظام عدل و قضا میں شہادت کا تصور، اسلام آباد، شام، شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد: سن 2007ء	91
حرف الصاد	
صدیقی، پروفیسر محمد مظہر الدین (المتوفی: 1914ء)، اسلام اور مذاہب عالم، نیو دہلی: ثقافت اسلامیہ سن 2017ء	92
صدیقی، محمد مظہر، مذاہب عالم، ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور 1994۔	93
حرف الطاء	
طوسی، ابو جعفر محمد بن حسن (المتوفی: 1067ء)، تہذیب الاحکام، لبنان: دار التعارف للمطبوعات بیروت سن 2004ء	94
حرف العین	

95	**عبد الرزاق**، ابو بکر عبد الرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری الیمنی الصنعانی (المتوفی: 826ء)، **المصنف لعبد الرزاق**، مملکتہ العربیۃ السعودیہ، دار التاصیل المدینۃ المنورۃ: سن 2015ء
96	**علامہ شیرازی**، ابو اسحاق شیرازی (المتوفی: 585ھ)، **المھذب**، لبنان: مکتبۃ دار الفکر بیروت سن 1423ھ
97	**علی میاں**، مولانا سید ابو الحسن علی ندوی المعروف (المتوفی: 1999ء)، **اسلام میں عورت کا درجہ اور اس کے حقوق و فرائض**، لکھنؤ: جامعۃ المومنات الاسلامیہ سن 2008ء
98	**عبد القادر عودہ**(المتوفی: 1373ھ)، **التشریع الجنائی الاسلامی مقارنا بالقانون الوضعی**، لبنان: دار الکتب العربی بیروت سن 2008ء
99	**علوی**، ڈاکٹر خالد (المتوفی: 2008ء)، **اسلام کا معاشرتی نظام**، اہور: الفیصل ناشران و تاجران کتب: سن 2005ء
100	**عاصی**، فادر عمانوئیل، **انصاف کی روحانیت**، گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان، سادھوکے سن 2003ء
101	**عورتوں کے حقوق** صفحات :6-1، 26، 44، 117-118 -165-167، 182-180، 193-192، خود مختار ادارہ برائے امور انسانیہ، کرسچن سٹڈی سنٹر روالپنڈی پاکستان سن 2001ء
102	**عمری**، سید جلال الدین انصر (المولود: 1935)، **عورت اسلامی معاشرہ میں**، پاکستان: اسلامک پبلیکشنز لاہور سن 1982ء
103	**عاصی**، فادر عمانوئیل، **گواہی**، **پاکستان**: مکتبہ عناویم پاکستان سادھوکے گوجرانوالہ سن 2002ء
104	**عمری**، سید جلال الدین (المولود: 1935)، **مسلمان عورتوں کے حقوق اور ان پر اعتراضات، کا جائزہ**، پاکستان: ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی اسلام آباد سن 1986ء
105	**عبد اللہ مسدوسی**، مذاہب عالم، اسلامک پبلیکیشنز لمیٹیڈ کراچی 1958ء۔
	حرف الغین
106	**غازی**، ڈاکٹر محمود احمد (المتوفی: 2010ء)، حدود اور قصاص کے مقدمات میں **عورتوں کی گواہی**، سہ ماہی **فکر و نظر**، اسلام آباد: ادارہ تحقیقات اسلامی دعوہ اکیڈمی پرنٹنگ پریس، جنوری تا مارچ 19993ء
	حرف الفاء
107	**فیاض احمد قریشی**، **اسلامی اصول قانون**، لاہور: ڈوگر پبلشرز اردو بازار لاہور: سن 2004ء
	حرف القاف

108	**قاسمی**، مولانا غلام رسول، (التوفی:)، **عیسائیت سے اسلام تک**، پاکستان: رحمۃ للعالمین پبلیکیشنز سرگودھا 2013ء
109	**قریسی، فیصل حنیف ایڈوکیٹ، قانون شہادت آرڈر 1984ء** پاکستان: **محمد سلیمان اینڈ سنز لا ئبکس پبلشرز لاہور سن** 2017
110	**فرینک**، صفی اللہ خیر اللہ (التوفی: 1997ء)، **قاموس الکتاب**، لاہور: مطبوعہ مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2007ء
111	**قاسمی**، مولانا مجاہد الاسلام، (التوفی:2002ء)، **اسلامی عدالت**، کراچی: مکتبۃ القرآن بنوری ٹاؤن سن 2011ء
112	**قاضی خان**، علاء الدین علی بن حسام الدین (التوفی:975ھ)، **کنز العمال**، لبنان: **مؤسسۃ الرسالۃ الطبع بیروت سن** 1981
	حرف الکاف
113	**کے۔ ایل۔ ناصر**، پادری، **بائیبل کے زمانے کے دستور ورسوم**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2019ء
114	حرف اللام
115	**لیوس مور**، **انسائیکلوپیڈیا آف ریلجن اینڈ ا تھیکس**، لاہور: الناشر نگارشات مزنگ، سن 2014ء
	حرف المیم
116	**مولانا محمد ظفیر الدین**، **اسلام کا نظام عفت و عصمت**، لاہور: دار الاندلس پبلشرز لاہور: سن 2007ء
117	**محمد قطب**، **اسلام اور جدید ذہن کے شبہات**، لاہور: البدر پبلیکیشنز لاہور: سن 2010۔
118	**مورس بلینکارڈ ٹی۔ ایچ۔ ڈی**، **تفسیر لوقا تا یوحنا**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2016ء
119	**مورس بلینکارڈ ٹی۔ ایچ۔ ڈی**، **تفسیر پیدائش تا گنتی**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2014
120	**محمد ظاہر ابو یحیٰ**، **تقابل ادیان**، پشاور: مکتبہ امدادیہ محلہ جنگی قصہ خوانی سن 2004ء
121	**محمد یوسف خان** پروفیسر، **تقابل ادیان**، لاہور: بیت العلوم انارکلی سن 2006ء
122	**مائیکل گرین**، **دور حاضر کے لئے متی کا پیغام**، لاہور: مسیحی اشاعت خانہ فیروز پور روڈ سن 2003ء
123	**مودودی**، سید ابو الاعلی (التوفی 1979ء)، **سیرت سرور عالم**، لاہور: ادارہ ترجمان القرآن سن 1979ء
124	**محمد شہزاد شمس**، ڈاکٹر، **عورت اور سماج**، انڈیا: تخلیق کار پبلشرز نئی دہلی سن، 2006ء
125	**ملا نظام الدین** (التوفی 1161ھ)، **فتاوی علمگیری یا فتاوی ہندیہ**، پاکستان: مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور سن 2001ء

مجلۃ الاحکام العدلیہ، لجنۃ العلماء المحققین، پاکستان: میر محمد کتب خانہ، کراچی سن 2001ء	126
مورس، پادری۔ اے۔ پی۔ وڈ، مسیح کی کیسے گواہی دوں، پاکستان: مسیحی اشاعت خانہ فیروزپور روڈ لاہور: سن 2018ء	127
مودودی ابو اعلیٰ، حقیقت اسلام، تاج کمپنی لمیٹیڈ ریلوے روڈ لاہور: 1992	128
حرف النون	
ندوی، شاہ معین الدین '(المتوفی: 1974ء) دین رحمت، انڈیا: دار المصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ: سن 2009ء	129
ندوی، محمد رضی السلام، سیرت نبوی ؐ کے دریچوں سے، لاہور: مکتبہ قاسم العلوم سن 2017ء	130
ندوی شاہ معین الدین احمد، تاریخ اسلام، دار المصنفین اعظم گڑھ: 1962ء۔	131
حرف الواؤ	
واقدی، ابو عبد اللہ محمد ابن سعد بن منیع ہاشمی المعروف بکاتب (المتوفی: 230ھ)، طبقات ابن سعد المعروف الطبقات الکبیر، مصر: مکتبہ الخانجی قاہرہ سن 2006ء	132
وھبۃ الزحیلی ڈاکٹر، (المتوفی: 2015ء)، الفقہ الاسلامی وادلتہ، شام: دار الفکر دمشق، سن 2009ء	133
وارث میر، پروفیسر، کیا عورت آدھی ہے؟، پاکستان: جمہوری پبلکیشرز لاہور، 2016ء	134
وکٹر۔ بی۔ ڈین، پادری، مکاشفہ کی تفسیر، پاکستان: ڈینز پبلشرز شارون کالونی راولپنڈی سن 2012ء	135
حرف الہاء	
ہاشمی، سیّد محمد متین، اسلام کا قانون شہادت، لاہور: دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور: سن 1981ء	136
ہرمن، ہینڈرکس، بائیبل اور انصاف، گوجرانوالہ: مکتبہ عناویم پاکستان سادھوکے سن 2004ء	137
(A)	
Asghar Ali Shah, Bukhari, Law of Hearsay Evidence, Lahore: Pakistan Law Book Centre-1993.	138
Andreas Braemer & Rabbi Zacharias Frankel, The Concept of Judaism and Conservative Reforms, USA: Warsaw Network New York -1902	139
Andrew Bell, The Encyclopedia of Britannica, United Kingdom: Andrew Bell Publishers -1962	140

Abdur Rahman Doi, Women in Shariah, London: Ta- Ha Publishers -1994.	141
Avtar Singh, Dr. Law of Evidence, Lahore: Irfan Law Book Publishers,- 2017	142
Ann, Louise, Whole Brain Learning in Evidence based Higher Education, London: Publisher-2013	143
Amanda C Seaman, Bodies of Evidence, Women Society and detective, New Delhi, Chandos Publishing agency-1990	144
Alan Taylor, Evidence Law of Great Britain, London: British Library Publication-1984	145
A.W Haddan, The Basic Writings of St. Augustine, New York: Haddan Printing Press- 1948.	146
Abdur Rahim, Sir, The Principal of Muhammadan Jurisprudence, USA: the University of Virginia Printing Press Virginia-2010.	147
Alex Stein, Foundation of Evidence Law, London: Oxford University Press -2005	148
Arther Best, Examples and explanation for Evidence, Waters Kluwer USA: New York -2020	149
Arnold Meyer, Jesus or Paul, London: Meyer Raju crost Publication-1909	150
Alive Johan, Judaism and the Jews, a Special Report by the economist, London: Jan Maxwell Publishers- 2012.	151
(B)	
Black's Law Dictionary, Henry Campbell Black U.S.A. West Publishing Company:1983	152
Black Stone ,Law of Evidence, London: Black Stone Printing Press,-1999	153
(C)	
Christopher Style & Charles Hdlander, Documentary Evidence, London: Lawxtax Publishers, 5th Edition 1985.	154
Chandra Chud & V.R. Manohar The Law of Evidence, India: Wadhu & Company Nagpur: 2007.	155
Carl Heneghan & Douglas Baclenosech, Evidence based Medicine Toolkit, London: BMJ Books Publisher-2006.	156
Charanjit Singh, Dr. Beginning of Evidence, USA: Routledge New York 2014	157
Charles Hollander, Documentary Evidence, London: Sweet & Maxwell-2018	158
Cyrus Adler ,The Jewish Encyclopedia, **USA:** , KTAV Publishing House- 1977	159

Scanned with OKEN Scanner

(D)	
Daniel Elazar Judah and Geffen M. Rela, The Conservative Movement in Judaism, & America Jewish Society, USA: Albany State University of New York Press -2000.	160
Dominic Moghul, Theological journal of the CSC. Pakistan Rawalpindi- 1996	161
David a. Sehlueter, Texas Rules of Evidence, USA: Juris Publishing-2020 4th Edition	162
Douglas Walton,Wittness Testimony Evidence, London: Cambridge Press-2007	163
Darlence Delbles Rose, Evidence Not Seen, Mumbai: Harper Gollin-1990	164
(E)	
E.H. Palmer, The Encyclopedia of Christianity, Wilmington Delaware USA: 1964	165
Emma washbour, Key facts evidence, USA: Routledge New York-2003	166
(F)	
Lieber, Edwin Rinse, The Encyclopedia of Americana, USA: Francis George Publishers- 1917	167
Fiona E. Raitl & M. Suzanne Zeedyk, The Implicit Relation of Psychology, Law, Women and Syndrome Evidence, USA: Routledge New York-2009	168
(H)	
Hanif Naeem Dr. The Qanoon Shahadat Order 1984, Pakistan: Principles and Commentary Law Book House Lahore: 1987.	169
Heilman Samuel. The Life in Synagogue, A study in Symbolic interaction, USA: University of Chicago Press- 1973.	170
(I)	
Iqbal Muhammad Awan advocate, The Qanoon e Shahadat Order 1984, Lahore: Mansoor Book House- 1987.	171
Ishafq Ali, Additional Evidence, Lahore: Imran Book House-2013.	172
Ishfaq Ahmad Khan Advocate, The Evidence Act -1972, Lahore: Irfan Law House-1977.	173
(J)	
James A Brundage, Law sex and Christian Society in Medieval Europe, USA: University Of Chicago Press- 1987.	174
John Huxley Buzzar, Phipson on Evidence, London: Sweet & Maxwell -1992	175

Scanned with OKEN Scanner

Justin Martyr Apiol ,The Christian Religion, Berlin: F C Publishers Berlin -1970	176
John Mary Mananzan, Women and Christianity, Philippine-: Divine World school of Theology 2004	177
John Banille, The Book of Evidence, London: Books rage Publishers-2012	178
Jonathan Doale Claire MC Gourlry & Mark Thomas, Evidence Law and Context, USA: Routledge New York-2018	179
Joel Renner Antonic Geraide, Women Mental Health, A Clinical Evidence, Berlin: Spring international Publishing-2020.	180
Jefferson L. Ingram, Criminal Evidence, USA: Anderson Publishers Waltham – 1971	181
James MA Teller, The American People's Encyclopedia USA: Chicago University Printing Press- 1960	182
John Parrett, A Reader in African Christian Theology, London: SPCK- 1987.	183
Johannes B. Bauer, An Encyclopedia of Biblical Theology Mexico: Herder & Herder -1996.	184
J.D Haydon, Cases and Materials on Evidence, London: Butterworth -1975.	185
John Phelan, All God's People, USA: Covenant Publications Chicago- 2005	186
James Angel Maclachlan, Evidence Law of USA, USA: Harvard University Printing Press New York- 1967	187
(K)	
Kyriaki Kar idoyanes FitzGerald, Orthodox women Speak, Geneva: Holy Cross Orthodox Press Publications Brookline-1997.	188
Krishna Vasdev, The Law of Evidence in Sudan, London: Butterworth -1981.	189
(M)	
Michael Cohen & Solomon Schechter, The Birth of Conservative Judaism, USA: New York, Columbia university Press -2003.	190
Mircea Eliade, Encyclopedia of Religions, USA: New Testament Biblical Literature Corporation -1987	191
Mughal, Muhammad Sohail & Intisar Ali, Law of Evidence, Lahore: Five Star Publishers- 2000.	192
M. Munir, C.J, Principles and Digest of Law of Evidence Lahore: Pakistan Educational Press-1991.	193

Scanned with OKEN Scanner

Michael A. Meyer, Response to Modernity in Judaism, USA: Wayne State University Press -1995.	194
M. J. Mananzan: Filipine, An Essays on Women, Manila: Institute of Women's Studies 1987.	195
Muhammad Ibn Ahmad Ibn Ismail, The Real Evidence of Niqab, KSA: Al Firdous ltd. 2009.	196
Maurizio Pommel, Evidence based Practice in Sociology, Berlin: Hogrefe publishing- 2004.	197
Ms. Lynn Me vey, Evidence based Management in Health Cases, Manila: The best settling Books Publcatiers-2013	198
Muhammad Munir, The Law of Evidence, India: Universal Law Publishing Corporation -2006	199
Mirjan R. Damaska, Evidence Law affidavit, USA: Yale University Press -2013	200
M. brayer Menacher , The Jewish Women in Rabbinic Literature" A Philosophical Perspective" Lebanon: Hoboken N.J Katavn Publishing House Beirut- 1986.	201
(N)	
Nicola Managhan, Law of Evidence, London: Cambridge University Press- 2015	202
(P)	
Petere B. Clark and Peter Beyer, The World Religions, USA: Harvard University Printing Press-2009.	203
Parabhas C Sarkar, Sarkar's Law of Evidence, India: SC Sarkar & publishers, 1-C. Bankim Chatterjee Street Calcutta-1981.	204
Patter Murphy, Evidence Proof & Facts, London: Oxford University Press- 2003.	205
Paul Steven, Evidence based practice in education, London: Full Brook Publisher -2020	206
P.B Carter, Cases and Statutes on Evidence, London: Sweet & Maxwell- 1981.	207
Paul P. Glasziou, Evidence based Medical Monitoring from principles to Practice, Lebanon: BNJ Books publishers Berut-2013.	208
P.D. James, The Acts of Apostles and Evidence, UK: Canon gate Books publisher Edinburgh- 1999.	209
Phill Huxley, Learning Text of Evidence, London: Black Stone Printing Press-1998.	210
(R)	
Rabbi Abraham Geiger, A History of the Reform Movement in Judaism, USA: , Scholastic Inc. 1970	211

Scanned with OKEN Scanner

Rich R. Tracey, Divorce in Judaism, USA: Harper Collins Publisher, 2001	212
Richard Baulkham, Diwa Studies of Philosophy and Theology, Philippine: Divine World School of Theology-2005	213
Robinson George, Essentials of Judaism. a complete Guide to beliefs Custom & Rituals, United Kingdom of Great Britain Atria Books Centre: 2001	214
Richard Bauckham , Gospel Women, UK: T &T Clark London: 1983	215
Rupert Cross, Sir, Outline of the Law of Evidence, UK: Butter Worth London-1986	216
Rabbi Samson Raphael Hirsch, The Architect of Judaism for the Modern World, USA: Warner Bros Global Publishers- 2010	217
Robert Stephen Briffault, The Making of Humanity, UK: , Kirkdale Lancashire 2016	218
Robert Ernest, The World Living Religions, London: Butter Worth-2013.	219
Ratanlal &Dhirajlal, The Law of Evidence, India: Wadraw and Company Law Publishers Nagpur: 2007.	220
Raehel Wojdall, The linearization of affairs In Evidence in natural, Germany: Springer 2007.	221
Rupert Cross, Sir, Cross on Evidence, United kindom: Butter Worth Publishers, London-1985. 6th Edition	222
(S)	
Susanne Schulz, Introduction to the women's Hebrew Bible, London: T & T Clark Publishers- 20017.	223
S.K Sarkar & Ejaz Ahmad, Law of Evidence, New Delhi: Ashoka Law House- 1994	224
S. C Sarkar, Law of Evidence, India: Sarkar & Sons publishers. Calcutta -1981	225
Siddiqi, Husain, Medical Jurisprudence and Toxicology, Pakistan: Carawan Book House Lahore- 2003.	226
Sebastien Japrisot, Women in Evidence, USA: APR Publisher Plume-2000.	227
Saint Augustine, On the Trinity, UK: Amazon Publications wells- 2009.	228
Sudipto Sarkar , Sarkar's law of Evidence, India: SC Sarkar & Sons .Calcutta-1996,	229
Sal Vance Jacob, The Christian Family Laws in Pakistan, Pakistan: Fahad Law House Lahore- 2017.	230
S. M Ikram, History of Muslim Civilization, Pakistan: institution of Islamic culture Lahore-2002.	231
(T)	
The Basic Writing St. Thomas Aquinas, New York USA:A C Publishers 1945	232

Scanned with OKEN Scanner

World Religions, Thomas .A. Robinson	233
(U)	
Ursula king, Feminist Theology from the Third World, SPCK W/JKP 1990.	234
(W)	
William Davidson, Talmud Babylonian, UK: Oxford University Press London: 1999.	235
www.google.com has frequently used**.**	236
https //: www .Wikipedia of Judaism. Org.com. last visited: 25 July 2019.	237
https://: www.wikipedia of Christianity. org. com. last visited: 20- 04-2020.	238
https//:www.babylonian Talmud .com, last visited: 02-10-2019.	239
Warren Mathew, World Religions, UK: Oxford Press London-2006 6th Edition >	240
William L. Twining, Analysis of Evidence: UK Trance Anderson Cambridge Press-1984.	241
William Phillp Macgrown, The New Catholic Encyclopedia, USA: Mc Graw-Hill Publishers Catholic University of America -1967.	242

Scanned with OKEN Scanner